بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلستان مترجم

شیخ شرف الدین مصلح سعدی شیرازیؒ

مولانا قاضی سجاد حسین مدظلہٗ

مترجم و محشی

صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتح پوری دہلی

مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر
غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار
لاہور

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ۔ اَمَّا بَعْدُ

دنیا میں اَن گنت آدمی پیدا ہوئے اور مر گئے، مگر کتنے آدمیوں کو دنیا نے یاد رکھا؟ تاریخ کے صفحات پر گنتی کے آدمیوں کے نام ملتے ہیں۔ یہ آدمی وہ ہیں جو اپنی زندگی میں باقی آدمیوں سے ممتاز رہے اور ایسے کارنامے کر گزرے جنھیں دنیا بھلا نہ سکی۔ شیخ سعدی ایسے ہی ایک خوش نصیب آدمی تھے۔

نام شرف الدین، لقب مصلح، اور تخلص سعدی۔ شیراز کو وطن ہونے کا شرف حاصل ہے: وہ شیراز، جو صدیوں ایران کا پایۂ تخت اور علوم و فنون کا مرکز رہ چکا ہے۔ پیدائش غالباً ۵۸۹ھ (۱۱۹۳ء) میں۔ اور وفات ۶۹۱ھ میں ہوئی اس طرح شیخ نے ایک سو سال سے زیادہ عمر پائی۔ بعضوں نے تو ایک سو بیس سال عمر لکھی ہے۔ تخلص سعدی قرار دینے کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ شیخ کا باپ عبداللہ شیرازی، بادشاہ اتابک سعد زنگی کا ملازم تھا اور شیخ نے اسی بادشاہ کے عہد میں شاعری شروع کی، اس لئے اُس کے نام کی نسبت سے اپنا تخلص سعدی قرار دیا۔

بچپن شیخ کا باپ عبداللہ، باخدا آدمی تھا اور گھر میں دینداری کا چرچا تھا۔ اسی لئے بچپن ہی میں اسے روزہ نماز کے ضروری مسائل یاد کرا دیئے گئے تھے اور اس چھوٹی سی عمر میں بھی عبادت، شب بیداری اور تلاوت کلام اللہ کا کمال شوق اُس میں پیدا ہو چکا تھا۔ باپ اس کی تربیت میں بڑا چست تھا۔ کڑی نگرانی رکھتا تھا اور بے موقع زبان کھولنے پر بھی زجر و توبیخ کرتا تھا۔ شیخ نے اپنی تربیت کا بڑا سبب اسی باپ کی تادیب اور زجر و توبیخ کو قرار دیا ہے (دیکھو بوستاں)

لیکن شیخ ہی کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ کم سنی میں یتیم ہو گیا اور غالباً ماں نے تربیت کی، جو شیخ کی جوانی تک زندہ تھی۔ شیخ نے آنکھ کھولی، تو شیراز میں علماء فضلاء، مشائخ و بلغاء کا ہجوم تھا۔ اس ماحول میں بچے سعدی میں تحصیلِ علم کا ولولہ پیدا ہو جانا قدرتی تھا۔ مگر اس وقت ملک ابتری اور طوائف الملوکی کا شکار تھا۔ جنگوں کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری تھا۔ اور خود شیراز پر بھی تباہیاں ٹوٹ رہی تھیں۔ اِس فضا میں شیخ کا ولولۂ علم پورا نہیں ہو سکتا تھا، چنانچہ شیخ نے ترکِ وطن کی ٹھانی۔ اور شیراز سے چل کر بغداد پہنچ گیا۔

تعلیم بغداد ابھی تک ہلاکو خاں کے ہاتھوں برباد نہیں ہوا تھا۔ بدستور دار الخلافہ تھا اور علم و علما کا مرکز

شہرۂ آفاق دارالعلوم نظامیہ آباد تھا۔ یہ دارالعلوم، نظام الملک طوسی نے ۴۵۹ھ میں قائم کیا تھا اور اس کی شہرت پوری اسلامی دنیا میں گونج رہی تھی۔ شیخ کو نظامیہ کی کشش، بغداد میں کھینچ لائی اور نظامیہ میں داخل ہو گیا۔

بغداد میں شیخ نے جن علما۔ و فضلاء سے علم حاصل کیا، ان میں ایک بزرگ ایسے بھی ہیں جن کی کفش برداری پر ہر صاحب علم کو فخر ہونا چاہیئے۔ یہ علامہ ابوالفرج عبدالرحمن بن جوزی ہیں جو اپنے زمانے میں امام وقت تھے۔ ابن جوزی سے شیخ کا تلمذ ہی شیخ کی بڑائی کے لئے کافی تھا، اگر اور بہت سی بڑائیاں اس میں موجود نہ بھی ہوتیں۔

شیخ بچپن ہی سے خوش بیانی اور حسن تقریر کا مالک تھا۔ مدرسہ نظامیہ کے بعض طالب علم حسد سے جلے جاتے تھے۔ ایک دن شیخ نے اپنے استاد ابن جوزی سے حاسدوں کی شکایت کی، تو اُستاد نے فرمایا "وہ بھی اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں، اور تم بھی، وہ رشک و حسد سے اور تم بدگوئی و غیبت سے!"

شیخ کی طبیعت تصوف اور درویشی کی طرف مائل تھی اور وجد و سماع کی مجلسوں میں وہ شریک ہوا کرتا تھا۔ اس کے اُستاد ابن جوزی اس چیز کو بُرا سمجھتے اور شیخ کو سختی سے منع کرتے تھے، مگر وہ باز نہ آتا تھا۔ آخر ایک بدآواز قوال سے پالا پڑ گیا اور ساری رات اسی مکروہ صحبت میں بسر ہوئی، جب صحبت ختم ہوئی تو شیخ نے سر سے عمامہ اتارا اور جیب سے ایک دینار نکالا پھر یہ دونوں چیزیں قوال کی نذر کر دیں۔ ساتھیوں نے تعجب کیا، تو شیخ نے کہا، قوال صاحب کرامت بزرگ ہے۔ استاد کی نصیحت نے وہ اثر نہیں کیا، جو اس کے "لحن داؤدی" نے کیا ہے۔ اور اب میں سماع سے توبہ کرتا ہوں۔

سیاحی شیخ نے کتنی مدت طالب علمی کی بعض تذکروں میں تیس برس لکھا ہے۔ بہرحال شیخ جب تحصیل علم سے فارغ ہوا، تو دفتر کائنات کے مطالعہ کی ٹھانی اور سیاحی پر کمربستہ ہو گیا۔ بعضوں نے لکھا ہے کہ شیخ کی سیاحی بھی تیس برس جاری رہی۔ یہ صحیح ہو یا نہ ہو، مگر یہ واقعہ ہے کہ شیخ بہت بڑا سیاح گزرا ہے۔

شام یا عراق کے ایک شہر میں شیخ کو ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ قاضی شہر کی مجلس جمی ہوئی تھی۔ شیخ بھی پہنچ گیا، مگر پھٹے پرانے کپڑے پہنے تھا۔ خدام نے اٹھا دیا اور بڑی مشکل سے وہ کسی کونے میں دبک بیٹھا۔ مجلس میں کسی مسئلے پر گرما گرم بحث ہو رہی تھی مگر عقدہ کسی سے کھلتا نہ تھا۔ شیخ سے نہ رہا گیا اور سر اٹھا کر بلند آواز سے گفتگو کی اجازت چاہی شاندار لباس میں ملبوس علماء، خرقہ پوش درویش کو دیکھکر متعجب ہوئے مگر جب شیخ نے مسئلے کو نہایت خوبی و فصاحت سے صاف کر دیا، تو قاضی صاحب نے مسند چھوڑ دی اور عمامہ سر سے اُتار کر شیخ کے سامنے رکھ دیا۔ شیخ نے کہا یہ غرور کا اوزار ہے مجھے نہیں چاہیئے! (بوستاں)

شیخ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بے سروسامان متوکل درویشوں کی طرح سفر کرتا اور ہر قسم کی تکلیفیں جھیل جاتا تھا

مگر اف تک نہ کرتا تھا۔ ایک مرتبہ دمشق میں تھا، مگر وہاں والوں سے ناراض ہو کر فلسطین کے بیابان میں جا بیٹھا۔ یہ صلیبی جنگوں کا زمانہ تھا، وہاں عیسائیوں نے اُسے پکڑ لیا اور طرابلس الشرق کے علاقے میں خندق کھودنے کے کام پر دوسرے قیدیوں کے ساتھ لگا دیا۔ شیخ صبر و شکر سے، جو اہل اللہ کا خاصہ ہے، یہ مشقت برداشت کرتا رہا۔ مدت کے بعد حلب کا ایک معزز آدمی اس طرف سے گزرا۔ وہ شیخ کو جانتا تھا۔ اس حالت میں دیکھ کر بہت ملول ہوا۔ دس دینار دے کر شیخ کو قید فرنگ سے چھڑایا اور اپنے ساتھ حلب لے گیا۔ اسی قدر نہیں بلکہ شیخ سے اپنی ناکتخدا بیٹی کا نکاح بھی سو دینار مہر مؤجل پر کر دیا۔ مگر بیوی سخت بدمزاج اور زبان دراز نکلی۔ شیخ کا دم ناک میں کر دیا۔ ایک دن شیخ کو طعنہ دیا "حضور وہی تو ہیں جنھیں میرے باپ نے دس دینار میں خریدا ہے"۔ شیخ نے برجستہ جواب دیا "جی ہاں، میں وہی ہوں۔ آپ کے باپ نے مجھے دس دینار میں مول لیا اور سو دینار میں آپ کے ہاتھ بیچ ڈالا"۔

شیخ گلستاں میں لکھتا ہے، "میں نے زمانے کی سختی کا کبھی شکوہ نہیں کیا لیکن ایک موقعہ پر دامنِ استقلال ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ نہ میرے پاؤں میں جوتی تھی اور نہ جوتی خریدنے کا مقدور تھا۔ اسی حالت میں غمگین و تنگدل، کوفے کی جامع مسجد میں پہنچا۔ کیا دیکھتا ہوں ایک شخص پڑا ہے جس کے سرے سے پاؤں ہی نہیں ہیں۔ اس پر میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور اپنے ننگے پاؤں غنیمت سمجھے"۔ شیخ صبر و قناعت کے ساتھ عزتِ نفس کی دولت سے بھی مالا مال تھا۔ وہ اسکندریہ میں سخت قحط کے زمانے میں موجود تھا اور دوسرے درویشوں کے ساتھ بھوک کی سختیاں جھیل رہا تھا۔ شہر میں ایک ہیجڑا بڑا دولت مند تھا، اور غریبوں، پردیسیوں پر اُس کی ڈیوڑھی کھلی رہتی تھی۔ شیخ کے بعض رفقاء نے اس ہیجڑے کی دعوت میں چلنے کی ترغیب دی، تو شیخ نے نہایت خود دارانہ جواب دیا "شیر بھوک سے مر بھی جاتا ہے، مگر کتے کا جھوٹا نہیں کھاتا"۔

چینی ترکستان کے صدر مقام، کاشغر میں شیخ کی زندہ دلی کا ایک واقعہ قابلِ ذکر ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ تاتاریوں اور خوارزمیوں میں عارضی صلح ہو چکی ہے۔ ایک طالب علم کو دیکھا کہ کتاب ہاتھ میں لئے "ضرب زیدٌ عمراً" رٹ رہا ہے۔ شیخ لڑکے سے کہنے لگا کیوں میاں صاحبزادے، خوارزم و خطا میں تو صلح ہو گئی، مگر زید و عمر میں مار پیٹ چلی جاتی ہے! طالب علم ہنس پڑا اور شیخ کا وطن پوچھا۔ شیراز کا نام سُنا تو فرمائش کی سعدی کا کچھ کلام یاد ہو تو سُناؤ۔ شیخ نے حسب موقعہ یہ شعر موزوں کر کے پڑھا ؎

اے دل عشاق بدام تو صید ما بتو مشغول و تو با عمرو زید

بعد میں کسی نے بتایا کہ سعدی یہی ہیں، مگر اب شیخ، کاشغر سے رخصت ہو رہا تھا!

شیخ نے ہندوستان آ کر سومنات کا مندر بھی دیکھا تھا۔ دیکھا ہی نہیں تھا بلکہ ہندو بن کر اس میں رہا بھی تھا۔ سومناتھ کا یہ واقعہ شیخ نے بوستاں کے آٹھویں باب میں لکھا ہے، مگر جس طرح لکھا ہے، اس واقعہ نے افسانے کی صورت اختیار کر لی ہے۔

وطن کو واپسی طویل سیاحت کے بعد شیخ قتلغ خاں ابوبکر سعد کے عہد حکومت ۶۵۸ھ میں شیراز واپس آیا۔ بادشاہ

علماء سے بدظن اور جاہل فقراء سے خوش عقیدہ رہتا تھا۔ دینی مصلحتوں کے پیش نظر شیخ پورا پورا درویش بن گیا اور شیخ نے یہ بہت اچھا کیا، جیسا کہ واقعات شاہد ہیں۔ درویش کے روپ میں اُسے موقع مل گیا کہ اپنا اصلاحی مشن پوری کامیابی سے چلائے اور اس نے بڑی خوبی و دلیری سے اُسے چلایا۔ گلستان اور بوستان اُس کی یہ دونوں کتابیں، اس کی کامیابی کی زندہ شہادتیں ہیں ان کتابوں میں شیخ نے نقلی درویشوں اور بدبداہ بادشاہوں کی خوب خوب قلعی کھولی ہے۔

گلستان شیخ کی جادو بیانی اور فصاحت و بلاغت کا شہرہ اُس کی زندگی ہی میں تمام ایران، ترکستان، تاتار، اور ہندوستان میں اس قدر پھیل گیا تھا کہ اُس زمانے کی حالت پر لحاظ کرنے کے بعد، جب نہ ریل تھی، نہ تار، نہ اخبار، سخت حیرت ہوتی ہے خود شیخ کو بھی اپنی اس خوش نصیبی کا حال معلوم تھا، چنانچہ آسودگیٔ دل کے ساتھ گلستان کے دیباچہ میں لکھتا ہے۔

"ذکرِ جمیلِ سعدی کہ در افواہِ عوام افتادہ وصیتِ سخنش کہ در بسیطِ زمین رفتہ"!

یہ شہرہ ہی تھا کہ دوبار، خان شہید سلطان محمد قاآن نے ملتان آنے کی دعوت بھیجی، مگر شیخ بڑھاپے کے سبب نہ آسکا شیخ کی تصانیف میں گلستان اور بوستان ایسی کتابیں ہیں کہ فارسی زبان میں کوئی کتاب ان سے زیادہ مقبول اور مطبوع خاص و عام نہیں ہوئی۔ ایران، ترکستان، تاتار، افغانستان اور ہندوستان میں ان کتابوں کی تعلیم تقریباً سات سو برس سے برابر جاری ہے بچپن میں ان کی تعلیم شروع ہوتی ہے اور بڑھاپے تک مطالعہ کا شوق رہتا ہے۔ لاکھوں استادوں نے انھیں پڑھایا اور کروڑوں شاگردوں نے انھیں پڑھا۔ ان کے بے شمار نسخے خوشنویسوں کے قلم سے لکھے گئے اور بے حساب ایڈیشن چھاپے گئے۔ مشرق و مغرب کی اکثر زبانوں میں ان کے ترجمے ہوئے۔ مشائخ اور علماء نے ان کی عزت کی۔ بادشاہوں نے ان کو سلطنت کا دستور العمل بنایا انشاپردازوں اور شاعروں نے ان کی فصاحت و بلاغت کے آگے سر جھکایا اور ان کے تتبع سے عاجز رہنے کا اقرار کیا۔ ان کا نام جس طرح ایشیا میں مشہور ہے، اسی طرح یورپ و امریکہ میں بھی عزت سے لیا جاتا ہے۔

غور تو کرو گلستان میں نہ غزل عاشقانہ ہے، نہ قول عارفانہ، نہ بہادروں کے کارنامے، نہ فوق العادت قصے، نہ حقائق و معارف، نہ اسرارِ شریعت، نہ نکاتِ طریقت، بلکہ اس کی بنیاد محض اخلاق و پند و موعظت پر رکھی گئی جس سے زیادہ بے نمک مضمون نہیں ہو سکتا۔ اس پر بھی وہ اس قدر مقبول ہوئی، اور محض اس لئے ہوئی کہ فصاحت و بلاغت، حسن و بیان اور لطفِ ادا کے لحاظ سے تمام فارسی ادب میں بے مثل اور لاجواب ہے۔ اس ہی لئے دنیا کی ہر زندہ قوم نے گلستان کا اپنی زبان میں ترجمہ کیا ہے اور گلستان زندۂ جاوید بن چکی ہے۔ (از حیاتِ سعدی)

احقر سجاد حسین صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی

۱۴ رجب المرجب ۱۳۷۹ھ مطابق ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۶۰ء



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

منت مر خدائے را عزوجل کہ طاعتش موجب قربت است و بہ شکر اندرش

احسان خاص اسی خدائے بزرگ اور برتر کے لئے ہے جس کی تابعداری نزدیکی کا سبب ہے اور اس کا شکر ادا کرنے میں

مزید نعمت۔ ہر نفسے کہ فرو می رود ممد حیات است وچوں برمی آید

نعمت کا اضافہ ہے جو سانس اندر جاتا ہے زندگی بڑھانے والا ہے اور جب باہر آتا ہے

مفرح ذات۔ پس در ہر نفسے دو نعمت موجود است و بر ہر نعمتے

ذات کو تفریح دینے والا ہے پس ہر سانس میں دو نعمتیں موجود ہیں اور ہر نعمت پر

شکرے واجب

شکر ضروری ہے۔

بیت

از دست و زبان کہ بر آید	کز عہدۂ شکرش بدر آید
کس کے ہاتھ اور زبان سے ہو سکتا ہے	کہ اس کے شکر کی ذمہ داری پوری کرے

قطعہ

اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَ قَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ

اے داؤد کی اولاد شکر کرو اور میرے بندوں میں شکر گذار کم ہیں

لہ یعنی خدا کی عبادت خدا سے نزدیک کرتی ہے جیسا کہ حکم ہوا ہے واسجد واقترب ۲ آدمی رات دن میں ۲۴ ہزار سانس لیتا ہے اور اندر جانے والے سانس کو جس قدر روک رکھے اسی قدر عمر دراز ہوتی ہے چونکہ اندر جانے والا دم ٹھنڈی ہوا روح وقلب کے لئے فراہم کرتا ہے اس واسطے اس کو زندگی کا معاون بتایا گیا ہے ۳ باہر نکلنے والا سانس چونکہ ہوائے گرم اور ابخرات وغیرہ کو قلب سے خارج کرتا ہے ۴ اس آیت کا ذکر اسی واسطے کیا گیا کہ مصنف نے اول میں شکر کا ذکر کیا ہے۔

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیر خویش
بندہ بہتر ہے جو اپنی کوتاہی کا

عُذر بہ درگاہِ خُدا آورد
عذر خدا کی درگاہ میں پیش کردے

ورنہ سزاوارِ خداوندیش
ورنہ اس کی خدائی کے لائق

کس نہ تواند کہ بجا آورد
کوئی بھی نہیں بجا لا سکتا ہے

باران رحمتِ بے حسابش ہمہ جا رسیدہ۔ وخوانِ نعمتِ بے دریغش ہمہ

اس کی بے حساب رحمت کی بارش سب کو پہونچی ہوئی ہے اور اس کی بے روک ٹوک نعمت کا دسترخوان سب

جا گسترده پردۂ ناموسِ بندگاں بہ گناہِ فاحش نہ دَرّد و وظیفۂ[۵۲]

جگہ بچھا ہوا ہے بندوں کی شرم کا پردہ سخت گناہ کی وجہ سے بھی چاک نہیں کرتا اور مقررہ روزی

روزی بہ خطائے منکر نہ بُرّد

بدترین خطا پر بند نہیں کرتا ہے۔

قطعہ

اے کریمے کہ از خزانۂ غیب
اے وہ داتا جو غیب کے خزانہ سے

گبر و ترسا وظیفہ خور داری
آتش پرست اور عیسائی کو روزی پہونچاتا ہے

دوستاں را کجا کنی محروم
دوستوں کو تو کب محروم کرے

تو کہ با دشمناں نظر داری
جبکہ تو دشمنوں کی بھی دیکھ بھال رکھتا ہے

فرّاشِ بادِ صبا را گفتہ تا فرشِ زمردیں بگسترد و دایۂ ابرِ بہاری را فرمود

اُس نے پُروا ہوا کے فراش کو حکم دیا تاکہ زمرد کا سا فرش بچھائے اور موسم بہار کے ابر کی دایہ کو حکم دیا

تا بناتِ نبات را در مہدِ زمین بپرورد و درختاں را بخلعتِ نوروزی قبائے[۵۳]

تاکہ گل بوٹوں کی بچیوں کو زمین کے گہوارے میں پالے اور درختوں کو نوروزی خلعت کے بدلے استبرق

استبرق در بر گرفتہ و اطفالِ شاخ را بہ قدومِ موسمِ ربیع کلاہِ شکوفہ

کی قبا بدن پر پہنائی اور شاخ کے بچوں کے سر پر موسم بہار کی آمد پر کلی کی ٹوپی

---

[۵۱] یعنی خدا کی نعمتوں کو کوئی نہ شمار کر سکتا ہے نہ اُن کا شمار ممکن ہے۔ پھر جب یہ نہیں تو شکر کا ادا کرنا بھی ممکن نہیں ہے

[۵۲] یعنی گناہ کرنے سے بندوں کی روزی بند نہیں کر دیتا۔ [۵۳] نوروز فارس کے نجومیوں کے نزدیک وہ دن ہوتا ہے جب کہ آفتاب برج حمل میں آتا ہے وہ فرودین مہینے کا پہلا دن ہے جس سے سال شروع ہوتا ہے اور وہ قریب قریب چیت کے مہینے کے وسط میں واقع ہوتا ہے۔ پادشاہانِ سابق اس دن میں جشن کرتے اور امرائے دولت اور ملازمین کو نئے نئے خلعت دیتے تھے۔ مطلب یہ ہے کہ خدائے جل شانہٗ نے خلعت کی جگہ درختوں کو ہرے ہرے پتے عطا فرمائے اور جب نوروز ہوتا ہے اسی وقت سے بہار کا زمانہ شروع ہوتا ہے۔

برسر نہادہ عصارۂ[1] نخلے بقدرتِ او شہدِ فائق شدہ و تخمِ خرمائے

اڑھائی شہد کی مکھی کا نچوڑا ہوا اُس کی قدرت سے بڑھیا شہد بنا اور چھوارے کی گٹھلی

بہ تربیتِ او نخلِ باسق گشتہ

اس کی پرورش سے تناور کھجور بنی۔

قطعہ

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند
ابر، ہوا، چاند، سورج، آسمان، کام میں لگے ہیں

تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری
تاکہ تو روزی حاصل کرے اور غفلت سے نہ کھائے

ہمہ از بہرِ تو سرگشتہ و فرماں بردار
سب تیرے لئے پریشان ہیں اور تابعدار

شرطِ انصاف نباشد کہ تو فرماں نبری
انصاف کے مناسب نہ ہوگا کہ تو اللہ کا حکم نہ مانے

درخبر است از سرورِ[2] کائنات مفخرِ موجودات رحمتِ عالمیاں صفوتِ

حدیث میں آیا ہے آں حضور کی جو دنیا کے سردار ہیں موجودات کے لئے فخر ہیں جہان والوں کے لئے رحمت ہیں۔ آدمیوں کا

آدمیاں تتمۂ دورِ زماں۔

خلاصہ ہیں دورِ زمانہ کا تتمہ ہیں

بیت

شفیعِ[3] مطاعِ نبیِ کریم
سفارش کرنیوالے، اطاعت کئے گئے، نبی، سخی

قسیمِ جسیمِ نسیمِ وسیم
حسین، بھاری بھرکم، پاکیزہ، خوبصورت

قطعہ

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
اپنے کمال کی وجہ سے بلندی پر پہونچے

کشف الدجیٰ[4] بجمالہٖ
اپنے جمال سے تاریکیوں کو روشن کیا

حسنت جمیعُ خصالہٖ
اُن کی سب ہی عادتیں بھلی ہیں

صلوا علیہ و آلہٖ
اُن پر اور ان کی اولاد پر درود پڑھو

---

[1] عصارۂ نخل سے مراد وہ رس ہے جو شہد کی مکھیاں درختوں سے چوستی ہیں [2] سرورِ کائنات سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم ہیں باقی فقرہ میں جو الفاظ ہیں وہ آپؐ کی تعریف اور فضیلت کا بیان ہے [3] شفیع سے مراد یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن گنہگاروں کی شفاعت فرمائیں گے۔ مطاع سے مراد یہ کہ آپ تمام دنیا کیلئے قابلِ اطاعت ہیں قسیم کے معنی خوبصورت کے بھی آئے ہیں اور چونکہ آپ قیامت کے دن نہر کوثر پر جام بھی تقسیم فرمائیں گے اس لئے قسیم کہا گیا۔ [4] یعنی جہل کی تاریکی کو دور کیا۔

بیت چہ غم دیوارِ امت را کہ دارد چوں تو پشتیباں[1]

امت کی دیوار کو کیا غم جب کہ وہ آپ جیسا پشتہ رکھتی ہے

چہ باک از موجِ بحر آں را کہ باشد نوحؑ کشتیباں

اس کو سمندر کی یلار کا کیا خوف جس کا نوح کشتی بان ہو

ہر گاہ کہ یکے از بندگانِ گنہگار پریشان روزگار دستِ انابت بامید جس وقت کہ کوئی گنہ گار بندہ پریشانِ حال دعا کا ہاتھ قبولیت کی

اجابت بدرگاہِ خداوند جل وعلا بردارد۔ ایزد تعالےٰ در و نظر نکند

امید سے خدائے بزرگ و برتر کی درگاہ میں بلند کرتا ہے اللہ تعالےٰ اس کی طرف نظر نہیں فرماتے

بازش بخواند بارِ دیگر اعراض فرماید بازش بہ تضرع وزاری بہ خواند

وہ پھر اس کو پکارتا ہے دوبارہ وہ رخ پھیر لیتے ہیں وہ پھر اس کو عاجزی سے رو کر پکارتا ہے تو

حق سبحانہ وتعالیٰ گوید یَا مَلَائِکَتِی قَدِ اسْتَحْیَیْتُ مِنْ عَبْدِیْ وَلَیْسَ لَہٗ

حق سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے ملائکہ مجھے اپنے بندے سے حیا آگئی ہے اور اسکے لئے

غَیْرِیْ دعوتش را اجابت کردم وامیدش برآوردم کہ از بسیاریٔ دعا

میرے سوا کون ہے میں نے اس کی دعا قبول کرلی اور اس کی تمنا پوری کر دی اس لئے کہ بندہ کی زیادہ دعا

و گریۂ بندہ ہمی شرم دارم بیت

اور رونے سے مجھے شرم آتی ہے

کرم بیں ولطفِ خداوندگار | گنہ بندہ کردست واوشرمسار

خدا کا کرم اور مہربانی دیکھ | گناہ بندہ نے کیا ہے اور وہ شرمندہ ہو

عاکفانِ[2] کعبۂ جلالش بہ تقصیرِ عبادت معترفند کہ مَا عَبَدْنَاکَ حَقَّ عِبَادَتِکَ

اس کے جلال کے کعبہ کے معتکف عبادت کی کوتاہی کے اقراری ہیں کہ ہم نے کما حقہٗ تیری عبادت نہیں کی

وواصفانِ حلیۂ جمالش بتحیر منسوب کہ مَا عَرَفْنَاکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ قطعہ

اور اس کے حسن کے حلیہ کی تعریف کرنے والے حیرانی میں ہیں کہ ہم نے تجھے ایسا نہیں پہچانا جیسا کہ پہچاننا چاہیئے تھا

---

[1] پشتی بان۔ اُس لکڑی کو کہتے ہیں جو دیوار کی مضبوطی کے لئے اس میں لگا دیتے ہیں۔

[2] اعتکاف گوشہ میں بیٹھنا۔ گوشہ میں بیٹھ کر عبادت کرنا۔

گر کسے وصفِ او زمن پرسد
اگر کوئی اُس کی تعریف مجھ سے پوچھے
بیدل از بے نشاں چہ گوید باز[1]
تو بے دل بے پتہ کے بارے میں آخر کیا کہے

عاشقاں کشتگانِ معشوقند
عاشق، معشوق کے مارے ہوئے ہیں
برنیاید ز کشتگاں آواز[2]
مرے ہوؤں کی آواز نہیں نکلتی

یکے از صاحبدلاں بجیبِ مراقبہ[3] فرو بردہ بود و در بحرِ مکاشفہ مستغرق شدہ
ایک صاحبدل مراقبہ کے گریبان میں سر ڈالے ہوئے تھا اور کشف کے سمندر میں ڈوبا ہوا

حالے کہ ازاں معاملت باز آمد یکے از محباں گفت ازیں بوستاں کہ
جب اس حالت سے واپس لوٹا ایک دوست نے کہا اس باغ سے جس میں

بودی چہ تحفہ کرامت کردی اصحاب را گفت بخاطر داشتم کہ چوں
تو تھا کیا تحفہ لایا اس نے ساتھیوں سے کہا میرا یہ خیال تھا کہ جب

بدرختِ گل برسم دامنے پُر کنم ہدیۂ اصحاب را چوں برسیدم
پھول کے درخت کے پاس پہونچوں گا تو دوستوں کے تحفہ کے لئے دامن بھرلوں گا جب میں پہونچا تو

بوئے گلِ چناں مست کرد کہ دامنم از دست برفت
پھول کی خوشبو نے مجھے ایسا مست کر دیا کہ دامن میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا

قطعہ

اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز
اے صبح کے پرند عشق پروانے سے سیکھ
کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد
کہ اُس دل جلے کی جان چلی گئی اور آواز نہ نکلی

ایں مدعیاں در طلبش بیخبر اند
یہ اُس کی طلب میں دعویٰ کرنے والے بے خبر ہیں
کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد
کیونکہ جس کو خبر ہو گئی پھر اُس کی خبر نہ آئی

قطعہ

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم
اے وہ ذات جو خیال، قیاس، گمان اور وہم سے بالا تر ہے
وز ہر چہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم
اور اُس سے بھی جو لوگوں نے کہا ہے اور ہم نے سنا اور پڑھا ہے

---

[1] یعنی میں عاشق حیران ہوں۔ اور وہ بے نشان ہے [2] بازیہاں پر زائد معلوم ہوتا ہے [3] مراقبہ۔ گردن جھکانا۔

دفترؔ تمام گشت و بپایاں رسید عمر
دفتر ختم ہو گیا اور عمر آخر ہوئی
ما ہمچناں در اوّلِ وصفِ تو ماندہ ایم
اور ہم اسی طرح تیری ابتدائی تعریف میں لگے ہوئے ہیں۔

ذکرِ محامدِ پادشاہِ اسلام اتابک ابوبکر بن سعد بن زنگی نوّر اللہ تربتہ

بادشاہِ اسلام اتابک ابوبکر بن سعد بن زنگی کی خوبیوں کا ذکر خدا اُس سعد بن زنگی کی قبر کو روشن کرے

ذکرِ جمیلِ سعدی کہ در افواہِ عوام افتادہ است وصیتِ سخنش
سعدی کا ذکرِ خیر جو عوام کی زبانوں پر ہے اور اس کے کلام کا شہرہ
کہ در بسیطِ زمین رفتہ و قصبُ الجیب حدیثش کہ ہمچو شکری خورند ورقعہ
جو روئے زمین پر ہے اور اُس کی بات کے گنے جس کو لوگ شکر کی طرح کھاتے ہیں اور اُسکی
منشآتش کہ ہمچو کاغذِ زر میبرند بر کمالِ فضل و بلاغتِ او حمل
انشاء پردازی کے کاغذ جس کو سونے کے پتر کی طرح لے جاتے ہیں اس کی بزرگی اور بلاغت کے کمال کا
نتواں کرد بلکہ خداوندِ جہاں و قطبِ دائرۂ زماں و قائم مقامِ سلیمانؑ
نہیں کیا جاسکتا بلکہ جہان کے بادشاہ، اور زمانہ کے دائرہ کے قطب، اور حضرت سلیمانؑ کے قائم مقام
و ناصرِ اہلِ ایماں اتابکِ اعظم مظفرُ الدّنیا والدّین ابوبکر بن سعد
اور اہل ایمان کے مددگار، اتابک اعظم، دین اور دنیا کا فتح مند، ابوبکر بن سعد
زنگی ظلُّ اللہِ تعالیٰ فی اَرضِہٖ رَبِّ ارْضَ عَنْہُ وَ اَرْضِہٖ بہ عینِ عنایت نظر
زنگی نے جو اللہ کی سرزمین میں اس کا سایہ ہے اے خدا تو اُس سے راضی ہو اور اسکو راضی کر مہربانی کی نگاہ

۱؎ دفتر سے مراد یہاں کتاب حمدیہ ہے ۲؎ خدا اُس کی قبر کو نورانی کرے ۳؎ قصب الجیب کے معنی میں اختلاف ہے بعض شارح کہتے ہیں کہ اول دوم حرف پر فتح اور جیم پر حرکت کسرہ ہے اور کہتے ہیں کہ وہ کانس کی جڑ ہے جو کچھ شیریں ہوتی ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی اُدنیٰ باتوں کی بھی بڑی قدر ہوتی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ وہ قصب الجیب ہے بجائے حطی دیائے تحتانی و بائے موحدہ اور نیشکر کے معنے لیے ہیں یعنی گنا۔ مگر گنا تو شیریں ہوتا ہی ہے کچھ اس سے تعریف نہیں نکلتی۔ حالانکہ مصنف علیہ الرحمۃ کی مراد یہ ہے کہ اس کی اُدنیٰ باتوں کی بھی قدر کی جاتی ہے ۴؎ اتابک بضم باء اتالیق کو کہتے ہیں۔ چونکہ سعد بن زنگی سلطان سنجر کا اتالیق تھا اور بادشاہ نے اس کو فارس کا حاکم مقرر کر دیا تھا چنانچہ سنجر کے فوت ہونے کے بعد بھی اس نے اپنے نام کے ساتھ اتابک برقرار رکھا۔

کردہ است وتحسین بلیغ فرمودہ وارادتِ صادق نمودہ لاجرم کافۂ انام
ڈال دی ہے اور بہت زیادہ تعریف فرمائی ہے اور سچی عقیدت ظاہر کی ہے لاحالہ عوام اور
ازخواص وعوام بہ محبتِ او گرائیدہ اند وَالنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِہِمْ رباعی
خواص تمام مخلوق اُس کی محبت کی طرف مائل ہوگئی ہے۔ اور لوگ اپنے بادشاہ کے مذہب پر ہوتے ہیں

زانگہ کہ ترا بر من مسکیں نظرست — آثارم از آفتاب مشہور ترست
جب سے تیری مجھ مسکین پر نظر ہے میرے نشانات آفتاب سے زیادہ مشہور ہیں
گر خود ہمہ عیب ہا بدیں بندہ درست — ہر عیب کہ سلطاں بہ پسندد ہنرست
اگر سب عیب ہی عیب اس خادم میں ہیں جو عیب کہ بادشاہ پسند کرے وہ ہنر ہے

قطعہ

گلے[1] خوشبوئے در حمام روزے — رسید از دستِ محبوبے بدستم
ایک دن حمام میں ایک خوشبودار مٹی میرے ہاتھ میں ایک محبوب کے ہاتھ سے آئی
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری[2] — کہ از بوئے دلآویز تو مستم
میں نے اُس سے کہا کہ تو مشک ہے یا عبیر ہے کیونکہ میں تیری دل کش خوشبو سے مست ہوں
بگفتا من گلے ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم
اُس نے کہا میں ایک ناچیز مٹی تھی لیکن ایک زمانے تک میں پھول کے ساتھ رہی
جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم
ساتھی کے حسن نے مجھ میں اثر کیا ورنہ میں تو وہی مٹی کی مٹی ہوں

اَللّٰھُمَّ مَتِّعِ الْمُسْلِمِیْنَ بِطُوْلِ حَیَاتِہٖ وَضَاعِفْ ثَوَابَ جَمِیْلِہٖ وَحَسَنَاتِہٖ وَارْفَعْ
اے اللہ اس کی زندگی کی درازی سے مسلمانوں کو نفع بخش اور اس کے اچھے کاموں کا ثواب دوگنا عنایت فرما اور اسکے
دَرَجَ اَوِدَّائِہٖ وَوُلَاتِہٖ وَدَمِّرْ عَلٰی اَعْدَائِہٖ وَشُنَاتِہٖ بِمَا تُلِیَ فِی الْقُرْاٰنِ مِنْ
دوستوں اور یاروں کے مراتب بلند کر اور اُس کے دشمنوں اور بدخواہوں کو ہلاک کر قرآن کی ان آیتوں کی برکت سے جن کی
اٰیَاتِہٖ وَاٰمِنْ بَلَدَہٗ یَا رَبِّ وَاحْفَظْ وَلَدَہٗ قطعہ
تلاوت کی گئی ہے اور اس کے ملک کو پُرامن رکھ اور اس کے لڑکے کی حفاظت فرما۔

---

[1] اس حکایت کے بیان سے مصنف کا مقصد یہ ہے کہ صحبت کا اثر ہوتا ہے اور اچھی بُری صحبت سے اچھے اور بُرے نتیجے پیدا ہوتے ہیں
[2] مشک بضم میم وکسر میم دونوں طرح درست ہے [3] عبیر ایک مرکب خوشبو کا نام ہے جو صندل گلاب مشک اور زعفران وغیرہ سے تیار ہوتی ہے

لَقَدْ سَعِدَ الدُّنْیَا بِهٖ دَامَ سَعْدُهٗ | وَاَیَّدَهُ الْمَوْلٰی بِاَلْوِیَةِ النَّصْرِ

اسکی ذات سے دنیا نیک بخت ہوئی اسکی سعادت ہمیشہ رہے؛ اور مولیٰ مدد کے جھنڈوں سے اس کی تائید فرمائے

کَذٰلِكَ تَنْشَأُ لَیِّنَةٌ هُوَ غَرْسُهَا | وَحُسْنُ نَبَاتِ الْاَرْضِ مِنْ كَرَمِ الْبَذْرِ

اسی طرح نشوونما پاتی ہیں وہ شاخیں جن کی وہ جڑ ہے؛ اور زمین کی پیداوار کی خوبی بیج کی اچھائی کی وجہ سے ہے

ایزد تعالیٰ و تقدس خطۂ[1] پاک شیراز را بہ ہیبت حاکمانِ عادل و بہ ہمت

خدائے بلند اور پاک شیراز کے پاک علاقہ کو منصف حاکموں کی ہیبت اور عمل کرنے والے

عالمانِ عامل تا زمانِ قیامت در امانِ سلامت نگہدارد

عالموں کی توجہ سے قیامت تک سلامتی کے امن میں رکھے

قطعہ

اقلیمِ پارس را غم از آسیبِ ہر نیست | تا بر سرش بود چو تو اے سایۂ خدا

پارس کے علاقہ کو زمانہ کے حوادث کا غم نہیں ہے جبتک اس کے سر پر اے سایۂ خدا تجھ جیسا موجود ہے

امروز کس نشاں ندہد در بسیطِ خاک | مانندِ آستانِ درت مامنِ رضا

آج کوئی شخص بھی روئے زمین پر کسی ایسی جگہ کا پتہ نہیں بتا جو تیرے در کی چوکھٹ کی طرح خوشنودی کا ٹھکانا ہو

بر تست پاسِ خاطرِ بیچارگان و شکر | بر ما و بر خدائے جہاں آفریں جزا

تجھ پر غریبوں کے دل کی پاسداری ہے ہم پر شکر ادا کرنا ہے اور اللہ پر اُس کا بدلا ہے

یارب زبادِ فتنہ نگہدار خاکِ پارس | چندانکہ خاک را بود و باد را بقا

اے خدا فارس کی سرزمین کو فتنہ کی ہوا سے اسوقت تک بچانا جبتک مٹی اور ہوا کو بقا ہے

در سببِ تالیفِ کتاب

کتاب کی تصنیف کے سبب کے بیان میں

یک شب تأمّلِ ایامِ گذشتہ می کردم و بر عمرِ تلف کردہ تأسّف می خوردم و

ایک رات میں گذرے ہوئے دنوں کے بارے میں سوچ رہا تھا اور برباد کی ہوئی زندگی پر افسوس کر رہا تھا اور

سنگلاخۂ دل را بالماسِ آبِ دیدہ می سفتم و ایں بیت ہا مناسبِ حالِ خود می گفتم

دل کے پتھر کو آنسوؤں کے ہیرے سے چھید رہا تھا اور اپنے مناسب حال یہ شعر پڑھ رہا تھا

---

[1] خطّہ وہ مقام جو شہر کے گرداگرد بنایا گیا ہو۔

مثنوی

ہر دم از عمر می رود نفسے
ہر آن زندگی کا ایک سانس جا رہا ہے

چوں نگہ می کنم نماند بسے
جب میں غور کرتا ہوں تو اب زیادہ باقی نہیں ہے

اے کہ پنجاہ رفت و در خوابی
اے وہ شخص کہ پچاس سال گذر گئے اور تو خواب میں ہے

مگر ایں پنج روز در یابی[1]
شاید ان پانچ روز سے فائدہ اٹھا لے

خجل آں کس کہ رفت و کار نساخت
وہ بہت شرمندہ ہے جو چل دیا اور کوئی کام نہ بنایا

کوس رحلت زدند و بار نساخت[2]
لوگوں نے کوچ کا نقارہ بجا دیا اور اسنے سامان نہ باندھا

خواب نوشین بامداد رحیل
کوچ کی صبح کو میٹھی نیند

باز دارد پیادہ را ز سبیل
مسافر کو راستہ چلنے سے باز رکھتی ہے

ہر کہ آمد عمارتے نو ساخت
جو آیا اُس نے ایک نئی عمارت بنائی

رفت و منزل بدیگرے پرداخت
وہ چلا گیا اور عمارت دوسرے کیلئے خالی کر گیا

واں دگر بخت ہمچنیں ہوسے
اُس دوسرے نے بھی ایسی ہی ہوس بنائی

ویں عمارت بسر نبرد کسے
اور اس عمارت کو کوئی پورا نہ کر سکا

یار ناپائدار دوست مدار
غیر مستقل یار سے دوستی نہ کر

دوستی را نشاید ایں غدار
یہ غدار دوستی کے لائق نہیں ہے

مادۂ عیش آدمی شکم است
آدمی کی زندگی کا سرمایہ پیٹ ہے

تا بتدریج می رود چہ غم است
جب تک اس کی رفتار دنیا نہ ہو کیا فکر ہے

گر بہ بندد چنانکہ نکشاید
اگر اس میں ایسا بند پڑ جائے جو نہ کھلے

گر دل از عمر برگند شاید
تو زندگی سے اگر دل ہٹا لے تو مناسب ہے

ور کشاید چنانکہ نتواں بست
اور اگر ایسا چل پڑے جو روکا نہ جا سکے

گو بشو از حیات دنیا دست
تو کہدو کہ دنیا کی زندگی سے ہاتھ دھو لے

چار طبع[3] مخالف و سرکش
چار طبیعتیں جو باہمی مخالف اور سرکش ہوں

چند روزے بوند باہم خوش
وہ چند ہی دن آپس میں خوش رہ سکتی ہیں

---

[1] دریافتن۔ حاصل کرنا۔ فائدہ اٹھانا [2] بار نساخت۔ یعنی سامان سفر درست نہ کیا۔ [3] چار طبع سے چار عنصر خاک۔ پانی۔ ہوا۔ آگ یا حرارت۔ برودت۔ یبوست۔ رطوبت۔ مراد ہیں۔

گر یکے زیں چہار شد غالب
اگر ان چار میں سے ایک غالب ہو گئی

جانِ شیریں بر آید از قالب
تو میٹھی جان قالب سے باہر آجاتی ہے

لاجرم مردِ عارفِ کامل
لامحالہ پورا جان کار انسان

نہ نہد بر حیاتِ دنیا دل
دنیا کی زندگی سے دل نہیں لگاتا

نیک و بد چوں ہمی بباید مُرد
نیک اور بد جب سبھی کو مرنا ہے

خنک آں کس کہ گوئے نیکی بُرد
تو وہ اچھا ہے جو نیکی میں بازی لے گیا

برگِ عیشے بگورِ خویش فرست
اپنی قبر میں زندگی کا سامان بھیجدے

کس نیارد ز پس تو پیش فرست
بعد میں کوئی نہیں لائے گا تو پہلے سے بھیجدے

عمر برف ست و آفتابِ تموز
عمر برف کی طرح ہے اور سورج تموز کے مینہ کا ہے

اندکے ماند و خواجہ[1] غرّہ ہنوز
تھوڑی رہی ہے اور جناب ابھی تک غافل ہیں

اے تہیدست رفتہ در بازار
اے وہ جو خالی ہاتھ بازار میں چلا گیا

ترسمت پُر نیاوری[2] دستار
مجھے ڈر ہے تو دستار بھر کر نہ لائے گا

ہر کہ مزروعِ خود خورد بخوید
جو اپنی کھیتی کچی کھا جائے

وقتِ خرمنش خوشہ باید چید
اُس کو کھلیان کرتے وقت بالیں چُگنی پڑیں گی

پندِ سعدی بگوشِ دل بشنو
سعدی کی نصیحت دل کے کان سے سن

رہ چنین است مرد باش و برو
راستہ یہی ہے مرد بن اور چل

بعد از تامل مصلحت آں دیدم کہ در نشیمن عزلت نشینم و دامنِ صحبت فراہم
غور کے بعد میں نے یہ مناسب سمجھا کہ کٹیا میں گوشہ نشین بنوں اور یار باشی سے دامن

چینم و دفتر از گفتار ہائے پریشاں بشویم و من بعد پریشاں نہ گویم بیت
سمیٹ لوں اور فضول باتوں کا دفتر دھو دوں اور پھر بے ضرورت بات نہ کروں

زباں بریدہ بکنجے نشستہ صمٌّ بکم
زبان کٹا ہوا گوشہ میں بہرا گونگا بنا بیٹھا ہوا

بہ از کسے کہ نباشد زبانش اندر حکم
اُس سے بہتر ہے جس کی زبان قابو میں نہو

تا یکے از دوستاں کہ در کجاوہ ہم نشینِ من بودے و در حجرۂ جلیس
یہاں تک کہ ایک دوست جو کجاوے میں میرا ہمنشین اور حجرہ میں ہم مجلس تھا

---

[1] خواجہ صاحب قدر، سردار۔ اور بڑے آدمی کے معنی میں مستعمل ہے لیکن یہاں بطریق طنز اور تمسخر کے لایا گیا ہے۔ [2] پُر نیاوری دستار سے مراد بے عزتی ہے۔ یا یہ کہ تیرے پلے میں کچھ نہیں ہے تو تیری پگڑی چھن جائے گی یا رومال بھر کر نہ لائیگا

برسمِ قدیم از در درآمد چنداں کہ نشاطِ ملاعبت کرد و بساطِ مداعبت

پہلی عادت کے مطابق دروازے سے اندر آیا جس قدر بھی اُس نے کھیل کود کی خوشی کی کوشش کی اور مذاق کی بساط

گستردِ جوابش نہ گفتم و سر از زانوئے تعبّد برنگرفتم رنجیدہ نگہ کرد و

بچھائی میں نے اس کو جواب نہ دیا اور عبادت گذاری کی زانو سے سر نہ اٹھایا اس نے رنج سے مجھے دیکھا

گفت قطعہ

اور بولا

کنونت کہ امکانِ گفتار ہست — بگوائے برادر بلطف و خوشی

اب جبکہ تجھ میں بات کرنے کی طاقت ہے — اے بھائی نرمی اور خوشی سے بات کرلے

کہ فردا چو پیکِ اجل در رسد — بحکمِ ضرورت زباں در کشی

اس لئے کہ کل کو جب موت کا قاصد پہونچ جائیگا تو مجبوراً تو زبان بند کرلے گا

کسے از متعلقانِ منش برحسبِ واقعہ مطلع گردانید کہ فلاں عزم کردہ است

میرے متعلقین میں سے کسی نے اُس کو اصل واقعہ بتایا کہ اس نے تو پختہ ارادہ اور

و نیّتِ جزم کہ بقیتِ عمر معتکف نشیند و خاموشی گزیند تو نیز اگر توانی

پکی نیت کرلی ہے کہ باقی عمر گوشہ نشین رہے گا اور خاموشی اختیار کرے گا۔ تجھ سے اگر ہو سکے تو

سرِ خویش گیر و مجانبت پیش گفتا بعزتِ عظیم و صحبتِ قدیم کہ دم بر

تو بھی اپنا راستہ لے اور یکسوئی اختیار کر وہ بولا خدائے برتر کی عزت اور پرانی دوستی کی قسم کہ میں سانس

نیارم و قدم برندارم مگر آنگہ کہ سخن گفتہ شود بعادتِ مالوف

بھی نہ لوں گا اور قدم بھی نہ اٹھاؤں گا جبتک کہ پہلی عادت اور قدیم طریقہ کے مطابق

و طریقِ معروف کہ آزردنِ دلِ دوستاں جہل است و کفّارت

بات نہ ہو جائے اس لئے کہ دوستوں کا دل دکھانا نادانی ہے اور قسم کا کفارہ دیدینا

یمین سہل۔ خلافِ راہِ صواب ست و عکسِ رائے اولی الالباب

آسان ہے۔ درست رائے کے خلاف ہے اور عقلمندوں کی رائے کے برعکس

ذوالفقارِ علیؓ در نیام و زبانِ سعدی در کام قطعہ

حضرت علیؓ کی ذوالفقار کا نیام میں رہنا اور سعدی کی زبان کا تالو سے لگنا۔

لہ ذوالفقار حضرت علیؓ کی تلوار کا نام ہے۔ کیونکہ فقار کمر کی جوڑواں ہڈیوں کا نام ہے جنہیں ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے جو گردن سے کمر تک ہیں چونکہ اس تلوار کی پشت پر اسی قسم کی صورت بنی ہوئی تھی اس لئے اس کو ذوالفقار بفتح فا کہا گیا۔

زباں دُر دہانِ خردمند چیست
عقلمند کے منہ میں زبان کیا ہے
کلیدِ درِ گنجِ صاحب ہنر
ہنرمند کے خزانہ کے دروازہ کی کنجی

چو دربستہ باشد چہ داند کسے
جب دروازہ بند ہو تو کسی کو کیا معلوم
کہ جوہر فروش ست یا پیلہ ور
کہ موتی بیچنے والا ہے یا ہاتھی

قطعہ

اگرچہ پیشِ خردمند خامشی ادب ست
عقلمند کے آگے چپ رہنا اگرچہ ادب ہے
بوقتِ مصلحت آں بہ کہ در سخن کوشی
مصلحت کے وقت یہ بہتر ہے کہ تو بات کرنے کی کوشش کرے

دو چیز طیرۂ عقل ست دم فرو بستن
دو باتیں عقل کا عیب ہیں۔ کہنے کے وقت
بوقتِ گفتن و گفتن بوقتِ خاموشی
چپ رہنا اور چپ رہنے کے وقت بولنا

فی الجملہ زبان از مکالمتِ او در کشیدن قوت نداشتم و روئے از
خلاصہ یہ کہ اس کے ساتھ بات کرنے سے زبان روکنے کی مجھ میں قوت نہ رہی اور اس کی ہمکلامی
محاوثت بگردانیدن مروّت ندانستم کہ یارِ موافق بود و محبِّ صادق
سے منہ موڑنے کو میں نے آدمیت نہ سمجھی اس لئے کہ موافق یار اور سچا دوست تھا

بیت

چو جنگ آوری با کسے برستیز
جب تو لڑے تو اُس سے لڑ
کہ از وے گزیرت بود یا گریز
جس سے تجھے چارہ کار ہو یا گریز کی گنجائش ہو

بحکمِ ضرورت سخن گفتم و تفرّج کناں بیروں رفتم در فصلِ ربیع کہ صولتِ
مجبوراً میں نے بات کرلی اور تفریح کے لئے باہر نکل پڑا بہار کا موسم تھا سردی کا حملہ
بُرد آرمیدہ بود و اوانِ دولتِ وَرد رسیدہ

قطعہ

اوّلِ اردیبہشتِ ماہِ جلالی[1]
جلالی سن کے اردی بہشت مہینہ کا شروع
بلبلِ گویندہ بر منابرِ قضبان
شاخوں کے ممبروں پر بلبل چہک رہی تھی

---

[1] اردی بہشت فارسی شمسی مہینوں میں سے ایک مہینہ کا نام ہے جو آخر بیساکھ کے مطابق پڑتا ہے اور وہ آفتاب کے برج ثور میں رہنے کا زمانہ ہے [2] جلالی تاریخ سال شمسی کا نام ہے جو جلال الدین ملک شاہ سلجوقی (باقی بر صفحہ آئندہ)

برگلِ سرخ از نم او فتادہ لآلی | ہمچو عرق بر عذارِ شاہدِ غضباں
گلاب کے پھول پر شبنم کے موتی بکھرے تھے | جیسے غصہ کی حالت میں معشوق کے رخسار پر پسینہ

شب را بوستاں با یکے از دوستاں اتفاقِ مبیت افتاد موضعے خوش و
رات کو باغ میں ایک دوست کے ساتھ شب گذارنے کا اتفاق ہوا ایک سرسبز و شاداب

خرم و درختان دل کش و در ہم گفتی کہ خردہ مینا بر خاکش ریختہ و عقدِ
جگہ اور درختوں کے جھرمٹ دار، دل چسپ درخت گویا کانچ کے ٹکڑے اس کی خاک پر بکھرے ہوئے اور ثریا کا

ثریا از تاکش آویختہ **قطعہ**
گچھا اس کے انگوروں کی بیل میں لٹکا ہوا تھا۔

رَوضَۃٌ مَاءُ نَہرِھَا سَلسَالٌ | دَوحَۃٌ سَجعُ طَایِرِھَا مَوزُونٌ
ایک ایسا باغ جس کی نہر کا پانی جاری تھا | ایسا درخت جس کے پرندوں کا گانا موزوں

آں پر از لالہ ہائے رنگا رنگ | ویں پر از میوہ ہائے گوناگوں
وہ رنگ برنگ کے لالوں سے پُر | یہ طرح طرح کے میووں سے لدا ہوا

باد در سایۂ درختانش | گستراندہ فرشِ بوقلموں
ہوا نے اس کے درختوں کے سایہ میں | رنگارنگ فرش بچھا دیا تھا

بامداداں کہ خاطر باز آمدن بر رائے نشستن غالب آمد دیدمش دامنے
صبح کو جب واپسی کا خیال بیٹھنے کی رائے پر غالب آگیا میں نے اسے دیکھا کہ وہ

گل و ریحان و سنبل و ضمیران فراہم آوردہ و آہنگِ رجوع کردہ
گل، ریحان، سنبل اور ضمیران سے دامن کو بھرے ہوئے ہے اور لوٹنے کا ارادہ کر رہا ہے

گفتم گلِ بوستاں را چنانکہ دانی بقائے وعہدِ گلستاں را وفائے نباشد
میں نے اس سے کہا جیسا کہ تجھے معلوم ہے باغ کے پھول کو ٹکاؤ اور باغ کے زمانہ میں وفا نہیں ہوتی

و حکیماں گفتہ اند ہر چہ نپاید دل بستگی را نشاید گفت طریق چیست گفتم
اور عقلمندوں نے کہا ہے جو ناپائدار ہے دوستی کے لائق نہیں ہے اس نے کہا پھر کیا صورت ہے میں نے کہا

برائے نزہتِ ناظراں و فسحتِ حاضراں کتابِ گلستاں توانم تصنیف کردن
دیکھنے والوں کی تفریح اور موجودہ لوگوں کی کشادگی کے لئے میں ایک ایسی گلستاں کتاب تصنیف کرسکتا ہوں

(حاشیہ متعلقہ صفحہ گذشتہ) کی طرف منسوب ہے اور یہی تاریخ شیخ سعدی رحمہ اللہ کے زمانہ میں بہ لحاظ سنہ رائج تھی ہر سال جلالی ۳۶۵ دن اور ۹ دقیقہ کا شمار ہوتا ہے۔

کہ بادِ خزاں را بر ورقِ او دستِ تطاول نباشد و گردشِ زماں عیشِ

جس کے پتوں پر خزاں کی ہوا کی دست درازی نہ ہو اور زمانہ کی گردش اس کے موسم

ربیعش را بہ طیشِ خریف مبدّل نہ کند

بہار کی خوشگواری کو موسم خزاں کی ناگواری میں تبدیل نہ کر سکے

قطعہ

بچہ کار آیدت زگل طبقے
پھولوں کا طبق تیرے کیں کام آئے گا

از گلستانِ من ببر ورقے
میری گلستاں کا ایک ورق لے جا

گل ہمیں پنجروز زشش باشد
پھول یہی پانچ چھ روز رہے گا

وِیں گلستاں ہمیشہ خوش باشد
اور یہ گلستاں ہمیشہ تازہ رہے گی

حالے کہ من ایں حکایت بگفتم دامنِ گل بریخت و در دامنم آویخت کہ الکریم

جیسے ہی میں نے یہ بات کہی اس نے پھولوں کا دامن چھوڑ دیا اور میرے دامن سے چمٹ گیا کہ شریف

اِذا وَعَدَ وَفیٰ فصلے دو ہماں روز اتفاقِ بیاض افتادہ در حسنِ معاشرت

جب وعدہ کرتا ہے تو پورا کرتا ہے دو فصل اسی روز لکھنے کا موقع مل گیا میل جول کی خوبی

و آدابِ محاورت در لباسے کہ متکلماں را بکار آید و مترسلاں را بلاغت

اور بات چیت کرنے کے آداب کے بیان میں ایسی عبارت میں کہ بولنے والوں کے کام آئے اور خط و کتابت کرنے والوں کی بلاغت

افزاید فی الجملہ ہنوز از گلستاں بقیتے ماندہ بود کہ کتابِ گلستاں

بڑھائے خلاصہ یہ کہ ابھی کچھ موسمِ بہار باقی تھا کہ کتاب گلستاں

تمام شد وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَاَحْکَمُ بِالصَّوَابِ

پوری ہو گئی خدا درست بات کا سب سے زیادہ جاننے والا اور فیصلہ کرنیوالا ہے

ذکرِ پادشاہزادۂ جہاں سعد بن ابی بکر بن سعد نوّر اللہ قبرہٗ

ابو بکر بن سعد (خدا سعد کی قبر کو نور سے بھرے) کے بیٹے شہزادہ سعد کا ذکر!

وتمام آنگہ شود بحقیقت کہ پسندیدہ آید در بارگاہِ جہاں پناہ سایۂ کردگار

(یہ گلستاں حقیقتاً مکمل تو جب ہی ہوگی جب جہاں پناہ کے دربار میں پسند آجائے جو خدا کا سایہ ہے

پرتوِ لطفِ پروردگار و ذخرِ زماں و کہفِ اماں اَلْمُؤَیَّدُ مِنَ السَّمَاءِ

خدا کی مہربانی کا عکس ہے زمانہ کا ذخیرہ ہے امن کی پناہ ہے جس کو آسمانی تائید حاصل ہے

اَلْمَنْصُوْرُ عَلَی الْاَعْدَاءِ عَضُدُ الدَّوْلَةِ الْقَاهِرَةِ سِرَاجُ الْمِلَّةِ الْبَاهِرَةِ

دشمنوں پر فتحمند ہے غالب حکومت کا بازو ہے روشن ملت کا چراغ ہے

جَمَالُ الْاَنَامِ مَفْخَرُ الْاِسْلَامِ سَعْدُ بْنُ الْاَتَابَكِ الْاَعْظَمِ شَهَنْشَاهُ الْمُعَظَّمُ

مخلوق کا حسن ہے۔ اسلام کے لئے باعثِ فخر ہے یعنی سعد جو اُس اتابک اعظم کا بیٹا ہے جو کہ بڑا بادشاہ ہے

مَالِكُ رِقَابِ الْاُمَمِ مُوَلِّی مُلُوْكِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ سُلْطَانُ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اُمتوں کی گردنوں کا مالک ہے عجم اور عرب کے بادشاہوں کا آقا ہے خشکی اور سمندر کا بادشاہ ہے

وَارِثُ مُلْكِ سُلَيْمَانَ مُظَفَّرُ الدِّيْنِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ سَعْدِ بْنِ زَنْگِی

ملک سلیمان کا وارث ہے دین کا فتحمند ہے یعنی ابو بکر جو بیٹا سعد کا ہے جو بیٹا زنگی کا

اَدَامَ اللّٰهُ اِقْبَالَهُمَا وَضَاعَفَ اِجْلَالَهُمَا وَجَعَلَ اِلٰی كُلِّ خَيْرٍ مَآلَهُمَا

خدا ان کا اقبال ہمیشہ قائم رکھے اور دونوں کی بزرگی کو دوگنا کرے اور ہر بھلائی کی طرف اُن کا انجام کرے

بکرشمۂ لطفِ خداوندی مطالعہ فرماید **قطعہ**

مالکانہ مہربانی سے مطالعہ کرے۔

گر التفاتِ خداوندیش بیاراید
اگر اس (گلستاں) کو شاہی توجہ سنوار دے

نگارخانۂ چینی و نقش ارژنگیست
تو وہ چین کا نگارخانہ ہے اور ارژنگ کا کھینچا ہوا نقش ہے

امید ہست کہ روئے ملال درنکشد
امید تو یہی ہے کہ وہ ملال سے منہ نہ پھیرے گا

ازیں سخن کہ گلستاں شد جائے دلتنگیست
اس کلام سے اس لئے کہ گلستاں دلتنگ ہونے کا مقام نہیں ہے

علی الخصوص کہ دیباچۂ ہمایونش
خصوصاً جبکہ اس کا مستبرک دیباچہ

بنامِ سعدِ ابوبکر سعد بن زنگیست
ابوبکر ابن سعد ابن زنگی کے نیک نام سے ہے

ذکرِ امیرِ کبیر فخرالدین ابی بکر بن ابی نصر طال اللہ عمرہ

امیر کبیر فخرالدین ابی بکر بن ابی نصر کا ذکر خدا اُس کی عمر دراز کرے

دیگر عروسِ فکر من از بے جمالی سر برنیارد و دیدۂ یاس از زیشتِ پائے خجالت

علاوہ ازیں میرے فکر کی دلہن بدصورتی کی وجہ سے سر نہیں اٹھائے گی اور مایوسی کی نگاہ شرمندگی کے پشتِ پائے

برندارد و در زمرۂ صاحب نظراں متجلی نشود مگر آنگہ کہ متجلی گردد بزیورِ قبول

نہیں ہٹائے گی اور صاحب نظر لوگوں کی جماعت میں روشن نہیں ہوگی جب تک کہ وہ امیر کبیر کی قبولیت کے زیور

امیر کبیر عالم عادل مظفر و منصور ظہیر سریر سلطنت مشیر تدبیر مملکت کہف الفقراء
آراستہ نہ ہو جو کہ عالم، منصف، کامیاب، منصور، تخت سلطنت کا مددگار، مملکت کی تدبیر کا مشیر فقراء کی جائے پناہ
ملاذ الغرباء مربی الفضلاء محب الاتقیاء افتخار اہل پارس یمین الملک
غربا کا ٹھکانا، فضلاء کو پالنے والا، متقیوں کا دوست، اہل فارس کے لئے فخر، ملک کا دایاں ہاتھ
ملک الخواص باربک فخر الدولۃ والدین غیاث الاسلام والمسلمین
مقربان بارگاہ کا سردار، وزیر حضوری، دولت اور دین کا فخر، اسلام اور مسلمانوں کا فریادرس۔
عمدۃ الملوک والسلاطین ابی بکر بن ابی نصر اطال اللہ عمرہ
بادشاہوں اور سلاطین کا معتمد علیہ ہے یعنی ابوبکر بن ابی نصر خدا اُس کی عمر دراز کرے
واجل قدرہ وشرح صدرہ وضاعف اجرہ کہ ممدوح اکابر آفاق است
اور اس کا مرتبہ بڑھائے اور اُس کا دل کھولدے اور اُس کا ثواب دوگنا کردے جو کہ دنیا کے بزرگوں کا ممدوح ہے

ومجموع مکارم اخلاق شعر

اور عمدہ اخلاق کا مجموعہ ہے

ہر کہ در سایۂ عنایت اوست	گنہش طاعتست و دشمن دوست
جو اُس کی مہربانی کے سایہ میں ہے	اُس کا گناہ بھی عبادت ہے اور اسکا دشمن بھی دوست ہے

بر ہر یک از سائر بندگان و حواشی خدمتے معین است کہ اگر در ادائے برخے ازاں
حاشیہ نشین اور غلاموں میں سے ہر ایک پر ایک خدمت مقرر ہے کہ اگر اُس کے ادا کرنے میں تھوڑی سی بھی
تہاون و تکاسل رَوا دارند در معرض خطاب آیند و در محل عتاب مگر
ڈھیل اور سستی جائز رکھیں تو ان سے جواب طلب ہو جائے اور عتاب میں آجائیں بجز
بر اں طائفۂ درویشاں کہ شکر نعمت بزرگاں بر ایشاں واجب و ذکر
فقیروں کے اُس گروہ کے کہ جن پر بزرگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے اور بہتر
جمیل و دعائے خیر و ادائے چنیں خدمت در حد غیبت اولے
ذکر اور اچھی دعائیں اور اس طرح کی خدمت گذاری پیٹ پیچھے زیادہ بہتر
ترست کہ در حضور ایں بہ تصنع نزدیک ست و آں از تکلف دور و باجابت
ہے اس لئے کہ یہ آمنے سامنے میں بناوٹ سے قریب ہو جاتی ہے اور وہ تکلف سے دور اور قبولیت سے

مقرون قطعہ

نزدیک ہے۔

پشتِ دوتائے فلک راست شد از خرمی
خوشی کی وجہ سے آسمان کی کبڑی کمر سیدھی ہوگئی
تا چو تو فرزند زاد مادرِ ایام را
جب سے مادرِ ایام نے تجھ جیسا فرزند جنا

حکمتِ محض ست گر لطفِ جہاں آفریں
یہ خالص حکمت ہے اگر جہان کے پیدا کرنے والے کی
خاص کند بندۂ مصلحتِ عام را
مہربانی عوام کی بھلائی کی خاطر کسی کو مخصوص کرے

دولتِ جاوید یافت ہر کہ نکو نام زیست
جو نیک نامی سے زندہ رہا اُس نے لازوال دولت پائی
کز عقبش ذکرِ خیر زندہ کند نام را
اس لئے کہ اُس کے بعد اُس کا ذکرِ خیر نام کو زندہ رکھیگا

وصفِ ترا گر کند ور نکند اہلِ فضل
اہلِ فضل خواہ تیری تعریف کریں یا نہ کریں
حاجتِ مشاطہ نیست روئے دلآرام را
حسین چہرہ کو بناؤ سنگار کرنے والی کی احتیاج نہیں ہے

ذکرِ تقصیرِ خدمت و موجبِ اختیارِ عزلت

خدمت میں کوتاہی اور گوشہ نشینی اختیار کرنے کے سبب کا ذکر

تقصیر و تقاعدے کہ در مواظبتِ خدمتِ بارگاہِ خداوندی می رود بنا بر
جو کوتاہی اور سستی بادشاہ کے دربار کی مستقل حاضری میں ہوتی ہے اس وجہ
آنست کہ طائفہ از حکمائے ہندوستان در فضائلِ بزرجمہر سخن می گفتند
سے ہے کہ ہندوستان کے عقلمندوں کا ایک گروہ بزرجمہر کی خوبیوں کی بات کر رہا تھا
باآخر جزیں عیبش ندانستند کہ در سخن گفتن بطئ ست یعنی درنگ بسیار
آخر کار اس کا عیب سوائے اس کے نہ جانا کہ وہ بات کرنے میں سست ہے۔ یعنی بہت دیر کرتا ہے
ہمی کند و مستمع را بے منتظری باید بود تا وے تقریرِ سخنے کند بزرجمہر
اور سننے والے کو بہت منتظر رہنا پڑتا ہے تو کہیں وہ ایک بات کی تقریر کرتا ہے بزرجمہر نے
بشنید و گفت اندیشہ کردن کہ چہ گویم بہ از پشیمانی خوردن کہ چرا گفتم نظم
سنا اور بولا سوچا کہ میں کیا کہوں اس کی پشیمانی اٹھانے سے بہتر ہے کہ میں نے کیوں کہا

سخندان پرورده پیر کہن
بات کا جاننے والا، تجربہ کار، پرانا بڈھا
بلند اشد آنگہ بگوید سخن
سوچ لیتا ہے پھر بات کرتا ہے

مزن بے تامل بگفتار دم
بدون سوچے بات کہنا شروع نہ کر
نکو گوئی گر دیر گوئی چہ غم
بات بہتر کہہ اگر دیر میں تجھے کیا غم ہے

بیندیش وانگہ برآور نفس
سوچ لے پھر بات نکال !

وزاں پیش بس کن کہ گویند بس
اور اس سے پہلے ختم کردے کہ لوگ "بس" کہیں

بہ نطق آدمی بہتر ست از دواب
گویائی کی وجہ سے آدمی جانور سے افضل ہے

دواب از تو بہ گر نگوئی صواب
اگر تو ٹھیک بات نہ کہے تو مجھ سے جانور بہتر ہیں

فکیف در نظر اعیان حضرت خداوندی عَزَّ نَصْرُہٗ کہ مجمع اہل دل ست و مرکز
تو پھر شاہی دربار کے سرداروں کے سامنے کیا ہو۔ خدا کرے اس کی فتح غالب ہو) جو اہل دل کا مجمع ہے اور جو

علمائے متبحر اگر در سیاقت سخن دلیری کنم شوخی کردہ باشم و بضاعت
علماء کا مرکز ہے اگر طرز کلام میں دلیری کروں تو میری گستاخی ہوگی اور عزیز مصر کے

مزجات بحضرت عزیز آوردہ و شبہ در بازار جوہریاں جوے نیارد و
دربار میں کھوٹی پونجی لے جانا ہوگی اور کہ جوہریوں کے بازار میں ایک جو کے بھی لائق نہیں اور

چراغ پیش آفتاب پرتوے ندارد و منارۂ بلند بر دامن کوہ الوند پست نماید
آفتاب کے سامنے چراغ کی کوئی روشنی نہیں اور کوہ الوند کے دامن میں بلند منارہ پست نظر آتا ہے

مثنوی

ہر کہ گردن بدعوی افرازد
جو شخص کسی دعوی کے لئے گردن اونچی کرتا ہے

خویشتن را بہ گردن اندازد
وہ اپنے آپ کو گردن کے بل گراتا ہے

سعدی افتادہ است و آزادہ
سعدی عاجز اور آزاد آدمی ہے

کس نیاید بجنگ افتادہ
عاجز سے لڑنے کوئی نہیں آتا !

اول اندیشہ وانگہے گفتار
پہلے سوچ لے پھر بات کر

پائے پیش آمد ست و پس دیوار
پیر پہلے ہے دیوار پیچھے !

نخل بندم وَلے نہ در بستاں
شاہدم من وَلے نہ در کنعاں

میں مالی ہوں لیکن نہ باغ میں
میں معشوق ہوں لیکن نہ کنعان میں

لقمان را گفتند حکمت از کہ آموختی گفت از نابیناياں کہ تا جائے نہ بینند
لقمان سے لوگوں نے پوچھا تو نے دانائی کس سے سیکھی اس نے کہا اندھوں سے کہ جب تک جگہ نہ ٹٹول لیں

لہ پوتھ نہایت معمولی ہوتی ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲

پائے ننہند قَدِّمِ الْخُرُوْجَ قَبْلَ الْوُلُوْجِ مصرعہ مردیت بیازما
قدم نہیں دھرتے ہیں۔ داخل ہونے سے پہلے نکلنے کی سوچ لے پہلے قوت مردی کو آزمالے

وانگہ زن کن قطعہ
پھر شادی کر۔

گرچہ شاطر بود خروس بجنگ
مرغ اگرچہ لڑنے میں چالاک ہو
چہ زند پیش بازِ روئیں چنگ
لیکن کانسی کے پنجے والے باز کے مقابلہ میں کیا کر سکتا ہے

گربہ شیرست در گرفتنِ موش
چوہا پکڑنے میں بلی شیر ہے!
لیک موش ست در مصافِ پلنگ
لیکن چیتے کی لڑائی میں وہ چوہا ہے

اما باعتمادِ وسعتِ اخلاقِ بزرگاں کہ چشم از عوائبِ زیردستاں
لیکن بزرگوں کے اخلاق کی وسعت کے بھروسے پر کیونکہ وہ چھوٹوں کے عیب سے چشم پوشی

بپوشند و در افشائے جرائمِ کہتراں نکوشند، کلمۂ چند بطریقِ اختصار از نوادر
کرتے ہیں اور چھوٹوں کے عیب ظاہر نہیں کرتے ہیں۔ چند کلمے مختصر طور پر نادر باتوں،

وامثال و شعر و حکایات در سیرِ ملوکِ ماضی رحمہم اللہ دریں کتاب
مثالوں، شعر، حکایتوں، گذشتہ بادشاہوں کی عادتوں کے اس کتاب میں

درج کردیم و برخے از عمرِ گراں مایہ برو خرج موجبِ تصنیفِ کتاب ایں
ہم نے لکھ دیئے ہیں اور تھوڑی سی قیمتی عمر اس پر خرچ کی ہے اس کتاب کی تصنیف کا سبب یہ

بود وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق قطعہ
تھا اور توفیق خدا کی جانب سے ہے

بہ ماند سالہا ایں نظم و ترتیب
یہ نظم اور ترتیب برسوں رہے گی
ز ما ہر ذرہ خاک افتادہ جائے
ہماری خاک کا ایک ایک ذرہ جگہ بجگہ پڑا ہوگا

غرض نقشیست کز ما یاد ماند
غرض یہ ایک نقش ہے جو ہماری یادگار رہیگا
کہ ہستی را نمی بینم بقائے
اس لئے کہ ہستی کو تو بقا نہیں معلوم ہوتی ہے

مگر صاحبدلے روزے برحمت
شاید کوئی صاحب دل کسی دن رحم کھا کر
کند در کارِ درویشاں دعائے
درویشوں کے معاملہ میں کوئی دعا کردے

امعانِ نظر در ترتیبِ کتاب و تہذیبِ ابواب ایجازِ سخن را مصلحت دید تا مر ایں
نظر کی گہرائی نے کتاب کی ترتیب اور بابوں کی تہذیب میں بات کے اختصار کو مناسب سمجھا چنانچہ اس

روضۂ غنّا و حدیقۂ غُلبارا چوں بہشت بہ ہشت باب اتفاق افتاد ازیں
گنجان باغ اور گھنے باغیچہ کو بہشت کی طرح آٹھ باب میں اتفاق ہو گیا اسی وجہ سے
سبب مختصر آمد تا بہ ملامت نہ انجامد وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَیْہِ
یہ مختصر ہو گئی تاکہ کدورت نہ پیدا ہو اور خدا بہتر بات زیادہ جانتا ہے اور اسی کی
الْمَرْجِعُ وَالْمَآبُ
طرف مرجع اور ٹھکانا ہے

باب اوّل در سیرت پادشاہاں
پہلا باب بادشاہوں کی عادت کے بیان میں

باب دوم در اخلاق درویشاں
دوسرا باب درویشوں کے اخلاق کے بیان میں

باب سوم در فضیلت قناعت
تیسرا باب قناعت کی فضیلت کے بیان میں

باب چہارم در فوائد خاموشی
چوتھا باب چپ رہنے کی فضیلت کے بیان میں

باب پنجم در عشق و جوانی
پانچواں باب عشق اور جوانی کے بیان میں

باب ششم در ضعف پیری
چھٹا باب بڑھاپے کی کمزوری کے بیان میں

باب ہفتم در تاثیر تربیت
ساتواں باب پرورش کی تاثیر کے بیان میں

باب ہشتم در آداب صحبت و حکمت
آٹھواں باب ساتھ رہنے کے طریقوں اور حکمت کے بیان میں

مثنوی

دراں مدت کہ مارا وقت خوش بود
جس زمانہ میں کہ ہمارا اچھا وقت تھا

ز ہجرت ششصد و پنجاہ و شش بود
ہجری سن چھ سو چھپن (۶۵۶) تھا!

مراد ما نصیحت بود و گفتیم
ہمارا مقصد نصیحت کرنا تھا اور ہم نے کر دی

حوالت با خدا کردیم و رفتیم
ہم نے خدا کے سپرد کر دیا اور ہم رخصت ہو گئے

باب اوّل در سیرت پادشاہاں
پہلا باب بادشاہوں کی عادت کے بیان میں!

حکایت پادشاہے را شنیدم کہ بکشتن اسیرے اشارت کرد
میں نے ایک بادشاہ کے بارے میں سنا کہ اس نے ایک قیدی کو قتل کرنے کا حکم دیا

بیچارہ دراں حالت نومیدی بزبانے کہ داشت مَلِک را دشنام دادن گرفت و

بیچارے نے اُس نا امیدی کی حالت میں اپنی زبان میں بادشاہ کو گالیاں دینا اور

سقط گفتن کہ گفتہ اند ہر کہ دست از جان بشوید ہر چہ در دل آید بگوید بیت

سخت وسست کہنا شروع کر دیا اس لئے کہ لوگوں نے کہا ہے جو کوئی جان سے ہاتھ دھو لیتا ہے جو کچھ دل میں آتا ہو کہتا ہو

وقتِ ضرورت چو نماند گریز | دست بگیرد سرِ شمشیر تیز

ضرورت کے موقع پر جب بھاگنا ممکن نہ رہے | تو ہاتھ تیز تلوار کی نوک پکڑ لیتا ہے

شعر

إِذَا يَئِسَ الْإِنْسَانُ طَالَ لِسَانُهُ | كَسِنَوْرٍ مَغْلُوبٍ يَصُوْلُ عَلَى الْكَلْبِ

انسان جب نا امید ہو جاتا ہے تو اُس کی زبان دراز ہو جاتی ہے | جیسے دبی ہوئی بلی کتے پر حملہ کر دیتی ہے

مَلِک پرسید کہ چہ می گوید، یکے از وزرائے نیک محضر گفت اے خداوند ہمی گوید

بادشاہ نے دریافت کیا کہ کیا کہتا ہے؟ ایک نیک خصلت وزیر بولا اے بادشاہ وہ یہہ کہہ رہا ہے

وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ مَلِک را رحمت آمد واز سرِ خون او

وہ لوگ بہت اچھے ہیں جو غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں بادشاہ کو رحم آگیا اور اس کو قتل کرنے کا خیال

درگذشت وزیرِ دیگر کہ ضدِّ او بود گفت اَبنائے جنس ما را نشاید در حضرتِ پادشاہاں

ترک کر دیا دوسرا وزیر جو اس وزیر کا مخالف تھا بولا، ہمارے ہم پیشہ لوگوں کے لئے مناسب نہیں ہے بادشاہوں کے

جز براستی سخن گفتن ایں مَلِک را دشنام داد و ناسزا گفت مَلِک روی ازیں

دربار میں سچی بات کے سوا کچھ کہنا ۔ اس نے تو بادشاہ کو گالیاں دی ہیں اور نامناسب باتیں کہی ہیں. بادشاہ اس بات کو سن کر

سخن درہم کشید و گفت آں دروغ کہ وے گفت پسندیدہ تر آمد مرا ازیں

ناراض ہوا اور بولا وہ جھوٹ جو اُس وزیر نے بولا مجھے اس سچ سے بہت پسند آیا

راست کہ تو گفتی کہ روئے آں در مصلحتے بود و بنائے ایں بر خبثے و خردمنداں

جو تو نے کہا اس لئے کہ اس کا رخ نیکی کی طرف تھا اور اس سچ کی بنیاد خباثت پر اور عقلمندوں نے

گفتہ اند دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز شعر

کہا ہے مصلحت آمیز جھوٹ فتنہ برپا کر دینے والے سچ سے بہتر ہے

ہر کہ شاہ آں کند کہ او گوید | حیف باشد کہ جز نکو گوید

جو شخص ایسا ہو کہ بادشاہ وہی کرتا ہو جو وہ کہہ دے | تو بڑے افسوس کی بات ہے کہ وہ شخص نیکی کے سوا بات کہی

لطیفہ — مثنوی

بر طاقِ ایوانِ فریدوں[1] نوشتہ بود — فریدوں کے محل کی محراب پر لکھا ہوا تھا

جہاں اے برادر نہ ماند بہ کس — دل اندر جہاں آفریں بند و بس
اے بھائی دنیا کسی کے پاس نہیں ٹکتی — تو دنیا کے پیدا کرنیوالے سے دل لگا اور بس

مکن تکیہ بر ملکِ دنیا و پشت — کہ بسیار کس چوں تو پرورد و کشت
دنیا کی حکومت پر سہارا اور بھروسہ نہ کر — کیونکہ دنیا نے تجھ جیسے بہت سے پالے اور مار ڈالے

چو آہنگِ رفتن کند جانِ پاک — چہ بر تختِ مردن چہ بر روئے خاک
جب پاک جان دنیا سے روانگی کا ارادہ کرے — تو زمین اور تخت پر مرنا برابر ہے

حکایت

یکے از ملوکِ خراسان[2] سلطان محمود سبکتگیں را بخواب دید کہ جملہ

خراسان کے ایک بادشاہ نے سلطان محمود سبکتگین کو خواب میں دیکھا کہ اس کا

وجودِ او ریختہ بود و خاک شدہ مگر چشمانش کہ ہمچناں در چشمخانہ ہمی گردید و نظری کرد سائر

تمام بدن گل سڑ گیا اور خاک ہو گیا تھا لیکن اس کی آنکھیں اسی طرح آنکھوں کے حلقوں میں گھوم رہی ہیں اور دیکھ رہی ہیں۔

حکما از تاویلِ آں فرو ماندند مگر درویشے کہ بجا آورد و گفت ہنوز نگراں ست کہ

تمام عقلمند اس خواب کی تعبیر سے عاجز آ گئے مگر ایک درویش جس نے تعبیر دی اور کہا ابھی تک دیکھ رہا ہے کہ

ملکش بادِ گراں ست

اُس کا ملک دوسروں کے پاس ہے

قطعہ

بس نامور بزیرِ زمیں دفن کردہ اند — کز ہستیش بروئے زمیں یک نشاں نماند
بہت سے نامور لوگوں کو زمین کے نیچے دفن کر دیا ہے — جن کی ہستی کا روئے زمین پر ایک نشان بھی نہیں رہا

آں پیر لاشہ را کہ سپردند زیرِ خاک — خاکش چناں بخورد کزو استخواں نماند
وہ بوڑھا مردہ جس کو زمین کے سپرد کیا — مٹی نے اس کو ایسا کھایا کہ اس کی ہڈی بھی نہ بچی

زندہ است نامِ فرخ نوشیرواں[3] بعدل — گرچہ بسے گذشت کہ نوشیرواں نماند
نوشیرواں کا مبارک نام انصاف کرنے کیوجہ سے زندہ ہے — اگرچہ بہت زمانہ گذر گیا کہ نوشیرواں نہ رہا

خیرے کن اے فلاں و غنیمت شمار عمر — زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند
اے فلانے کوئی نیکی کر لے اور عمر کو غنیمت سمجھ — اس سے پہلے کہ یہ آواز آئے کہ فلاں نہ رہا

---

[1] فریدوں ایران کے ایک قدیم بادشاہ کا نام ہے جس نے ضحاک کو شکست دی اور ایران توران شام و روم پر قابض ہو کر نہایت عدل انصاف کے ساتھ حکمرانی کی [2] نوشیرواں ایک عادل بادشاہ کا نام ہے۔ شیخ سعدی کے زمانے میں اس کو گذرے ہوئے سات سو برس ہوئے تھے۔

حکایت (۳) مُلک زادہ را شنیدم کہ کوتاہ و حقیر بود و دیگر برادرانش بلند و
میں نے ایک شہزادہ کے بارے میں سنا کہ پستہ قد اور بدصورت تھا اور اس کے دوسرے بھائی لمبے اور
خوبروی بارے پدر بکراہت و استحقار در وے نظر ہمی کرد پسر بفراست و
خوبصورت تھے ایک مرتبہ باپ حقارت اور ناپسندیدگی سے اس کو دیکھ رہا تھا شہزادہ ذہانت اور
استبصار دریافت و گفت اے پدر کوتاہِ خردمند بہ کہ نادانِ بلند نہ ہر چہ
دانائی سے اس بات کو سمجھ گیا اور بولا اے ابا جان ٹھگنا عقلمند لمبے بے وقوف سے اچھا ہوتا ہے کیا یہ بات درست

فقرہ بقامت کہتر بہ قیمت بہتر **شعر** اَلشَّاۃُ نَظِیفَۃٌ وَالْفِیلُ جِیفَۃٌ

نہیں ہے کہ جو چیز قد میں چھوٹی ہوتی ہے قیمت میں بہتر ہوتی ہے بکری پاک ہے اور ہاتھی مردار

اَقَلُّ جِبَالِ الْاَرْضِ طُوْرٌ وَّاِنَّہٗ	لَاَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰہِ قَدْرًا وَّمَنْزِلَا
کوہِ طور زمین کے چھوٹے پہاڑوں میں ہے اور یقیناً وہ	قدر و منزلت میں اللہ کے نزدیک سب سے بڑا ہے

قطعہ

آں شنیدی کہ لاغرِ دانا	گفت بارے بابلہِ فربہ
آپ نے وہ بات سنی جو ایک دبلے عقلمند نے	ایک مرتبہ موٹے بے وقوف سے کہی
اَسپِ تازی اگر ضعیف بود	ہمچناں از طویلۂ خر بہ
عربی گھوڑا اگرچہ کم زور ہو	پھر بھی طویلے بھر گدھوں سے بہتر ہے

پدر بخندید و ارکانِ دولت بپسندیدند و برادراں بجاں برنجیدند **قطعہ**

باپ ہنس پڑا اور ارکانِ دولت نے یہ بات پسند کی اور بھائیوں کو دلی صدمہ ہوا

تا مَرد سخن نہ گفتہ باشد	عیب و ہنرش نہفتہ باشد
جب تک آدمی نے بات نہ کہی ہو	اس کا عیب و ہنر چھپا ہوا ہوتا ہے
ہر بیشہ گماں مبر کہ خالیست	شاید کہ پلنگ خفتہ باشد
ہر جھاڑی نہ سمجھ کہ وہ خالی ہے	شاید شیر وہاں سویا ہوا ہو!

شنیدم کہ مُلک را دراں مدت دشمنے صعب روئے نمود چوں لشکر از ہر دو
میں نے سنا کہ اُسی زمانہ میں بادشاہ کے ایک سخت دشمن نے سر اٹھایا جب دونوں طرف کے

۱؎ بکری حلال ہے یعنی اس کا دودھ پینا اور گوشت کھانا حلال ہے اور ہاتھی مردار ہے۔ ۲؎ طویلہ میں یائے معروف ہے یا مجہول سے پڑھنا غلطی ہے۔ مجازاً اصطبل کو کہتے ہیں ورنہ دراصل اس رسی کا نام ہے جس میں ایک ایک پاؤں چند گھوڑوں یا گدھوں کا باندھتے ہیں۔

طرف روئے درھم آوردند و قصدِ مبارزت کردند اوّل کسیکہ بہ
لشکر آمنے سامنے ہوئے اور انہوں نے مٹھ بھیڑ کا ارادہ کیا سب سے پہلے جو
میدان دَر آمد آں پسر بُود و گفت قطعہ
میدان میں اُترا وہی شہزادہ تھا اور اس نے کہا

آں نہ من باشم کہ روزِ جنگ بینی پشتِ من
میں وہ نہیں ہوں کہ لڑائی کے دن تو میری پشت دیکھے
آں منم کاندر میان خاک و خوں بینی سرے
میں وہ ہوں کہ خاک اور خون میں تو ایک سر دیکھے گا

کانکہ جنگ آرد بخون خویش بازی میکند
کیونکہ لڑائی کے دن جو جنگ کرتا ہے وہ اپنے خون سے کھیلتا ہے
روزِ میداں وانکہ بگریزد بخونِ لشکرے
اور جو بھاگتا ہے وہ (اپنے) پورے لشکر کا خون کرتا ہے

ایں بگفت و بر سپاہِ دشمن زد تنے چند مردانِ کاری را بہ کشت چوں بہ پیش
(اس نے) یہ کہا اور دشمن کے سپاہیوں پر ٹوٹ پڑا۔ چند تجربہ کار سپاہیوں کو قتل کیا جب باپ کے
پدر آمد زمین خدمت ببوسید و گفت قطعہ
سامنے آیا زمین خدمت چومی اور کہا

اے کہ شخصِ مَنَت حقیر نمود
اے وہ کہ میرا جسم تجھے کمزور لگا
تا درشتی ہنر نہ پنداری
کہیں موٹاپے کو تو ہنر نہ سمجھے

اسپِ لاغر میاں بہ کار آید
پتلی کمر والا گھوڑا لڑائی کے دن
روزِ میداں نہ گاؤ پرّواری[1]
کام آتا ہے نہ کہ پروار کا بیل

آوردہ اند کہ سپاہِ دشمن بسیار بود و یاراں اندک و جماعتے آہنگ گریز کردند پسر
بیان کرتے ہیں کہ دشمن کے سپاہی بہت تھے اور یہ تھوڑے اور (ان میں سے) کچھ لوگوں نے بھاگنے کی ٹھانی شہزادہ
نعرہ بزد و گفت اے مَرداں بکوشید تا جامۂ زناں نپوشید سواراں را بگفتن
نے نعرہ مارا اور کہا اے بہادرو کوشش کرو خبردار ہرگز عورتوں کا جامہ نہ پہنو۔ اسکے کہنے سے سواروں کی
او تہور زیادہ گشت و بہ یک بار حملہ کردند شنیدم کہ ھمدراں روز بر دشمن ظفر
بہادری بڑھ گئی اور ایک بارگی حملہ کر دیا میں نے سنا کہ اسی روز انہوں نے دشمنوں پر فتح
یافتند پدر سر و چشم را ببوسید و در کنار گرفت و ہر روز نظر بیش کردتا ولیعہد خویش کرد
پائی باپ نے اس کے سر اور آنکھوں پر بوسہ دیا اور بغلگیر ہوا اور اس پر روز افزوں توجہ کی یہانتک کہ اسکو اپنا ولیعہد مقرر کر دیا

---

[1] پرواراس گھر کو کہتے ہیں جو گرمی کے زمانے میں بیل وغیرہ چرانے والے گائے بیلوں وغیرہ کو آرام دینے کے لئے سایہ دار اور ٹھنڈی جگہ میں بنا لیتے ہیں ۱۲۔

برادرانش حسد بردند و زہر در طعامش کردند خواہرش از غرفہ بدید و دریچہ بر ہم زد پسر

اُس کے بھائیوں نے حسد کیا اور اُس کے کھانے میں زہر ملا دیا۔ اُس کی بہن نے کھڑکی سے دیکھ لیا اور کھڑکی بند کر دی۔ شہزادہ

بفراست دریافت دست از طعام باز کشید و گفت محالست کہ ہنرمنداں بمیرند و

ذہانت سے سمجھ گیا کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا اور کہنے لگا کہ یہ تو ناممکن بات ہے کہ ہنرمند مر جائیں اور

بے ہنراں جائے ایشاں گیرند شعر

بے ہنر ان کی جگہ سنبھال لیں

کس نیاید بزیر سایۂ بوم | ور ہما از جہاں شود معدوم

اُلو کے سایہ میں کوئی آنا پسند نہ کرے | اگرچہ ہما دنیا سے ناپید ہو جائے

پدر را ازیں حال آگہی دادند برادرانش را بخواند و گوشمال بواجب داد پس ہر

لوگوں نے باپ کو یہ قصہ بتایا اُس کے بھائیوں کو بلایا اور مناسب سزا دی پھر ملک کے

یکے را از اطراف بلاد حصۂ مرضی معین کرد تا فتنہ فرو نشست و نزاع برخاست

اطراف میں سے ہر ایک کیلئے اُس کی پسند کے مطابق ایک حصہ مقرر کر دیا چنانچہ فتنہ ختم ہوا اور جھگڑا جاتا رہا

کہ دو درویش در گلیمے بخسپند و دو پادشاہ در اقلیمے نہ گنجند قطعہ

کیونکہ دس فقیر ایک کمبلی میں سو جاتے ہیں اور دو بادشاہ ایک ولایت میں نہیں سماتے

نیم نانے گر خورد مرد خدائے | بذل درویشاں کند نیمے دگر

مردِ خدا اگر آدھی روٹی کھاتا ہے | تو دوسری آدھی فقیروں پر خرچ کر دیتا ہے

ملکِ اقلیمے بگیرد پادشاہ | ہمچناں در بندِ اقلیمے دگر

اگر بادشاہ ایک ولایت کی حکومت حاصل کر لیتا ہے | تو اسی طرح دوسری ولایت کی فکر میں لگا رہتا ہے

حکایت (۴)

طائفۂ دزدانِ عرب بر سرِ کوہے نشستہ بود و منفذِ کارواں

عرب کے چوروں کا ایک گروہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر (قبضہ جما) بیٹھا تھا اور قافلہ کا راستہ

بستہ و رعیتِ بلداں از مکائدِ ایشاں مرعوب و لشکرِ سلطان مغلوب بحکمِ آنکہ

بند کر دیا تھا اور شہروں کی رعایا اُس کے مکر و فریب سے ڈرتی تھی اور بادشاہ کا لشکر عاجز تھا چونکہ

ملاذے منیع از قلۂ کوہے گرفتہ بودند و ماوائے و ملجائے خود کردہ مدبران

اُس نے ایک پہاڑ کی چوٹی پر محفوظ جائے پناہ بنالی تھی اور اُس کو اپنا ٹھکانا اور پناہ گاہ بنا لیا تھا اُن اطراف

ممالکِ آں طرف در دفعِ مضرتِ ایشاں مشاورت کردند کہ اگر ایں طائفہ

کے شہروں کے عقلمندوں نے اُس کی نقصان رسانی کے رفع کرنے کا مشورہ کیا کہ اگر یہ گروہ

بریں نسق روزگارے مداومت نماید مقاومت ممتنع گردد۔ **مثنوی**

اسی طور پر چند دن جما رہے گا تو پھر مقابلہ ناممکن ہو جائے گا۔

درختے کہ اکنوں گرفت ست پای — بہ نیروئے شخصے برآید زجای

جس درخت نے کہ ابھی جڑ پکڑی ہے — ایک آدمی کی طاقت سے اُکھڑ جائیگا

وگر ہمچناں روزگارے ھلی — بگردونش از بیخ برنگسلی

اور اگر تو اسی طرح اُس کو ایک زمانہ تک چھوڑ دے گا — تو گردوں کے ذریعہ بھی اس کو جڑ سے نہیں اکھاڑ سکتا

سرِ چشمہ شاید گرفتن بہ میل — چو پُر شد نشاید گذشتن بہ پیل

چشمہ کا سوراخ ایک سلائی سے بند کیا جا سکتا ہے — جب وہ بھرا تو ہاتھی کے ذریعہ بھی اسکو عبور نہیں کیا جا سکتا

سخن بریں مقرر شد کہ یکے را تجسس ایشاں برگماشتند و فرصت نگاہ می داشتند

یہ فیصلہ ہوا کہ ایک شخص کو اُن کی سراغ رسانی پر مقرر کر دیا اور موقع کے متلاشی رہے

تا وقتیکہ بر سرِ قومے راندہ بود و مقام خالی ماندہ تنے چند مردانِ واقعہ

جس وقت وہ ایک قوم پر چڑھائی کرنے گیا ہوا تھا اور قیامگاہ خالی تھی چند آدمی جو تجربہ کار

دیدہ و جنگ آزمودہ را بفرستادند تا در شعب جبل پنہاں شدند شبانگاہے کہ

اور جنگ آزمودہ کو روانہ کر دیا چنانچہ وہ پہاڑ کی گھاٹیوں میں چھپ گئے رات کے وقت

دزداں باز آمدند سفر کردہ و غارت آوردہ سلاح از تن بکشادند و رختِ غنیمت

جب چور واپس آئے سفر کئے ہوئے اور لوٹ کا مال لئے ہوئے تو انہوں نے بدن سے ہتھیار کھولدیئے اور لوٹ کا

بنہادند نخستین دشمنے کہ بر سرِ ایشاں تاخت آورد خواب بود چندانکہ پائے

مال ایک طرف رکھدیا سب سے پہلا دشمن جو اُن پر حملہ آور ہوا نیند تھی یہاں تک کہ شب کا

از شب بگذشت **شعر**

ایک حصہ گذر گیا

قرصِ خورشید در سیاہی شد — یونسؑ اندر دہانِ ماہی شد

سورج کی ٹکیہ سیاہی میں چلی گئی (جیسا کہ) — حضرت یونس (علیہ السلام) مچھلی کے پیٹ میں چلے گئے

لہ گردوں گاڑھی کے معنی میں لایا گیا ہے۔ یہ لفظ جرثقیل کی چرخی کے معنی میں بھی آتا ہے ۵۲ یونس (علیہ السلام) ایک پیغمبر تھے جو اس خوف سے کہ شاید میری قوم میری تکذیب کرے قوم کے درمیان سے نکل کر چلے گئے اور ایک کشتی میں سوار ہوئے تین روز کشتی میں چلتے رہے اتفاقاً ایک بڑی مچھلی نے دریا میں سے سر نکالا اور کشتی کو روک لیا۔ ملاح نے کہا کہ اس کشتی میں کوئی گنہگار ہے جب تک اس کو ہم مچھلی کے حوالے نہ کر دیں گے کشتی نہ چلے گی آخر قرعہ اندازی ہوئی قرعہ آپ کے نام کا نکلا چنانچہ لوگوں نے آپ کو مچھلی کے سامنے ڈالا اور مچھلی (باقی برصفحہ آئندہ)

مردانِ دلاور از کمین گاہ بدر جستند و دستِ یگاں یگاں بر کتفِ بستند بامداداں
بہادر لوگ اپنے چھپاؤ کی جگہ سے باہر نکل آئے اور ایک ایک کے ہاتھ مونڈھوں سے باندھ دیئے صبح کو
بدرگاہِ مُلک حاضر آوردند ہمہ را بہ کشتن فرمود۔ اتفاقاً دراں میاں جوانے بود
بادشاہ کے دربار میں حاضر کر دیا۔ سب کو مار ڈالنے کا حکم فرمایا اتفاقاً ان میں ایک نوجوان بھی تھا
کہ میوۂ عنفوانِ شبابش نو رسیدہ و سبزۂ گلستانِ عذارش نو دمیدہ یکے
کہ اُس کی آغازِ جوانی کا میوہ تازہ تھا اور اس کے رخسار کے باغ کا سبزہ نیا نیا اگا تھا۔ ایک
از وزیراں پائے تختِ مُلک را بوسہ داد و رُوئے شفاعت بر زمیں نہاد
وزیر نے بادشاہ کے تخت کے پائے کو چوما اور سفارش کا چہرہ زمین پر رکھا
و گفت ایں پسر ہنچناں از باغِ زندگانی برخوردہ است و از ریعانِ جوانی تمتع
اور کہا اس لڑکے نے ابھی زندگی کے باغ کا پھل بھی نہیں چکھا ہے اور جوانی کی ابتداء سے نفع
نیافتہ توقع بہ کرم و اخلاقِ خداوندی آنست کہ بہ بخشیدنِ خونِ او بر بندہ
نہیں اٹھایا ہے شاہی اخلاق و کرم سے توقع یہ ہے کہ اس کا خون معاف فرما کر اِس خادم پر
منت نہی مُلک روی ازیں سخن درہم آورد و موافقِ رائے بلندش نیامد و گفت
احسان فرمائیں گے بادشاہ کو اس بات سے غصہ آگیا اور یہ بات اُس کی بلند رائے کے موافق نہ پڑی اور کہا

فرد

پرِ تو نیکاں نہ گیرد ہر کہ بُنیادش بدست | تربیت نااہل را چوں گرد گاں بر گنبدست
جس کی بنیاد بری ہے وہ بھلوں کا سایہ بھی اپنے پر نہیں پڑنے دیتا | نااہل کی تربیت کرنا ایسا ہے جیسا کہ گنبد پر اخروٹ

نسل و بنیادِ ایناں منقطع کردن اولیٰ ترست کہ آتش کشتن و اخگر گذاشتن و
ان کی نسل و جڑ کو کاٹ ڈالنا ہی زیادہ بہتر ہے کیونکہ آگ کو بجھانا اور چنگاری چھوڑ دینا اور
افعیٰ کشتن و بچہ اش نگاہ داشتن کارِ خردمنداں نیست

قطعہ

سانپ کو مارنا اور اس کے بچے کو حفاظت سے رکھنا عقلمندوں کا کام نہیں ہے

اَبر گر آبِ زندگی بارد | ہرگز از شاخِ بید بر نخوری
اگر بادل آبِ حیات برسائے | تو بھی تو بید کی شاخ کا پھل نہیں کھائے گا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) آپ کو نگل گئی اُس وقت آپ کو تین قسم کی تاریکیوں سے سابقہ ہوا۔ رات۔ دریا کی تاریکی مچھلی کے پیٹ کی تاریکی چالیس روز کے بعد مچھلی نے پھر آپ کو اُگل کر دریا کے کنارے پر ڈال دیا۔

بافسردہ مایہ روزگار مبر
کمینے کے ساتھ وقت ضائع نہ کر

کز نئے بوریا شکر نہ خوری
کیونکہ بورئے کے ٹکڑے سے تو شکر نہیں کھائے گا ؟

وزیر ایں سخن بشنید و طوعاً و کرہاً بپسندید و بر حسن رائے ملک آفریں خواند و
وزیر نے یہ بات سنی اور جبراً و ناچار پسند کی اور بادشاہ کی رائے کی خوبی کی تعریف کی اور

گفت انچہ خداوند دام ملکہٗ فرمود عین صواب ست و مسئلہ بے جواب کہ اگر
کہا جو کچھ بادشاہ دام ملکہ نے فرمایا بالکل صحیح ہے اور بات ناقابلِ انکار اس لئے کہ اگر

در صحبت آں بداں تربیت یافتے طینت ایشاں گرفتے و یکے از ایشاں شدے
اُن بُروں کی صحبت میں پلتا تو اُن کی فطرت اختیار کرتا اور ان میں ہی کا ایک ہوتا

اما بندہ امیدوار ست کہ بہ صحبت صالحاں تربیت پذیرد و خوئے خردمنداں
لیکن غلام کو امید ہے کہ نیکوں کی صحبت کا اثر قبول کرے گا اور عقلمندوں کی عادت اختیار

گیرد کہ ہنوز طفل ست و سیرت بغی و عناد آں قوم در نہادِ او متمکن نشدہ
کرے گا اس لئے کہ ابھی بچہ ہے اور اُس قوم کی سرکشی اور دشمنی کی عادت نے اُس کی طبیعت میں جڑ نہیں پکڑی

و در حدیث ست کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَۃِ فَاَبَوَاہُ یُھَوِّدَانِہٖ اَوْ
اور حدیث شریف میں آیا ہے ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا

یُنَصِّرَانِہٖ اَوْ یُمَجِّسَانِہٖ

قطعہ

نصرانی یا مجوسی بنا ڈالتے ہیں

پسرِ نوحؑ با بداں بہ نشست | خاندانِ نبوتش گم شد
حضرت نوحؑ کے بیٹے نے بروں کے ساتھ نشست و برخاست اختیار کی۔ اُس سے نبوت کا خاندان چھوٹ گیا

سگِ اصحابِ کہف[1] روزے چند | پئے نیکاں گرفت مردم شد[2]
اصحابِ کہف کے کتے نے چند روز نیکوں کی صحبت اختیار کی آدمی بن گیا

ایں بگفت و طائفہ از ندمائے ملک با وے بہ شفاعت یار شدند تا ملک از سرِ
اُس نے یہ کہا اور بادشاہ کے مصاحبوں میں سے ایک جماعت نے سفارش کرنے میں اُس کا ساتھ دیا چنانچہ بادشاہ نے

---

[1] حضرت نوحؑ ایک پیغمبر کا نام ہے جن کے زمانہ میں ایک زبردست طوفان آیا تھا ان کا بیٹا کنعان حضرت نوحؑ کے دشمنوں کے ساتھ میل جول رکھتا تھا اور باپ کی مخالفت کرتا تھا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسرے دشمنوں کی طرح وہ بھی طوفان میں غرق ہو گیا۔ [2] اصحابِ کہف سات آدمی تھے جنھوں نے ایک ظالم مشرک بادشاہ کے خوف سے شہر چھوڑ کر ایک غار میں جا کر پناہ لی تھی اور ان کے ساتھ ایک کتا تھا جس کو قطمیر کہا جاتا تھا اُن سب کا مکمل قصہ کتب سیر میں مرقوم ہے۔ ۱۲

خون او درگذشت و گفت بخشیدم اگرچہ مصلحت نہ دیدم رُباعی

اُس کے قتل کا ارادہ چھوڑ دیا اور فرمایا میں نے معاف کیا اگرچہ مناسب نہ سمجھا۔

دانی کہ چہ گفت زال[1] با رستم گرد | دشمن نہ تواں حقیر و بے چارہ شمرد

تجھے معلوم ہے کہ زال نے رستم پہلوان سے کیا کہا دشمن کو بے چارہ اور کمزور نہ سمجھنا چاہیئے

دیدیم بسے کہ آب سر چشمہ خرد | چوں بیشتر آمد شتر و بار ببرد

ہم نے بہت سی مرتبہ دیکھا ہے کہ چھوٹے سے چشمہ کا پانی جب زیادہ ہو گیا تو اونٹ اور بوجھ کو بہالے گیا!

فی الجملہ پسر را بناز و نعمت برآوردند و اُستادِ ادیب را بتربیتِ او نصب کردند

خلاصہ یہ کہ لڑکے کو ناز و نعمت سے پرورش کیا اور ادب سکھانیوالا اُستاد اس کو پڑھانے سکھانے کے لئے مقرر کر دیا

تا حُسنِ خطاب و رَدِّ جواب و آدابِ خدمتِ ملوکش در آموختند و در نظرِ ہمگناں پسند

چنانچہ اُنہوں نے بات چیت کا سلیقہ، جواب دینے کا طریقہ، اور بادشاہوں کی خدمت کے طریقے اسکو سکھائے اور سب کو پسند

آمد بارے وزیر از شمائل او در حضرتِ سلطان شمہ می گفت کہ تربیتِ عاقلاں در و

اثر کردہ است و جہلِ قدیم از جبلتِ او بدر بُردہ مَلِک را ازیں سخن تبسم آمد و گفت

کرنے لگے۔ ایک مرتبہ وزیر اُس کے اخلاق کا تھوڑا سا ذکر بادشاہ کے دربار میں کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ عقلمندوں کے سکھانے پڑھانے نے اس میں اثر کیا ہے اور پرانی نادانی اُس کی طبیعت سے دور کر دی ہے۔ بادشاہ اس بات پر مسکرایا اور کہنے لگا

بیت

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود | گرچہ با آدمی بزرگ شود

انجام کار بھیڑیئے کا بچہ بھیڑیا ہوتا ہے اگرچہ انسان کے ساتھ پل کر بڑا ہوا ہو

سال دو بریں برآمد طائفۂ اوباش محلت در و پیوستند و عقدِ موافقت بستند

دو سال اس بات کو گذر گئے۔ محلے کے بدمعاشوں کا ایک گروہ اس سے میل کھا گیا اور انہوں نے اُس سے دوستی کا عہد

تا بوقتِ فرصت وزیر را و ہر دو پسرش را بکشت و نعمتِ بے قیاس برداشت

لیا آخر موقع پا کر اس نے وزیر کو اور اس کے دونوں لڑکوں کو مار ڈالا اور لاتعداد دولت لے کر چلا گیا

و در مغارۂ دُزداں بہ جائے پدر بہ نشست و عاصی شد مَلِک دستِ تحسّر

اور باپ کی جگہ چوروں کی گھاٹی میں رہنے لگا اور باغی ہو گیا بادشاہ نے افسوس سے انگلی

---

[1] زال رستم کے باپ کا نام تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے تمام جسم پر سفید بال تھے اور اسی وجہ سے اُس کا نام زال رکھا گیا تھا۔ یہ بھی مشہور ہے کہ اس کو ایک سیمرغ نے پالا تھا ۱۲

بدنداں گرفت وگفت قطعہ

دانتوں میں دبائی اور فرمایا

شمشیر نیک زآہن بد چوں کند کسے
بُرے لوہے سے عمدہ تلوار کوئی کیسے بنائے

ناکس بہ تربیت نہ شود اے حکیم کس
اے عقلمند سکھانے پڑھانے سے نالائق لائق نہیں ہو سکتا

باراں کہ در لطافتِ طبعش خلاف نیست
بارش جس کی طبیعت کے پاکیزہ ہونے میں کوئی اختلاف نہیں

در باغ لالہ روید و در شورہ[1] بوم خس
باغ میں لالہ اور شوریلی زمین میں جھاڑ اُگاتی ہے!

قطعہ

زمین شورہ سنبل[2] بر نیارد
شوریلی زمین سنبل نہیں اگا سکتی

در و تخمِ عمل ضائع مگرداں
اُس میں کوشش کا بیج ضائع نہ کر

نکوئی با بداں کردن چنان ست
بروں کے ساتھ نیکی کرنا ایسا ہی ہے

کہ بد کردن بجائے نیکمرداں
جیسے نیکوں کے ساتھ بدی کرنا!

حکایت

سرہنگ[3] زادہ را دیدم بر درِ سرائے اغلمش[4] کہ عقل و کیاستے
میں نے ایک سپاہی زادہ کو اغلمش کے دروازہ پر دیکھا جو کہ عقل، سمجھ،

وفہم و فراستے زائد الوصف داشت ہم از عہدِ خردی آثارِ بزرگی در ناصیۂ او پیدا
دانائی اور ذہانت ناقابلِ بیان رکھتا تھا بچپن ہی سے بڑائی کے نشانات اُس کی پیشانی سے ظاہر تھے

فرد

بالائے سرش زہوشمندی
اُس کے سر پر ہوشمندی کی وجہ سے

می تافت ستارۂ بلندی
بڑائی کا ستارہ چمک رہا تھا

فی الجملہ مقبولِ نظرِ سلطان آمد کہ جمالِ صورت و معنی داشت و خردمنداں
خلاصہ یہ کہ بادشاہ کی نظر پر چڑھ گیا چونکہ ظاہری و باطنی حسن رکھتا تھا اور عقلمندوں نے

---

[1] شورہ بوم وہ زمین جس میں زراعت نہ ہو سکے۔ وہ زمین جس میں کھار زیادہ ہو۔ اور اُس کو ادسریا بنجر کہتے ہیں۔ [2] سنبل بعض کے نزدیک بالچھڑ اور بعض کے نزدیک ایک نیلگوں تیز بو پھول کا درخت ہے ۱۲
[3] سرہنگ۔ سردار لشکر۔ نقیب۔ چوب دار۔ [4] اغلمش بضم الف۔ ترکی لفظ ہے۔ ایک بادشاہ کا نام ہے۔ ۱۲

گفتہ اند توانگری[1] بہ دل ست نہ بہ مال و بزرگی بہ عقل ست نہ بہ سال ابنائے
کہا ہے مالداری دل سے ہے نہ کہ مال سے اور بڑائی عقل سے ہے نہ کہ عمر سے اس کے ہم پیشہ
جنس او بر منصب او حسد بردند و بہ خیانتے متہم کردند و در کشتن او سعی
اُس کے مرتبہ پر جلنے لگے اور ایک خیانت کی اُس پر تہمت لگائی اور اس کے مار ڈالے جانے پر بے نتیجہ
بے فائدہ نمودند مصرع دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست
کوشش کی جب دوست مہربان ہو تو دشمن کیا کر سکتا ہے
ملک پرسید کہ موجب خصمی ایشاں در حق تو چیست گفت در سایۂ دولت
بادشاہ نے دریافت کیا تجھ سے اُن کی دشمنی کا کیا سبب ہے اُس نے کہا بادشاہی حکومت کے
خداوندی دام ملکہ ہمگناں را راضی کردم مگر حسوداں کہ راضی نمی شوند الا
زیر سایہ خدا اُسے ہمیشہ برقرار رکھے میں نے سب کو راضی کر لیا ہے بجز حاسدوں کے کیونکہ وہ تو جب ہی راضی ہوں گے
بزوال نعمت من و دولت و اقبال خداوندی باقی باد قطعہ
جب مجھ سے نعمتیں چھن جائیں۔ خدا کرے شاہی حکومت اور دبدبہ ہمیشہ باقی رہے

توانم اینکہ نیازارم اندرون کسے
میں یہ کر سکتا ہوں کہ کسی کا دل نہ دکھاؤں
حسود را چہ کنم کو ز خود برنج درست
میں حاسد کا کیا کروں وہ تو خود بخود رنج میں ہے
بمیر تا برہی اے حسود کیں رنجیست
اے حاسد تو مر جا تاکہ تو رہائی پالے اس لئے کہ یہ رنج تو ایسا ہے
کہ از مشقت او جز بمرگ نتواں رست
کہ اُس کی تکلیف سے موت کے سوا چھٹکارا نہیں ہو سکتا

قطعہ

شوربختاں بہ آرزو خواہند
بدبخت تمنا سے نصیبہ وروں کے
مقبلاں را زوال نعمت و جاہ
مرتبہ اور نعمت کا زوال چاہتے ہیں
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
اگر تو ندے کی بیماری والا دن میں نہ دیکھے
چشمۂ آفتاب[2] را چہ گناہ
تو اس میں آفتاب کی ٹکیہ کا کیا قصور ہے
راست خواہی ہزار چشم چناں
اگر تو سچ کہلوانا چاہے تو ایسی ہزار آنکھوں کا
کور بہتر کہ آفتاب سیاہ
اندھا ہو جانا آفتاب کے سیاہ ہونے سے بہتر ہے

---

[1] بعض نسخوں میں ہنر است ہے یعنی مالداری ہنر سے ہے۔ اکثر نسخوں میں تونگری بہ دل است لکھا ہے اُس سے مراد یہ ہے کہ تونگری ہمت پر موقوف ہے ۱۲ [2] آفتاب کے ساتھ چشمہ کا لفظ اس واسطے لایا جاتا ہے کہ وہ روشنی کا منبع ہے۔

حکایت یکے را از ملوکِ عجم[1] حکایت کنند کہ دستِ تطاول بر مالِ رعیت دراز کردہ بود و جور و اذیت آغاز تا بجائے کہ خلق از مکائدِ ظلمش بہ جہاں برفتند

عجم کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کا قصہ بیان کرتے ہیں کہ اُس نے رعایا کے مال پر دست درازی کر رکھی تھی اور ظلم و ستم شروع کر دیا تھا یہاں تک کہ رعایا اُس کے ظلم کی سکا۔ یوں سے دوسری جگہ چلی گئی اور

واز کربتِ جورش راہِ غربت گرفتند چوں رعیت کم شد ارتفاع ولایت نقصان پذیرفت و خزینہ تہی ماند و دشمناں طمع کردند و زور آوردند ❊

اس کے ظلم کی مصیبت سے مسافرت کا راستہ اختیار کر لیا جب رعایا کم ہو گئی تو حکومت کی آمدنی میں گھاٹا آیا اور خزانہ خالی ہو گیا دشمنوں کو اس ملک کے فتح کرنیکا لالچ پیدا ہو گیا اور وہ زور پکڑ گئے۔

ہر کہ فریاد رسِ روزِ مصیبت خواہد
جو شخص مصیبت کے وقت اپنا مددگار چاہے

بندۂ حلقہ بگوشش ار نوازی برود[2]
اگر تو تابعدار غلام پر بھی مہربانی نہ کریگا تو وہ بھی بھاگ جائیگا

گو در ایامِ سلامت بہ جوانمردی کوش
اُس کو کہہ دو کہ سلامتی کے وقت شرافت سے کام لے

لطف کن لطف کہ بیگانہ شود حلقہ بگوش
مہربانی کر مہربانی تو غیر بھی فرمانبردار ہو جائے گا

بارے در مجلسِ او کتابِ شاہنامہ[3] میخواندند در زوالِ مملکتِ ضحاک[4] و عہدِ فریدوں[5]

ایک مرتبہ اُس کی مجلس میں کتاب شاہنامہ پڑھ رہے تھے ضحاک بادشاہ کی حکومت کی بربادی اور فریدوں کی حکومت کا

وزیرِ ملک را پرسید کہ ہیچ تواں دانستن کہ فریدوں کہ گنج و ملک و حشم

بیان تھا وزیر نے بادشاہ سے پوچھا کیا جناب کچھ سمجھے کہ فریدوں جس کے پاس نہ خزانہ تھا نہ لشکر

نداشت چگونہ مملکت برو مقرر شد گفتا چنانکہ شنیدی خلقے برو بتعصب

کس طرح اُس کو حکومت مل گئی اُس نے کہا اسیطرح جیسا کہ تم نے سنا کہ رعایا اُس کی طرفدار ہی

گرد آمدند و تقویت کردند پادشاہی یافت گفت اے ملک چوں گرد آمدنِ

میں جمع ہو گئی اور اسے مضبوط کر دیا اُس نے بادشاہی حاصل کر لی۔ وزیر نے کہا اے بادشاہ جب رعایا کا

---

[1] عجم۔ ایران و توران اور بعض کے نزدیک علاوہ عرب کے تمام ملک عجم ہے [2] حلقہ بگوش سے مراد مطیع اور فرماں بردار ہے پہلے زمانے میں رسم تھی کہ ایران میں جب غلام خریدتے تھے تو اُس کے کان میں کوئی حلقہ وغیرہ ڈال دیتے تھے اور یہ غلامی کا نشان تھا [3] شاہنامہ ایک کتاب ہے جو فردوسی طوسی کی تصنیف ہے اور اس میں ایران کے قدیم بادشاہوں کا حال درج ہے [4] ضحاک ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے جو جمشید کی مملکت پر قابض ہو گیا تھا۔ [5] فریدوں ایک عادل اور منتظم بادشاہ تھا جس نے ضحاک کو شکست دی تھی اور سلطنت پر قبضہ کر لیا تھا۔

خلقے مُوجبِ پادشاہی است تو خلق را برائے چہ پریشان می کنی مگر سَرِ
اکٹھا ہو جانا بادشاہی ملنے کا سبب ہے تو تو رعایا کو کیوں بھگا رہا ہے شاید

پادشاہی کردن نداری **فرد**
تیرا بادشاہی کرنے کا خیال نہیں ہے

ہماں بہ کہ لشکر بہ جاں پروری | کہ سلطاں بہ لشکر کند سروری
یہی بہتر ہے کہ لشکر کو تو جان لگا کر پالے | کیونکہ بادشاہ لشکر ہی کے ذریعہ بادشاہی کرتا ہے

مَلِک گفت مُوجبِ گرد آمدنِ سپاہ و رعیت و لشکر چہ باشد گفت پادشاہ را
بادشاہ نے کہا کہ لشکر اور رعایا کے اکٹھا کرنے کا کیا طریقہ ہے وزیر نے کہا بادشاہ کو

کرم باید تا بدو گرد آیند و رحمت تا در پناہِ دولتش ایمن نشینند و ترا
بخشش کرنی چاہیئے تاکہ لوگ اس کے پاس جمع ہو جائیں اور رحم کرنا چاہیئے تاکہ لوگ اسکی حکومت کے زیر سایہ بخوف ہو کر رہیں اور تجھ

ایں ہر دو نیست **مثنوی**
میں یہ دونوں باتیں نہیں ہیں

نہ کند جور پیشہ سلطانی | کہ نیاید ز گرگ چوپانی
ظالم بادشاہی کیا نہیں کرتا ہے | کیونکہ بھیڑیے سے چرواہے کا کام نہیں ہو سکتا

پادشاہے کہ طرحِ ظلم فگند | پائے دیوارِ مُلکِ خویش بہ کند
جس بادشاہ نے ظلم کی بنیاد ڈالی | اُسنے اپنی ہی حکومت کی دیوار کی جڑ کھودی ہے

مَلِک را یندِ وزیرِ ناصح موافقِ طبعِ مخالف نیامد و روی از سخنش درہم کشید
ناصح وزیر کی نصیحت بادشاہ کی مخالف طبیعت کے موافق نہ پڑی اور اس کی بات سے منہ چڑھا لیا

و بزنداں فرستاد و بے برنیامد کہ بنی عمّانِ سلطاں بمنازعت برخاستند
اور اس کو جیل خانہ بھیجدیا ۔ کچھ ہی زمانہ گذرا تھا کہ بادشاہ کے چچیرے بھائی جھگڑے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے

و بہ مقاومت لشکر آراستند و مُلکِ پدر خواستند قومے کہ از دستِ
اور مقابلہ کے لئے لشکر تیار کیا اور باپ کا ملک مانگا جو قوم کہ اس کی دست درازی

تطاولِ ایں بہ جاں رسیدہ بودند و پریشاں شدہ برایشاں گرد آمدند و
سے عاجز آچکی تھی اور ناری ماری پھر رہی تھی ان کے پاس اکٹھا ہو گئی اور

تقویت کردند تا مُلک از تصرفِ ایں بدر رفت و برآناں مقرر شد **مثنوی**
مدد کی چنانچہ حکومت اس کے قبضہ سے نکل گئی اور اُن کے ہاتھ آگئی ؛

پادشاہے کو روا دارد ستم بر زیردست
جو بادشاہ کمزور پر ظلم کرنا جائز رکھے

دوستدارش روز سختی دشمن زور آورست
اُس کا دوست بھی مصیبت کے وقت اُسکا زبردست دشمن بنجاتا ہے

با رعیت صلح کن وز جنگ خصم ایمن نشیں
رعایا کے ساتھ صلح کر اور دشمن کی لڑائی سے بیخوف ہو کر بیٹھا رہ

زانکہ شاہنشاہ عادل را رعیت لشکرست
اس لئے کہ منصف بادشاہ کی تو رعایا ہی لشکر ہے

فرد

غم زیردستاں بخور زینہار
خبردار کمزوروں کے ساتھ غمخواری کر

بترس از زبردستی روزگار
زمانہ کی زبردستی سے ڈر

حکایت (۷)

پادشاہے با غلامے عجمی در کشتی نشست و غلام دیگر دریا را
ایک بادشاہ ایک عجمی غلام کے ساتھ کشتی میں سوار ہوا۔ اور غلام نے کبھی دریا

نہ دیدہ بود و محنت کشتی نیازمودہ گریہ و زاری آغاز نہاد و لرزہ بر اندامش
نہ دیکھا تھا اور نہ کشتی کی تکلیف اٹھائی تھی اس نے رونا دھونا شروع کر دیا اور اس کا بدن کانپنے

افتاد ملک را عیش ازو منغص بود کہ طبع نازک تحمل امثال ایں صورت نہ بندد
لگا اس سے بادشاہ کا مزا کرکرا ہو گیا تھا اس لئے کہ نازک طبیعت اس جیسی باتوں کی برداشت نہیں کر سکتی

چارہ ندانستند حکیمے دراں کشتی بود ملک را گفت اگر فرماں دہی او را
لوگوں کی سمجھ میں کوئی تدبیر نہ آئی اس کشتی میں ایک عقلمند تھا وہ بادشاہ سے بولا اگر حکم ہو تو ایک طریقے

بہ طریقے خاموش گردانم گفت غایت لطف و کرم باشد بفرمود تا غلام را بہ دریا
سے اُسے خاموش کر دوں بادشاہ نے کہا بڑی مہربانی ہوگی اُس عقلمند نے حکم دیا چنانچہ لوگوں نے غلام کو دریا

انداختند چند نوبت غوطہ خورد ازاں پس مویش گرفتند و پیش کشتی آوردند
میں پھینک دیا غلام نے چند غوطے کھائے اس کے بعد لوگوں نے اس کے سر کے بال پکڑے اور کشتی کے آگے لے آئے

و بدو دست در سکان[1] کشتی آویخت چوں برآمد بگوشہ بنشست و قرار یافت
وہ غلام دونوں ہاتھوں سے کشتی کے دنبالہ میں لٹک گیا جب دریا سے نکلا تو ایک گوشہ میں بیٹھ گیا اور اسکو سکون ہو گیا

ملک را عجب آمد پرسید کہ حکمت چہ بود گفت از اول محنت غرق شدن
بادشاہ کو تعجب ہوا اُس نے دریافت کیا اس میں کیا دانائی تھی عقلمند نے جواب دیا غلام نے اس سے پہلے ڈوبنے کی

---

[1] سکان کشتی یا جہاز کی ایک لکڑی۔ بعض کے نزدیک اُس کو دنبالہ کہتے ہیں۔

نہ دیدہ بود و قدرِ سلامت کشتی ندانستہ ہمچنیں قدرِ عافیت کسے داند کہ بمصیبتے

تکلیف نہ اٹھائی تھی اور کشتی میں بچے رہنے کی قدر سے ناواقف تھا آرام کی قدر وہی کرتا ہے جو کسی مصیبت میں

گرفتار آید **قطعہ**

پھنس جائے

اے سیر ترا نانِ جویں خوش ننماید
اے پیٹ بھرے تجھے جَو کی روٹی اچھی نہیں معلوم ہوتی ہے

معشوقِ من ست آنکہ بنزدیک تو زشت ست
جو چیز مجھے بری معلوم ہوتی ہے وہی میرے لئے بھلی ہے

حورانِ بہشتی را دوزخ بود اعراف[1]
بہشت کی حوروں کے لئے اعراف دوزخ ہے

از دوزخیاں پرس کہ اعراف بہشت ست
دوزخیوں سے پوچھ کہ اعراف بہشت ہے

شعر

فرق ست میانِ آنکہ یارش در بر
اُس شخص میں جس کا معشوق بغل میں ہے اور اس شخص

با آنکہ دو چشمِ انتظارش بر در
میں جس کی انتظار کی آنکھیں دروازہ کو لگی ہیں بہت فرق ہے

حکایت یکے از ملوکِ عجم رنجور بود در حالتِ پیری و امیدِ زندگانی قطع

عجم کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ بڑھاپے کے زمانہ میں بیمار پڑا تھا اور جینے کی امید ختم

کردہ کہ سوارے از در درآمد و بشارت داد کہ فلاں قلعہ را بہ دولتِ خداوند

کر چکا تھا کہ ایک سوار دروازے سے اندر آیا اور اس نے خوشخبری دی کہ فلاں قلعہ آپ کے اقبال سے ہم نے فتح

بگشادیم و دشمناں اسیر آمدند و سپاہ و رعیتِ آں طرف بہ جملگی مطیع

کر لیا اور دشمن قید ہو گئے اور اس طرف کی فوج و رعایا سب کی سب حکم کی تابعدار

فرماں گشتند ملک نفسے سرد برآورد و گفت ایں مژدہ مرا نیست دشمنانم

ہو گئی ہے۔ بادشاہ نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور کہا یہ خوشخبری میرے لئے نہیں ہے بلکہ میرے

راست یعنی وارثانِ مملکت **قطعہ**

دشمنوں کے لئے یعنی حکومت کے وارثوں کیلئے ہے

دریں امید بسر شد دریغ عمرِ عزیز
افسوس پیاری عمر اسی امید میں ختم ہو گئی

کہ آنچہ در دلم ست از درم فراز آید[2]
کہ جو میرے دل میں (تمنا) ہے وہ سامنے آجائے

---

[1] اعراف بضم اول۔ ایک مقام کا نام ہے جو دوزخ اور بہشت کے درمیان میں ہے۔ وہاں کے رہنے والوں کو کبھی دوزخ کی تکلیف کا سابقہ ہوتا ہے اور کبھی جنت کی ہوائیں کھاتے ہیں اسی سبب سے اُن کو اعراف یعنی پہچاننے والے کہا جاتا ہے اور مقام کا نام دباتی برصفحہ آئندہ)

امیدِ بستہ برآمد ولے چہ فائدہ زانکہ
دشوار امید پوری ہوگئی۔ لیکن کیا فائدہ ہے اس لوگ

امید نیست کہ عمرِ گذشتہ باز آید
اس کی تو امید نہیں ہے کہ گذشتہ عمر لوٹ آئے

قطعہ

کوسِ رحلت بکوفت دستِ اجل
موت کے ہاتھ نے کوچ کا نقارہ بجا دیا

اے دو چشمِ وداعِ سر بکنید
اے میری دونوں آنکھو اس سر کو رخصت کرو

اے کفِ دست و ساعد و بازو
اے ہاتھ کی ہتھیلی اور گٹے اور بازو

ہمہ تودیعِ یک دگر بکنید
سب ایک دوسرے کو رخصت کرو

برمن افتادہ دشمن کام
مجھ پر دشمن کے منشاء کے مطابق گرے ہوئے پر

آخر اے دوستاں گذر بکنید
آخر اے دوستو گذر کرو

روزگارم بہ شد بنادانی
میرا زمانہ تو نادانی میں ختم ہوگیا

من نہ کردم شما حذر بکنید
میں تو برائیوں سے نہ بچا تم بچو

حکایت (۹) ہرمز[1] را گفتند از وزیران پدر چہ خطا دیدی کہ بند فرمودی گفت گناہے

لوگوں نے ہرمز سے دریافت کیا کہ تو نے باپ کے وزیروں کی کیا خطا دیکھی جو انکو قید کردیا اس نے کہا انکی

معلوم نہ کردم ولیکن بہ یقین دانستم کہ مہابتِ من در دلِ ایشاں بیکراں ست

کوئی خطا مجھے معلوم نہیں ہوئی لیکن یقینی طور پر میں سمجھ گیا کہ میرا خوف ان کے دل میں بے انتہا ہے

و بر عہدِ من اعتمادِ کلی نہ دارند ترسم کہ از بیم گزندِ خویش آہنگِ ہلاکِ من کنند

اور میرے عہد پر اُن کو پورا بھروسہ نہیں ہے مجھے اس کا اندیشہ ہوا کہ اپنے نقصان کے خوف سے مجھے ہلاک کرنیکی

پس قولِ حکما را کار بستم کہ گفتہ اند

نہ ٹھان لینگے تو میں نے دانشمندوں کے قول پر عمل کیا کہ انہوں نے کہا ہے

قطعہ

ازاں کز تو ترسد بترس اے حکیم
اے دانا جو تجھ سے ڈرتا ہے تو اس سے ڈر

وگر با چنو صد برآئی بہ جنگ
اگرچہ اُس جیسے سینکڑوں سے تو جنگ جیت لے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) بہ سبیل مجاز رکھا گیا ہے ۱۲ [2] از در فراز آید یعنی وہ مراد پوری ہوجائے۔ مراد آنا اُردو کا بھی محاورہ ہے ۱۲ (حاشیہ متعلقہ صفحہ ہذا) [1] ہرمز۔ نوشیرواں عادل کے بیٹے کا نام تھا۔ ہرمز ستارۂ مشتری کو کہتے ہیں۔ چونکہ مشتری سعدِ اکبر ہے اسی لئے بطریقِ تفاؤل یہ نام رکھا تھا ۱۲

ازاں مار بر پائے راعی زند
سانپ چرواہے کے پیر میں اسی لئے کاٹتا ہے
نہ بینی کہ چوں گربہ عاجز شود
کیا تو نہیں دیکھتا ہے کہ جب بلی عاجز آجاتی ہے

کہ ترسد سرش را بکوبد بسنگ
کہ وہ ڈرتا ہے کہ چرواہا اسکا سر پتھر سے کچلدے گا
برآرد بہ چنگال چشم پلنگ
تو پنجہ مار کر چیتے کی آنکھیں نکال لیتی ہے

حکایت (۱۰)

بر بالین تربتِ یحییٰ[۱] پیغمبر علیہ السلام معتکف بودم در جامع دمشق[۲] کہ
میں دمشق کی جامع مسجد میں حضرت یحییٰ پیغمبر علیہ السلام کی قبر پر معتکف تھا کہ

یکے از ملوکِ عرب کہ بہ بے انصافی منسوب بود در آمد نماز و دعا کرد
عرب کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ جو بے انصافی میں مشہور تھا آیا نماز پڑھی اور دعا مانگی

و حاجت خواست فرد
اور منت چاہی

درویش و غنی بندۂ ایں خاکِ درند
فقیر اور مال دار اس در کی خاک کے غلام ہیں
وانانکہ غنی ترند محتاج ترند
اور جو زیادہ مالدار ہیں وہی زیادہ محتاج ہیں

آں گاہ مرا گفت از انجا کہ ہمتِ درویشان ست و صدق معاملۂ ایشاں خاطرِ
پھر مجھ سے کہا چونکہ درویشوں میں روحانی طاقت ہے اور ان کا خدا سے سچا معاملہ ہے ذرا میری طرف

ہمراہِ من کنید کہ از دشمنے صعب اندیشناکم گفتمش بر رعیتِ ضعیف رحمت
باطنی توجہ فرمایئے کہ ایک سخت دشمن کا مجھے اندیشہ لگا ہوا ہے میں نے اس سے کہا کمزور رعایا پر رحم

کن تا از دشمنے قوی زحمت نہ بینی نظم
کھاتا کہ پھر قوی دشمن سے تجھ کو کوئی تکلیف نہ پہونچے

بباز وانِ توانا و قوتِ سر دست
طاقت ور بازوؤں اور پنجہ کی قوت سے
خطاست پنجۂ مسکینِ ناتواں بہ شکست
کمزور مسکین کا پنجہ موڑنا غلطی ہے

نترسد آنکہ بر افتادگاں نہ بخشاید
وہ شخص جو گرے پڑوں پر رحم نہیں کھاتا کیا اس بات سے نہیں ڈرتا
کہ گر ز پائے درآید کشش نگیرد دست
کہ اگر اس کا پیر پھسلے گا تو اس کی کوئی دستگیری نہ کریگا

ہر آنکہ تخمِ بدی کشت و چشمِ نیکی داشت
جس نے بدی کا بیج بویا اور بھلائی کی توقع رکھی
دماغ بیہدہ پخت و خیالِ باطل بست
اس نے فضول اپنا دماغ پکایا اور باطل خیال باندھا

---

[۱] یحییٰ علیہ السلام ایک پیغمبر کا نام ہے جو حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے تھے [۲] دمشق بہ کسر دال و کسر میم و سکون شین۔ ایک شہر کا نام ہے جو شام میں واقع ہے ۱۲

زگوش پنبہ بروں آر و دادِ خلق بدہ
کان سے روئی نکال لے اور مخلوق سے انصاف کر

وگر تو می ندہی دادِ روز دادے ہست
اگر تو انصاف نہ کرے گا تو انصاف کا ایک دن ضرور ہے

مثنوی

بنی آدم اعضائے[1] یک دیگرند
آدم کی اولاد ایک دوسرے کے اعضاء ہیں

کہ در آفرینش زیک جوہرند[2]
اس لئے کہ وہ پیدائش میں ایک ہی اصل سے ہیں

چو عضوے بدرد آورد روزگار
اگر زمانہ کسی ایک عضو میں درد پیدا کرتا ہے

دگر عضوہا را نہ ماند قرار
تو دوسرے اعضاء کو بھی قرار نہیں رہتا

تو کز محنتِ دیگراں بے غمی
تو کہ دوسروں کی تکلیف سے بے غم ہے

نہ شاید کہ نامت نہند آدمی
تو اس قابل نہیں کہ تجھے آدمی کہیں!

حکایت[3]

درویشے مستجاب الدعوات[4] در بغداد[5] پدید آمد حجاج[6] یوسف را

ایک مستجاب الدعوات فقیر بغداد میں رونما ہوا حجاج ابن یوسف کو

خبر کردند بخواندش و گفت دعائے خیرے بر من کن گفت خدایا جانش بستان

لوگوں نے بتایا۔ حجاج نے اس کو بلوایا اور کہا میرے لئے دعائے خیر کر دیجئے اس نے دعا کی خدا اس کو موت دے

گفت از بہر خدا ایں چہ دعاست گفت ایں دعائے خیرست ترا و جملہ

حجاج بولا خدا کے لئے یہ کیسا دعا ہے اس فقیر نے کہا یہی دعا تیرے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے

مسلماناں را

مثنوی

بہتر ہے

اے زبردست زیردست آزار
اے عاجزوں کو ستانے والے طاقتور

گرم تا کے بماند ایں بازار
یہ بازار کب تک گرم رہے گا،

بچہ کار آیدت جہاں داری
جہانداری تیرے کس کام آئے گی

مُردنت بہ کہ مردم آزاری
تیرا مرنا ہی بہتر ہے تو مردم آزار ہے

---

[1] یعنی تمام اولادِ آدم بمنزلہ ایک جسم کے ہے اور ہر فرد ایک دوسرے کے اعضا کی طرح ہے [2] جوہر سے مراد حضرت آدم علیہ السلام باعناصر اربعہ۔ [3] مستجاب الدعوات وہ کہ جس کی اکثر دعائیں بارگاہِ ایزدی میں مقبول ہوں [4] بغداد ایک بڑے شہر کا نام ہے جو عراق عرب میں واقع ہے کہتے ہیں کہ یہ اصل میں باغِ داد تھا کہ نوشیرواں غریبوں اور مظلوموں کی داد رسی کرتا تھا چونکہ عجم میں تخفیف لازمی ہوتی ہے اسلئے بغداد رہ گیا [5] عرب کے ایک ظالم امیر کا نام تھا مشہور ہے ایک لاکھ بیس ہزار آدمیوں کو اس نے ناحق مارا تھا۔ یوسف اسکے باپ کا نام تھا۔

حکایت (۱۲) یکے از ملوکِ بے انصاف پارسائے را پرسید کہ کدام عبادت فاضلتر

ایک ظالم بادشاہ نے ایک نیک آدمی سے دریافت کیا کہ کون سی عبادت سب سے بہتر

ست گفت ترا خوابِ نیمروز تا دراں یک نفس خلق را نیازاری ؛ **قطعہ**

ہے اس نے جواب دیا تیرے لئے دوپہر کو سونا ہی بڑی عبادت ہے تاکہ تو اس ایک لمحہ میں لوگوں کو نہ ستائے ہے

ظالمے را خفتہ دیدم نیمروز — گفتم ایں فتنہ ست خوابش بُردہ بہ

میں نے ایک ظالم کو دوپہر میں سویا ہوا دیکھا — تو میں نے کہا کہ یہ فتنہ ہے اس کا سویا ہوا رہنا بہتر ہے

وانکہ خوابش بہتر از بیداریست — آں چناں بد زندگانی مردہ بہ

جس آدمی کا سونا اُس کے جاگنے سے بہتر ہو — ایسی بُری زندگی والا مردہ ہو تو بہتر ہے

حکایت (۱۳) یکے را از ملوک شنیدم کہ شبے در عشرت[1] روز کردہ بود و در پایان

میں نے ایک بادشاہ کے بارے میں سُنا ہے کہ ایک رات کو عیش و عشرت میں دن بناتے ہوئے تھا اور مستی کی

مستی می گفت **بیت**

انتہاء میں کہتا تھا

مارا بہ جہاں خوشتر ازیں یکدم نیست — کز نیک و بد اندیشۂ واز کس غم نیست

ہمارے لئے دنیا میں اس وقت سے زیادہ اچھا کوئی وقت نہیں ہے — اس لئے کہ نہ اچھے بُرے کا خیال ہے اور نہ کسی کا غم ہے

درویشے برہنہ بسر ماخفتہ بود گفت **بیت**

ایک فقیر جاڑے میں باہر ننگا سویا ہوا تھا۔ اُس نے کہا

اے آنکہ باقبال[2] تو در عالم نیست — گیرم کہ غمت نیست[3] غمِ ما ہم نیست

اے وہ شخص جس کے نصیبہ کا سا دنیا میں کوئی نہیں — مانا کہ تجھے اپنا کوئی غم نہیں ہے کیا ہمارا بھی غم نہیں ہے

مَلِک را خوش آمد صُرّہ ہزار دینار از روزن بیروں کرد و گفت دامن بدار اے

بادشاہ کو یہ بات بہت پسند آئی اور ایک ہزار اشرفیوں کی تھیلی کھڑکی سے باہر نکالی اور کہا اے فقیر دامن

درویش گفت دامن از کجا آرم کہ جامہ ندارم مَلِک را بر ضعفِ حالِ او رحمت

پھیلا۔ فقیر نے کہا کپڑے ہی نہیں ہیں دامن کہاں سے لاؤں بادشاہ کو اس کی کمزور حالت پر اور زیادہ

زیادت شد و خلعتے بر آں مزید کرد و پیشِ درویش فرستاد درویش

رحم آیا اور اس پر ایک جوڑے کا اور اضافہ کر دیا اور فقیر کو دے دیا فقیر نے

---

[1] اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رات بھر عیش کیا یہاں تک کہ دن نکل آیا ۱۲ [2] اقبال نصیبہ ۱۲ [3] یعنی تجھے اپنا غم نہیں تو کیا ہمارا غم بھی نہیں ہے ۱۲ ؛

آں نقد و جنس[1] را باندک مدت بخورد و پریشاں کرد و باز آمد **بیت**

تھوڑے ہی زمانہ میں اس نقد و جنس کو کھا لیا اور ضائع کر دیا اور پھر آ گیا

قرار در کفِ آزادگاں[2] نہ گیرد مال | نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال

آزاد لوگوں کے ہاتھ میں مال نہیں ٹھہرتا ہے | نہ عاشق کے دل میں صبر ٹھہرتا ہے اور نہ چھلنی میں پانی ٹھہرتا ہے

در حالتے کہ ملک را پروائے[3] او نبود حال بگفتند بہم برآمد و روی از در ہم

لوگوں نے اس کی حالت بادشاہ سے ایسے وقت میں ذکر کی جبکہ بادشاہ کو اس کی کوئی پروا نہ تھی بادشاہ ناراض ہو گیا اور

کشید و از نیخا گفتہ اند اصحابِ فطنت و خبرت کہ از حدت و صولتِ پادشاہاں

غصہ میں منہ پھیر لیا۔ یہی وجہ ہے کہ باخبر سمجھدار لوگوں نے کہا ہے کہ بادشاہوں کی تیزی اور دبدبہ سے بہت احتیاط

پُر حذر باید بودن کہ غالبِ ہمتِ ایشاں بمعظماتِ امورِ مملکت متعلق باشد

کرنا چاہیئے کیونکہ اُن کی اکثر توجہ بادشاہت کے بڑے بڑے کاموں میں لگی رہتی ہے

و تحمل از دحامِ عوام نہ کنند **مثنوی**

اور عام لوگوں کی بھیڑ کو برداشت نہیں کرتے ہیں

حرامش بود نعمتِ پادشاہ | کہ ہنگامِ فرصت نہ دارد نگاہ

بادشاہ کا انعام و اکرام اس آدمی پر حرام ہو جاتا ہے | جو فرصت کے موقع کا لحاظ نہیں نہ رکھے

مجالِ سخن تا نہ بینی زپیش | بہ بیہودہ گفتن مبر قدرِ خویش

جب تک تو پہلے سے بات کرنے کی گنجائش نہ دیکھ لے | خواہ مخواہ بات کہہ کر اپنی قدر نہ گھٹاؤ

گفت ایں گدائے شوخ چشم مبذر[4] را کہ چندیں نعمت بچندیں مدت برانداخت

بادشاہ نے کہا اس بے حیا فضول خرچ کو یہاں سے نکال دو جس نے اس قدر دولت اتنی سی مدت میں ضائع

برانید کہ خزینۂ بیت المال[5] لقمۂ مساکین ست نہ طعمۂ اخوان الشیاطین[6] **بیت**

کر دی اس لئے کہ بیت المال کا خزانہ مسکینوں کا لقمہ ہے نہ کہ شیطان کے بھائیوں کی خوراک

ایلہے کو روز روشن شمع کافوری نہد | زود بینی کش شب روغن نہ باشد در چراغ

وہ بے وقوف جو دن میں کافوری شمع جلائے | عنقریب تو دیکھ لے گا کہ رات کو اسکے چراغ میں تیل نہ ہوگا

---

[1] وہ نقد اور متاع جو بادشاہ سے ملا تھا ۱۲ [2] آزادگان سے مراد قلندر لوگ ۱۲ [3] پروائے او نبود یعنی اُس کی طرف توجہ کی فرصت نہ تھی ۱۲ [4] مبذر فضول خرچ ۱۲ [5] بیت المال خزانۂ شاہی ۱۲ [6] اخوان الشیاطین اس لئے کہا کہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے فضول خرچوں کو شیطان کا بھائی بتایا ہے اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ۱۲

یکے از وزرائے ناصح گفت لے خداوند مصلحت آں می بینم کہ جنیں کساں

ایک خیرخواہ وزیر نے کہا جناب میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ ایسے لوگوں کو

را وجہ کفاف بتفاریق مجرا دارند تا در نفقہ اسراف نہ کنند اما انچہ فرمودی

گذارے کی بقدر متفرق طور پر عنایت فرمائیں تاکہ فضول خرچی نہ کریں مگر جیسا کہ جناب نے

از زجر و منع مناسب ارباب ہمت نیست کہ یکے را بہ لطف امیدوار

جھڑکنے اور منع کر دینے کا حکم صادر فرمایا ہے یہ ہمت والوں کے مناسب نہیں ہے کہ کسی کو ایک مرتبہ مہربانی کرکے

گردانیدن و باز بنومیدی خستہ کردن

امیدوار بنا دینا اور پھر ناامید کرکے دل توڑنا

نظم

بروئے خود در طمع باز نتواں کرد | چو باز شد بدرشتی فراز نتواں کرد

اپنے اوپر لالچ کے لئے دروازہ نہ کھولنا چاہیئے | جب کھل گیا تو سختی سے بند نہیں کیا جا سکتا

قطعہ

کس نہ بیند کہ تشنگانِ[1] حجاز | بر لب آب شور گرد آیند

بہ کوئی نہ دیکھے گا کہ حجاز کے پیاسے | کھاری پانی کے کنارے اکٹھے ہوں،

ہر کجا چشمۂ بود شیریں | مردم و مرغ و مور گرد آیند

جس جگہ میٹھے پانی کا چشمہ ہو گا | آدمی، پرند، چیونٹیاں جمع ہو جائیں گی

حکایت (۱۴)

یکے از پادشاہانِ پیشیں در رعایتِ مملکت سستی کردے

پہلے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ حکومت کی نگرانی میں سستی کرتا

و لشکر را بہ سختی داشتے لاجرم دشمنے صعب روی نمود ہمہ پشت دادند

اور لشکر کو تنگی میں رکھتا آخرکار ایک سخت دشمن ظاہر ہوا اس کی سب فوج بھاگ گئی

مثنوی

چو دارند گنج از سپاہی دریغ | در یغ آیدش دست بردن بہ تیغ

جب خزانہ کو سپاہی سے بچائیں | تو اس کو تلوار پر ہاتھ بڑھانے میں تامل ہوگا

---

[1] تشنگانِ حجاز یعنی ملک عرب کے پیاسے لوگ۔ جہاں شیریں پانی دشواری سے میسر ہوتا ہے کبھی کھاری پانی پر جمع نہیں ہوتے ۱۲

چہ مردی کند در صف کارزار | کہ دستش تہی باشد و کار زار
وہ شخص لڑائی کی صف میں کیا بہادری کرے | جس کا ہاتھ خالی اور حال بُرا ہو

یکے را از آناں کہ غدر کردند با من دوستی بود ملامت کردم و گفتم دون
جن سپاہیوں نے غداری کی تھی اُن میں سے ایک کی مجھ سے دوستی تھی میں نے اس کو ملامت کی اور کہا کمینہ

ست و بے سپاس و سفلہ و ناحق شناس کہ با ندک تغیر حال از مخدوم قدیم
ہے اور ناشکر گذار سفلہ ہے اور ناحق شناس جو کہ حالت کی تھوڑی سی تبدیلی پر قدیم آقا سے

برگردد و حق نعمت سالہا در نوردد گفت اگر بہ کرم معذور داری شاید کہ
پھر جائے اور سالوں کی نعمت کے حق کو لپیٹ کر رکھدے اس نے کہا اگر از راہِ کرم آپ معذور سمجھیں تو مناسب ہے

اسپم بے جو بود و نمدِ زینم بگرو سلطان کہ بہ زر با سپاہی بخیلی کند با او
کیونکہ میرا گھوڑا بے دانہ اور میری زین کا نمدہ گروی رہے جو بادشاہ سپاہی پر سونا خرچ کرنے میں بخل کرے

بہ سر جواں مردی نتواں کرد فرد
اس کے ساتھ سر کٹانے میں بہادری نہیں کی جاسکتی

زر بدہ مرد سپاہی را تا سر بدہد | وگرش زر ندہی سر نہد در عالم
تو مردِ سپاہی کو سونا دے تاکہ وہ اپنا سر دیدے | اور اگر تو اس پر سونا خرچ نہ کریگا وہ دنیا میں مارا پھریگا

شعر

إِذَا شَبِعَ الْكُمِّيُّ يَصُولُ بَطْشًا | وَخَاوِي الْبَطْنِ يَبْطِشُ بِالْفِرَارِ
جب سپاہی پیٹ بھر لیتا ہے تو وہ گرفت کرکے حملہ کرتا ہے | اور خالی پیٹ کی گرفت بھاگنا ہے

حکایت (۱۵)

یکے از وزراء معزول شدہ بحلقۂ درویشاں در آمد و
ایک برخاست شدہ وزیر درویشوں کے حلقہ میں آگیا اور

برکتِ صحبتِ ایشاں در وے سرایت کرد و جمعیت خاطرش دست داد
ان کی صحبت کی برکت اس میں اثر کرگئی اور اُس کو دل جمعی حاصل ہو گئی

و ملک بار دیگر با او دل خوش کرد و عمل فرمود قبولش نیامد و گفت معزولی بہ کہ مشغولی
اور بادشاہ اس سے پھر خوش ہو گیا اور اُس کو کام پر لگایا اس نے قبول نہ کیا اور کہا کام پر لگنے سے معزول ہی اچھا ہے[1]

---

[1] یعنی کام کرنے اور مشغول رہنے میں ہر وقت خطرات کا سامنا ہے۔ اور عبادتِ خدا بھی اچھی طرح سے نہیں کرسکتے لہٰذا بیکاری سے بے کاری اچھی ؛

رباعی

آنانکہ بہ کنج عافیت بہ نشستند
جو لوگ گوشۂ عافیت میں جا بیٹھے

دندانِ سگ و دہانِ مردم ببستند
انہوں نے کتے کے دانت اور آدمیوں کا منہ بند کر دیا

کاغذ بدریدند و قلم بہ شکستند
کاغذ پھاڑا اور قلم توڑا

وز دست و زبان حرفگیران رستند
اور منشی چینوں کے دست و زبان سے چھوٹ گئے

ملک گفت ہر آئینہ ما را خردمندے کافی باید کہ تدبیر مملکت را بشاید گفت

بادشاہ نے کہا ہمیں لامحالہ ایک ایسا عقلمند درکار ہے جو تدبیرِ مملکت کے لائق ہو۔ اس نے کہا

نشانِ خردمندِ کافی آنست کہ بہ چنیں کارہا تن در نہ دہد فرد

پورے عقلمند کی علامت یہی ہے کہ جو اس قسم کے کاموں میں نہ لگے۔

ہُمائے بر سرِ مرغان ازاں شرف دارد
تمام پرندوں پر ہُما اسی وجہ سے شرافت رکھتا ہے

کہ استخواں خورد و طائرے نیازارد
کہ ہڈیاں کھا لیتا ہے اور کسی پرندے کو نہیں ستاتا

حکایت

سیاہ گوش را گفتند ترا ملازمتِ شیر بچہ وجہ اختیار افتاد

سیاہ گوش سے کیا تجھے شیر کے ساتھ رہنا کیوں پسند آیا

گفت تا فضلۂ صیدش می خورم و از شرِّ دشمناں در پناہِ صولتش زندگانی می کنم

اس نے کہا تاکہ اس کا پسماندہ کھایا کروں اور دشمنوں کے شر سے (بچ کر) اس کے دبدبہ کی پناہ میں زندگی بسر کروں۔ انہوں نے اس سے کہا اب جبکہ تو اس کی حمایت کے سایہ میں آگیا اور اس کی نعمت کے شکریہ کا تو نے اقرار کر لیا اس کے زیادہ نزدیک کیوں نہیں آتا تاکہ وہ شیر تجھے اپنے خواص کے حلقہ میں داخل کر لے اور اپنے مخلص

گفتند چرا نزدیک ترنیائی تا بحلقۂ خاصانت در آرد و از بندگانِ مخلصت شمارد

فادریں گننے لگے۔ اس نے کہا میں اسی طرح اسکی گفت سے بھی بے خوف نہیں ہوں

گفت از بطشِ وے ہمچناں ایمن نیستم فرد

اگر صد سال گبر آتش فروزد
اگر آتش پرست سو سال تک بھی آگ کو روشن کرے

اگر یک دم در و افتد بہ سوزد
اگر اس میں ذرا بھی گر جائے تو جل جائے

لہ مراد یہ کہ وہ ہرزہ گرد یعنی دربدر پھرنے سے باز رہے ۲ ہما ایک مبارک جانور کا نام ہے کہتے ہیں کہ جس پر اس کا سایہ پڑتا ہے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے ۳ سیاہ گوش۔ ایک شکاری جانور کا نام ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)

افتد کہ ندیم حضرتِ سلطان را زر باید و باشد کہ سر برود و حکما گفتہ اند

ہو سکتا ہے کہ بادشاہ کا مصاحب سونا حاصل کرے اور ہو سکتا ہے کہ اس کا سر ہی جاتا رہے اور عقلمندوں نے کہا ہے

از تلوّنِ طبعِ پادشاہاں پرحذر باید بود کہ وقتے بسلامے برنجند و گاہے

بادشاہوں کی تلوّن مزاجی سے ڈرتے رہنا چاہیے کہ کبھی تو سلام کرنے سے رنجیدہ ہو جاتے ہیں اور کبھی

بہ دُشنامے خلعت دہند و گفتہ اند ظرافت بسیار ہنر ندیمان

گالی پر جوڑا بخشتے ہیں اور لوگوں نے کہا ہے زیادہ ہنسی مذاق کرنا مصاحبوں کا ہنر

ست و عیب حکیماں فرد

ہے اور عقلمندوں کیلئے باعث عیب

تو بر سرِ قدرِ خویشتن باش و وقار | بازی و ظرافت بہ ندیماں بگذار

تو اپنے مرتبہ اور وقار پر قائم رہ | ہنسی اور مذاق مصاحبوں کے لئے چھوڑ

حکایت (۱۷) یکے از رفیقاں شکایتِ روزگارِ نامساعد بنزدِ من آورد کہ کفافِ

دوستوں میں سے ایک دوست ناموافق زمانہ کی شکایت لے کر میرے پاس آیا کہ میں آمدنی

اندک دارم و عیالِ بسیار و طاقتِ بارِ فاقہ نمی آرم و بارہا در دلم آمد کہ

تھوڑی رکھتا ہوں اور بال بچے زیادہ اور فاقہ کشی کی اب طاقت نہیں رہی اور بہت مرتبہ دل میں آیا کہ

باقلیمے دیگر نقل کنم تا در ہر صورتے کہ زندگانی کنم کسے را بر نیک و بدِ

کسی دوسرے ملک میں چلا جاؤں تاکہ جس صورت سے بھی زندگی کٹے کسی کو میرے اچھے برے

من اطلاع نہ باشد۔ بیت

کی خبر نہ ہو۔

بس گرسنہ خفت و کس ندانست کہ کیست | بس جاں بلب آمد کہ بر و کس نہ گریست

بہت سے بھوکے سوئے اور کسی نہ جان سکا کہ یہ کون ہے | بہت سے ایسے ہیں کہ اُن کی جان ہونٹوں پر آئی اور انپر کوئی نہ رویا

باز از شماتتِ اعدا می اندیشم کہ بہ طعنہ در قفائے من بخندند و سعی مرا در حق

پھر دشمنوں کی خوشی کا خیال کرتا ہوں کہ میری پیٹھ پیچھے طعنہ زنی کر کے ہنسی اڑائیں گے اور میری کوشش کو

عیال بر عدمِ مروت حمل کنند و گویند قطعہ

بال بچوں کے بارے میں بے مروتی پر محمول کریں گے اور کہیں گے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) جس کے کان کالے لمبے اور نوک دار ہوتے ہیں اور کھڑے رہتے ہیں۔ اور بلی سے بڑا ہوتا ہے

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱؎ عمدہ جوڑا جو امرا اور بادشاہوں سے بطریق انعام ملتا ہے ۱۲

بہ بیں آں بے حمیت را کہ ہرگز
اُس بے غیرت کو دیکھو کہ ہرگز

نخواہد دید روئے نیکبختی
وہ نیک بختی کا منہ نہ دیکھے گا

کہ آسانی گزیند خویشتن را
کہ اپنے لئے آسانی اختیار کرتا ہے

زن و فرزند بگذارد بسختی
بیوی اور بچوں کو سختی میں چھوڑتا ہے

ودریں علم محاسبت چنانکہ معلوم ست چیزے دانم اگر بجاہ شما شغلے معین شود کہ
اور علم حساب میں جیسا کہ جناب کو معلوم ہے میں کچھ جانتا ہوں اگر جناب کے مرتبہ کے طفیل کوئی خدمت میرے لئے مقرر

موجب جمعیت خاطر باشد بقیت عمر از عہدۂ شکر آں بیروں آمدن نتوانم گفتم
ہو جائے جو کہ دلجمعی کا سبب ہو تو باقی عمر اس احسان کے شکریہ سے سبکدوش نہ ہو سکوں گا میں نے کہا

عمل پادشاہ اے برادر دو طرف دارد امید نان و بیم جان و خلاف رائے
اے بھائی بادشاہ کی نوکری کے دو پہلو رکھتی ہے روٹی کی امید اور جان کا خطرہ اور عقلمندوں کی رائے

خردمنداں باشد بدیں امید دراں بیم افتادن قطعہ
کے خلاف ہے اس امید میں ہیں خطرے میں پڑنا

کس نیاید بخانۂ درویش
فقیر کے گھر پر کوئی نہیں آتا!

کہ خراج زمین و باغ بدہ
کہ زمین اور باغ کا ٹیکس ادا کر

یا بہ تشویش و غصہ راضی شو
یا تو رنج و پریشانی پر راضی ہو جا

یا جگر بند پیش زاغ بنہ
یا کلیجی (چیل، کوّے کے لئے نکال کر رکھدے

گفت این موافق حال من نہ گفتی و جواب سوال من نیاوردی نشنیدہ کہ
اُس نے کہا جناب نے یہ بات میرے مناسب حال نہیں فرمائی اور میرے سوال کا جواب نہ دیا آپ نے یہ نہیں سنا

ہر کہ خیانت ورزد دستش از جبانت بلرزد۔ فرد
کہ بزدلی کی وجہ سے اُسی کا ہاتھ کانپتا ہے جو خیانت کرتا ہے۔

راستی موجب رضائے خداست
سچائی خدا کے راضی ہونے کا سبب ہے

کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست
میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ سیدھے راستہ پر بھٹکا ہو

حکماء گویند کہ چہار کس از چہار کس بجاں برنجند حرامی از سلطاں و دزد از پاسباں
عقلمندوں نے کہا ہے کہ چار آدمیوں کی چار آدمیوں سے جانی دشمنی ہوتی ہے ڈاکو کی بادشاہ سے۔ چور کی چوکیدار سے

و فاسق از نماز و روسپی از محتسب آں را کہ حساب پاک ست از محاسبہ
بدکار کی چغلخور سے۔ رنڈی کی کوتوال سے جس کا حساب پاک ہے اس کو حساب کتاب کا

چہ باک قطعہ

کیا ڈر

مکن فراخ روی[1] در عمل اگر خواہی
کام میں پھیلا دانہ پیدا کر اگر تو چاہت ہے

کہ روزِ رفع تو باشد مجالِ دشمن تنگ
کو تیری پیٹھ کے دن دشمن کے لئے میدان تنگ ہو

تو پاک باش برادر مدار از کس باک
اے بھائی تو پاک رہ اور کسی کا خوف نہ کر

زنند جامۂ ناپاک گازراں بر سنگ
کیونکہ ناپاک کپڑے ہی کو دھوبی پٹڑے پر کوٹتے ہیں

گفتم حکایتِ روباہے مناسبِ حالِ تست کہ دیدندش گریزاں و بخویشتن

میں نے کہا ایک لومڑی کا قصہ تیرے حال کے مناسب ہے جس کو لوگوں نے بھاگتے ہوئے اور گرتے

افتان و خیزاں کسے گفتش چہ آفت ست کہ موجبِ مخافت است گفتا

پڑتے ہوئے دیکھا کسی نے اُس سے دریافت کیا کہ کیا مصیبت ہے جو ڈر کا سبب ہے اُس نے کہا

شنیدم کہ شیر را بہ سُخرہ می گیرند گفت اے سفیہ ترا با شیر چہ مناسبت ست

میں نے سُنا ہے کہ شیر کو بیگار میں پکڑ رہے ہیں اُس نے کہا اے بیوقوف تجھے شیر سے کیا نسبت ہے

و او را با تو چہ مشابہت گفت خاموش کہ اگر حسود ان بغرض گویند کہ اینہم

اور اس کو تجھ سے کیا مشابہت۔ اُس نے کہا چپ رہ کہ اگر حاسد لوگ دشمنی میں کہدیں کہ یہ بھی

بچۂ شیر ست و گرفتار آیم کہ را غم تخلیص من دارد کہ تفتیشِ حالِ من کند و تا

شیر کا بچہ ہے اور میں پکڑی جاؤں تو مجھے چھڑانے کا کسے غم ہوگا کہ جو میرے حال کی چھان بین کریگا اور جب تک

تریاق[2] از عراق[3] آورده شود مار گزیده مرده شود ترا ہمچنیں فضل ست و دیانت

عراق سے تریاق لایا جائیگا سانپ کا ڈسا ہوا مُردہ ہو جائے گا بے شک تجھ میں بزرگی ، دیانت

و تقویٰ و امانت ولیکن متعنّتاں در کمین اند و مُدّعیاں گوشہ نشیں

پرہیزگاری اور امانت ہے لیکن نکتہ چین گھات میں ہیں اور دشمن گوشوں میں چھپے ہیں ! !

---

[1] فراخ روی کے معنی حد سے تجاوز کرنے کے بھی ہو سکتے ہیں ۱۲ [2] تریاق کے معنی اگرچہ زہر مہرہ کے مشہور ہیں مگر اصل میں وہ ایک مرکب دوا کا نام ہے اور تریاق میں سے بہتر تریاق۔ تریاق اکبر ہے جس میں قریب قریب ساٹھ دوائیاں شامل کی جاتی ہیں اور ان کو شہد میں ملا کر تیار کیا جاتا ہے ۱۲ [3] عراق سے مراد عراق عجم ہے جو ایران میں شامل ہے تریاق کی نسبت عراق سے اس واسطے کی کہ چونکہ وہاں بڑے بڑے عظیم الشان بادشاہ گزرے ہیں لہذا اسی جگہ سے ایسی نایاب اور بیش بہا دوا کا ملنا زیادہ قرین قیاس ہے یا اور کوئی وجہ ہو کہ جس کی وجہ سے وہاں تریاق مل سکے ۱۲ ؛

اگر انچہ سیرتِ تست بخلافِ آں تقریر کنند و در معرضِ خطابِ بادشاہ آئی

اگر وہ لوگ تیری عادت کے خلاف ثابت کریں اور تو بادشاہ کے روبرو جواب طلبی کے لئے جائے

دراں حالت کرا مجالِ مقالت باشد پس مصلحت آں می بینم کہ مُلکِ قناعت را

تو اس حالت میں کس کو بات کرنے کی طاقت ہوگی لہذا میرے نزدیک مناسب یہی ہے کہ تو قناعت کے ملک ہی کی

حراست کنی و ترکِ ریاست گوئی قطعہ

نگہبانی کرے اور سرداری کا خیال چھوڑ دے

بہ دریا در منافع بے شمار ست | اگر خواہی سلامت بر کنار ست

دریا میں بے شمار منافع ہیں ! | اگر سلامتی چاہتا ہے تو وہ کنارے پر ہے

رفیق چوں ایں سخن بشنید بہم برآمد و روئے از حکایتِ من درہم کشید و سخنہائے

دوست نے جب یہ بات سنی ناراض ہو گیا اور یہ حکایت سن کر منہ بگاڑ لیا اور رنجش آمیز

رنجش آمیز گفتن گرفت کہ ایں چہ عقل و کفایت ست و فہم و درایت قولِ حکما

باتیں شروع کر دیں کہ یہ کون سی عقلمندی، ذہانت اور سمجھ بوجھ کی بات ہے۔ دانشمندوں کی

درست آمد کہ گفتہ اند دوستاں در زنداں بکار آیند کہ بر سفرہ ہمہ دشمناں

یہ بات درست نکلی کہ انہوں نے کہا ہے دوست وہ ہیں جو قید خانہ میں کام آئیں اس لئے کہ دسترخوان پر تو سب

دوست نمایند قطعہ

دشمن بھی دوست ہی نظر آتے ہیں

دوست مشمار آنکہ در نعمت زند | لافِ یاری و برادر خواندگی

اس کو دوست نہ گن جو عیش کے زمانہ میں | دوستی اور بھائی بندی کی ڈینگیں مارے

دوست آں دانم کہ گیرد دستِ دوست | در پریشاں حالی و در ماندگی

میں اس کو دوست سمجھتا ہوں جو دوست کی عاجزی | اور پریشانی کی حالت میں دستگیری کرے

دیدم کہ متغیر می شود و نصیحتِ من بہ غرض[1] می شنود نزدیکِ صاحبِ دیواں

میں نے دیکھا کہ وہ ..... بگڑ رہا ہے اور میری نصیحت کو خود غرضانہ سمجھ کر سن رہا ہے میں کچہری کے افسر کے پاس

رفتم بسابقہ معرفتے کہ در میانِ ما بود صورتِ حالش بگفتم و اہلیت و

گیا اور اپنی پہلی جان پہچان کی بنا پر میں نے اس دوست کی حالت بیان کی اور اس کی قابلیت اور

---

[1] یعنی سمجھ رہا ہے کہ جو کچھ میں کہتا ہوں اس میں میری کوئی غرض ہے یا دشمنی کی راہ سے کہتا ہوں ۱۲

استحقاقش بیاں کردم تا بکارے مختصرش نصب کردند چندے بریں برآمد

استحقاق کو بتایا چنانچہ ایک معمولی کام پر اس کو لگا دیا اس بات کو کچھ ہی عرصہ گذرا تھا کہ

لطف طبیعتش را بدیدند و حسن[1] تدبیرش را بہ پسندیدند کارش ازاں درگذشت

انہوں نے اُس کی طبیعت کی پاکیزگی کا اندازہ کرلیا اور اُس کی حسن تدبیر کو پسند کیا اُس کا کام اس سے بڑھ گیا

و بہ مرتبۂ بالاترازاں متمکن شد ہمچناں نجم سعادتش در ترقی بود تا بہ اَوج

اور اُس عہدہ سے بڑے عہدہ پر پہونچ گیا اسی طریقہ پر اُس کی نیک بختی کا ستارہ ترقی پر تھا یہانتک کہ ارادتمندی

ارادت در رسید و مقرب حضرتِ سلطان و معتمد علیہ گشت بر سلامتِ

کی بلندی پر پہونچ گیا اور شاہی دربار کا مقرب اور معتمد علیہ بن گیا اس کی حالت کی سلامتی

حالش شادمانی کردم و گفتم فرد

پر میں خوش ہوا اور میں نے کہا

زکار بستہ میندیش و دل شکستہ مدار | کہ آبِ چشمۂ حیواں درونِ تاریکیست

ناکامی کا فکر نہ کر اور دل نہ توڑ ! | کیونکہ حیات کے چشمہ کا پانی تاریکی میں ہے

شعر

اَلَا لَا یُجَاوِرَنَّ اَخُو الْبَلِیَّۃِ | فَلِلرَّحْمٰنِ اَلْطَافٌ خَفِیَّۃٌ

مصیبت زدہ ہرگز نہ بلبلائے | اس لئے کہ خدا کی چھپی ہوئی مہربانیاں ہیں

فرد

منشیں ترش از گردشِ ایام کہ صبر | تلخ ست ولیکن بر شیریں دارد

زمانہ کی گردش سے منہ بگاڑ کر نہ بیٹھ اسلئے کہ | صبر اگرچہ کڑوا ہے لیکن پھل شیریں رکھتا ہے

دراں قربت مرا با طائفہ یاراں اتفاقِ سفر افتاد چوں از زیارتِ مکہ باز آمدم

قرب کے وقت میں مجھے کچھ دوستوں کے ساتھ سفر کرنے کا اتفاق ہوگیا جب مکہ کی زیارت سے واپس لوٹا

یک دو منزلم استقبال کرد ظاہرِ حالش را دیدم پریشان و در ہیات

اُس دوست نے ایک دو پڑاؤ آگے بڑھکر میرا استقبال کیا میں نے اس کے ظاہری حال کو پریشان اور درویشوں کی

---

[1] حسن تدبیر یعنی خدمت متعلقہ کو سمجھ بوجھ کر انجام دینا ۱۲

درویشاں گفتم چہ حالت ست گفت آں چناں کہ تو گفتی طائفہ حسد بردند و بہ
ہیئت میں دیکھا۔ میں نے کہا کیا حال ہے اُس نے کہا جیسا کہ جناب نے فرمایا تھا ایک گروہ نے حسد پیدا کیا اور
خیانتم منسوب کردند و مُلکِ دام مُلکہٗ در کشفِ حقیقتِ آں استقصا نفرمود
مجھ پر خیانت کا الزام لگا دیا اور بادشاہ سلامت نے اُس کی حقیقت کی جستجو میں پوری کوشش نہ فرمائی
و یارانِ قدیم و دوستانِ حمیم از کلمۂ حق خاموش شدند و صحبتِ دیریں
اور پرانے ساتھی اور پکے دوست سچ بات کہنے سے خاموش ہو گئے اور پرانی دوستی کو
فراموش کردند قطعہ
بھلا بیٹھے

نہ بینی کہ پیشِ خداوندِ جاہ
کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ صاحبِ جاہ انسان کے آگے
ستایش کناں دست بر بر نہند
لوگ تعریف کرتے ہوئے سینہ پر ہاتھ رکھتے ہیں

اگر روزگارش درآرد زپای
اگر زمانہ اُس کو گرا دیتا ہے تو
ہمہ عالمش پای بر سر نہند
تمام دنیا اس کے سر پر پاؤں رکھ دیتی ہے

فی الجملہ بانواعِ عقوبت گرفتار شدم تا دریں ہفتہ کہ مُژدۂ سلامتِ حجاج برسید
خلاصہ یہ کہ میں طرح طرح کی سزاؤں میں گرفتار ہوا۔ یہاں تک کہ اسی ہفتہ جب حاجیوں کی خیریت کی خوشخبری پہونچی
از بندِ گرانم خلاص کردند و مُلکِ موروثم خاص گفتم دراں نوبت اشارتِ
تو مجھے بھاری بیڑیوں سے نکالا اور میری اپنی جائداد مجھے دی میں نے کہا اس وقت تو نے میرا مشورہ
من قبولت نیامد کہ گفتم عملِ پادشاہاں چوں سفرِ دریاست خطرناک و سودمند
نہ مانا کہ میں نے تجھ سے کہا تھا کہ بادشاہوں کی نوکری دریائی سفر کی طرح ہے خطرناک اور مفید
یا گنج برگیری یا در طلسمِ[1] بمیری قطعہ
یا تو خزانہ ہی حاصل کریگا یا بھنور میں مریگا

ندانستی کہ بینی بند بر پای
تو یہ نہ سمجھا کہ تو اپنے پیر میں بیڑی پڑی دیکھیگا
چو در گوشت نیاید پندِ مردم
اگر تیرے کان میں انسانوں کی نصیحت نہیں پڑتی ہے

---

[1] در طلسم بمیری یعنی ممکن ہے کہ دریا میں سفر کرکے کچھ نفع اُٹھائے اور ممکن ہے کہ طلسم میں پھنس جائے۔ طلسم اس کو کہتے ہیں کہ ستاروں کے خواص اور اثرات کو قوائے شاملہ اراضی کے مطابق کرکے کوئی شے بنائی جائے کہ اس سے افعال و خواص کا ظہور ہو۔ یہاں طلسم سے مراد وہ طلسم ہے کہ سکندر نے سمندر میں ایک پنجۂ انسانی کی شکل اس جگہ قائم کی ہے جہاں کہ جہاز بھنور میں پھنس جاتا ہے لہذا اُس پنجہ کی حرکت دیکھکر جہاز کو ادھر نہیں لے جاتے۔

دگر رہ گر نداری طاقتِ نیش | مکن انگشت در سوراخ کژدم
اگر تجھ میں دوبارہ ڈنک کھانے کی طاقت نہیں ہے | تو بچھو کے سوراخ میں اُنگلی نہ ڈال

حکایت (۱۸)

تنے چند از روندگان در صحبتِ من بودند ظاہرِ ایشاں بصلاح
تصوف کا راستہ طے کرنیوالے کچھ لوگ میرے پاس تھے اُن کی ظاہری حالت نیکی سے

آراستہ ویکے را از بزرگاں در حقِ ایں طائفہ حسنِ ظنے بلیغ بود و
آراستہ تھی اور بڑے آدمیوں میں سے ایک شخص کو اس گروہ سے بہت حسنِ ظن تھا اس نے

ادرارے معین کرد تا یکے از ایشاں حرکتے کرد نہ مناسبِ حالِ درویشاں
ان کا روزینہ مقرر کر دیا یہاں تک کہ ان میں سے ایک نے ایسی حرکت کر دی جو فقیروں کے شایانِ شان نہ تھی

ظنِ آں شخص فاسد و بازارِ ایناں[1] کاسد خواستم تا بطریقے کفافِ یاراں
اُس شخص کی بدظنی ہو گئی اور اِن کا بازار ٹھنڈا پڑ گیا میں نے چاہا کہ کسی طریقے پر ان دوستوں کا

مستخلص گردانم آہنگِ خدمتش کردم دربانم رہا نہ کرد و جفا کرد معذورش
(ضبط شدہ) روزینہ چھڑا لوں۔ میں نے اس کے دربار میں جانے کا ارادہ کیا مجھے دربان نے نہ جانے دیا اور بدتمیزی سے پیش آیا

داشتم کہ لطیفاں گفتہ اند

قطعہ

میں نے اس دربان کو معذور سمجھا اس لئے کہ خوش طبع لوگوں نے کہا ہے

دَرِ امیر و وزیر و سلطاں را | بے وسیلت مگرد پیرامن
امیر اور وزیر اور بادشاہ کے دروازہ کا، | بدون کسی وسیلہ کے چکر نہ کاٹ

سگ و دربان چو یافتند غریب | ایں گریبانش گیرد آں دامن
اِس لئے کہ کتا اور دربان جب کسی اجنبی کو دیکھتے ہیں | تو یہ گریبان پکڑتا ہے اور وہ دامن

چندانکہ مقربانِ حضرتِ آں بزرگ برحالِ من وقوف یافتند و باکرام درآوردند
یہاں تک کہ ان صاحب کے درباری مقربوں کو میرا علم ہو گیا اور تو عزت کے ساتھ وہ اندر لے گئے

و بر ترمقامے معین کردند اما بتواضع فرو تر نشستم و گفتم

فرد

اور ایک اونچی جگہ میرے لئے مقرر کی لیکن میں تواضع میں نیچے بیٹھا اور میں نے کہا

بگذار کہ بندۂ کمینم | تا در صفِ بندگاں نشینم
مجھے رہنے دیجئے میں تو ایک ادنیٰ غلام ہوں | تاکہ غلاموں کی صف میں بیٹھوں

---

[1] یعنی اِس امیر آدمی کا عقیدہ جاتا رہا اور یہ فقیر اس کی نگاہ میں بے اعتبار ہو گئے ۱۲

گفت اللہ اللہ چہ جائے سخن ست[1] **فرد**

اُس نے کہا سبحان اللہ آپ یہ کیا فرما رہے ہیں

گر بر سر و چشم من نشینی | نازت بکشم کہ نازنینی
اگر میری آنکھوں اور سر پر بھی آپ تشریف فرما ہوں گے | تو میں آپ کی ناز برداری کرونگا کیونکہ آپ نازنین ہیں

فی الجملہ نشستم و از ہر درے سخن پیوستم تا حدیثِ زلّت[2] یاراں

خلاصہ کلام یہ کہ میں بیٹھ گیا اور چاروں طرف سے بات سمیٹ کر لایا یہاں تک کہ دوستوں کی غلطی کی

درمیان آمد و گفتم **قطعہ**

بات آگئی اور میں نے کہا

چہ جرم دید خداوندِ سابق الانعام | کہ بندہ در نظرِ خویش خوار میدارد
پہلے سے انعام واکرام کرتے چلے آنیوالے آقا نے کیا خطا دیکھی | جو غلام کو اپنی نظر میں ذلیل سمجھتا ہے

خدائے راست مسلّم بزرگواری و حلم | کہ جُرم بیند و ناں برقرار میدارد
بڑائی اور بردباری خدا ہی کے لئے مُسلّم ہے | جو خطا دیکھتا ہے اور روٹی دیتا رہتا ہے

حاکم را ایں سخن پسندیدہ آمد و اسباب معاشِ یاراں فرمود تا باز بر قاعدۂ

حاکم کو یہ بات پسند آگئی اور دوستوں کے گذارے کے اسباب کا حکم فرمادیا تاکہ پرانے قاعدہ کے

ماضی مہیا دارند و مؤنتِ ایامِ تعطیل[3] وفا کنند شکرِ نعمت بگفتم و زمین خدمت[4]

مطابق پھر بندوبست کردیں اور معطلی کے زمانہ کا خرچ بھی ادا کردیں میں نے اُس کے انعام کا شکریہ ادا کیا اور دربار کی

ببوسیدم و عذرِ جسارت بخواستم و گفتم **قطعہ**

زمین کو بوسہ دیا اور اپنی اس جرأت کی معافی چاہی اور کہا

چو کعبہ قبلۂ[5] حاجت شد از دیارِ بعید | روند خلق بدیدارش از بسے فرسنگ
چونکہ کعبہ حاجت کا قبلہ بن گیا ہے اس لئے لوگ دور دور کے ملکوں سے | اس کی زیارت کو بہت سے کوسوں کا فاصلہ طے کرکے جاتے ہیں

ترا تحمّلِ[6] امثالِ ما بباید کرد | کہ ہیچکس نہ زند بر درخت بے بر سنگ
تجھے ہم جیسوں کی برداشت کرنی چاہیئے | اس لئے کہ بے پھل کے درخت پر کوئی ڈھیلا نہیں مارتا

---

[1] اللہ اللہ تعجب کے محل پر استعمال کرتے ہیں ۱۲ [2] زلت بمعنی لغزش اور خلافِ صواب کام ۱۲ [3] یعنی جس قدر دنوں تک روزانہ کا وظیفہ مقررہ بند رہا ہے ۱۲ [4] زمین خدمت چومنے سے مراد وہ تعظیمی سلام وغیرہ ہے جو بادشاہوں اور اُمراء کے سامنے جھک کر بجالاتے ہیں ۱۲ [5] دلیری سے مراد یہاں یہ ہے کہ اُن کے سامنے جاکر صاف صاف بات بیان کردی [6] قبلہ حاجت ہونے سے مراد یہ کہ وہاں جاکر دنیا کی حاجتیں پوری ہوتی ہیں ۱۲

حکایت (۱۹)

مَلِک زادۂ گنج فراواں از پدر میراث یافت و دستِ
ایک شہزادہ کو بہت سا خزانہ باپ کے ورثہ میں سے ملا اس نے بخشش کا
کرم بکشاد و دادِ سخاوت بداد و نعمتِ بے دریغ بر سپاہ و رعیت بریخت
ہاتھ کھول دیا اور خوب سخاوت کی اور بہت سا مال لشکر اور رعیت پر لٹا دیا

قطعہ

نیاساید مشام از طبلۂ عُود[۲]
اگر کی لکڑی کے ٹکڑے سے دماغ کو آرام نہیں پہونچتا
بزرگی بایدت بخشندگی کن
اگر تجھے بڑائی چاہیئے تو بخشش کر!

برآتش نہ کہ چوں عنبر[۳] بوید
اس کو آگ پر رکھ تاکہ اس میں سے عنبر کی سی خوشبو پیدا ہو
کہ دانہ تا نیفشانی نروید
کیونکہ جب تک تو دانہ نہ بکھیر یگا وہ نہ اُگے گا

یکے از جلسائے بے تدبیر نصیحتش آغاز کرد کہ ملوک پیشیں مرایں نعمت را
ایک بے تدبیر ہمنشین نے اس کو نصیحت کرنا شروع کردی کہ پہلے بادشاہوں نے یہ دولت
بہ سعی اندوختہ اند و برائے مصلحتے نہادہ دست ازیں حرکات کوتاہ کن کہ
کوشش سے جمع کی ہے اور کسی ضرورت کے لئے رکھی ہے اس طرح کی حرکتوں سے ہاتھ روک لے اس لئے کہ
واقعہا در پیش ست و دشمناں ازپس نباید کہ بوقتِ حاجت درمانی۔
بہت سے واقعات پیش آنے والے ہیں اور دشمن پیچھے لگے ہیں ایسا نہ ہو کہ ضرورت کے وقت آپ عاجز ہوں

قطعہ

اگر گنجے کنی بر عامیاں بخش
اگر تو عام لوگوں کو ایک خزانہ بخشے
چرا نستانی از ہر یک جوے سیم
کیوں ہر ایک سے ایک جو چاندی وصول نہیں کرتا

رسد ہر کد خدائے را برنجے
تو ہر گھر والے کو ایک چادل بھر ملیگا
کہ گرد آید ترا ہر روز گنجے
تاکہ تیرے پاس ہر روز ایک خزانہ جمع ہو جائے

مَلِک زادہ رُوی ازیں سخن درہم آورد و موافقِ طبعش نیامد و مراد را
شہزادہ نے اس بات سے منہ پھیر لیا اور یہ بات اُس کی طبیعت کے موافق نہ آئی اور اُس کو

---

[۱] سخاوت کی داد دی یعنی خوب سخاوت کی ۱۲ [۲] عُود اگر جو ایک لکڑی خوشبودار ہوتی ہے [۳] عنبر ایک خوشبودار قیمتی چیز ہے ۱۲

زجر فرمود و گفت خداوند تعالیٰ مرا مالک ایں مملکت گردانیدہ است تا
جھڑک دیا اور کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس حکومت کا مالک بنایا ہے تاکہ

بخورم و بخشم نہ پاسباں کہ نگہدارم **بیت**
میں کھاؤں اور بخشوں، نہ چوکیدار کہ حفاظت کرتا رہوں

قارونؑ ہلاک شد کہ خزانہ نہ گنج داشت | نوشیرواں نمرد کہ نام نکو گذاشت
جو قارون کہ چالیس خزانے رکھتا تھا ہلاک ہو گیا | لیکن نوشیرواں نہیں مرا کیونکہ اس نے ذکر خیر باقی چھوڑا ہے

حکایت (۲۰) آوردہ اند کہ نوشیروان عادل را در شکارگاہے صیدے
بیان کیا جاتا ہے کہ منصف نوشیرواں کے لئے ایک شکارگاہ میں ایک شکار کے

کباب می کردند و نمک نہ بود غلامے بروستا دوانیدند تا نمک آرد نوشیرواں
کباب تیار کر رہے تھے اور نمک نہ تھا انہوں نے ایک نوکر گاؤں کو روانہ کیا تاکہ نمک لے آئے، نوشیرواں

گفت بہ قیمت بستاں تا رسمے نگردد و دیہ خراب نہ شود گفتند ازیں
نے حکم دیا دام دے کر لانا کہیں یہ رسم نہ پڑ جائے اور گاؤں تباہ نہ ہو جائے لوگوں نے کہا اتنے سے

قدرچہ خلل زاید گفت بنیاد ظلم اندر جہاں اول اندک بودہ است و ہر کس کہ آمد
نمک سے کیا نقصان پیدا ہوگا اس نے کہا ظلم کی بنیاد دنیا میں پہلے تھوڑی ہی سی تھی پھر جو بھی آیا اس نے

براں مزید کرد تا بدیں غایت رسید **قطعہ**
اس میں اضافہ کیا یہاں تک کہ اس درجہ کو پہونچ گئی

اگر زباغ رعیت ملک خورد سیبے | برآورند غلامان او درخت از بیخ
اگر بادشاہ رعایا کے باغ سے ایک سیب کھائے | تو اس کے نوکر جڑ سے درخت ہی اکھاڑ ڈالیں گے

بہ پنج بیضہ کہ سلطان ستم روا دارد | زنند لشکریانش ہزار مرغ بہ سیخ
اگر بادشاہ پانچ انڈے کا ظلم جائز سمجھے | تو اس کے سپاہی ہزار مرغ کو سیخ پر چڑھا دیں گے

حکایت (۲۱) عاملے را شنیدم کہ خانۂ رعیت خراب کردے تا خزینۂ
ایک حاکم کے بارے میں میں نے سنا کہ رعایا کے گھروں کو تباہ کر تا تاکہ بادشاہ کے

سلطان آباداں کند بے خبر از قول حکما کہ گفتہ اند ہر کہ خدائے عزوجل را
خزانہ کو بھرے عقلمندوں کے قول سے بے خبر کہ انہوں نے کہا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو

---

(۲۰) قارون ایک مالدار شخص کا نام ہے جو زمانۂ حضرت موسیٰ علیہ السلام میں تھا۔ کہتے ہیں کہ چالیس اونٹوں پر اس کے خزانے کی کنجیاں لادی جاتی تھیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

بیازارد تا دلِ خلقے بدست آرد خداوند تعالیٰ ہماں خلق بر او برگمارد تا دمار از
رنجیدہ کرے تاکہ مخلوق کو راضی کرے تو اللہ تعالیٰ اُسی مخلوق کو اُس پر مسلط کر دیتے ہیں تاکہ وہ

روزگارش برآرد **بیت**
اس کو تباہ کر دے

آتشِ سوزاں نہ کند با سپند[1] | انچہ کند دودِ دلِ مستمند
جلتی ہوئی آگ کالے دانے کے ساتھ وہ نہیں کرتی | جو کسی دل جلے کے دل کا دھواں کرتا ہے!

سرِ جملۂ حیوانات گویند کہ شیر است و اذلِ جانوراں خر و باتفاق خربار بر
لوگ کہتے ہیں کہ شیر تمام حیوانات کا سردار ہے اور گدھا تمام جانوروں میں ذلیل ترین اور اس پر سب کا اتفاق

بہ کہ شیرِ مردم دَر **مثنوی**
ہو کہ مردم خور شیر سے بوجھ اٹھانے والا گدھا بہتر ہو

مسکین خر اگرچہ بے تمیز است | چوں بار ہمی برد عزیز است
بے چارہ گدھا اگرچہ بے تمیز ہے | چونکہ بوجھ اٹھاتا ہے لہٰذا پیارا ہے

گاوان و خران بار بردار | بہ زآدمیان مردم آزار
بوجھ اٹھانے والے گدھے اور بیل | آدمیوں کو ستانے والے انسانوں سے بہتر ہیں

باز آمدیم بہ حکایتِ وزیرِ غافل گویند ملک را طرفے از ذمائمِ اخلاقِ او بہ
ہم اُس غافل وزیر کے قصہ کی طرف پھر آتے ہیں لوگ کہتے ہیں کہ بادشاہ کو اُس کے تھوڑے سے برے اخلاق

قرائن معلوم گشت در شکنجہ[2] کشید و بانواعِ عقوبت بکشت **قطعہ**
کسی قرینے سے معلوم ہو گئے اُس کو شکنجہ میں کھینچ دیا اور طرح طرح کی سزا دیکر مار ڈالا

حاصل نشود رضائے سلطاں | تا خاطرِ بندگاں نہ جوئی
بادشاہ کی رضامندی اُس وقت تک حاصل نہیں ہو گی | جب تک تو بندگانِ خدا کی دلجوئی نہ کرے

خواہی کہ خدای بر تو بخشد | با خلقِ خدای کن نکوئی
اگر تو چاہتا ہے کہ خدا تجھ پر مہربان ہو | تو تو اللہ کی مخلوق سے بھلائی کر،

---

[1] یعنی اُسی مظلوم مخلوق کے ہاتھ سے اُس کو ذلیل کراتا ہے ۱۲ [2] سپند کالے دانے کو کہتے ہیں جو خوشبو کے لئے محفلوں میں جلاتے ہیں اور رفع نظر بد کے لئے بھی جلایا جاتا ہے ۱۲ [3] شکنجہ زمانۂ سابق میں مجرموں کو عذاب دینے کا ایک آلہ ہوتا تھا ۱۲

آوردہ اند کہ یکے از ستمدیدگاں برسر او بہ گذشت و در حال تباہ وے

لوگوں نے بیان کیا ہے کہ مظلوموں میں سے کوئی اُس کے پاس سے گذرا اور اس کے تباہ حال کو غور سے

تامّل کرد و گفت **قطعہ**

دیکھا اور کہا

نہ ہر کہ قوت بازوئے منصبے دارد
یہ نہیں ہو سکتا کہ جو کسی عہدہ کی وجہ سے بازو میں قوت

بسلطنت بخورد مالِ مردماں بگزاف
رکھتا ہو طاقت کے بل پر خواہ مخواہ لوگوں کا مال کھا جائے

تواں بحلق فرو بردن استخوانِ درشت
سخت ہڈی کو گلے سے اتارا جا سکتا ہے!

ولے شکم بدرد چوں بگیرد اندر ناف
لیکن جب وہ ناف میں پہونچیگی پیٹ پھاڑ ڈالے گی!

بیت

نماند ستمگارِ بدروزگار
بد اطوار ظالم نہیں رہتا

بماند بر و لعنتِ پائیدار
لیکن اس پر مستقل لعنت باقی رہتی ہے

حکایت (۲۲)

مردم آزارے را حکایت کنند کہ سنگے برسرِ صالحے زد۔

ایک مردم آزار کا قصہ بیان کرتے ہیں کہ اس نے ایک پتھر ایک نیک آدمی کے سر پر مارا

درویش را مجال انتقام نہ بود سنگ را نگاہ می داشت تا زمانے کہ ملک را

اُس فقیر میں بدلہ لینے کی طاقت نہ تھی وہ پتھر کو محفوظ رکھتا رہا اس وقت تک کہ بادشاہ

براں لشکری خشم آمد و در چاہ کرد درویش اندر آمد و سنگ برسرش کوفت

کو اُس سپاہی پر غصہ آیا اور اُس کو کنوئیں میں قید کر دیا فقیر اس جگہ پہونچا اور اس سپاہی کے سر پر پتھر مارا

گفتا تو کیستی و ایں سنگ چرا زدی گفت من فلانم و ایں ہماں سنگ

اُس نے کہا تو کون ہے اور تو نے پتھر کیوں مارا اس نے کہا میں فلاں ہوں اور یہ وہی پتھر

ست کہ در فلاں تاریخ برسرِ من زدی گفت چندیں روزگار کجا بودی

ہے جو فلاں تاریخ کو تو نے میرے سر پر مارا تھا اس نے کہا تو اتنے زمانہ تک کہاں تھا۔

گفت از جاہت اندیشہ می کردم اکنوں کہ در چاہت دیدم فرصت

فقیر بولا میں تیرے عہدہ سے ڈرتا تھا اب جبکہ میں نے تجھے کنوئیں میں قید دیکھا تو موقع

غنیمت دانستم **مثنوی**

مناسب سمجھا!

ناسزائے را کہ بینی بختیار
جب تو کسی نالائق کو نصیب ور دیکھے (تو چپ رہنا ہے کہ)

عاقلاں تسلیم کردند اختیار
عقلمندوں نے ایسے موقع پر تابعداری اختیار کرنی ہے

چوں نداری ناخنِ درّندہ تیز
جب تو پھاڑنے والے تیز ناخن نہیں رکھتا

با بداں آں بہ کہ کم گیری ستیز
تو بہتر یہ ہے کہ بُروں سے لڑائی نہ مول لے

ہر کہ با فولاد بازو پنجہ کرد
جس نے فولادی بازو والے سے پنجہ لڑایا

ساعدِ سیمین خود را رنجہ کرد
اس نے اپنے چاندی کے سے نازک پہونچے کو ستایا

باش تا دستش ببندد روزگار
اُس وقت تک ٹھہر جب تک زمانہ کے ہاتھ باندھ

پس بکامِ دوستاں مغزش برآر
پھر دوستوں کے اقبال سے اس کا بھیجا نکال لے

حکایت ۲۳

یکے را از ملوک مرضے ہائل بود کہ اعادتِ ذکرِ آں ناکردن

ایک بادشاہ کو ایک ایسا خوفناک مرض تھا جس کا ذکر نہ کرنا ہی

اولے طائفہ از حکمائے یونان متفق شدند کہ مرا ایں دَرد را دَوائے

بہتر ہے یونانی حکیموں کا ایک گروہ اس بات پر متفق ہو گیا کہ اِس مرض کی کوئی دَوا

نیست مگر زہرۂ آدمی کہ بہ چندیں صفت موصوف باشد بفرمود طلب

نہیں بجز ایسے آدمی کے پتہ کے جو اتنی صفات رکھتا ہو بادشاہ نے تلاش کرنیکا حکم

کردن دہقاں[1] پسرے را یافتند بداں صورت کہ حکیماں[2] گفتہ بودند پدر و مادرش

دے دیا لوگوں نے ایک چودھری کے لڑکے کو انہی صفات کا پایا جو حکیموں نے بتائی تھیں اس کے ماں باپ

را بخواندند و بہ نعمتِ بے کراں خوشنود گردانیدند و قاضی[3] فتویٰ داد کہ

کو بلایا اور بے شمار دولت دے کر ان کو راضی کر لیا اور قاضی نے فتویٰ دیدیا کہ

خونِ یکے از رعیت ریختن سلامتِ نفسِ پادشہ را روا باشد جلّاد[4] قصد کرد

بادشاہ کی جان کی سلامتی کی خاطر رعیت کے ایک آدمی کا خون بہانا جائز ہے جلاد نے قتل کا ارادہ کیا

پسر سر سوئے آسماں برآورد و تبسم کرد ملک پرسید کہ در نخالت چہ جائے

لڑکے نے آسمان کی طرف سر اُٹھایا اور مسکرایا بادشاہ نے دریافت کیا کہ یہ ہنسنے کا کیا

---

[1] دہقان۔ گاؤں کا رئیس۔ زمیندار ۱۲ [2] حکیم سے مراد یہاں طبیب ہے یا عقلاء ۱۲ [3] فتویٰ حکم شرعی جو قاضی وغیرہ جاری کرے۔ [4] جلاد اگرچہ عربی محاورے میں کوڑے اور دُرّے لگانے والے کو کہتے ہیں مگر فارسی والوں کے محاورے میں اُس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بادشاہ کے حکم سے مجرموں کو قتل کرتے ہیں یہ ایک قسم کی تفریس ہے ۱۲

خندیدن ست گفت نازِ فرزند بر پدر و مادر باشد و دعویٰ پیش قاضی برند
موقع ہے اس نے کہا اولاد کا ناز ماں اور باپ پر ہوتا ہے اور دعویٰ قاضی کے سامنے پیش کرتے ہیں

داد از پادشاہ خواہند اکنوں پدر و مادر بعلت حطام دنیا مرا بہ خوں در سپرند
اور انصاف بادشاہ سے چاہتے ہیں۔ اب ماں باپ نے دنیا کی دولت کے سبب مجھے قتل کرنے کیلئے دیدیا

و قاضی بکشتنم فتویٰ داد و سلطاں مصالح خویش اندر ہلاکِ من می بیند
اور قاضی نے میرے قتل کا فتویٰ دیدیا اور بادشاہ اپنی بھلائی میرے قتل میں سمجھتا ہے

بجز خدائے عزّ و جلّ پناہے نمی بینم بیت
سوائے خدائے غالب اور بزرگ کے میں اب کوئی پناہ نہیں دیکھتا ہوں۔

پیش کہ برآورم ز دستت فریاد | ہم پیش تو از دست تو میخواہم داد
تیرے متعلق کس کے سامنے فریاد لے جاؤں | تیرے متعلق تجھی سے انصاف چاہتا ہوں

سلطاں را دل از ایں سخن بہم برآمد و آب در دیدہ بگردانید و گفت ہلاکِ من
یہ بات سن کر بادشاہ کا دل بھر آیا اور آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا آئے اور کہنے لگا ایسے بے قصور

اولیٰ تر کہ خون چنیں طفلے ریختن بے گناہ سر و چشمش ببوسید و در کنار
لڑکے کے خون بہانے سے میرا مرنا ہی بہتر ہے اس کے سر اور آنکھوں کا بوسہ لیا اور بغل گیر

گرفت و آزاد کرد و نعمتِ بے اندازہ بخشید گویند ہمدراں ہفتہ
ہوا اس کو چھوڑ دیا اور بے اندازہ دولت دے دی لوگ کہتے ہیں بادشاہ اسی ہفتہ

صحت یافت قطعہ
تندرست ہو گیا

ہمچناں در فکرِ آں بیتم کہ گفت | پیلبانے بر لبِ دریائے نیل[1]،
میں اسی طرح اس شعر میں لگا ہوں ! | جو ایک فیل بان نے دریائے نیل کے کنارے پر کہا تھا

زیر پایت گر بدانی حالِ مور | ہمچو حالِ تست زیر پائے پیل
اگر تو اپنے پیر تلے کی چیونٹی کا حال جاننا چاہو | وہ ایسا ہے جیسا کہ تیرا حال ہاتھی کے پیر تلے

حکایت (۲۴) یکے از بندگانِ عمرولیث[2] گریختہ بود کساں در عقبش بر فتند
عمرولیث کے غلاموں سے ایک غلام بھاگ گیا تھا لوگ اس کے پیچھے لگے

---

[1] نیل ایک دریا کا نام ہے جو شہر مصر کے قریب بہتا ہے [2] عمرولیث ایک بادشاہ فارس کا نام تھا جس نے کہ شہر شیراز آباد کیا تھا۔ عمر بالفتح اور عمر بالضم میں فرق کرنے کے لئے عمر بالفتح کے آخر میں واؤ لکھ دیتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ لیث کا بیٹا تھا اور لیث شیر کو کہتے ہیں

وباز آوردند وزیر را باوے غرضے بود اشارت بکشتنش کرد تا دیگر بندگاں

اور اُس کو واپس لے آئے وزیر کو اس سے دشمنی تھی اُس نے اُس کو قتل کر دینے کا مشورہ دیا تاکہ دوسرے غلام

چنیں فعل نیارند بندہ سر پیش عمر ولیث بر زمیں نہاد و گفت فرد

ایسی حرکت نہ کریں غلام نے عمر ولیث کے سامنے زمین پر سر رکھ دیا اور کہا

ہر چہ رود بر سرم چوں تو پسندی رواست | بندہ چہ دعویٰ کند حکم خداوند راست

جب تو پسند کرے تو جو بھی میرے سر پر گذرے وہ درست ہے | غلام کیا دعویٰ کرے حکم تو آقا ہی کا ہے !

لیکن بموجب آنکہ پروردۂ نعمتِ ایں خاندانم نخواہم کہ در قیامت بخونِ

لیکن چونکہ میں اس خاندان کی نعمتوں کا پلا ہوا ہوں تو میں یہ نہیں چاہتا کہ جناب میرے خون کے عوض

من گرفتار آئی اجازت فرمائی تا وزیر را بکشتم پس آنگہ بقصاصِ او بفرمائی

قیامت میں گرفتار ہو کر آئیں آپ اجازت مرحمت فرمائیں تاکہ میں اس وزیر کو مار ڈالوں پھر اُس کے عوض میرے

خونِ من ریختن تا بحق کشتہ باشی ملک را خندہ گرفت وزیر را گفت

قتل کا حکم دیدیں تاکہ آپ کا قتل کرانا بجا ہو جائے بادشاہ ہنس پڑا اور وزیر سے کہا

چگونہ مصلحت می بینی وزیر گفت اے خداوندِ جہاں مصلحت آں می بینم کہ

اب تیری کیا رائے ہے وزیر نے کہا اے شاہِ عالم میری رائے میں مناسب یہ ہے کہ

از بہرِ خدا و صدقۂ گور پدر او را آزاد کنی تا مرا نیز در بلائے نیفگند گناہ از من[۵۱]

خدا کے لئے اور اپنے باپ کی قبر کے صدقے میں اُس کو آزاد کر دیجئے تاکہ یہ مجھے کسی بلا میں نہ پھنسا دے۔ قصور میرا

ست و قولِ حکیمان معتبر کہ گفتہ اند قطعہ

ہی ہے اور عقلمندوں کی بات بھروسہ کی ہے جو انہوں نے کہا ہے

چو کردی با کلوخ انداز بے کار | سرِ خود را بہ نادانی شکستی

جب ڈھیلے بازے تو نے لڑائی مول لی ! | تو خود ہی بے وقوفی سے تو نے اپنے سر کو پھوڑا

چو تیر انداختی بر روی دشمن | چناں داں کاندر آماجش نشستی[۵۲]

جب تو نے کسی دشمن پر تیر چلایا تو | اس کو بھی جان لے کہ تو بھی اس کے نشانہ پر ہے

حکایت[۲۵] ملکِ زوزن[۵۳] را خواجہ بود کریم النفس نیک محضر کہ ہمگناں را

زوزن کے بادشاہ کا ایک وزیر تھا جو شریف اور نیک طبیعت تھا جو تمام انسانوں کی

---

۵۱ یعنی میں وزیر کو قتل کروں اور تو اُس کے عوض میں مجھے مار ڈال ۱۲ ۵۲ گناہ از من است۔ یعنی پہلے شر کی بات میں نے ہی نکالی ہے ۱۲ ۵۳ کاندر آماجش یعنی یہ سمجھ لے کہ دشمن بھی ضرور حملہ کرے گا ۵۴ زوزن بروزن سوزن ایک شہر فارس کا نام جو ہرات اور نیشاپور کے درمیان تھا

درمواجہ حرمت داشتے و درغیبت نکو گفتے اتفاقاً ازو حرکتے در نظر

آمنے سامنے عزت کرتا اور پیٹھ پیچھے بھی تعریف کرتا اتفاقاً اس کی کوئی حرکت بادشاہ

ملک ناپسند آمد مصادرت فرمود و عقوبت کرد و سرہنگانِ بادشاہ

کی نظر میں ناپسند معلوم ہوئی اس نے جرمانہ کر دیا اور سزا کر دی اور بادشاہ کے سپاہی

بسوابق نعمتِ او معترف بودند و بہ شکرِ آں مرتہن در مدتِ توکیلِ او

اس کے پہلے احسانوں کے اقراری تھے اور اس کے شکریہ میں گروی تھے اُس کی سپردگی کے زمانہ میں

رفق و ملاطفت کردندے و زجر و معاقبت روا نداشتندے **قطعہ**

وہ سپاہی اس کے ساتھ نرمی اور مہربانی کرتے اور جھڑکنا اور سزا دینا مناسب نہ سمجھتے

صلح با دشمن اگر خواہی ہر گہ کہ ترا — در قفا عیب کند در نظرش تحسیں کن

تو اگر دشمن سے صلح چاہتا ہے تو جب وہ پیٹھ پیچھے تیری بُرائی کرے تو اُس کے سامنے اُس کی بھلائی بیان کر

سخن آخر بدہاں میگذرد موذی را — سخنش تلخ نخواہی دہنش شیریں کن

بات آخر موذی کے مُنہ ہی سے ہو کر نکلتی ہے ! اگر تو اُس کی کڑوی بات نہیں سننا چاہتا تو اُسکا منہ میٹھا کر دے

انچہ خطابِ ملک بود از عہدہ بعضے بیروں آمد و بہ بقیتے در زنداں بماند

بادشاہ نے جو الزامات لگائے تھے ان میں سے بعض سے وہ بری قرار ہو گیا اور باقی الزامات کی وجہ سے قید خانہ میں رہا

آوردہ اند کہ یکے از ملوکِ نواحی در خفیہ پیغامش فرستاد کہ ملوکِ آں طرف

بیان کرتے ہیں کہ اطراف کے کسی بادشاہ نے پوشیدہ طور پر اُس کے پاس پیغام بھیجا کہ اُس طرف کے بادشاہوں نے

قدرِ چناں بزرگوار ندانستند و بے عزتی کردند اگر رائے عزیزِ فلاں

آپ جیسے بزرگوار کی قدر نہ جانی اور توہین کی اگر فلاں عزیز (یعنی آپ کی) رائے

احسن اللہ[1] خلاصہ بجانبِ ما التفاتے کند در رعایت خاطرش ہر چہ تمامتر سعی

(خدا بہتر طریقہ پر آپ کو رہائی دے) ہماری جانب متوجہ ہو تو آپ کی دلداری کی ہر ممکن طریقہ پر کوشش کی

کردہ آید و اعیانِ ایں مملکت بدیدار او مفتقر[2] ند و جوابِ ایں حروف را

جائے گی اور اس حکومت کے ذمہ دار آپ کے دیدار کے آرزومند ہیں اور ان حرفوں کے جواب کے

منتظر خواجہ چوں بریں وقوف یافت از خطر[3] اندیشید در حال جوابے مختصر

منتظر ہیں وزیر کو جب اس کی خبر ہوئی تو خطرہ کا احساس کیا اور فوراً ایسا مختصر جواب

---

[1] احسن اللہ خلاصہ۔ بطریق دعا واقع ہے ۱۲ [2] مفتقر بمعنی محتاج۔ بسبب شدت اشتیاق کے استعمال ہوا ہے ۱۲

[3] از خطر آخر۔ یعنی یہ سوچا کہ ایسا نہ ہو آئندہ اس سے کوئی فتنہ فساد پیدا ہو ۱۲

که اگر برملا افتد فتنه نباشد برقفائے ورق نوشت و رواں کرد یکے از متعلقاں
اُس پرچہ کی پشت پر لکھکر روانہ کر دیا کہ اگر اس کی کسی کو خبر بھی ہو جائے تو کوئی فتنہ نہ پیدا ہو متعلقین میں سے

که بریں واقف بود مُلک را اِعلام کرد که فلاں راکه حبس فرمودۂ با ملوک
کسی نے جو اس راز سے باخبر تھا بادشاہ کو اطلاع کر دی کہ فلاں جسکو آپنے قید کیا ہے اطراف کے بادشاہوں

نواحی مراسلت دارد مُلک بہم برآمد و کشف ایں خبر فرمود قاصد
سے خط و کتابت رکھتا ہے بادشاہ کو غصہ آیا اور اس بات کی تحقیق شروع کر دی۔ قاصد

را بگرفتند و رسالت برخواندند نبشته بود که حُسن ظن بزرگاں بیش از
کو لوگوں نے گرفتار کر لیا اور خط پڑھا اس میں یہ لکھا تھا کہ بزرگوں کا حسن ظن ہماری فضیلت سے

فضیلتِ ماست و تشریفِ قبولے که فرمودند بندہ را امکانِ اجابت
زیادہ ہے اور قبول کرنے کی جو نوازش فرمائی ہے اس کا قبول کرنا میرے لئے ممکن نہیں

آں نیست بحکم آنکه پروردۂ نعمت ایں خاندان ست و باندک مایۂ تغیر
ہے اس لئے کہ میں اس خاندان کی نعمت کا پروردہ ہوں اور طبیعت کی ذرا سی رنجش کی

خاطرے باؤلی نعمتِ قدیم بے وفائی نتواں کرد۔ فرد
وجہ سے قدیم نعمت سے بے وفائی نہیں کی جا سکتی

آں را که بجائے تست ہر دم کرمے | عذرش بنہ ار کند بعمرے ستمے
جس کا تیرے اوپر ہر دم ایک کرم ہے | اگر وہ تمام عمر میں ایک ظلم کرے تو اس کو معذور سمجھ

مُلک را سیرتِ حق شناسیِ او خوش آمد و خلعت و نعمت بخشید و عُذر
بادشاہ کو اس کی حق شناسی کی عادت پسند آئی اور جوڑا اور انعام عطا کیا اور معذرت

خواست که خطا کردم که ترا بے جُرم و خطا بیازردم گفت اے خداوند
چاہی کہ مجھ سے قصور ہوا کہ تجھے بے خطا و بے جرم میں نے ستایا اس نے کہا اے آقا،

بندہ دریں حالت مرخداوند را خطائے نمی بیند بلے تقدیرِ خداوند تعالیٰ
غلام اس حالت میں آقا کی کچھ خطا نہیں سمجھتا ہاں تقدیر خداوندی ہی

چنیں بود که مرا یں بندہ را مکروہے رسد پس بدستِ تو اولیٰ ترکه حقوقِ
ایسی تھی کہ اس غلام کو کوئی تکلیف پہونچے تو وہ تکلیف جناب کے ہاتھوں زیادہ بہتر تھی اسلئے کہ

سوابقِ نعمت بریں بندہ داری و ایادی منت و حکما گفته اند مثنوی
اس غلام پر جناب کی پہلی نعمتوں کے حقوق اور احسان کی نعمتیں ہیں اور عقلمندوں نے کہا ہے

گر گزندت رسد ز خلق مرنج
اگر مخلوق سے تجھے تکلیف پہونچے تو رنجیدہ نہو

کہ نہ راحت رسد ز خلق نہ رنج
اس لئے کہ مخلوق کی جانب سے رنج و راحت نہیں پہونچتی ہے

از خداداں خلافِ دشمن و دوست
دشمن اور دوست کا اختلاف خدا ہی کی طرف سے جان

کہ دلِ ہر دو در تصرفِ اوست
اس لئے کہ دونوں کے دل اسی کے قبضہ میں ہیں!

گرچہ تیر از کماں ہمی گذرد
اگرچہ تیر کمان سے چلتا ہے

از کماں دار بیند اہلِ خرد
لیکن عقلمند اُسے کمان والے کی طرف سے سمجھتے ہیں!

حکایت

یکے را از ملوکِ عرب شنیدم کہ با متعلقانِ دیوان می

میں نے عرب کے ایک بادشاہ کے بارے میں سنا کہ کچہری والوں سے کہہ

گفت کہ مرسومِ فلاں را چندانکہ ہست مضاعف کنید کہ ملازمِ درگاہ است

رہا تھا کہ فلاں شخص کی تنخواہ جس قدر ہے اس سے دوگنی کردو کیونکہ وہ دربار کا حاضرباش ہے

و مترصدِ فرماں و دیگر خدمتگاراں بہ لہو و لعب مشغول و در ادائے

اور حکم کا منتظر رہتا ہے اور دوسرے خدمت گار کھیل کود میں مشغول اور خدمت کرنے

خدمت متہاوِن صاحبدلے بشنید فریاد و خروش از نہادش برآمد پرسیدندش

میں سست ہیں ایک صاحب دل نے یہ بات سن لی فریاد اور شور کرنا شروع کردیا لوگوں نے اس سے دریافت

کہ چہ دیدی گفت مراتبِ بندگاں بدرگاہِ خدائے تعالیٰ ہمیں مثال دارد

کیا کہ تو نے کیا دیکھا اس نے کہا کہ بندوں کے مرتبے خدا کے دربار میں بھی اسی طرح ہیں

نظم

دو بامداد اگر آید کسے بخدمتِ شاہ
دو روز صبح کو اگر کوئی بادشاہ کے دربار میں حاضر ہو

سوم ہر آئنہ در وے کند بلطف نگاہ
تو تیسرے روز بادشاہ اُس کو مہربانی سے دیکھے

امید ہست پرستندگانِ مخلص را
اخلاص سے عبادت کرنے والوں کو یہ امید ہے

کہ ناامید نگردند ز آستانِ الٰہ
کہ وہ خدا کی چوکھٹ سے ناامید واپس نہ ہونگے

مثنوی

مہتری در قبولِ فرمان ست
حکم کے ماننے میں سرداری ہے

ترکِ فرماں دلیلِ حرمان ست
حکم نہ ماننا محرومی کی دلیل ہے

ہر کہ سیمائے راستاں دارد | سر خدمت بر آستاں دارد
جو سچوں کی پیشانی رکھتا ہے | وہ خدمت گذاری کے لئے سر جو کھٹ پر جھکا تو رکھتا ہے

حکایت (۲۷) ظالمے را حکایت کنند کہ ہیزم درویشاں خریدے بحیف
ایک ظالم کا قصہ بیان کرتے ہیں | کہ وہ غریبوں کی لکڑیاں ظلم سے خریدتا

و تونگراں را دادے بہ طرح صاحبدلے بروگذر کرد و گفت **بیت**
اور نفع کے ساتھ مالداروں کے ہاتھ فروخت کر ڈالتا ایک صاحب دل اس کے پاس سے گذرا اور

ماری تو کہ ہر کرا بہ بینی بزنی | یا بوم کہ ہر کجا نشینی بکنی
تو سانپ ہے کہ جس کو دیکھتا ہے ڈس لیتا ہے | یا تو الو ہے کہ جہاں کہیں بیٹھتا ہے اجاڑ دیتا ہے

قطعہ

زورت ار پیش می رود با ما | با خداوندِ غیب داں نرود
اگر تیرا زور ہم پر چلتا ہے | تو غیب کے جاننے والے خدا پر نہیں چلے گا
زورمندی مکن بر اہلِ زمیں | تا دعائے بر آسماں نرود
زمین والوں پر زبردستی مت کر | تاکہ آسمان پر کوئی بددعا نہ جائے

ظالم از گفتنِ او برنجید و روی از نصیحتش درہم کشید و بدو التفات نہ کرد
ظالم اس کے کہنے سے رنجیدہ ہو گیا اور اس کی نصیحت سے منہ پھیر لیا اور اس کی طرف توجہ نہ کی

اَخَذَتْہُ الْعِزَّۃُ بِالْاِثْمِ تا شبے آتش مطبخ در انبارِ ہیزم افتاد و
اسکو اس کے مرتبے نے گناہ میں مبتلا کر دیا یہاں تک کہ ایک رات کو مطبخ کی آگ لکڑیوں کے ڈھیر میں لگ گئی اور

سایرِ املاکش بسوخت و از بسترِ نرمش بر خاکسترِ گرم نشاند اتفاقاً ہماں شخص بر
اس کی تمام چیزیں جل گئیں اور اس کو نرم بستر سے گرم بھوبل پر لا بٹھایا اتفاقاً وہی شخص اس کے

وے بگذشت دیدش کہ با یاران ہمی گفت ندانم کہ ایں آتش از کجا در
پاس سے گذرا اس کو دیکھا کہ دوستوں سے کہہ رہا تھا نہ معلوم کہ یہ آگ کہاں سے میرے

سرائے من افتاد گفت از دودِ دلِ درویشاں **قطعہ**
گھر میں لگی اس نے کہا غریبوں کے دل کے دھوئیں سے

لہ سیما کے معنی پیشانی کے ہیں۔ مگر یہاں تقدیر اور نصیب مراد ہے مطلب، یہ کہ جس کی قسمت سچوں کی سی ہوگی اس کو خدمت کرنے سے عار نہ ہوگی ۱۲

حذر کن ز دُود دُرونہائے ریش
زخمی دلوں کے دھوئیں سے بچ
کہ ریشِ دروں عاقبت سر کند
کیونکہ اندر کا زخم آخر کار ظاہر ہوتا ہے

بہم بر مکن تا توانی دلے
جب تک ممکن ہو کسی دل کو پریشاں نہ کر
کہ آہے جہانے بہم بر کند
اس لئے کہ ایک آہ ایک جہان کو پریشان کر دیتی ہے

لطیفہ

برطاقِ کیخسرو نوشتہ بود
کیخسرو کے محراب پر لکھا تھا

قطعہ

چہ سالہائے فراوان و عمرہائے دراز
برسہا برس اور دراز عمر کیا
کہ خلق بر سرِ ما در زمیں بخواہد رفت
جب کہ زمین میں دفن ہونے پر مخلوق ہمارے سر سے چلیگی

چنانکہ دست بدست آمدست ملک بما
جیسا کہ ہاتھوں ہاتھ ملک ہمارے پاس آیا ہے
بدستہائے دگر ہمچنیں بخواہد رفت
اسی طرح دوسرے ہاتھوں میں چلا جائے گا

حکایت (۲۸)

یکے در صنعتِ کشتی گرفتن سر آمدہ بود سہ صد و شصت
ایک شخص کشتی لڑنے کے فن میں مشہور تھا تین سو ساٹھ (۳۶۰)
بندِ فاخر دانستے و ہر روز ازاں بنوعے کشتی گرفتے مگر گوشۂ خاطرش باجمالِ
قابلِ فخر داؤ جانتا تھا اور ہر روز ان میں سے ایک داؤ سے کشتی لڑتا تھا اتفاقاً ایک شاگرد کے
یکے از شاگرداں میلے داشت سہ صد و پنجاہ و نہ بندش در آموخت مگر یک
حسن پر اس کی طبیعت مائل تھی تین سو انسٹھ داؤ اس کو سکھا دیئے مگر ایک
بند کہ در تعلیم آں دفع انداختے و تاخیر کردے فی الجملہ پسر در قوت و صنعت
داؤں کہ اس کے سکھانے میں دیر اور تاخیر کرتا خلاصہ یہ کہ وہ لڑکا طاقت اور ہنر میں
سر آمد و کسے را در زمانِ او با او امکانِ مقاومت نبودے تا بحدّیکہ
مشہور ہو گیا اور کسی کو اس کے زمانہ میں اس سے مقابلہ کی طاقت نہ تھی یہاں تک کہ اس نے
پیشِ ملکِ آں روزگار گفتہ بود کہ اُستاد را فضیلتے کہ بر من ست از
اُس زمانہ کے بادشاہ سے یہ کہدیا تھا کہ اُستاذ کو میرے اوپر جو کچھ بڑائی حاصل ہے وہ
روئے بزرگی ست و حقِ تربیت وگرنہ بقوت ازو کمتر نیستم و بصنعت با او
بزرگی اور پرورش کے حق کی وجہ سے ہے ورنہ میں قوت میں اُس سے کم نہیں ہوں اور فن میں اس کے

لہ چہ سالہائے الخ یہ چہ تحقیر کے لئے ہے یعنی یہ سامان اور مال و متاع کیا چیز ہے ۱۲

برابرم ملک را ایں سخن دشوار آمد فرمود تا مصارعت کنند مقامے مثلع ترتیب
برابر ہوں بادشاہ کو یہ بات گراں گذری اُس نے کشتی لڑنے کا حکم دیدیا ایک وسیع میدان تیار

کردند ارکانِ دولت و اعیانِ حضرت و زور آوران روئے زمین
کیا اور حکومت کے عہدیدار اور دربار کے سردار اور تمام دنیا کے پہلوان

حاضر شدند پسر چوں پیل مست در آمد بصد متے کہ اگر کوہِ رویئن[1]
جمع ہوگئے لڑکا مست ہاتھی کی طرح ایسے زور کے ساتھ نکلا کہ اگر کانسی کا پہاڑ

بودے از جائے برکندے استاد دانست کہ جواں بقوت از و برتر
بھی ہوتا تو اُکھاڑ پھینکتا استاد سمجھ گیا کہ لڑکا قوت میں اس سے بڑھا

ست بداں بندِ غریب کہ از وے پنہاں داشتہ بود باو در آویخت
ہوا ہے اس عجیب وغریب داؤں سے جو کہ اس سے چھپا رکھا تھا اس کے ساتھ بھڑ گیا

پسر دفع آں ندانست بہم بر آمد استاد از زمینش بدو دست بالائے
لڑکا اس کا توڑ نہ سمجھا پریشان ہوگیا استاد نے اس کو دونوں ہاتھوں سے اپنے سر پر

سر بُرد و بر زمین زد غریو از خلق برخاست ملک فرمود اُستاد را
اُٹھالیا اور زمین پر پٹخ دیا لوگوں میں غوروچیخ گیا بادشاہ نے استاد کو جوڑا

خلعت و نعمت دادن و پسر را زجر فرمود و ملامت کرد کہ با پروردۂ خویش
اور انعام دینے کا حکم فرمایا اور لڑکے کو جھڑکا اور ملامت کی کہ تو نے اپنے پالنے والے کے ساتھ

دعویٰ مقاومت کردی و بسر نبردی گفت اے پادشاہِ روئے
مقابلہ کا دعویٰ کیا اور پھر کچھ نہ کرسکا اُس نے کہا اے روئے زمین (تمام دنیا)

زمین بزور آوری بر من دست نیافت بلکہ مرا از علمِ کشتی دقیقہ ماندہ بود و
کے بادشاہ وہ اپنی طاقت کی وجہ سے مجھ سے نہیں جیتا بلکہ مجھ سے کشتی کے فن کا ایک پیچ باقی تھا اور

ہمہ عمر از من دریغ می داشت امروز بداں دقیقہ بر من غالب آمد
وہ تمام عمر اس کے سکھانے سے بچتا رہا آج اسی پیچ سے وہ مجھ پر غالب آگیا

گفت از بہر چنیں روزے نگہ میداشتم کہ زیرکاں گفتہ اند دوست
اس نے کہا اسی دن کے لئے میں نے اس کو بچا رکھا تھا کہ عقلمندوں نے کہا ہے دوست

---

[1] روئیں کانسہ کو کہتے ہیں جو ایک مرکب دھات ہوتی ہے جو رانگے اور تانبے سے تیار کرتے ہیں اور یہ نہایت مضبوط ہوتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ رانگ اور پیتل سے یا تانبے اور جست سے بناتے ہیں ۱۲

راچندان قوّت مدہ کہ اگر دشمنی کند تواند نشنیدہ کہ چہ گفت آں کہ
کو اتنی طاقت نہ دے کہ اگر وہ دشمنی کرے تو کرسکے کیا تو نے نہیں سنا کہ اُس شخص نے

از پروردۂ خویش جفا دید قطعہ

جس نے اپنے پروردہ سے بیوفائی دیکھی کیا کہا

یا وفا خود نبود در عالم	یا مگر کس دریں زمانہ نہ کرد
یا وفا کبھی دنیا میں تھی ہی نہیں	یا شاید کسی نے اس زمانہ میں کی ہی نہیں ہے
کس نیاموخت علم تیر از من	کہ مرا عاقبت نشانہ نہ کرد
مجھ سے کسی ایسے شخص نے تیر اندازی کا علم نہیں سیکھا	کہ جس نے انجام کار مجھے ہی نشانہ نہ بنایا

حکایت ۲۹ درویشے مجرّد بگوشۂ صحرائے نشستہ بود پادشاہے بر

ایک فقیر تنہا ایک جنگل کے گوشہ میں بیٹھا ہوا تھا ایک بادشاہ اُسکے پاس
وے بگذشت درویش از آنجا کہ فراغ ملک قناعت[1] ست بدو التفات
سے گذرا فقیر نے اس سبب سے کہ فارغ البالی قناعت کی سلطنت ہے اس کی طرف دھیان
نہ کرد سلطاں از انجا کہ سطوت سلطنت ست برنجید و گفت ایں طائفہ
نہ کیا بادشاہ اس سبب سے کہ حکومت کا ایک دبدبہ ہے اس پر بگڑ گیا اور کہنے لگا کہ گودڑی پوشوں
خرقہ پوشاں امثال بہائم اند اہلیت و آدمیت ندارند وزیر نزدیک آمد و گفت
کا یہ گروہ جانوروں کی طرح ہے لیاقت اور انسانیت نہیں رکھتا وزیر اس کے نزدیک آیا اور کہا
اے جوانمرد سلطانِ روئے زمین بر تو گذر کرد خدمتے نہ کردی و شرائطِ
اے مردِ خدا روئے زمین کا بادشاہ تیرے پاس سے گذرا تو نے کوئی خدمت نہ کی اور قواعد
ادب بجا نیاوردی گفت سلطان را بگوی تا توقع خدمت از کسے دارد
آداب بجا نہ لایا اُس نے کہا بادشاہ سے کہدینا کہ خدمت کی توقع اُس سے رکھے جو
کہ توقع بہ نعمت او دارد دیگر بدانکہ ملوک از بہر پاسِ رعیت اند نہ رعیت
اس سے انعام کی امید رکھتا ہے اور دوسرے یہ بھی سمجھ لے کہ بادشاہ رعایا کی نگہبانی کے لئے ہیں نہ کہ رعایا

از بہر طاعتِ ملوک قطعہ

بادشاہوں کی تابعداری کے لئے

---

[1] قناعت۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنا۔ زیادہ کی حرص میں نہ پڑنا۔ مطلب یہ کہ فقیر چوں کہ قناعت کے ملک کا مالک ہوتا ہے ۱۲ ؛

پادشہ پاسبانِ درویش ست
بادشاہ فقیر کا چوکیدار ہے!
گرچہ رامش بفرِّ دولتِ اوست
اگرچہ اس بادشاہ کی دولت کے دبدبہ کیوجہ سے اسکا نام بعدار ہے

گوسپند از برائے چوپاں نیست
بھیڑ چرواہے کے لئے نہیں ہے
بلکہ چوپاں برائے خدمتِ اوست
بلکہ چرواہا اُس کی خدمت کے لئے ہے

قطعہ

گر یکے را تو کامراں بینی
اگر تو ایک کو بامراد دیکھتا ہے
دیگرے را دل از مجاہدہ ریش
تو دوسرے کا دل محنت و مشقت سے زخمی ہے

روز کے چند باش تا بخورد
تو تھوڑے دن ٹھہر تاکہ ظالم کے
خاک مغزِ سرِ خیال اندیش
سر کے بھیجے کو مٹی کھالے

فرقِ شاہی و بندگی برخاست
بادشاہی اور غلامی کا فرق مٹ گیا
چوں قضائے نبشتہ آمد پیش
جب لکھی ہوئی تقدیر سامنے آئی

گر کسے خاکِ مردہ باز کند
اگر کوئی مُردے کی قبر کھولے
نشناسد تو انگر از درویش
تو مالدار اور فقیر میں فرق نہیں کرسکتا

مَلِک را گفتن درویش استوار آمد گفت از من چیزے بخواہ گفت آں

بادشاہ کو فقیر کی بات بھلی معلوم ہوئی اس نے کہا کہ مجھ سے کچھ مانگ فقیر نے کہا یہہ

ہمی خواہم کہ دگر بارہ زحمت بمن ندہی گفت مرا پندے دہ گفت

مانگتا ہوں کہ دوبارہ آکر آپ مجھے تکلیف نہ پہونچائیں بادشاہ نے کہا کچھ نصیحت کر فقیر نے کہا

بیت

دریاب کنوں کہ نعمت ہست بدست
کچھ کرلے اس لئے کہ اب نعمت ہاتھ میں ہے
کیں دولت و ملک میرود دست بدست
اس لئے کہ یہ دولت اور ملک ہاتھوں ہاتھ جاتا ہے

حکایت (۳۰) یکے از وزرا پیش ذوالنون[1] مصری رفت و ہمت خواست کہ

ایک وزیر حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا اور دُعا چاہی کہ

---

[1] ذوالنون مصری۔ ایک ولی اللہ کا لقب جو مصر کے رہنے والے تھے ثوبان آپ کا نام تھا۔ ابوالفیض کنیت تھی۔ آپ کے لقب کے متعلق یہ قصہ مشہور ہے کہ آپ ایک کشتی میں سوار تھے اور وہاں ایک قیمتی موتی گم ہوگیا تھا۔ لوگوں کو (باقی برصفحہ آئندہ)

روز و شب بخدمتِ سلطان مشغول می باشم و بخیرش امیدوار و از

دن رات بادشاہ کی خدمت میں لگا رہتا ہوں اور اس کی خیر کا امیدوار ہوں اور

عقوبتش ترساں، ذوالنون بگریست و گفت اگر من خدائے عزوجل را

اس کے غصہ سے ڈرتا رہتا ہوں۔ حضرت ذوالنون رو پڑے اور فرمایا اگر میں خدائے غالب اور بزرگ سے

چناں ترسیدمے کہ تو سلطاں را از جملہ صدیقاں بودمے **قطعہ**

ایسا ڈرتا جیسا کہ تو بادشاہ سے ڈرتا ہے تو میرا شمار صدیقوں میں ہوتا

گر نبودے امیدِ راحت و رنج | پائے درویش بر فلک بودے

اگر راحت و رنج کی امید نہ ہوتی | تو فقیر کا قدم آسمان پر ہوتا

گر وزیر از خدا بترسیدے | ہمچناں کز ملک ملک بودے

اگر وزیر خدا سے ایسا ڈرتا جیسا کہ | بادشاہ ہے، تو فرشتہ ہوتا

حکایت (۳۱) پادشاہے بکشتنِ اسیرے اشارت کرد گفت اے مَلِک

ایک بادشاہ نے ایک قیدی کے قتل کا حکم دیا اُس نے کہا اے بادشاہ

موجبِ خشمے کہ ترا بر من ست آزارِ خود مجوی کہ ایں عقوبت بر من بیک نفس

اس غصہ کے سبب جو آپ کو مجھ پر ہے اپنے آپ کو نہ ستائیے کہ یہ سزا تو میرے اوپر ایک سانس

سر آید و بزہ آں بر تو جاوید بماند **قطعہ**

میں گذر جائے گی لیکن اس کا گناہ آپ پر ہمیشہ رہے گا

دورانِ بقا چو بادِ صحرا بگذشت | تلخی و خوشی و زشت و زیبا بگذشت

زندگی کا زمانہ جنگل کی ہوا کی طرح گذر گیا | رنج، خوشی، بُرا، اچھا سب گذر گیا،

پنداشت ستمگر کہ جفا بر من کرد | بر گردنِ او بماند و بر ما بگذشت

ظالم سمجھا کہ اُس نے مجھ پر ظلم کیا | وہ ظلم اُس کی گردن پر رہا اور ہم پر گذر گیا

مَلِک را نصیحتِ او سود مند آمد و از سرِ خونِ او در گذشت

بادشاہ کو اس کی نصیحت پسند آئی اور اس کا خون معاف کر دیا،

حکایت (۳۲) وزرائے نوشیرواں در مُہمّے[1] از مصالحِ مملکت اندیشہ

نوشیرواں کے وزیر حکومت کی کسی ضروری مصلحت کے بارے میں سوچ

(بقیہ صفحہ گذشتہ) آپ پر شبہ ہوا تو آپ نے مچھلیوں کو حکم دیا اور بے تعداد مچھلیاں دبے موتی لے کر دریا سے نکل آئیں کتب سیر میں یہ قصہ بہ تفصیل مرقوم ہے (متعلقہ صفحہ ہذا)، [1] مُہم کوئی بڑا اہم کام جس کی وجہ سے فکر ہو۔ ۱۲

همی کردند و هریک از ایشان دگرگونه رای همی زدند و ملک همچنان

رہے تھے اور ان میں سے ہر ایک جدا قسم کی رائے دے رہا تھا اور بادشاہ نے بھی اسی طرح

تدبیرے اندیشه کرد بزرجمهر را رائے ملک اختیار آمد وزیران در

ایک تدبیر سوچی بزرجمہر کو بادشاہ کی رائے پسند آئی وزیروں نے پوشیدہ

نهانش گفتند رائے ملک راچه مزیت دیدی بر فکر چندیں حکیم گفت بموجب

طور پر اُس سے کہا تو نے بادشاہ کی رائے میں اتنے عقلمندوں کی رائے کی بہ نسبت کیا فوقیت دیکھی اس نے کہا کہ اس کا

آنکه انجام کار معلوم نیست ورائے همگنان در مشیّت ست که صواب آید

سبب یہ ہے کہ معاملہ کا نتیجہ تو معلوم نہیں ہے اور سب کی رائے مشیت خداوندی کے قبضہ میں ہے کہ ٹھیک بیٹھے

یا خطا پس موافقت رائے ملک اولیٰ ترست تا اگر خلاف صواب آید

یا غلط تو بادشاہ کی رائے کی ہی موافقت کرنا بہتر ہے تاکہ اگر وہ غلط بھی ہو تو

بعلت متابعت از معاتبت ایمن باشم که گفته اند مثنوی

اس کا کہا ماننے کی وجہ سے ناراضی سے بچا رہوں گا کیونکہ عقلمندوں نے کہا ہے

خلاف رائے سلطاں رائے جستن	بخون خویش باشد دست شستن
بادشاہ کی رائے کے خلاف رائے قائم کرنا	اپنے خون سے ہاتھ دھونا ہے
اگر شه روز را گوید شب ست ایں	بباید گفت اینک ماه و پروین[1]
اگر بادشاہ دن کو کہے کہ یہ رات ہے	تو کہنا چاہیئے کہ یہ چاند ہے اور یہ ثریا ہے

حکایت (۳۳) شنیدم دے گیسو[2] بافت یعنی علوی[3] ست و با قافلۂ حجاز

ایک مکار نے زلفیں گوندھی یعنی کہ وہ علوی ہے اور حاجیوں کے قافلہ کیساتھ

بشهر در آمد و چنان نمود که از حج می آید و قصیدۂ[4] نیکو پیش ملک بُرد و دعویٰ

شہر میں آیا اور یہ ظاہر کیا کہ حج کرکے آرہا ہے اور ایک اچھا قصیدہ بادشاہ کے سامنے لیگیا اور دعویٰ

---

[1] پروین فارسی میں ستاروں کے گچھے کو کہتے ہیں اور وہ چھ ستارے ہیں جو خوشۂ انگور کی طرح ہیں عربی میں ان کو ثریا کہتے ہیں ۱۲ [2] علوی۔ اولاد حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ سیدوں کی دو شاخیں ہیں ایک اولاد حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا۔ دوسرے وہ جو دوسری بیویوں سے ہے جنکو آپ بعد رحلت جناب سیدہ اپنے نکاح میں لائے تھے ۱۲ [3] قصیدہ نظم کی ایک صنف ہے۔ جس کے مطلع کے دونوں قافیہ اور باقی شعروں کے دوسرے مصرعوں کے قافیے ہم وزن ہوں اور اس کے کم از کم پندرہ شعر ہونا چاہیئیں۔ قصیدہ میں اکثر بادشاہوں یا امرا کی مدح کی جاتی ہے

[4] یعنی بال گوندے جو علامت سید ہونے کی تھی ۱۲

کرد کہ وے گفتہ است مَلِک نعمتش داد و اکرام کرد و نوازش بیکراں فرمود
کیا کہ اس نے کہا ہے بادشاہ نے اس کو انعام دیا اور تعظیم کی اور بے انتہا مہربانی کی

تا یکے از ندمائے حضرتِ پادشاہ کہ دراں سال از سفر دریا آمدہ بود گفت
یہاں تک کہ بادشاہ کے دربار کے ایک مصاحب نے کہا جو اسی سال دریا کا سفر کرکے آیا تھا کہ

من اورا عیدِ اضحیٰ در بصرہ[۱] دیدم معلوم شد کہ حاجی نیست دیگر گفت من
میں نے بقر عید کے موقع پر اس کو بصرہ میں دیکھا تھا تو پتہ چلا کہ وہ حاجی نہیں ہے دوسرے مصاحب نے کہا کہ میں

اورا شناسم و پدرش نصرانی بود در ملاطیہ[۲] بدانستند کہ شریف نیست
اس کو پہچانتا ہوں اور اس کا باپ تو ملاطیہ میں ایک عیسائی تھا تو سب کو معلوم ہوگیا کہ وہ شریف النسب نہیں

و شعرش را در دیوان انوری[۳] یافتند مَلِک فرمود تا بزنندش و نفی کنند
ہے اور اس کے اشعار انوری کے دیوان میں مل گئے بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کو ماریں اور شہر بدر کر دیں

تا چندیں دروغ در ہم چرا گفت گفت اے خداوندِ روئے زمین سخنے ماندہ
کہ اس نے پے در پے اتنے جھوٹ کیوں بولے اس نے کہا اے روئے زمین کے بادشاہ ایک بات رہگئی

است در خدمت بگویم اگر راست نباشد بہ ہر عقوبت کہ خواہی سزاوارم
ہے وہ آپ کی خدمت میں عرض کر دوں اگر وہ سچی نہ ہو تو جو سزا آپ چاہیں میں اس کا مستحق

آنم گفت آں چیست، گفت

ہوں بادشاہ نے کہا وہ کیا ہے اس نے کہا

قطعہ

غریبے گرت ماست پیش آورد
اگر کوئی اجنبی آپ کے سامنے چھاچھ لائے تو

دو پیمانہ آب ست و یک چمچہ دوغ
دو پیالہ پانی اور ایک چمچہ دہی ہے

اگر راست میخواہی از من مشنو
اگر سچی بات سننا چاہتے ہیں تو مجھ سے مت سنیے

جہاندیدہ بسیار گوید دروغ
جس نے دنیا زیادہ دیکھی ہو وہ جھوٹ زیادہ بولتا ہے

مَلِک را خندہ گرفت گفت ازیں راست تر سخن تا عمر او باشد نہ گفتہ است
بادشاہ کو ہنسی آگئی اور اس نے کہا کہ اس نے اپنی عمر بھر اس سے زیادہ سچی بات نہیں کہی ہے ، اور

فرمود تا آنچہ مامول اوست مہیا دارند و بدلخوشی اورا گسیل کنند۔
حکم دیا کہ جو اس کی تمنا ہو وہ پوری کر دیں اور ہنسی خوشی اس کو رخصت کر دیں

---

[۱] بصرہ ایک شہر ہے جو عراق عرب میں واقع ہے [۲] ملاطیہ بفتح ایک شہر کا نام جو روم اور فرنگ کے درمیان واقع ہے اور وہاں ایک قلعہ نہایت مضبوط تھا [۳] انوری محمود غزنوی کے زمانے کا ایک نہایت مشہور و معروف شاعر تھا ۱۲

حکایت (۳۴) یکے از پسران ہارون الرشید پیش پدر آمد خشم آلودہ کہ مرا
ہارون الرشید کا ایک لڑکا غصہ میں بھرا ہوا باپ کے پاس آیا اور بولا کہ فلاں
فلاں سرہنگ زادہ دشنام مادر داد ہارون الرشید ارکان دولت را گفت
سپاہی کے لڑکے نے مجھے ماں کی گالی دی ہے ہارون الرشید نے ارکان دولت سے دریافت کیا
جزائے چنیں کسے چہ باشد یکے اشارت بکشتن کرد و یکے بزباں بریدن
کہ ایسے شخص کی کیا سزا ہونی چاہیئے ایک نے قتل کا مشورہ دیا اور ایک نے زبان کاٹنے کا
و دیگرے بمصادرت و نفی ہارون گفت اے پسر کرم آنست کہ عفو کنی و اگر
دوسرے نے ضبطی جائیداد اور جلا وطنی کا ہارون الرشید نے کہا اے بیٹا شرافت تو یہ ہے کہ تو معاف کر دے اور
نتوانی تو نیز دشنام مادر دہ چندانکہ از حد در نگذرد پس آنگہ ظلم از طرف
اگر یہ نہیں کر سکتا تو تو بھی اُس کو ماں کی گالی دیدے اس قدر کہ حد سے نہ گذرے ورنہ پھر تیری طرف سے ظلم
تو باشد و دعوی از قبل خصم **قطعہ**
ہوگا اور مخالف کی جانب سے دعوے

نہ مرد ست آں بنزدیک خردمند — کہ با پیل دماں پیکار جوید
عقلمند کے نزدیک مرد وہ نہیں ہے جو مست ہاتھی سے لڑے
بلے مرد آنکس ست از روئے تحقیق — کہ چوں خشم آیدش باطل نگوید
ہاں مرد وہ ہے تحقیق کے اعتبار سے کہ جب اس کو غصہ آئے تو بیہودہ نہ بکے

حکایت (۳۵) با طائفہ بزرگاں بہ کشتی نشستہ بودم زورقے در پے ما
میں بزرگوں کے ایک گروہ کے ساتھ کشتی میں سوار تھا ہمارے پیچھے ایک چھوٹی کشتی
غرق شد دو برادر بگرد لبے در افتادند یکے از بزرگاں گفت ملاح را کہ
ڈوب گئی اور دو بھائی بھنور میں پھنس گئے بزرگوں میں سے ایک نے ملاح سے کہا کہ
بگیر ایں ہر دو را کہ بہر یکے پنجاہ دینار ت بدہم ملاح در آب رفت
ان دونوں کو پکڑ لے ہر ایک کے عوض تجھے پچاس دینار دوں گا ملاح پانی میں کود پڑا
تا یکے را برہانید و آں دیگر ہلاک شد گفتم بقیت عمرش نماندہ بود ازیں
چنانچہ ایک کو نکال لایا اور دوسرا مر گیا میں نے کہا اس کی عمر باقی نہ تھی ، اسی

لہ ہارون الرشید خلفائے عباسیہ میں سے ایک خلیفہ کا نام تھا جو نہایت عادل ذی ہمت اور سخی تھا ۱۲

سبب در گرفتن او تاخیر کردی و دراں دیگر تعجیل ملّاح بخندید و گفت انچہ تو
وجہ سے تو نے اس کے پکڑنے میں دیر لگائی اور دوسرے کے پکڑنے میں جلدی کی ملاح ہنسا اور کہا جو آپ نے

گفتی یقین ست و سببے دیگر ست گفتم آں چیست گفت میل خاطر من
فرمایا وہ یقینی بات ہے اور ایک دوسرا سبب بھی ہے میں نے کہا وہ کیا ہے اس نے کہا میری طبیعت کا

بہ رہانیدن ایں یکے بیشتر بود کہ وقتے در بیابان ماندہ بودم مرا بر شتر ے
رجحان اس ایک کو بچانے کی طرف زیادہ تھا اس لئے کہ ایک دفعہ میں جنگل میں تھک گیا تھا تو اس نے مجھے اونٹ

نشاند و از دستِ آں دِگر تازیانہ خوردہ بودم در طفلی گفتم صَدَقَ اللّٰہُ
پر بٹھا لیا تھا اور اس دوسرے کے ہاتھ سے میں نے بچپنے میں کوڑا کھایا تھا میں نے کہا خدا تعالیٰ نے سچ فرمایا

تَعَالٰی مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ وَمَنْ اَسَاءَ فَعَلَیْھَا قطعہ
ہے جو نیک کام کرتا ہے وہ اپنے لئے کرتا ہے اور جو برائی کرتا ہے اپنے لئے کرتا ہے

تا توانی درونِ کس مخراش	کاندریں راہ خارہا باشد
جب تک ممکن ہو کسی کا دل زخمی نہ کر	اس لئے کہ اس راستہ میں بہت کانٹے ہیں
کارِ درویش مستمند برآر	کہ ترا نیز کارہا باشد
حاجتمند فقیر کا کام نکال دے	اس لئے کہ تیرے بھی بہت سے کام ہونے ہیں

حکایت (۳۶) دو برادر بودند یکے خدمتِ سلطاں کردے و دیگرے بسعی
دو بھائی تھے ایک بادشاہ کی نوکری کرتا تھا اور دوسرا اپنے بازو

بازو خوردے بارے ایں توانگر گفت درویش را کہ چرا خدمت نہ کنی تا از
کی کمائی کھاتا تھا ایک مرتبہ اس مالدار نے اس فقیر کو کہا کہ تو بادشاہ کی نوکری کیوں نہیں کر لیتا تاکہ

مشقتِ کار کردن برہی گفت تو چرا کار نہ کنی تا از مذلتِ خدمت رستگاری
مزدوری کی محنت سے چھوٹ جائے اس نے کہا تو مزدوری کیوں نہیں کرتا تاکہ خدمتگاری کی ذلت سے چھٹکارا

یابی کہ خردمنداں گفتہ اند کہ نانِ جَو خوردن و نشستن بہ کہ زرّیں
حاصل کرلے اس لئے کہ عقلمندوں نے کہا ہے کہ جو کی روٹی کھا لینا اور بیٹھ جانا زریں پیٹی باندھنے اور

۱؎ کاندریں راہ سے مراد مردم آزاری کا طریقہ ۱۲ ۲؎ یعنی تو اوروں کے کام نکالے گا تو تیرے کام بھی نکلتے رہیں گے ۱۲ ۳؎ سعی بازو سے مراد غالباً پیشہ وری اور ہنرمندی ہے ۱۲ ۴؎ نوکر اور چپراسی وغیرہ بادشاہوں کی خدمت میں پٹکا باندھ کر کھڑے ہوتے تھے ۱۲ ؛

بستن و بخدمت استادن بیت

دربار میں کھڑا رہنے سے بہتر ہے

بدست آہک تفتہ کردن خمیر	بہ از دست بر سینہ پیش امیر
ہاتھ سے گرم چونے کو گوندھنا	امیر کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنے سے بہتر ہے

قطعہ

عمر گرانمایہ دریں صرف شد	تا چہ خورم صیف و چہ پوشم شتا،
قیمتی عمر اسی میں صرف ہو گئی	کہ گرمیوں میں کیا کھاؤں اور جاڑوں میں کیا پہنوں
اے شکم خیرہ بنانے بساز	تا نہ کنی پشت بخدمت دوتا
اے بے شرم ایک روٹی پر قناعت کرلے	تاکہ خدمت گاری میں کمر دوہری نہ کرے

حکایت (۳۷) کسے مژدہ پیش نوشیروان عادل برد و گفت شنیدم کہ

کوئی آدمی نوشیرواں عادل کے پاس خوشخبری لے گیا اور کہا کہ میں نے سنا ہے کہ

فلاں دشمن ترا خدائے تعالیٰ برداشت گفت ہیچ شنیدی کہ مرا بگذاشت و رد

تیرے فلاں دشمن کو خدائے تعالیٰ نے اٹھا لیا اس نے کہا کیا تو نے یہ بھی سنا کہ اس نے مجھے چھوڑ دیا۔

اگر مرد عدو جائے شادمانی نیست	کہ زندگانی ما نیز جاودانی نیست
اگر دشمن مر گیا تو خوشی کا موقع نہیں ہے	اس لئے کہ ہماری زندگی میں بھی ہمیشگی نہیں ہے

حکایت (۳۸) گروہے حکما در بارگاہ کسریٰ بہ مصلحتے در سخن ہمی گفتند و بزرجمہر

عقلمندوں کی ایک جماعت کسریٰ کے دربار میں کسی تدبیر میں مشورہ کر رہی تھی اور بزرجمہر

کہ مہتر ایشاں بود خاموش بود سوال کردندش کہ با ما دریں بحث چرا سخن

جو ان کا سردار تھا چپ تھا انہوں نے اس سے کہا کہ تم ہمارے ساتھ اس بحث میں کیوں بات چیت

نگوئی گفت وزیراں بر مثال اطبا اند و طبیب دارو ندہد مگر بہ سقیم

نہیں کرتے اس نے کہا وزیروں کی مثال طبیبوں کی سی ہے اور طبیب بیمار ہی کو دوا دیتا ہے

---

۵۱ آہک تفتہ بدست خمیر کردن سے مراد انتہائی تکلیف۔ یعنی کسی امیر کے سامنے مؤدبانہ سینے پر ہاتھ رکھکر کھڑے ہونے سے بہتر ہے کہ وہ ہاتھ جلتے ہوئے چونے سے جل جائے ۵۲ مرا بگذاشت یعنی کیا مجھے ہمیشہ کے لئے آزاد کر دیا کیا اب مجھ کو اپنی موت کا غم نہیں رہا ۱۲ ۵۳ کسریٰ نوشیرواں کا نام ہے اور ہر بادشاہان فارس کا بھی لقب ہے۔ اس کی جمع اکاسرہ ہے اور یہ بکسر کاف عربی ہے ۵۴ بزرجمہر نوشیرواں کے وزیر اعظم کا نام تھا ۱۲

پس چوں بینم کہ رائے شما برصواب ست مرا برسر آں سخن گفتن حکمت نباشد
جب میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ تمہاری رائے درست ہے تو اس پر میرا بات کرنا دانائی نہ ہوگی

مثنوی

چو کارے بے فضول من برآید
جو کام میرے بات بنائے بدون نکل جائے۔
مرا در وے سخن گفتن نشاید
مجھے اس میں بات نہ کرنی چاہیے

وگر بینم کہ نابینا وچاہ است
اگر میں دیکھوں کہ اندھا ہے اور کنواں
اگر خاموش بنشینم گناہ است
اگر پھر چپ بیٹھا رہوں تو گناہ ہے

حکایت ۳۹

ہارون الرشید را چوں مُلک مصر مسلّم[1] شد گفتا بخلافِ آں
ہارون الرشید کا جب ملک مصر پر اقتدار ہو گیا تو اس نے کہا کہ اس سرکش کے
طاغی[2] کہ بہ غرورِ مُلکِ مصر دعوئے خدائی کرد نہ بخشم ایں مُلک را اِلّا
برعکس جس نے صرف ملک مصر کے گھمنڈ میں خدائی کا دعوے کیا ہیں یہ ملک نہیں دوں گا مگر
بخسیس ترین بندگاں سیاہے داشت خصیب نام مُلک مصر بوے
اپنے غلاموں میں سے بھی ادنیٰ ترین کو۔ اس کا ایک حبشی غلام خصیب نامی تھا ملک مصر اس کو
ارزانی داشت آوردہ اند کہ عقل و درایت او تا بجائے بود کہ طائفۂ
بخش دیا لوگ بیان کرتے ہیں کہ اس کی عقل وسمجھ اس درجہ کی تھی کہ مصر کے
حُرّاث مصر شکایت آوردند کہ پنبہ کاشتہ بودیم بر کنارِ نیل باراں
کاشتکاروں کی ایک جماعت نے شکایت کی کہ ہم نے دریائے نیل کے کنارے ناڈی کی کاشت کی تھی بے موسم
بے وقت آمد و تلف شد گفت پشم بایستے کاشت تا تلف نہ شدے
کی بارش سے وہ تباہ ہو گئی ہے اس نے کہا تمہیں اُون بونی چاہیے تھی تاکہ تباہ نہ ہوتی ،
صاحبدلے ایں کلام بشنید و گفت

مثنوی

ایک بزرگ نے یہ بات سنی اور کہا

---

[1] مسلّم شد۔ یعنی سونپا گیا۔ مطلب یہ کہ جب خدائے برتر نے مصر کی حکمرانی ہارون الرشید کے سپرد کردی ۱۲ [2] آں طاغی سے مراد فرعون ہے جس نے مغرور ہو کر خدائی کا دعوے کیا۔ اور آخر کار قہر خداوندی سے غرقِ دریائے نیل ہوا ۱۲ [3] ملک مصر بہت سے شہروں پر مشتمل ہے جیسے ہرماں، عین الشمس ومیاط۔ اسکندریہ وغیرہم ۱۲

اگر روزی بدانش در فزودے
اگر روزی عقل کی وجہ سے بڑھ سکتی

زناداں تنگ تر روزی نبودے
تو بے وقوف سے بڑھکر کوئی تنگ روزی نہ ہوتا

بناداں آں چناں روزی رساند
بے وقوف کو وہ اس طرح روزی پہونچاتا ہے

کہ دانا اندراں حیراں بماند
کہ عقلمند اس میں حیران رہ جاتا ہے

مثنوی

بخت و دولت بکاردانی نیست
نصیبہ اور دولت ہنرمندی کی وجہ سے نہیں ہے

جز بتائید آسمانی نیست
یہ تو محض آسمانی تائید سے ہے

کیمیا گر بغصہ مردہ بہ رنج
کیمیاگر رنج میں غصہ سے مرگیا

ابلہ اندر خرابہ یافتہ گنج
بیوقوف نے ویرانے میں خزانہ پالیا

او فتادہ است در جہاں بسیار
دنیا میں یہ بہت ہوا ہے

بے تمیز ارجمند و عاقل خوار
کہ بے تمیز صاحب مرتبہ اور عقلمند ذلیل

حکایت (۴۲) یکے را از ملوک کنیزک چینی آوردند خواست در حالت مستی

بادشاہوں میں سے ایک کے پاس چین کی لونڈی لائے۔ بادشاہ نے مستی کی حالت میں

باوے جمع آید کنیزک ممانعت کرد ملک در خشم شد و مرا در ابسیاہے بخشید

چاہا کہ اُس سے ہمبستری کرے لونڈی نے روک دیا۔ بادشاہ کو غصہ آگیا اور اس کو ایک حبشی غلام کو دیدیا

کہ لب زبرینش از پرۂ بینی درگذشتہ بود و زیرینش بہ گریباں فرو ہشتہ

جس کا اوپر کا ہونٹ ناک کے نتھنے سے بھی اونچا تھا اور نیچے کا ہونٹ گریبان تک لٹکا ہوا تھا

مسکلے کہ صخر[۱] جنی از طلعت او بر میدے و عین القطر[۲] از بغلش بچکیدے فرد

ایسا بدصورت کہ صخر نامی جن بھی اُس کی صورت دیکھکر بھاگتا اور تارکول کا چشمہ اس کی بغل سے ٹپکتا

تو گوئی تا قیامت زشت روئی
تو یہ کہے گا کہ قیامت تک کے لئے بدصورتی

بر و ختم ست و بر یوسف[۳] نکوئی
اس پر ختم ہے اور حضرت یوسفؑ پر خوبصورتی

۱؎ صخر بفتح صاد مہملہ۔ ایک کریہ المنظر جن کا نام جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری چرائی تھی ۲؎ عین القطر بعض نے ایک بدبودار روغن کے معنی میں لکھا ہے جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے اور بعض نے پگھلے ہوئے تانبے کے معنی میں لکھا ہے چونکہ زنگار کی وجہ سے اُس میں بُری بو آتی ہے اس لئے یہ معنی بھی مراد ہو سکتے ہیں ۳؎ حضرت یوسف، علیہ السلام، ایک پیغمبر کا نام جو نہایت خوبصورت تھے ۱۲؎

قطعہ

شخصے نہ چناں کریہ منظر — کز زشتی او خبر تواں داد
وہ شخص نہ ایسا بدصورت — کہ جس کی بُرائی بیان کی جاسکے

وانگہ بغلش نعوذ باللہ — مُردار بآفتابِ مرداد
اور پھر اس کی بغل تو اللہ بچائے — بھادوں کی دھوپ کا سڑا ہوا مردار

آوردہ اند کہ دراں مدّت سیاہ را نفس طالب بود و شہوت غالب

لوگ بیان کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں حبشی کا نفس طالب تھا اور شہوت غالب تھی

مہرش بجنبید مُہرش برداشت بامداداں کہ مَلِک کنیزک را بجست و نیافت

اس کی محبت بھڑکی اور اس نے اس کی مُہر اکھاڑ پھینکی صبح کے وقت جب بادشاہ نے لونڈی کو تلاش کیا اور نہ پایا

حکایت بگفتند شحنہ بگرفت و فرمود تا سیاہ را بکنیزک استوار بہ بندند واز

تو لوگوں نے رات کا واقعہ بادشاہ کو بتایا۔ بادشاہ کو غصہ آیا اور حکم دیدیا کہ حبشی کو لونڈی کے ساتھ کس کر باندھیں اور

بام جوسق بقعر خندق دراندازند یکے از وزرائے نیک محضر روئے

بالاخانہ کی چھت سے خندق کی گہرائی میں پھینک دیں ایک نیک طبیعت وزیر نے سفارش

شفاعت برزمین نہاد و گفت سیاہ بیچارہ را دریں خطائے نیست

کے لئے پیشانی زمین پر ٹیکی اور کہا حبشی بے چارے کا اس میں کوئی قصور نہیں ہے

کہ سائر بندگاں بنوازش خداوندی متعوّداند گفت اگر در مفاوضت او

اس لئے کہ تمام غلام شاہی مہربانی کے عادی ہیں اس نے کہا کہ اگر اس سے ہمبستری میں

شبے تاخیر کردے چہ شدے کہ من او را افزوں تر از بہائے کنیزک

ایک رات کی دیر کر دیتا تو کیا ہرج تھا کہ میں اس کو لونڈی کی قیمت سے بھی زیادہ

بدادے گفت اے خداوند انچہ فرمودی معلوم ست لیکن نشنیدی

دے دیتا اس نے کہا اے آقا جو کچھ آپ نے فرمایا درست ہے لیکن کیا جناب عقلمندوں

کہ حکما گفتہ اند دریں معنی قطعہ

کا یہ قول نہیں سنا جو اسی بارے میں ہے

تشنہ سوختہ بر چشمۂ حیواں چو رسد — تو پندار کہ از سیل دماں اندیشد
جلا بھنا پیاسا جب آب حیات کے چشمہ پر پہونچ جائے — تو یہ نہ سمجھ کہ وہ منت آکھی سے ڈریگا

مُلحِد گر سنہ در خانۂ خالی برخواں | عقل باور نکند کز رمضاں اندیشد
بھوکا لامذہب خالی گھر میں دستر خوان پر | عقل کو یقین نہیں آتا کہ وہ رمضان کا خیال کریگا

مَلِک را ایں لطیفہ پسند آمد و گفت اکنوں سیاہ را بتو بخشیدم کنیزک را
بادشاہ کو یہ لطیفہ پسند آگیا اور اس نے کہا اب حبشی غلام میں نے تجھے بخشدیا لونڈی کا

چہ کنم گفت کنیزک را ہم بہ سیاہ بخش کہ نیم خوردۂ سگ ہم او را شاید قطعہ
کیا کروں اس نے کہا کہ لونڈی بھی حبشی کو بخشدیجئے کہ کتے کا بچا ہوا کتے ہی کے مناسب ہے

ہرگز او را بدوستی نپسند | کہ رود جائے ناپسندیدہ
دوستی کے لئے ایسے شخص کو پسند نہ کر | جو کسی بُری جگہ چلا جائے

تشنہ را دل نخواہد آبِ زلال | نیم خوردہ دہان گندیدہ
پیاسہ بھی اُس ٹھہرے پانی کو پینا پسند نہ کریگا | جو کسی گندہ دہن کا بچا ہوا ہو

حکایت (۴۱) اسکندرِ رومی را پرسیدند کہ دیارِ مشرق و مغرب را بچہ
اسکندر رومی سے لوگوں نے پوچھا کہ مشرق و مغرب کے ممالک تو نے کیسے فتح

گرفتی کہ مُلوکِ پیشیں را خزائن و عمر و مُلک و لشکر بیش ازیں بود و چنیں
کرلیے اس لئے کہ پہلے بادشاہوں کے خزانے اور عُمر اور مُلک اور لشکر اس سے بڑھے ہوئے تھے اور انکو

فتحے میسر نہ شد گفت بعون اللہ عزوجل ہر مملکتے را کہ بگرفتم رعیتش را
ایسی فتح میسر نہ آئی، اس نے کہا خدا بلند و بالا کی مدد سے جو ملک میں نے فتح کیا اس کی رعایا کو

نیازردم و رسومِ خیراتِ گذشتگاں باطل نہ کردم و نامِ پادشاہاں
میں نے نہ ستایا اور بزرگوں کی عمدہ رسموں کو میں نے موقوف نہ کیا اور بادشاہوں کا نام

جز بہ نکوئی نبردم بیت
اچھائی کے سوا نہ لیا

بزرگش نخوانند اہلِ خرد | کہ نامِ بزرگاں بزشتی برد
عقلمند اس شخص کو کبھی بڑا نہیں مانتے | جو بڑوں کا نام بُرائی سے لے

قطعہ

---

(۱) آب زلال سے مراد صاف ٹھنڈا پانی ہے ۱۲ (۲) اسکندر رومی ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے ۱۲

ایں ہمہ ہیچ ست چوں می بگذرد
یہ سب کچھ کچھ بھی نہیں جبکہ جاتا رہتا ہے

بخت و تخت و امر و نہی و گیر و دار
نصیبہ، تخت شاہی، حکم چلانا، روکنا، اور پکڑ دھکڑ

نامِ نیکِ رفتگاں[1] ضائع مکن
پہلوں کے نیک نام کو ضائع نہ کر

تا بماند نامِ نیکت برقرار
تاکہ تیرا نیک نام باقی رہے

بابِ دوم در اخلاقِ درویشان

دوسرا باب فقیروں کے اخلاق کے بیان میں!

حکایت (۱) یکے از بزرگاں گفت پارسائے را چہ گوئی در حقِ فلاں
ایک بڑے آدمی نے ایک بزرگ پارسا سے دریافت کیا فلاں عابد کے بارے

عابد کہ دیگراں در حقِ وے بطعنہ سخنہا گفتہ اند گفت بر ظاہرش
میں آپ کیا فرماتے ہیں جب کہ دوسرے لوگ تو اس کے بارے میں طعنہ زنی سے بات کہتے ہیں اس نے کہا میں اس کے

عیب نمی بینم و در باطنش غیب[2] نمی دانم **قطعہ**
ظاہر میں کوئی عیب نہیں دیکھتا اور اس کے باطن کا میں غیب داں نہیں ہوں

ہر کہ را جامۂ پارسا بینی
جس کا پارساؤں کا سا لباس دیکھے

پارسا داں و نیکمرد انگار
اس کو پارسا جان اور نیک خیال کر

ور ندانی کہ در نہانش چیست
اور اگر تو نہیں جانتا کہ اس کے باطن میں کیا ہے

محتسب را درونِ خانہ چہ کار
تو کوتوال کو گھر کے اندر کی باتوں سے کیا تعلق ہے

حکایت (۲) درویشے را دیدم کہ سر بر آستانِ[3] کعبہ می مالید و می نالید
میں نے ایک فقیر کو دیکھا کہ وہ کعبہ کی چوکھٹ پر سر رگڑ رہا تھا اور رو رہا تھا

و می گفت کہ یا غفور و یا رحیم تو دانی کہ از ظلومِ[4] و جہولِ چہ آید **قطعہ**
اور کہہ رہا تھا اے غفور، اے رحیم تو جانتا ہے کہ مجھ ظالم و جاہل سے کیا ہو سکتا ہے

---

[1] رفتگاں سے مراد وہ لوگ جو اس جہان سے چلے گئے ۱۲ [2] یعنی جو کچھ باطن میں ہے وہ غیب ہے اور غیب کی مجھے خبر نہیں ۱۲ [3] آستانِ کعبہ سے مراد در و دروازے کعبہ ہے۔ کیونکہ آستان کعبہ بہت بلند ہے یہ ممکن نہیں کہ کوئی اپنا سر رکھکر اس پر سجدہ کر سکے ۱۲ [4] ظلوم و جہول۔ بہت ظالم اور بہت جاہل چونکہ قرآن شریف میں انسان کے لئے ظلوماً جہولاً کے لفظ مستعمل ہیں اس لئے ایسا کہا ۱۲

عذرِ تقصیرِ خدمت آوردم
میں خدمت کی کمی کا عذر لے کر آیا ہوں
عاصیاں از گناہ توبہ کنند
گنہگار گناہ سے توبہ کرتے ہیں!

کہ ندارم بطاعت استظہار
اس لئے کہ عبادت پر تو بھروسہ نہیں ہے
عارفاں از عبادت استغفار
اور خدا رسیدہ اپنی عبادت سے توبہ کرتے ہیں

عابداں جزائے طاعت خواہند و بازرگاناں بہائے بضاعت من بندہ
عبادت گذار عبادت کا بدلا چاہتے ہیں اور سوداگر سامان کی قیمت میں بندہ

امید آوردہ ام نہ طاعت بدر یوزہ آمدہ ام نہ بہ تجارت فقرہ

امید لے کر آیا ہوں نہ بندگی میں بھیک مانگتا ہوں نہ تجارت کرنے آیا ہوں

اِصْنَعْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ اَهْلُهٗ بیت

ہمارے ساتھ وہ کر جس کا تو اہل ہے وہ نہ کر جس کے ہم سزاوار ہیں

گر کشی ور رحم بخشی روی و سر بر آستانم
اگر تو مار ڈالے یا خطا معاف کر دے میرا چہرہ اور سر چوکھٹ پر ہے، غلام کا کوئی حکم نہیں ہوتا جو کچھ تو حکم دے میں سر بر قائم ہوں

بندہ را فرماں نباشد ہر چہ فرمائی بر آنم

قطعہ

بر درِ کعبہ سائلے دیدم
کعبہ کے دروازے پر میں نے ایک فقیر دیکھا
می نگویم کہ طاعتم بپذیر
میں یہ نہیں کہتا کہ میری عبادت قبول کر لے

کہ ہمی گفت و میگریست بخوش
جو یہ کہہ رہا تھا اور خوب رو رہا تھا
قلم عفو بر گناہم کش
ہاں معافی کا قلم میرے گناہ پر پھیر دے

حکایت (۳)

عبدالقادر[1] گیلانی را دیدند رحمۃ اللہ علیہ در حرم کعبہ روی بر حصا نہادہ بود و می گفت اے خداوند بخشای و اگر مستوجب

لوگوں نے شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ کعبہ کے حرم میں پیشانی کنکریوں پر ٹکائے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے اے خدا بخشدے اور اگر سزا کا

عقوبتم مرا روز قیامت نابینا برانگیز تا در روئے نیکاں شرمسار نباشم قطعہ

مستحق ہوں تو مجھے قیامت میں اندھا اٹھانا تاکہ نیک آدمیوں کے سامنے مجھے شرمندگی نہ ہو

---

[1] شیخ عبدالقادر گیلانی۔ ایک بزرگ کامل کا نام جو گیلان مضافات بغداد کے رہنے والے تھے جو بڑے پیر کے نام سے مشہور ہیں

روی بر خاک عجز میگویم
عاجزی کی خاک پر پیشانی ٹیک کر میں کہتا ہوں

ہر سحر گہ کہ بادی آید
جبکہ صبح کے وقت ہوا چلتی ہے

اے کہ ہرگز ز خاطرت نکنم
اے وہ ذات جس کو میں کبھی نہیں بھولتا ہوں

ہمچیت از بندہ یادی آید
کچھ تجھے بھی بندہ کی یاد آتی ہے

حکایت (۴)

دزدے بخانۂ پارسائے درآمد چندانکہ طلب کرد چیزے نیافت دل تنگ شد پارسا را خبر شد گلیمے کہ بر آں خفتہ بود در راہ انداخت تا محروم نشود

ایک چور ایک نیک آدمی کے گھر میں گھس آیا جس قدر بھی اس نے ڈھونڈا کچھ نہ پایا رنجیدہ ہوا نیک آدمی کو پتہ لگ گیا وہ کملی جس پر وہ سو رہا تھا چور کے راستہ میں ڈال دی تاکہ وہ چور خالی نہ جائے

قطعہ

شنیدم کہ مردانِ راہِ خدا
میں نے سنا ہے کہ مردانِ راہِ خدا نے

دل دشمناں ہم نکردند تنگ
دشمنوں کا دل بھی تنگ نہیں کیا

ترا کے میسّر شود ایں مقام
تجھے یہ مرتبہ کیسے حاصل ہو سکتا ہے

کہ با دوستانت خلافست و جنگ
کہ تیرا تو دوستوں سے بھی خلاف اور لڑائی ہے

مودّتِ اہلِ صفا چہ در روی و چہ در قفا نہ چناں کہ از پست عیب گیرند و در پیشت میرند فر

اہل خلوص کی دوستی خواہ آمنے سامنے ہو یا پیٹ پیچھے ایسی نہیں کہ تیرے پیچھے عیب گیری کریں اور تیرے سامنے قربان ہوں۔

در برابر چو گوسپند سلیم
سامنے تو ایسے جیسے مسکین بکری

در قفا ہمچو گرگ مردم در
پیٹ پیچھے آدم خور بھیڑیے کی طرح

ہر کہ عیبِ دگراں پیش تو آورد و شمرد فرد
جو دوسروں کے عیب تیرے سامنے لایا اور گنا

ہم نے کہا اس سے ہم بیت الخلاء کی زرزیں بند کریں گے

لہ یعنی جیسا تیرا رویہ ہے ویسا ہی اس کا مصرف بھی ہے۔ اس کے بعد کا فقرہ اور شعر اس مضمون کے معین ہیں ۱۲

شنیدم کہ سر از فرمان ملک باز زد و حجت آوردن گرفت و شوخ چشمی
میں نے سنا کہ اس نے بادشاہ کے فرمان سے سرتابی کی اور دلیلیں لانا کرنا شروع کر دیں اور گستاخی
کردن ملک بفرمود تا مضمون خطاب را از وے بزجر و توبیخ مخلص کردند
کرنے لگا بادشاہ نے حکم دیا چنانچہ لوگوں نے فرمان کا مقصود اس کو جھڑک کر پورا کرا دیا

مثنوی

به لطافت چو برنیاید کار | سر بہ بیچرمتی کشند ناچار
نرمی سے جب کام نہ نکلے | تو مجبوراً معاملہ بے عزتی تک پہنچتا ہے
ہر کہ بر خویشتن نہ بخشاید | گر نہ بخشد بروے کسے شاید
جو اپنے اوپر خود رحم نہیں کرتا | اگر کوئی اس پر رحم نہ کرے تو مناسب ہے

حکایت (۲۲) بازرگانے را دیدم کہ صد و پنجاہ شتر بار داشت و چہل بندہ
ایک تاجر کو میں نے دیکھا کہ ڈیڑھ سو اونٹ سامان رکھتا تھا اور چالیس غلام
و خدمتگار شبے در جزیرۂ کیش مرا بہ حجرۂ خویش برد ہمہ شب نیارمید
اور خدمتگار۔ ایک شب جزیرۂ کیش میں مجھے اپنے حجرہ میں لے گیا پوری رات فضول باتیں کرنے
از سخنہائے پریشاں گفتن کہ فلاں انبارم بہ ترکستان است و فلاں
کی وجہ سے آرام نہ کیا کہ میرا فلاں مال ترکستان میں ہے اور فلاں
بضاعت بہ ہندوستان و ایں قبالۂ فلاں زمین است و فلاں چیز را
سرمایہ ہندوستان میں اور یہ فلاں زمین کا بیعنامہ ہے اور فلاں چیز کا
فلاں کس ضمین ست و گاہ گفتے کہ خاطر اسکندریہ دارم کہ ہوائے خوش ست
فلاں شخص ضامن ہے اور کبھی کہتا کہ میرا اسکندریہ جانے کا خیال ہے کیونکہ وہاں کا موسم اچھا ہے
باز گفتے نہ کہ دریائے مغرب مشوش[۱] ست سعدیا سفرے دیگر در پیش ست
پھر کہتا نہیں کیونکہ خلیج مصر میں طغیانی ہے اے سعدی ایک دوسرا سفر درپیش ہے
اگر آں کردہ شود بقیت عمر خویش بہ گوشہ بنشینم و قناعت کنم گفتم آں کدام
اگر وہ کر لیا جائے تو اپنی بقیہ عمر گوشہ نشینی کروں اور صبر کروں میں نے کہا وہ کونسا

---

[۱] یہاں دریائے مغرب سے مراد محیط اعظم کی اس خلیج سے ہے جو حوالی ملک مغرب سے آکر مصر میں مل گئی ہے ۱۲
[۲] یعنی اس سے عبور کرنا دشوار ہے ۱۲

سفرست گفت گو گرد پارسی خواہم بردن بہ چین کہ شنیدم کہ قیمتے عظیم

سفر سے کہنے لگا کہ فارس کی مخدھک چین لیجانا چاہتا ہوں اس لئے کہ میں نے سُنا ہے کہ بڑے دام

دارد و کاسۂ چینی بروم آرم و دیبائے رومی بہ ہند و پولادِ ہندی بہ حلب

ہیں اور چینی برتن روم میں لاؤں گا اور رومی دیبا ہندوستان میں اور ہندی لوہا حلب میں

وآبگینۂ حلبی بہ یمن[1] و بردِ[2] یمانی بپارس وازاں پس ترک سفر کنم و بدکانے بنشینم

اور حلبی آئینہ یمن میں اور یمنی چادریں فارس میں اور اس کے بعد سفر چھوڑ دوں گا اور دوکان پر بیٹھ جاؤنگا

انصاف ازیں ماخولیا[3] چنداں فرو گفت کہ بیش طاقتِ گفتش نماند گفت اے

انصاف کی بات یہ ہے کہ اس نے یہ دیوانگی کی باتیں اس قدر بکیں کہ اُسے اور زیادہ بکواس کی طاقت نہ رہی تو کہنے لگا

سعدی تو ہم سخنے بگوی ازانہا کہ دیدۂ و شنیدۂ گفتم قطعہ

اے سعدی تو بھی کچھ کہہ جو تو نے دیکھا ہے اور سُنا ہے میں نے کہا

آں شنیدستی کہ در صحرائے غور[4] بارسالارے بیفتاد از ستور

تو نے وہ سنا ہے کہ غور کے جنگل میں ایک سردار کا بوجھ گھوڑے سے گر پڑا

گفت چشم تنگ دنیا دار را یا قناعت پُر کند یا خاکِ گور

تو اس نے کہا کہ دنیا دار کی تنگ آنکھ کو یا قناعت بھر سکتی ہے یا قبر کی مٹی

حکایت (۲۳) مالدارے را شنیدم کہ بہ بخل اندر چناں معروف بود کہ حاتم

ایک مالدار کے متعلق میں نے سُنا ہے کہ وہ بخل میں ایسا ہی مشہور تھا جیسا کہ حاتم

طائی در کرم ظاہر حالش بہ نعمت دنیا آراستہ و خستِ نفس جبلی ہمچناں در وے

طائی سخاوت میں، اس کا ظاہری حال دنیا کی نعمت سے آراستہ اور اسی طرح سے نفس کی فطری خست اس میں

متمکن تا بجائے رسید کہ نانے از دست بجانے نداد ے وگر بہ ابوہریرہؓ را

گھر کئے ہوئے چنانچہ اس حالت کو پہونچ گیا کہ جان کے بدلے ایک روٹی ہاتھ سے نہ چھوڑتا اور حضرت ابوہریرہؓ

بہ لقمۂ ننواختے و سگِ اصحاب کہف را استخوانے نینداختے فی الجملہ خانہ

کی بلی کو ایک لقمہ سے نہ نوازتا اور اصحاب کہف کے کتے کو ایک ہڈی نہ ڈالتا خلاصہ یہ کہ اُس کے

---

[1] یمن ایک شہر کا نام جو عرب میں جنوب مکہ کی طرف واقع ہے ۱۲ [2] بُرد ایک قسم کی چادر جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں ۱۲ [3] مالیخولیا جنون کی ایک قسم۔ اصل میں اس کے معنی سیاہ خلط کے ہیں چونکہ یہ مرض سودا سے پیدا ہوتا ہے اس لئے مجازاً اس مرض کا یہی نام ہوا ۱۲ [4] غور ایک شہر کا نام ہے ۱۲

اور اکس ندیدے در کشادہ و سفرہ اور اسر بیت

گھر کا دروازہ کھلا اور اس کے دسترخوان کا کنارہ کوئی نہ دیکھتا

درویش بجز بوئے طعامش نہ شنیدے | مرغ از پئے ناں خوردن اوریزہ نہ چیدے

فقیر اُس کے کھانے کی بُو کے سوا نہ سُونگھتا | پرند اُس کے کھانا کھانے کے بعد ریزہ نہ چگتا

شنیدم کہ بہ دریائے مغرب اندر راہِ مصر پیش گرفتہ بود و خیال فرعونی در سر[1]

میں نے سُنا کہ خلیج مصر کے راستہ سے مصر جانا اس کے پیش نظر تھا اور فرعونی خیال اس کے دماغ

حَتّٰی اِذَا اَدْرَکَهُ الْغَرَقُ بادے مخالف بہ کشتی برآمد چنانکہ گویند فرد

میں تھا یہاں تک کہ اُس کو ڈوبنے نے آدبوچا ایک مخالف ہوا کشتی پر چلی جیسا کہ بیان کرتے ہیں

باطبع ملولت چہ کند دل کہ نسازد | شرطہ ہمہ وقتے نبود لائق کشتی

تیری رنجیدہ طبیعت کیساتھ دل ساز باز نہ کرے تو کیا کرے | سمندری ہوا ہر وقت کشتی کے مناسب نہیں ہوتی

دست بدعا برآورد و فریادِ بے فائدہ خواندن گرفت فَاِذَا رَکِبُوْا فِی الْفُلْکِ

اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور بے فائدہ چیخنا شروع کر دیا وہ جب کشتی پر سوار ہوتے ہیں تو

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ[2] شعر

پکارتے ہیں اللہ کو دین اُسی کیلئے خالص کرتے ہوئے

دست تضرع چہ سود بندۂ محتاج را | وقت دعا بر خدا وقت کرم در بغل

محتاج بندہ کو عاجزی کا ہاتھ اٹھانے سے کیا فائدہ | جبکہ دعا کے وقت ہاتھ خدا کی طرف اور دینے کے وقت بغل میں ہو

قطعہ

از زر و سیم راحتے بر ساں | خویشتن ہم تمتعے برگیر

چاندی سونے سے آرام پہونچا | خود بھی فائدہ حاصل کر

وانگہ ایں خانہ کز تو خواھد ماند | خشتے از سیم و خشتے از زر گیر

اور پھر یہ گھر تو تجھ سے چھوٹ جائیگا | لہذا ایک چاندی کی اور ایک سونے کی اینٹ اٹھالے

آوردہ اند کہ در مصر اقاربِ درویش داشت بعد از ہلاکِ وے بہ بقیتِ مال

بیان کیا ہے کہ اُس کے قریب رشتہ دار مصر میں تھے اس کے مرنے کے بعد اس کے بقیہ مال

---

[1] خیال فرعونی۔ یعنی وہی غرور اور بخل اور کمینگی کی باتیں ۱۲ [2] یعنی ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی راہ خدا میں خیرات کر ۱۲

وَے توانگر شدند جامہائے کہن بمرگِ او بدریدند و خزِ[1] دمیاطی بہ عوض
سے مال دار ہو گئے اس کی موت پر پُرانے کپڑے پھاڑ ڈالے اور ریشمین اور دمیاطی کپڑے اُنکی

آں ببریدند ہمدراں ہفتہ یکے را دیدم از ایشاں بر بادپائے سوار
بجائے ترشوائے اُسی ہفتہ میں نے ان میں سے ایک کو دیکھا کہ ایک تیز رفتار گھوڑے پر سوار

رَواں و غلامِ پری پیکر در پئے او دواں **قطعہ**
جا رہا ہے اور پری جیسے جسم کا ایک غلام اس کے پیچھے دوڑ رہا ہے

وہ کہ گر مُردہ باز گردیدے
غضب ہو جاتا اگر مردہ اپنے خاندان

بہ سرائے قبیلہ و پیوند
اور برادری کے گھر واپس آجاتا

ردِّ میراث[2] سخت تر بودے
میراث کا واپس کرنا زیادہ سخت ہوتا

وارثاں را ز مرگِ خویشاوند
وارثوں کے لئے اپنوں کی موت ہے

بسابقۂ معرفتے کہ درمیانِ ما بود آستینش گرفتم و گفتم **بیت**
پہلی جان پہچان کی وجہ سے جو میرے اور اس کے درمیان تھی میں نے اسکی آستین پکڑلی اور کہا

بخور اے نیک سیرت و سرہ مرد
اے نیک طبیعت، کھرے آدمی، خوب کھا

کاں فرومایہ گرد کرد و نخورد
کیونکہ اس کمینہ نے تو جمع کیا اور نہ کھایا،

حکایت (۲۴) صیادِ ضعیف را ماہیِ قوی بہ دام افتاد طاقتِ حفظِ آں نداشت
ایک کمزور شکاری کے جال میں ایک قوی مچھلی پھنس گئی وہ اس کو نہ سنبھال سکا

ماہی برو غالب آمد و دام از دستش در ربود **قطعہ**
مچھلی اس پر غالب آگئی اور اُس کے ہاتھ سے جال چھڑا کر لے گئی

شد غلامے کہ آبِ جُو آرد
ایک غلام نہر سے پانی لینے گیا

آبِ جُو آمد و غلام بہ برد
نہر کا پانی آیا اور غلام کو بہا لے گیا

دام ہر بار ماہی آوردے
جال ہر مرتبہ مچھلی لاتا

ماہی ایں بار رفت و دام ببرد
اس بار مچھلی گئی اور جال کو لے گئی

بیت صیاد نہ ہر بار شکارے ببرد
ہر مرتبہ شکاری شکار نہیں لے جائیگا

یک روز بہ بینی کہ پلنگش بخورد
تو ایک روز دیکھیگا کہ اس کو چیتا کھا جائے گا

---

[1] خز ایک ریشمی کپڑا۔ دمیاطی ایک نہایت نفیس کپڑا جو ملک مصر کے شہر دمیاط میں تیار ہوتا تھا اور اسی کے نام سے منسوب تھا ۱۲ [2] یعنی عزیزوں کو اپنے عزیز کے مرنے کا اتنا رنج نہ ہوتا ... جتنا کہ میراث اور ترکہ کا واپس کرنا گراں گزرتا ۱۲

دیگر صیاداں دریغ خوردند و ملامتش کردند کہ چنیں صیدے در دامت افتاد
دوسرے شکاریوں کو افسوس ہوا اور اس کو ملامت کرنے لگے کہ اس طرح کا شکار تیرے جال میں پھنسا

و نہ توانستی نگاہ داشتن گفت اے برادراں چہ تواں کرد مرا روزی
اور تو اُس کی حفاظت نہ کر سکا اُس نے کہا بھائیو کیا کیا جائے وہ میرا رزق

نہ بود و اورا ہمچنیں روزی ماندہ
نہ تھا اور اُس کا کچھ رزق اور باقی تھا ؛

حکمت صیادِ بے روزی در دجلہ[1] نگیرد و ماہیِ بے اجل بر خشکی نمیرد
بے روزی شکاری دجلہ میں سے بھی نہیں پکڑ سکتا اور جس مچھلی کی موت نہ ہو وہ خشکی میں بھی نہیں مرتی

حکایت (۲۵) دست و پا بریدۂ ہزار پائے را بکشت صاحبدلے برو
ایک لنگڑے لولے نے کھنکجورا مار ڈالا ایک صاحب دل وہاں سے

بگذشت و گفت سبحان اللہ با ہزار پائے کہ داشت چوں اجلش فراز
گذرے اور کہنے لگے سبحان اللہ باوجود ہزار پیروں کے جب اس کی موت آگئی

آمد از بے دست و پائے گریختن نتوانست **مثنوی**
تھی تو لنگڑے لولے کے سامنے سے بھی نہ بھاگ سکا

چو آید ز پے دشمن جاں ستاں
جب پیچھے سے جان لینے والا دشمن آتا ہے

بہ بندد اجل پائے مردِ دواں
تو موت بھاگنے والے کے پیر باندھ دیتی ہے

دراں دم کہ دشمن پیاپے رسید
جس وقت دشمن پے در پے پہونچا

کمانے[2] کیانی نباید کشید
کیانی کمان نہ کھینچنی چاہئے

حکایت (۲۶) ابلہے را دیدم سمین و خلعتے ثمین در بر و مرکب تازی در زیر
میں نے ایک بے وقوف کو دیکھا جو موٹا تازہ اور قیمتی جوڑا پہنے ہوئے تازی گھوڑے پر سوار تھا

و قصبے[3] مصری بر سر کسے گفت سعدی چگونہ ہمی بینی ایں دیبائے معلم
اور مصری قصب کپڑا سر پر لپیٹے ہوئے تھا کسی نے کہا اے سعدی یہ منقش دیبا اس بے علم جانور پر

---

[1] دجلہ بغداد کی ایک بڑی ندی کا نام ۱۲ [2] کیانی کمان منسوب ہے بادشاہان کیان کی طرف۔ ارباب تاریخ نے بادشاہان عجم کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ اول ملوک پیشین جن کا اول کیومرث اور آخر کیکاؤس ہے دوسرے ملوک کیاں جو کیخسرو سے شروع ہو کر اسکندر بن داراب پر ختم ہوتے ہیں۔ تیسرے اشکانیان جو قباد سے شروع ہو کر بہرام پر ختم ہوتے ہیں چوتھے ساسانی جو اردشیر بابکان سے شروع ہو کر یزدجرد پر ختم ہوتے ہیں ۱۲ [3] قصب بفتحتین ایک ریشمی مصری کپڑے کا نام ہے ۱۲ ؛

۱۰

بریں حیوان لایعلم گفتم شعر

تمہیں کیسا معلوم ہوتا ہے میں نے کہا

قَدْ شَابَهَ بِالْوَرٰی حِمَارٌ | عِجْلًا جَسَدًا لَهٗ خُوَارٌ

بے شک ایک گدھا انسانوں کے مشابہ ہو گیا ہے | ایک بچھڑا ہے جس کے جسم ہے اور اسکی گائے کی سی آواز ہے

گفتہ اند یک طلعتِ زیبا بہ از ہزار خلعتِ دیبا قطعہ

مشہور ہے کہ ایک حسین چہرہ دیبا کی ہزار خلعتوں سے بہتر ہے

شریف اگر متضعف شود خیال مبند | کہ پایگاہِ بلندش ضعیف خواہد شد

شریف اگر کمزور ہو جائے تو یہ خیال نہ کر | کہ اس کا بلند مرتبہ بھی کمزور ہو جائے گا

ور آستانہ سیمیں بہ میخ زر بزند | گماں مبر کہ یہودی شریف خواہد شد

اور اگر چاندی کی ڈیوڑھی سونے کی میخوں سے بھی لگا لے | تو یہ خیال نہ کر کہ یہودی شریف ہو جائے گا

قطعہ

آدمی نتواں گفت مانند این حیواں | مگر در اعہ و دستار و نقش بیرونش

اس جانور کو آدمی کی مانند نہیں کہا جا سکتا | مگر لباس و عمامہ اور ظاہری نقش و نگار کی وجہ سے

بہ گرد در ہمہ اسباب و ملک و ہستی او | کہ ہیچ چیز نہ بینی حلال جز خونش

اس کے تمام سامان اور ملکیت اور ہستی کو گھوم پھر کر دیکھ لے | تجھے اس کے خون کے علاوہ کوئی چیز حلال نظر نہ آئیگی

حکایت (۱۲۷) دزدے گدائے را گفت شرم نمی داری از برائے جوے سیم

ایک چور نے ایک بھکاری سے کہا تجھے چاندی کے ایک جَو کے لئے ہر کسی کے

دست پیش ہر لئیم[۳] دراز کردن گفت بیت

سامنے ہاتھ پھیلانے سے شرم نہیں آتی اس نے کہا

دست دراز از پئے یک حبہ[۴] سیم | بہ کہ ببرند بہ دانگے[۵] دو نیم

ایک حبہ چاندی کے لئے ہاتھ پھیلانا اس سے بہتر ہے | کہ لوگ تھوڑا سا مال (چرانے) کے عوض اس کے دو ٹکڑے کر دیں

---

۱ یعنی یہودی سید نہ ہوئے گا یعنی صرف انہیں چیزوں سے وہ آدمی کے مشابہ ہے ۱۲ ۲ یہ شعر بھی صرف مزاح کے طور پر کہا گیا ہے نہ کہ بطور حقیقت ۱۲ ۳ لئیم اور بخیل میں یہ فرق رکھا گیا ہے کہ بخیل وہ ہے کہ خود کھائے اور کسی دوسرے کو نہ کھلائے اور لئیم وہ ہے کہ نہ خود کھائے اور نہ کسی کو کھلائے ۱۲ ۴ حبہ ایک وزن جو رتی بھر کا ہے بعض نے اس سے اختلاف کیا ہے ۱۲ ۵ دانگ سے مراد کم مقدار ہے ورنہ اکثر لوگوں نے اس وزن کو چھ رتی کا تجویز کیا ہے ۱۲

حکایت مشت زنے را حکایت کنند کہ از دہر مخالف بہ فغاں آمد

ایک پہلوان کا قصہ بیان کرتے ہیں کہ ناموافق زمانہ سے گھبرا گیا

بود واز حلق فراخ و دست تنگ بہ جاں رسیدہ شکایت پیش پدر برد و اجازت

تھا اور چوڑے حلق اور تنگ ہاتھ کی وجہ سے جان سے عاجز تھا باپ کے پاس شکایت لے گیا اور اجازت

خواست کہ عزم سفر دارم مگر بہ قوّتِ بازو دامن کامے فراچنگ آرم کہ

چاہی کہ میرا سفر کا ارادہ ہے شاید قوت بازو سے کسی مقصد کا دامن پکڑ لوں اس لئے کہ

بزرگاں گفتہ اند بیت

بزرگوں نے کہا ہے

فضل و ہنر ضائع ست تا ننمایند | عود[1] بر آتش نہند و مشک بسایند

جب تک اظہار نہ کریں بزرگی اور ہنرمندی بیکار ہے | اگر کو آگ پر رکھتے ہیں اور مشک کو گھستے ہیں

پدر گفت اے پسر خیال محال از سر بدر کن و پائے قناعت در دامن

باپ نے کہا اے بیٹا ناممکن خیال کو سر سے نکال دے اور قناعت کر کے سلامتی کے گوشہ

سلامت کش کہ خردمنداں گفتہ اند دولت نہ بکوشیدن ست و چارہ

میں بیٹھ جا اس لئے کہ عقلمندوں نے کہا ہے دولت کوشش سے حاصل نہیں ہوتی اور اس کی

آں کم جوشیدن ست

شعر

تدبیر مبرکرنا ہے

کس نتواند گرفت دامن دولت بزور | کوشش بیفائدہ ست وسمہ[2] بر ابروئے کور

طاقت سے کوئی دولت کا دامن نہیں تھام سکتا | اندھی ابروؤں پر وسمہ لگانا بے کار کوشش ہے

فرد

اگر بہر سر مویت ہنر دو صد باشد | ہنر بکار نیاید چو بخت بد باشد

اگر تیرے ہر بال میں دو سو ہنر ہوں | ایک ہنر بھی کام نہیں آئے گا اگر مقدر خراب ہو

بیت

چہ کند زورمند وا ژوں بخت | بازوئے بخت بہ کہ بازوئے سخت

اوندھے نصیبے والا طاقتور کیا کرے گا | طاقتور بازو سے نصیبے کی مدد بہتر ہے

---

[1] عود۔ اگر۔ جو ایک خوشبودار لکڑی ہے ۱۲ [2] وسمہ نیل کے پتوں کا رنگ۔ ابرو پر وسمہ لگانا عورتوں کی منجملہ سات آرائشوں کے ایک آرائش ہے ۱۲

پسر گفت اے پدر فوائدِ سفر بسیار ست از نزہتِ خاطر و جرِ منافع و دیدنِ
لڑکے نے کہا ابا جان سفر کے فائدے بہت ہیں طبیعت کی تفریح . نفعوں کا حصول . عجائب
عجائب و شنیدنِ غرائب و تفرج بلدان و محاوراتِ خلّان و تحصیلِ جاہ و
کا دیکھنا . غرائب کا سننا . شہروں کی سیر . دوستوں سے بات چیت . مرتبہ اور ادب کا
ادب و مزیدِ مال و مکتسب و معرفتِ یاراں و تجربتِ روزگاراں چنانکہ
حاصل کرنا . مال اور کمائی کی زیادتی ، دوستوں کی جان پہچان ، زمانہ کا تجربہ جیسا کہ
سالکانِ طریقت گفتہ اند نظم
طریقت پر چلنے والوں نے کہا ہے

تا بدکانِ خانہ در گروی | ہرگز اے خام آدمی نشوی
جب تک تو گھر کی دکان میں گردی ہے | ہرگز اے ناتجربہ کار تو آدمی نہیں ہو گا
برو اندر جہاں تفرج کن | پیش ازاں روز کز جہان بروی
جا دنیا کی سیر کر | اس دن سے پہلے کہ تو دنیا سے رخصت ہو

پدر گفت اے پسر منافع سفر چنیں کہ تو گفتی بے شمار ست لیکن مسلم پنج طائفہ
باپ نے کہا اے بیٹا سفر کے منافع جیسا کہ تو نے کہا بے شمار ہیں لیکن پانچ قسم کے آدمیوں
راست نخستیں بازرگانے را کہ با وجودِ نعمت و مکنت غلاماں و کنیزاں دارد و
کے لئے مناسب ہے اولاً تو اس تاجر کے لئے جو باوجود دولت اور قدرت کے غلام اور لونڈیاں رکھتا ہے اور
شاگردانِ چابک ہر روز بشہرے و ہر شب بمقامے و ہر دم بتفرج گاہے
چست نوکر ہر روز ایک شہر میں اور ہر شب ایک نئی جگہ قیام کرتا ہے اور ہر دم ایک تفریح گاہ میں
و ہر لحظہ از نعیم دنیا متمتع قطعہ
ہے اور ہر لحظہ دنیا کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتا ہے

منعم بکوہ و دشت و بیاباں غریب نیست | ہر جا کہ رفت خیمہ زد و بارگاہ ساخت
دولت مند پہاڑ میں اور جنگل اور بیابان میں مسافر نہیں ہے | جہاں بھی گیا خیمہ لگایا اور دربار بنا لیا
واں را کہ بر مرادِ جہاں نیست دسترس | در زادبوم خویش غریب ست و ناشناخت
اور وہ شخص جس کو دنیا کی مراد پر قدرت نہیں ہے | وہ اپنے وطن میں (بھی) مسافر ہے اور اجنبی

لہ زادبوم۔ پیدائش کی جگہ جنم بھومی ۱۲

دوّم عالمے کہ بہ منطق شیریں وقوّتِ فصاحت ومایۂ بلاغت ہر جا کہ رود بخدمت
دوسرے وہ عالم کہ میٹھی گفتگو اور فصاحت کی قوت اور بلاغت کی پونجی کی وجہ سے جہاں بھی پہونچتا ہے
او اقدام نمایند واکرام کنند قطعہ
لوگ اس کی خدمت میں پیش قدمی کرتے اور عزت کرتے ہیں

وجودِ مردِ دانا مثالِ زرِ طلاست — کہ ہر کجا کہ رود قدر و قیمتش دانند
عقلمند کی ہستی خالص سونے کی مانند ہے — کہ جہاں کہیں بھی جاتا ہے لوگ اس کی قدر و قیمت جانتے ہیں
بزرگ زادۂ ناداں بشہر وا ماند — کہ در دیارِ غریبش ہیچ نستانند
بے عقل بزرگ زادہ شہر میں عاجز ہو جاتا ہے — کیونکہ اجنبی جگہ میں اس کو کوڑی کو بھی نہیں پوچھتے

سوّم خوبروئے کہ درون صاحبدلاں بہ مخالطتِ او میل کند کہ بزرگاں گفتہ اند
تیسرے وہ خوبصورت کہ صاحبدلوں کا دل اس کے میل جول کی طرف جھکے — اس لئے کہ بزرگوں نے کہا ہے
اندکے جمال بہ از بسیارئے مال وگویند روئے زیبا مرہم دلہائے خستہ
تھوڑا سا حسن بہت سے مال سے بہتر ہے — اور کہتے ہیں حسین چہرہ ٹوٹے دلوں کا مرہم ہے
ست وکلیدِ درہائے بستہ لاجرم صحبت او ہمہ جا غنیمت شناسند وخدمتش
اور بند دروازوں کی کنجی — لازمی طور پر اسکی صحبت کو ہر جگہ غنیمت سمجھتے ہیں — اور اس کی خدمتگاری

را منت دانند قطعہ
اپنے اوپر احسان سمجھتے ہیں

شاہد آنجا کہ رود عزّت وحرمت بیند — ور برانند بقہرش پدر و مادر خویش
معشوق جہاں بھی جائے عزت واحترام دیکھے، — اگرچہ ناراض ہو کر اسکے ماں باپ اسکو نکال دیں
پرطاؤس دلم اوراقِ مصاحف دیدم — گفتم این منزلت از قدر تو می بینم بیش
مور کے پر میں نے قرآن کے ورقوں میں دیکھے — میں نے کہا یہ مرتبہ تو تیری حیثیت سے زیادہ دیکھتا ہوں
گفت خاموش کہ ہر کہ کہ جمالے دارد — ہر کجا پائے نہد دست بدارند بیش[1]
اُس نے کہا چپ رہ جو شخص حسن رکھتا ہے — جہاں قدم دھرتا ہے لوگ اسکو ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں

---

[1] دست بیش کسے داشتن۔ کسی کی تعظیم کرنا لہذا اس جگہ یہ معنی ہونگے کہ خوبصورت جہاں جائیگا اُس کی تعظیم سب لوگ کریں گے بعض نسخوں میں ندارند نون نفی کے ساتھ ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ وہ جہاں جائے گا اس کو منع نہ کریں گے۔ ایک شارح نے لکھا ہے۔ دست بدارندش پیش کا مطلب یہ ہے کہ اس کے لئے ہاتھوں کا فرش بنا دیں گے ۱۲

قطعہ

چوں در پسر موافقت و دلبری بود
جب لڑکے میں محبت اور دلبری کا مادہ ہو

اندیشہ نیست گر پدر از وے بری بود
تو کوئی فکر نہیں اگر باپ اس سے بیزار ہو

او جوہرست گو صدف[1] اندر میان مباش
وہ موتی ہے گو سیپی میں نہ رہے

در یتیم[2] را ہمہ کس مشتری[3] بود
در یتیم کا تو ہر ایک شخص خریدار ہے

چہارم خوش آوازے کہ بہ حنجرۂ داؤدی[4] آب از جریان و مرغ از طیران باز دارد
چوتھے وہ خوش آواز کہ داؤدی گلے کے ذریعہ پانی کو بہنے اور پرند کو اڑنے سے روک دے ،

پس بوسیلت آں فضیلت دل مشتاقاں صید کند و ارباب معنی بمنادمت
پس اس فضیلت کے ذریعہ مشتاقوں کے دل کو شکار کرے اور صاحب باطن اسکی ہمنشینی

او رغبت نمایند و بانواع خدمت کنند شعر
میں رغبت کریں اور طرح طرح کی خدمت کریں

سَمْعِی اِلٰی حُسْنِ الْاَغَانِی
میرا کان نغموں کے حسن میں لگا ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ حَسَّ الْمَثَانِی
کس نے ستار کو چھیڑا ہے

قطعہ

چہ خوش باشد آہنگ نرم و حزیں
غمناک اور نرم آواز کیسی بھلی معلوم ہوتی ہے

بگوش حریفان مست صبوح
صبح کی شراب سے مست دوستوں کے کان میں

بہ از روئے زیباست آوازِ خوش
حسین آواز حسین چہرے سے بھی زیادہ بہتر ہے

کہ ایں حظِ نفس است و آں قوتِ روح
اس لئے کہ یہ تو نفس کی لذت ہے اور وہ روح کی غذا ہے

پنجم پیشہ وری کہ بہ سعی بازو کفافے حاصل کند تا آبرو از بہر لقمہ ریختہ نگردد
پانچویں وہ پیشہ ور جو بازو کی کمائی سے گذارے کے موافق حاصل کرے تاکہ لقمہ کے لئے آبرو برباد نہ ہو

---

[1] صدف۔ سیپ۔ کنایتاً والدین کا گھر [2] در یتیم سے مراد وہ موتی جو سیپ میں سے ایک ہی نکلا ہو۔ اُسے گوہر یکدانہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہاں مراد بے مثل اور قیمتی سے ہے [3] مشتری خریدار کو کہتے ہیں [4] حنجرۂ داؤدی سے مراد غایت خوش آوازی۔ بہت خوش آواز گلا۔ حضرت داؤد علیہ السلام ایک پیغمبر کا نام جن پر زبور نازل ہوئی۔ آپ کا یہ معجزہ ہے کہ جب آپ زبور پڑھتے تھے تو آدمی اور چرند و پرند آپ کے گرد جمع ہو جاتے تھے اور سب آپ کی آواز کے سوز و گداز سے وجد کرتے تھے

چنانکہ بزرگان گفتہ اند **قطعہ**

جیسا کہ بزرگوں نے کہا ہے

گر بغریبی رود از شہر خویش
اگر اپنے شہر سے سفر میں چلا جائے

سختی و محنت نکشد پنبہ روز[1]
تو دھنیا سختی اور مصیبت نہ اٹھائے گا

ور بخرابی فتد از ملک خویش
اور اگر اپنے ملک سے دور ہو کر خرابی میں گرفتار ہو جائے

گرسنہ خفتد ملک نیمروز
تو سیستان کا بادشاہ بھوکا سوئے گا!

چنیں صفتہا کہ بیان کردم اے پسر در سفر موجب جمعیت خاطر ست و داعیہ

یہ باتیں جو میں نے بیان کیں اے بیٹا! سفر میں دل جمعی کا سبب ہیں اور زندگی کے

طیب عیش و آنکہ ازیں جملہ بے بہرہ ست بخیال باطل در جہاں برود و دیگر

لطف کا سبب ہیں اور وہ شخص جو ان سب سے خالی ہے وہ باطل خیال لے کر جہان میں جاتا ہے اور پھر کوئی

کس نام و نشان نشنود **قطعہ**

شخص اس کا نام و نشان نہیں سنتا

ہر آنکہ گردش گیتی بکین او برخاست
زمانہ کی گردش جس سے کینہ وری کرنے کے لئے اٹھ کھڑی ہو

بغیر مصلحتش رہبری کند ایام
زمانہ اس کی مصلحت کے خلاف اس کی رہنمائی کرتا ہے

کبوتریے کہ دگر آشیاں نخواہد دید
وہ کبوتر جو پھر کبھی گھونسلا نہ دیکھے گا

قضا ہمی بردش تا بسوئے دانہ و دام
اس کو قضا دانہ اور جال کی طرف لیجاتی ہے

پسر گفت اے پدر قول حکما را چگونہ مخالفت کنم کہ گفتہ اند رزق اگرچہ مقسوم ست

لڑکے نے کہا ابا جان حکما کے قول کی میں کس طرح مخالفت کروں اس لئے کہ انہوں نے کہا ہے کہ رزق اگرچہ قسمت میں لکھا ہے

بہ اسباب حصول آں تعلق شرط ست و بلا اگرچہ مقدور ست از ابواب[2]

لیکن اس کے حاصل کرنے کے طریقوں سے تعلق پیدا کرنا ضروری ہے اور مصیبت اگرچہ مقدر میں ہے لیکن اس کے

دخول آں حذر کردن واجب **قطعہ**

داخل ہونے کے دروازوں سے بچنا ضروری ہے

رزق ہر چند بے گماں برسد
روزی اگرچہ بے گمان پہونچتی ہے

شرط عقل ست جستن از در ہا
لیکن عقل کے نزدیک اس کے دروازوں سے اس کو تلاش کرنا شرط ہے

---

[1] پنبہ دوز = روئی دھننے والا۔ یہاں پیشہ ور سے مراد ہے خواہ وہ ادنیٰ کام کرتا ہو ۱۲ [2] یعنی بلا کے دروازوں میں خود داخل ہونا نہ چاہیے ۱۲

ورچہ کس بے اَجل نخواہد مُرد
اگرچہ کوئی بے موت نہ مرے گا

تو مَرو در دہان اژدہا
تو اژدہوں کے منہ میں نہ جا

دریں صورت کہ منم با پیلِ دماں بزنم و با شیرِ ژیاں پنجہ در افگنم پس مصلحت آنست
جس حالت میں کہ میں ہوں مست ہاتھی سے لڑ سکتا ہوں اور غضبناک شیر سے پنجہ ڈال سکتا ہوں پھر مناسب یہی

اے پدر کہ سفر کنم کہ ازیں پیش طاقتِ بے نوائی ندارم **قطعہ**
ہے کہ اے ابا جان میں سفر کروں اس لئے کہ اس سے زیادہ بے سروسامانی کی طاقت نہیں رکھتا ہوں۔

چوں مرد بر فتاد ز جای و مقامِ خویش
جب انسان اپنے مقام اور مرتبہ سے گر گیا

دیگر چہ غم خورد ہمہ آفاق جائے اوست
تو پھر وہ کیا غم کرے تمام دنیا اُس کی جگہ ہے

شب ہر توانگرے بسرائے ہمی رود
ہر مالدار شب کو گھر میں جاتا ہے

درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست
فقیر کو جہاں رات ہو جائے وہی اُس کا گھر ہے

ایں بگفت و پدر را وداع کرد و ہمت خواست و رواں شد و با خویشتن ہمی گفت
یہ کہا اور باپ کو رخصت کیا اور دعا چاہی اور روانہ ہو گیا اور اپنے دل میں یہ کہہ رہا تھا

شعر

ہنر ور چو بختش نباشد بکام
جب ہنرمند کا نصیبہ موافق نہ ہو

بجائے رود کش ندانند نام
جس جگہ جائے اس کا نام نہ جانیں

ہمچنیں تا برسید بر کنارِ آبے کہ سنگ از صلابتِ او بر سنگ ہمی آمد و
اسی طور پر وہ ایک ایسے دریا پر پہونچا کہ اس کی روانی کی سختی سے پتھر سے پتھر ٹکرا رہا تھا اور

خروشش بفرسنگ می رفت **بیت**
اُس کا شور تین کوس تک جا رہا تھا

سہمگیں آبے کہ مرغابی در و امن نبودے
اس قدر خوفناک دریا کہ مرغابی بھی اس میں امن سے نہ ہوتی

کمتر موج آسیا سنگ از کنارش در ربودے
اس کی چھوٹی سی موج چکی کا پاٹ کنارے سے بہا لیجاتی

گروہے مردماں را دید ہر یک بقراضہ[2] در معبر نشستہ و رختِ سفر بستہ
اُس نے انسانوں کے ایک مجمع کو دیکھا کہ ہر ایک ایک بیڑہ دیگر کشتی میں بیٹھا ہوا اور سامانِ سفر باندھے ہوئے

---

[1] پدر را وداع کرد۔ یعنی باپ کو خدا کو سونپا۔ یا گھر بار باپ کے سپرد کیا ۱۲ [2] قراضہ بالضم۔ لغت میں ہر اُس چیز کے ریزے کو کہتے ہیں جو قینچی سے کاٹنے سے گرتا ہے۔ یہاں ادنے بیڑہ سے مراد ہے ۱۲

جوان را دست عطا بستہ بود زبان ثنا بر کشود چندانکہ زاری کرد یاری نہ کردند
جوان کا عطا کا ہاتھ بندھا ہوا تھا تعریف کی زبان کھولی جس قدر بھی اس نے منت سماجت کی کسی نے مدد نہ کی

ملاح بے مروت ازو بخندہ برگردید و گفت شعر
بے مروت کشتی بان اس کے پاس سے ہنستا ہوا لوٹ گیا اور بولا

بے زر نتوانی کہ کنی بر کس زور | ور زر داری بزور محتاج نہ
بے پیسہ کے تو کسی پر زور نہیں کر سکتا | اور اگر پیسہ ہے تو زور کی ضرورت نہیں ہے

شعر

زر نداری نتوان رفت بزور از دریا | زور دہ مرد چہ باشد زر یک مرد بیار
پیسہ نہیں ہے تو طاقت کے بل پر دریا سے پار نہیں اتر سکتا | دس آدمیوں کی بقدر طاقت کی کیا ضرورت ہے ایک آدمی کا کرایہ لا

جوان را دل از طعنۂ ملاح بہم برآمد خواست کہ ازو انتقامے کشد کشتی رفتہ بود آواز
ملاح کے طعنہ سے جوان کا دل بھر آیا چاہا کہ اس سے بدلہ لے کشتی روانہ ہو چکی تھی اس نے آواز

داد کہ اگر بدیں جامۂ کہ پوشیدہ ام قناعت کنی دریغ نیست ملاح طمع کرد
دی کہ اگر ان کپڑوں پر جو کہ میں پہنے ہوئے ہوں تو قناعت کرلے تو مضائقہ نہیں ہے ملاح نے لالچ کیا

و کشتی باز گردانید بیت
اور کشتی لوٹا لی

بدوزد شرہ دیدۂ ہوشمند | در آرد طمع مرغ و ماہی بہ بند
حرص عقلمند کی آنکھ سی دیتی ہے | پرند اور مچھلی کو لالچ جال میں پھنساتا ہے

چندانکہ دست جوان بہ ریش و گریبانش رسید بخود در کشید و بے محابا فرو کوفت
جیسے ہی جوان کا ہاتھ ملاح کی ڈاڑھی اور گریبان تک پہونچا اس نے اس کو اپنی طرف کھینچ لیا اور بے دھڑک

یارش از کشتی بدر آمد کہ پشتی کند ہمچنیں درشتی دید پشت[2] بگردانید مصلحت
مارنا شروع کر دیا اس کا ایک دوست کشتی سے نکلا کہ مدد کرے اس نے سخت معاملہ دیکھا پشت پھیر کر چلدیا سب نے یہ

آں دیدند کہ با او بمصالحت گرایند و بہ اجرت کشتی مسامحت نمایند
مناسب سمجھا کہ اس سے صلح کرلیں اور کشتی کے کرایہ میں چشم پوشی کریں۔

---

[1] یعنی اس کے پاس دینے کے لئے کچھ نہ تھا کہ ملاح کو دے دیتا ۱۲ [2] پشت بہ گردانید۔ یعنی وہ بھی لوٹ گیا مطلب یہ کہ بھاگ گیا ۱۲

مثنوی

چو پرخاش بینی تحمل بیار
جب لڑائی دنگا دیکھے تو تحمل سے کام لے

کہ سہلے بہ بندد درِ کارزار
اس لئے کہ نرمی لڑائی کا دروازہ بند کردیتی ہے

بہ شیریں زبانی ولطف وخوشی
زبان کی مٹھاس اور مہربانی وخوشی سے

توانی کہ پیلے بموئے کشی
ہاتھی کو بال بال کے ذریعہ کھینچ سکتا ہے

لطافت کن آنجا کہ بینی ستیز
جہاں جھگڑا دیکھو نرمی برتو

نبرد قزِ نرم را تیغ تیز
تیز تلوار نرم ریشم کو نہیں کاٹتی

بعذرِ ماضی بقدمش درافتادند وبوسہ چند بہ نفاق بر سر وچشمش دادند پس بہ کشتی
گذشتہ باتوں کی معذرت میں اس کے پیروں پر گر گئے اور منافقت کے ساتھ اسکے سر وچشم پر چند بوسے دیئے پھر اسکو

درآوردند وروان شدند تا برسیدند بہ ستونے کہ از عمارت یونان در آب.
کشتی میں لے آئے اور روانہ ہوگئے یہانتک کہ ایک ستون کے قریب پہونچ گئے جو یونان کی آبادی کا پانی میں

ایستادہ بود ملاح گفت کشتی را خللے ہست یکے از شما کہ زور آورترست
کھڑا تھا۔ ملاح بولا کشتی میں کچھ خرابی ہے تم میں سے جو زیادہ طاقتور ہے اُس کو

باید کہ بریں ستون برود وخطام کشتی بگیرد تا عمارت کنیم جواں بہ غرور دلاوری
اس ستون پر چڑھنا چاہیے اور کشتی کی رسی کو پکڑے رہے تاکہ میں ٹھیک کرلوں۔ جوان نے دلاوری کے

کہ در سر داشت از خصم آزردہ دل نیندیشید وقول حکما را کار نہ فرمود کہ گفتہ اند
اس غرور کی وجہ سے جو اس کے سر میں تھا دشمن کی کوئی فکر نہ کی اور حکما کے قول پر عمل نہیں کیا کہ انہوں نے کہا ہے

ہر کرا رنجے بدل رسانیدی اگر در عقب آں صد راحت برسانی از یاد اش آں
جس کا تو نے دل دکھایا ہو اگر اس کے بعد سیکڑوں راحتیں بھی پہونچادے اُس ایک رنجش

یک رنجش ایمن مباش کہ پیکاں از جراحت بدر آید وآزار در دل بماند نظم
کے بدلے مطمئن نہ رہنا اس لئے کہ تیر زخم سے نکل آتا ہے لیکن تکلیف دل میں جمی رہتی ہے

چہ خوش گفت یکتاش[1] باخیلتاش
ایک سپاہی نے جمعدار سے کیا اچھی بات کہی

چو دشمن خراشیدی ایمن مباش
جبکہ تو نے دشمن کو ستایا ہے اس سے مطمئن نہ رہ

---

[1] یکتاش۔ مدار الافاضل میں بادشاہ خوارزم کا نام بتایا گیا ہے خیلتاش غلاموں کا گروہ بعض کا قول ہے کہ ایک آقا کے بہت سے ملازموں کو کہا جاتا ہے مگر یہ زیادہ صحیح نہیں بعض نے خیلتاش بمعنے سردار ملازمان یعنی جمعدار لکھا ہے بعض میں یکتاش کے بجائے یکتاش بیگ ہے

قطعہ

مشو ایمن کہ تنگ دل گردی
تو مطمئن نہ ہو کیونکہ تو بھی تنگدل ہوگا

چوں زدستت دلے بہ تنگ آید
جبکہ تیرے ہاتھ سے کوئی دل تنگ ہو

سنگ بر بارۂ حصار مزن
قلعہ کی دیوار پر سنگباری نہ کر

کہ بود کز حصار سنگ آید
اس لئے کہ ہو سکتا ہے کہ قلعہ سے بھی پتھر آئے

چندانکہ مقودِ کشتی بساعد بہ پیچید و بالائے ستون رفت ملاح زمام از
جیسے ہی اس جوان نے کشتی کی رسی گٹے پر لپیٹی اور ستون پر چڑھا ملاح نے اس کے ہاتھ سے

کفش در گسلانید و کشتی براند بے چارہ متحیر بماند روزے دو بلاؤ محنت
باگ چھڑالی اور کشتی چلادی بے چارہ حیران رہ گیا دو دن بلا و مصیبت برداشت

کشید سختی دید سوم روز خوابش گریباں گرفت و در آب انداخت بعد از
کی اور سختی دیکھی تیسرے دن نیند نے اس کا گریبان پکڑا اور پانی میں گرادیا ایک دن

شبا روزے دگر بر کنار افتاد از حیاتش رمقے ماندہ بود برگِ درختاں
رات کے بعد کنارے پر جا لگا اس کی زندگی کی کچھ رمق رہی تھی درختوں کے پتے

خوردن گرفت و بیخ گیاہاں برآوردن تا اندکے قوت یافت سر در بیاباں
کھانے شروع کئے اور گھاس کی جڑیں اکھاڑنا یہاں تک کہ تھوڑی سی طاقت آئی جنگل کا رخ

نہاد و برفت تا تشنہ و بے طاقت شد و بر سر چاہے رسید قومے را دید شربت
کیا اور چل پڑا یہاں تک کہ پیاسا اور بے طاقت ہوگیا اور ایک کنوئیں پر پہونچا لوگوں کو دیکھا کہ پیاس بھر

آب بہ پشیزے ہمی آشامیدند جواں را پشیزے نبود طلب کرد و بیچارگی
پانی ایک اڈھی میں پلا رہے ہیں جوان کے پاس اڈھی نہ تھی اس نے پانی مانگا اور لاچاری

نمود رحمت نیاوردند دست تعدی دراز کرد و تنے چند را فرو کوفت مرداں
ظاہر کی انہوں نے رحم نہ کھایا اس نے ظلم کا ہاتھ بڑھایا اور چند آدمیوں کو پیٹا آدمی

لہ مراد یہ ہے کہ اگر تو کسی کے ستانے کے درپے ہوگا تو اس کا جواب ضرور ملے گا ۱۲ سہ رمق بقیہ جان یعنی کچھ یوں ہی سی جان ۱۲ سہ پشیز۔ آنے کا آٹھواں حصہ۔ بعض نے ایک معمولی سکہ کے معنی میں لکھا ہے۔ جس کو عالمگیری کہتے تھے ۱۲

غلبہ کردند و بے محابا بزدندش مجروح شد **قطعہ**

جمع ہوگئے اور سب نے اُس کو بے تحاشا مارا زخمی ہوگیا

پشہ چو پر شد بزند پیل را
مچھر جب زیادہ ہوتے ہیں تو ہاتھی کو مار ڈالتے ہیں

باہمہ مردی و صلابت کہ اوست
باوجود پوری مردانگی اور سختی کے جو اُس میں ہے

مورچگاں را چو بود اتفاق
چیونٹیوں میں جب اتفاق ہو

شیر ژیاں را بدر آرند پوست
غضبناک شیر کی کھال اُتار لیتی ہیں

بحکم ضرورت در پئے کارواں افتاد و برفت شبانگہ برسیدند بمقامے کہ

مجبوراً ایک قافلہ کے پیچھے ہولیا اور چل دیا رات کو وہ ایسی جگہ پہونچے جہاں

ازدزداں پرخطر بود کاروانیاں را دید لرزہ براندام افتادہ و دل بر ہلاک نہادہ

چوروں کا زیادہ خطرہ تھا اُس نے قافلہ والوں کو دیکھا کہ ان کے بدن کانپ رہے ہیں اور مرنیکے لئے آمادہ ہورہے ہیں

گفت اندیشہ مدارید کہ دریں[1] میاں یکے منم کہ بہ تنہا پنجاہ مرد را جواب گویم و دیگر

وہ بولا گھبراؤ نہیں اس درمیان میں ایک میں ہی ایسا ہوں کہ اکیلا پچاس آدمیوں کا مقابلہ کرلوں گا اور دوسرے

جواناں ہم یاری کنند ایں بگفت و مردم کارواں بلاف او قوی دل شدند

جوان بھی مدد کریں گے اس نے یہ کہا اور قافلہ کے لوگ اس کے شیخی بگھارنے پر قوی دل ہو گئے

و بہ صحبتش شادمانی کردند و بزاد و آبش دستگیری واجب دانستند جواں را

اور اس کے ساتھ ہونے پر خوشی منانے لگے اور انہوں نے کھانے پینے سے اس کی مدد ضروری سمجھی جوان کے

آتش معدہ بالا گرفتہ بود و عنان طاقت از دست رفتہ لقمۂ چند از سر اشتہا

معدہ کی آگ بھڑکی ہوئی تھی اور طاقت کی باگ ہاتھ سے چھٹ چکی تھی چند لقمے صبح بھوک میں

تناول کرد و دمے چند آب در پئے آں آشامید تا دیو درونش بیارمید و

کھائے اور اُس پر چند گھونٹ پانی پیا یہاں تک کہ اس کے اندر والی دیو بھوک کو آرام پہونچا

بخفت پیر مردے جہاں دیدہ دراں کارواں بود گفت اے جماعت من

اور وہ سوگیا ایک جہاں دیدہ بوڑھا بھی اس قافلہ میں تھا وہ بولا اے میرے ساتھیو

ازیں بدرقۂ شما اندیشناکم بیش ازاں کہ از دزداں چنانکہ حکایت کنند اعرابی[2] را

میں تمہارے اس راہبر سے چوروں سے بھی زیادہ ڈر رہا ہوں جیسا کہ لوگ قصہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بنوار کے

---

[1] یعنی اس گروہ میں ۱۲ [2] اعرابی صحرانشین خانہ بدوش عربوں میں ایک جنگلی آدمی ۱۲

درے چند گرد آمدہ بود و بہ شب از تشویش لوریاں در خانہ نمی خفت یکے را از
پاس چند دزم جمع ہو گئے تھے اور وہ رات کو چوروں کے ڈر سے گھر میں نہ سویا اپنے ایک
دوستاں بر خود خواند تا وحشت تنہائی بدیدار وے منصرف کند شبے چند
دوست کو بلا کر لایا تاکہ تنہائی کی وحشت اس کو دیکھکر دور کرے چند رات اس
در صحبت او بود چندانکہ بر در مہماش وقوف یافت ببرد و بخورد و سفر کرد بامداداں
کے ساتھ تھا جیسے ہی اس کو اس کے در مہوں کی خبر لگی لے گیا اور اڑا دیے اور بھاگ گیا صبح کو
دیدند غریب گریاں و عریاں کسے گفت حال چیست مگر آں در مہائے ترا دزد
لوگوں نے غریب کو ننگا اور روتا ہوا دیکھا کسی نے دریافت کیا کیا حال ہے شاید وہ تیرے درم چور

قطعہ

بُرد گفت لَا وَاللہ بدرقہ برد
لے گیا وہ بولا نہیں خدا کی قسم راہبر لے گیا

ہرگز ایمن زیار نہ نشستم | تا ندانستم انچہ عادت اوست
میں کبھی دوست کی طرف سے مطمئن ہو کر نہ بیٹھا | جب تک کہ اس کی عادت کو نہ جان لیا
زخم دندان دشمنے تیز ست | کہ نماید بچشم مردم دوست
اس دشمن کے دانت بہت تیز ہیں | جو لوگوں کی نظر میں دوست معلوم ہوتا ہے

چہ دانید کہ اگر ایں ہم از جملہ دزداں باشد بہ عیاری درمیان ما تعبیہ شدہ تا
تمہیں کیا معلوم کہ اگر یہ بھی چوروں میں سے ہو چالاکی سے ہم میں چھپ گیا ہو تاکہ
بوقت فرصت یاراں را خبر کند مصلحت آں بینم کہ مرا خفتہ را بگذارم و رفت
موقع پاکر یاروں کو خبر کر دے مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کو سوتا ہی چھوڑ چلیں اور سامان
بردارم جواناں را پند پیر استوار آمد و مہابت عظیم از مشت زن در دل
باندھ لیں جوانوں کو بوڑھے کی نصیحت بھلی معلوم ہوئی اور پہلوان کا ڈر اُن کے دل میں زیادہ بیٹھ
گرفتند و رخت برداشتند و جواں را خفتہ بگذاشتند آنگہ خبر یافت کہ
گیا اور انہوں نے سامان اٹھا لیا اور جوان کو سوتا ہوا چھوڑ دیا اس کو جب پتہ چلا جبکہ
آفتابش بر کتف تافت سر بر آورد و کارواں رفتہ دید بے چارہ بے بگردید رہ
دھوپ اس کے مونڈھے پر پڑی سر اٹھایا دیکھا کہ قافلہ جا چکا ہے بے چارہ بہت گھبرایا کسی
بجائے نبرد توشہ و بنوازدی بر خاک و دل بر ہلاک نہادہ می گفت
راستہ سے منزل تک نہ پہنچا پیاسا اور بے سہارا خاک پر چہرہ رکھے ہوئے اور مرنے پر آمادہ کہہ رہا تھا

شعر

مَنْ ذَا یُحَدِّثُنِی وَزُمَّرُ الْعِیسُ | مَا لِلْغَرِیبِ سِوَی الْغَرِیبِ اَنِیسُ

کون ہے جو مجھ سے باتیں کریگا اونٹوں کے توبڑے لگا دی گئیں (یعنی روانہ ہوگئے) مسافر کا تو مسافر ہی غمخوار دوست نہیں ہے

فرد

درشتی کند بر غریباں کسے | کہ نابودہ باشد بغربت بسے

مسافروں پر وہی سختی کرتا ہے | جو سفر میں زیادہ نہ رہا ہو

مسکین دریں سخن بود کہ پادشاہ پسرے بہ صید از لشکریاں دور افتادہ بود

بے چارہ یہ باتیں کر رہا تھا کہ ایک شہزادہ شکار کی دھن میں سپاہیوں سے دور نکل گیا تھا

و بالائے سرش ایستادہ ہمی شنید و در ہیاتش ہمی نگرید صورتش پاکیزہ دید و

اور اس کے سرہانے کھڑا ہوا یہ باتیں سن رہا تھا اور اس کی حالت پر غور کر رہا تھا اس کی پاکیزہ صورت اور

حالش پریشاں پرسید از کجائی و بدیں جائگہ چوں افتادی برخے از انچہ

پریشان حالی کو دیکھا دریافت کیا تو کہاں کا رہنے والا ہے اور اس جگہ کیسے آگیا اس نے تھوڑا سا

بر سر او رفتہ بود اعادت کرد ملک زادہ را بر حال تباہ او رحمت آمد و خلعت

وہ قصہ جو اس کے سر پر گذرا تھا دوہرایا شہزادہ کو اس کے تباہ حال پر رحم آیا اور جوڑا

و نعمت داد و معتمدے را باوے بفرستاد تا بشہر خویش باز آمد پدرش

اور انعام دیا اور ایک بھروسے کا آدمی اس کے ساتھ روانہ کیا چنانچہ وہ جوان اپنے شہر میں لوٹ آیا باپ

بدیدن او شادمانی کرد و بر سلامت حالش شکر گفت شبانگہ از انچہ بر سر

اس کو دیکھ کر خوشی منائی اور اس کے زندہ بچنے پر شکر ادا کیا رات کے وقت جو کچھ اس پر گذری

او رفتہ بود از حالت کشتی و جور ملاح و ظلم روستائیاں بر سر چاہ و غدر کاروانیاں

تھی یعنی کشتی کی حالت۔ ملاح کی زیادتی، کنویں پر گاؤں والوں کا ظلم، راستہ میں قافلہ والوں

در راہ باپدر ہمی گفت پدر گفت اے پسر نہ گفتمت ہنگام رفتن کہ تہیدستاں

کی غداری باپ کو سنا رہا تھا باپ نے کہا اے بیٹا روانگی کے وقت کیا میں نے تجھ سے نہیں کہدیا

را دست دلیری بستہ ست و پنجۂ شیری شکستہ شعر

تھا کہ خالی ہاتھ والوں کا دلیری کا ہاتھ بندھا ہوا بڑا بہادری کا پنجہ ٹوٹا ہوا

چہ خوش گفت آں تہیدست سلحشور | جوے زر بہتر از ہفتاد من زور
خالی ہاتھ سپاہی نے کیا اچھی بات کہی ہے | جو بھر سونا ستر من زور سے بہتر ہے

پسر گفت اے پدر ہر آئینہ تا رنج نہ بری گنج بر نداری و تا جان در خطر نہ نہی بر
لڑکے نے کہا ابا جان لامحالہ جب تک آپ محنت نہ کریں گے خزانہ نہیں حاصل کر سکیں گے اور جب تک جان خطرہ

دشمن ظفر نیابی و تا دانہ پریشاں نہ کنی خرمن نگیری نہ بینی باندک مایہ رنجے کہ بردم
میں نہ ڈالیں دشمن پر فتح نہیں پا سکیں گے اور جب تک دانہ بکھیر نہ دیں کھلیان نہ اٹھا سکیں گے۔ آپ نے نہیں دیکھا کہ تھوڑی سی تکلیف

چہ تحصیل راحت کردم و بہ نیشے کہ خوردم چہ مایۂ عسل آوردم **فرد**
اٹھانے پر میں نے کس قدر راحت حاصل کی اور جو ڈنک میں نے کھایا اس سے میں نے کتنا شہد جمع کر لیا

گرچہ بیروں زر رزق نتواں خورد | در طلب کاہلی نباید کرد
اگرچہ مقدر سے زیادہ رزق نہیں کھا سکتا | تلاش میں سستی نہ کرنی چاہیے

فرد

غواص گر اندیشہ کند کام نہنگ | ہرگز نہ کند در گرانمایہ بہ چنگ
غوطہ خور اگر مگرمچھ کے حملے سے ڈرے | تو کبھی بھی قیمتی موتی کو حاصل نہ کرے

حکمت آسیا سنگ زیریں متحرک نیست لاجرم تحمل بار گراں ہمی کند **قطعہ**
چکی کا نچلا پاٹ متحرک نہیں ہے لامحالہ بھاری بوجھ کو برداشت کرتا ہے

چہ خورد شیر شرزہ در ین غار | باز افتادہ را چہ قوت بود
غضبناک شیر غار کے اندر پڑا پڑا کیا کھائے | ناکارہ باز کی روزی کیا ہوگی

گر تو در خانہ صید خواہی کرد | دست و پایت چو عنکبوت بود
اگر تم گھر بیٹھے شکار کھیلو گے | تو تمہارے ہاتھ پیر مکڑی کے جیسے ہونگے

پدر پسر را گفت ترا دریں نوبت فلک یاوری کرد و اقبال رہبری کہ صاحب
باپ نے بیٹے سے کہا اس مرتبہ آسمان نے تیری مدد کر دی اور اقبال نے رہبری کہ ایک دولت مند

دولتے بتو رسید و بر تو ببخشید و کسر حالت را بتفقدی جبر کرد چنیں اتفاق در
تیرے پاس آگیا اور تجھے انعام دیدیا اور تیری ٹوٹی حالت کو دلجوئی کر کے جوڑ دیا ایسا اتفاق کم

افتد و برنا در حکم نتواں کرد **بیت**
ہوتا ہے اور نادر باتوں پر فیصلہ نہیں کیا جا سکتا

صیاد نہ ہر بار شغالے ببرد
شکاری ہر بار گیدڑ گھر نہیں لے جاتا

باشد کہ یکے روز پلنگش بدرد
ہو سکتا ہے کہ ایک دن اس کو چیتا پھاڑ ڈالے

چنانکہ یکے از ملوک پارس را نگینے گرانمایہ در انگشتری بود بارے بحکم تفرج
چنانچہ فارس کے ایک بادشاہ کے پاس ایک قیمتی نگینہ انگوٹھی میں جڑا ہوا تھا ایک مرتبہ چند مصاحبوں

باتنے چند خاصاں بمصلائے شیراز بیروں رفت فرمود تا انگشتری را بر
کے ساتھ شیراز کی عید گاہ میں سیر کرنے کے لئے گیا حکم دیا کہ انگشتری کو عضد الدین

گنبدِ عضدؒ نصب کردند تا ہر کہ تیر از حلقۂ انگشتری بگذارد خاتم او را باشد
کے گنبد پر قائم کیا تاکہ جو شخص تیر انگشتری کے حلقہ میں سے گذار دے انگوٹھی اس کو ملجائے

اتفاقاً چہار صد حکم انداز کہ در خدمت او بودند بینداختند جملہ خطا کردند مگر کودکے
اتفاقاً چار سو حکمی تیر مارنے والوں نے جو اس کے ساتھ تھے تیر چلائے سب کا نشانہ خطا ہوا مگر ایک چھوٹا سا بچہ

کہ بر بامِ ربلطے بازیچہ تیر از ہر طرف می انداخت بادِ صبا تیر او از حلقۂ انگشتری
جو ایک مکان کی چھت پر کھیل میں ہر طرف تیر پھینک رہا تھا پروا ہوا نے اس کا تیر انگوٹھی کے حلقہ میں سے

بگذرانید خلعت و نعمت یافت و خاتم بوے ارزانی داشتند آوردہ اند
گذار دیا اس نے خلعت اور انعام حاصل کر لیا اور انگوٹھی اس کو بخش دی لوگ بیان کرتے ہیں

کہ پسر تیر و کمان را بسوخت گفتند چرا چنیں کردی گفت تا رونق نخستیں
کہ لڑکے نے تیر و کمان جلا دیا لوگوں نے کہا تو نے ایسا کیوں کیا بولا تاکہ پہلی عزت

برجائے ماند
برقرار رہے

قطعہ

گہ بود کز حکیم روشن رای
کبھی ایسا ہوتا ہے کہ روشن رائے دانا سے

گاہ باشد کہ کودکے ناداں
کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نادان بچہ

برنیاید درست تدبیرے
کوئی درست تدبیر نہیں ہوتی

بغلط بر ہدف زند تیرے
غلطی سے نشانہ پر تیر مار دیتا ہے

۱؎ مصلائے شیراز۔ شیراز کی عید گاہ۔ یہ ایک نہایت تفریح کی جگہ ہے جیسا کہ حافظ شیرازیؒ کے اس شعر سے بھی معلوم ہوتا ہے ؎

بدہ ساقی مے باقی کہ در جنت نخواہی یافت کنارِ آب رکنا باد و گلگشت مصلا را

۲؎ عضد ایک بادشاہ کا مختصر نام ہے جس کا پورا نام عضد الدین ہے ۱۲

حکایت (۲۹) درویشے را شنیدم کہ بہ غارے[1] نشستہ بود و در بروی

میں نے ایک درویش کے بارے میں سُنا کہ وہ ایک غار میں بیٹھ گیا تھا اور دنیا کا

از جہاں بستہ و ملوک و اغنیا را در چشم ہمت او شوکت و ہیبت نماند قطعہ

دروازہ اپنے اوپر بند کر دیا تھا اور بادشاہوں اور مالداروں کا اس کی باہمت نگاہ میں دبدبہ اور ڈر نہ رہا تھا

ہر کہ بر خود در سوال کشاد — تا بمیرد نیاز مند بود
جس نے اپنے اوپر سوال کا دروازہ کھولا — جب تک مریگا ذلیل رہے گا

آز بگذار و پادشاہی کن — گردن بے طمع بلند بود
لالچ کو چھوڑ اور بادشاہی کر — بے طمع گردن اونچی رہتی ہے

یکے از ملوک آں طرف اشارت کرد کہ توقع بہ کرم و اخلاق مرداں چنین ست

اُس طرف کے ایک بادشاہ نے اشارہ کیا — کہ بزرگوں کے کرم اور اخلاق سے امید ہے کہ ایک دن

کہ یکے با مابنان و نمک موافقت کنند شیخ رضا داد بحکم آنکہ اجابت دعوت

نان و نمک کی دعوت منظور فرمالیں گے — درویش نے منظور کر لیا اس لئے کہ دعوت قبول کرنا

سنت ست دیگر روز ملک بعذر قدومش رفت عابد از جای برجست و

سنت ہے — دوسرے دن بادشاہ ان کی تکلیف فرمائی کی معذرت کرنے گیا وہ عابد اپنی جگہ سے اٹھے

ملک را در کنار گرفت و تلطف کرد و ثنا گفت چوں غائب شد یکے از جماعت

اور بادشاہ سے بغلگیر ہوئے اور مہربانی فرمائی اور تعریف کی جب بادشاہ چلا گیا تو مریدوں کی جماعت

پرسید شیخ را کہ چندیں ملاطفت امروز کہ با پادشہ کردی خلاف عادت تو بود

میں سے ایک نے درویش سے دریافت کیا کہ جس قدر نرمی آج بادشاہ سے آپ نے برتی یہ آپ کی عادت کے خلاف

دیگر ندیدم گفت نشنیدی آنکہ یکے از صاحبدلان گفتہ ست فرد

تھی پہلے میں نے نہیں دیکھی اُنہوں نے فرمایا تو نے نہیں سنا جو بزرگوں میں سے کسی نے کہا ہے

ہر کرا بر سماط[2] بنشستی — واجب آمد بخدمتش برخاست
جس کے دسترخوان پر تو بیٹھے — اُس کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا ضروری ہو

---

[1] یعنی ترک دنیا اور ترک آبادی کر کے ایک کھوہ یا ایک گڑھے کا رہنا اختیار کیا تھا شیخ نے ایک اونچی جگہ بھی غار کا لفظ اسی محل پر استعمال کیا ہے ؎

بزرگے دیدم اندر کوہسارے ✤ قناعت کردہ از دنیا بہ غارے

[2] سماط بنشستی کی بجائے بعض نسخوں میں بنشانی ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ معتبر نسخوں میں بنشستی ہی پایا جاتا ہے ۱۲

مثنوی

گوش تواند کہ ہمہ عمر وے
کان یہ کرسکتا ہے کہ اپنی تمام عمر

نشنود آوازِ دف و چنگ و نے
ڈھول، ستار اور بانسری کی آواز نہ سنے

دیدہ شکیبد ز تماشائے باغ
آنکھ باغ کی سیر سے صبر کرسکتی ہے

بے گل و نسریں بسر آرد دماغ
گلاب اور سیوتی کے بغیر دماغ بسر کرسکتا ہے

گر نبود بالشِ آگندہ پر
اگر پروں بھرا تکیہ نہ ہو!

خواب تواں کرد بجز زیرِ سر
تو سر کے نیچے پتھر رکھکر سویا جاسکتا ہے

ورنہ بود دلبرِ ہمخوابہ پیش
اگر ساتھ سونے والا معشوق موجود نہ ہو

دست تواں کرد بآغوشِ خویش
تو اپنی بغل میں ہاتھ دیئے جاسکتے ہیں

ویں شکمِ بے ہنر و پیچ پیچ[1]
لیکن یہ بے ہنر اور ٹیڑھا پیٹ

صبر ندارد کہ بسازد بہیچ
صبر نہیں کرتا کہ تھوڑے سے بناہ لے

باب چہارم در فوائدِ خاموشی

چوتھا باب خاموشی کے فائدوں کے بیان میں

حکایت یکے از دوستاں گفتم امتناعِ سخن گفتنم بعلتِ آں
میں نے ایک دوست سے کہا میں نے بات کرنے سے رکنا اس لیے

اختیار آمدہ است کہ غالب اوقات در سخن نیک و بد اتفاق افتد و دیدہ
پسند کیا ہے کہ اکثر اوقات بات کرنے میں بُری بھلی بات کا اتفاق ہوتا ہے اور دشمنوں

دشمناں جز بربدی نمی آید گفت اے برادر دشمن آں بہ کہ نیکی نہ بیند
کی نظر بُرائی ہی پر پڑتی ہے اس نے کہا اے بھائی دشمن وہی بہتر ہے جو نیکی نہ دیکھے

وَاَخُو الْعَدَاوَۃِ لَا یَمُرُّ بِصَالِحٍ
دشمن نیک آدمی کے پاس سے نہیں گذرتا

اِلَّا وَیَلْمِزُہٗ بِکَذَّابٍ اَشِرٍ
مگر اُس کو جھوٹا اور تکبّر ہونے کا عیب لگاتا ہے

[1] پیچ پیچ یعنی وہ پیٹ جس میں بیچدار آنتیں وغیرہ ہیں۔ بعض شارحین نے پیچ پیچ بمعنی دغاباز اور مکار کے لکھا ہے ۱۲

شعر

ہنر بچشم عداوت بزرگتر عیب ست | گل ست سعدی و در چشم دشمنان خار ست
دشمنی کی آنکھ میں ہنر بڑا عیب ہے | سعدی پھول ہے لیکن دشمنوں کی آنکھ میں کانٹا ہے

بیت

نور گیتی فروز چشمۂ ہور | زشت باشد بچشم موشک کور
دنیا کو روشن کرنے والے آفتاب کا نور | چھچھوندر کی آنکھ میں بڑا معلوم ہوتا ہے

حکایت (۱۲) بازرگانے را ہزار دینار خسارت افتاد پسر را گفت نباید کہ با
ایک تاجر کو ایک ہزار دینار کا ٹوٹا آگیا لڑکے سے کہا مجھے یہ بات کسی
کسے ایں سخن در میاں نہی گفت اے پدر فرمان تراست نگویم ولیکن باید
سے نہ کہنا چاہیئے لڑکے نے کہا اباجان آپ کا حکم ہے نہ کہوں گا لیکن مناسب ہوگا
کہ مرا بر فائدۂ ایں مطلع گردانی کہ مصلحت در نہاں داشتن چیست گفت تا
کہ آپ مجھے اس کے فائدہ سے باخبر کردیں کہ اس بات کے چھپانے میں کیا خوبی ہے اس نے کہا تاکہ
مصیبت دو نشود یکے نقصان مایہ دیگر شماتت ہمسایہ **شعر**
مصیبت دوہری نہو جائے ایک تو سرمایہ کا نقصان دوسرے پڑوسی کی خوشی

مگو اندوہ[1] خویش با دشمنان | کہ لاحول گویند شادی کناں
اپنا غم دشمنوں سے نہ کہہ | اس لئے کہ خوش ہوتے ہوئے لاحول پڑھیں گے

حکایت (۱۳) جوانے خردمند از فنون فضائل حظے وافر داشت و طبعے نافر
ایک عقلمند نوجوان طرح طرح کی فضیلتوں سے بہت بڑا نصیبہ رکھتا تھا اور اسکا مزاج لوگوں
چنانکہ در محافل دانشمنداں نشستے زبان سخن بستے بارے پدرش گفت
متنفر تھا چنانچہ عقلمندوں کی مجلسوں میں شریک ہوتا اور زبان بند رکھتا۔ ایک مرتبہ اس کے باپ نے کہا
اے پسر تو نیز انچہ دانی بگوی گفت ترسم از انچہ ندانم بپرسند و شرمساری برم
اے بیٹا تجھے جو کچھ معلوم ہے تو بھی کہہ اس نے کہا مجھے اس کا خوف ہے کہ جو کچھ مجھے معلوم نہیں ہے وہ پوچھیں اور میں شرمندہ ہوں

---

[1] اندہ۔ اندوہ کا مخفف ہے بمعنے رنج وغم ۱۲

قطعہ

آں شنیدی کہ صوفیے میکوفت
تو نے سنا ہے کہ ایک صوفی اپنے

زیر نعلین خویش مینے چند
جوتوں کے تلے میں چند کیلیں ٹھونک رہا تھا

آستینش گرفت سرہنگے
ایک سپاہی نے اُس کی آستین پکڑی

کہ بیا نعل بر ستور من بند
کہ آ میرے گھوڑے کے نعل اجڑ دے

فرد

نگفتہ ندارد کسے با تو کار،
بدون بولے تجھ سے کسی کو سروکار نہیں

ولیکن چو گفتی دلیلش بیار
اور جب تو بولا ہے تو اس کی دلیل لا

حکایت (۴) عالمے معتبر را مناظرہ افتاد بملحدے از ملاحدہ لعنھم اللہ علی
ایک مستند عالم کا ایک بے دین سے مناظرہ ہو گیا خدا اُن میں سے ہر ایک پر

حدۃ وبہ حجتِ او برنیامد سر بینداخت و برگشت کسے گفتا ترا با چندیں
لعنت کرے اور دلیل میں اُس سے جیت نہ سکا ہار گیا اور لوٹ آیا کسی نے اس سے کہا باوجود اسقدر

فضل و ادب کہ داری با بے دینے حجت نماند گفت علم من قرآن ست و
بزرگی اور ادب کے آپ ایک بے دین کے مقابلہ میں دلیل نہ رہی اس نے کہا میرا علم تو قرآن، حدیث

حدیث و گفتارِ مشائخ و او بدینہا معتقد نیست و نمی شنود و مرا شنیدن کفر
اور بزرگوں کے اقوال ہیں اور وہ نہ ان کو مانتا ہے اور نہ سنتا ہے پھر اس کی کفر کی باتیں

او بہ چہ کار آید **بیت**
میرے کس کام کی ہیں

آں کس کہ بہ قرآن و خبر زو نرہی
جس شخص سے قرآن و حدیث کے ذریعہ تو چھٹکارا نہ پاسکے

آنست جوابش کہ جوابش ندہی
اُس کا جواب یہی ہے کہ تو اسکو جواب نہ دے

حکایت (۵) جالینوس ابلہے را دید دست در گریبان دانشمندے زدہ
جالینوس نے ایک بے وقوف کو ایک عقلمند کے گریبان میں ہاتھ ڈالے دیکھا اور بیعزتی

---

۴ ملاحدہ ملحد کی جمع ہے بمعنے بے دین کافر ۱۲ ۵ جالینوس یونان کے ایک مشہور طبیب و حکیم کا نام ہے ۱۲

وبے حرمتی ہمی کرد گفت اگر ایں دانا بودے کارِ او بنا داں بدیں جا نرسیدے

اور بے عزتی کر رہا تھا بولا اگر یہ عقلمند ہوتا تو بے وقوف کے ساتھ معاملہ کی نوبت یہاں تک نہ آتی

مثنوی

دو عاقل را نباشد کین و پیکار — نہ دانائے ستیزد با سبکسار

دو عقلمندوں میں کینہ اور جھگڑا نہیں ہوتا — نہ کوئی عقلمند بے وقوف سے لڑتا ہے

اگر نادان بوحشت سخت گوید — خردمندش بہ نرمی دل بجوید

اگر نادان پاگل بنے سے سخت کلامی کرتا ہے — عقلمند نرمی سے اس کی دلجوئی کرتا ہے

دو صاحبدل نگہدارند موئے[1] — ہمیدوں سرکشے و آزرم جوئے

دو صاحبدل ایک بال کا بھی رکھ رکھاؤ کرتے ہیں — اور اسی طرح ایک سرکش اور صلح پسند بھی

وگر در ہر دو جانب جاہلانند — اگر زنجیر باشد بگسلانند

اور اگر دونوں جانب جاہل ہوں — تو اگر زنجیر بھی ہو تو توڑ ڈالیں

یکے را زشت خوئے داد دشنام — تحمل کرد و گفت اے نیک فرجام

کسی کو ایک بد مزاج نے گالی دی — اس نے برداشت کیا اور کہا اے نیک انجام

تبر زانم کہ خواہی گفت آنی — کہ دانم عیب من چوں من ندانی

میں اس سے بُرا ہوں جو تو کہے گا کہ تو وہ ہے — اس لئے کہ مجھے معلوم ہے کہ تو میرا عیب میری طرح نہیں جانتا

حکایت (۶)

سحبانِ[2] وائل را در فصاحت و بلاغت بے نظیر نہادہ اند بحکم آنکہ سالے بر سرِ جمعے سخن گفتے کہ لفظے مکرر نہ کردے و اگر ہماں اتفاق افتادے بعبارتِ دیگر بگفتے و از جملہ ادب ندمائے حضرتِ ملوک یکے

سحبان وائل کو فصاحت و بلاغت میں بے نظیر تسلیم کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ سال بھر تک مجمع میں اس طریقہ پر تقریر کرتا کہ کوئی لفظ مکرر نہ کرتا اور اگر ویسا ہی موقع آجاتا تو دوسری عبارت بولتا اور بادشاہی دربار کے مصاحبوں کے آداب میں سے ایک

مثنوی

این ست

یہ ہے

---

[1] مراد یہ کہ اگر دو عقلمند آدمی ہیں تو ایک بال کی بھی محافظت کر سکتے ہیں یعنی ان میں ادنیٰ سی کشاکش بھی پیدا نہیں ہو سکتی ۱۲

[2] سحبان بن وائل ایک شخص کا نام تھا جو نہایت فصیح و بلیغ تھا ۱۲

سخن گرچہ دلبند و شیریں بود
بات اگرچہ دل پسند اور میٹھی ہو،
سزاوارِ تصدیق و تحسیں بود
تصدیق اور تعریف کے قابل ہو

چو یک بار گفتی مگو باز پس
جب ایک بار کہہ چکے تو پھر نہ کہہ
کہ حلوا[1] چو یکبار خوردند و بس
اس لئے کہ حلوا جب ایک بار کھا لیا تو کافی ہے

حکایت (۷) یکے را از حکما شنیدم کہ می گفت ہرگز کسے بہ جہل خود اقرار
میں نے ایک عقلمند سے سنا ہے کہ کہہ رہا تھا کہ کسی نے کبھی اپنی نادانی کا اقرار نہیں
نکردہ است مگر آں کس کہ چوں دیگرے در سخن باشد ہمچناں تمام ناگفتہ
کیا ہے مگر وہ شخص کہ جب دوسرا بات کہہ رہا ہو ابھی اس نے بات ختم نہ کی ہو کہ یہ
سخن آغاز کند
شروع کر دے

مثنوی

سخن را سرست اے خردمند و بن
اے عقلمند بات کا سر اور جڑ ہوتی ہے
میاور سخن درمیانِ سخن
بات کے درمیان میں بات نہ کر

خداوندِ تدبیر و فرہنگ و ہوش
تدبیر اور عقل و ہوش والا
نگوید سخن تا نہ بیند خموش
اسوقت تک بات نہیں کرتا جبتک دوسرے کو خاموش نہ دیکھے

حکایت (۸) تنے چند از بندگانِ محمود گفتند حسن[2] میمندی را کہ سلطان امروز
سلطان محمود کے چند نوکروں نے حسن میمندی سے دریافت کیا کہ سلطان نے آج
چہ گفت ترا در فلاں مصلحت گفت بر شما ہم پوشیدہ نماند گفتند انچہ با تو گوید با مثال ما
تجھ سے فلاں معاملہ میں کیا بات کی اس نے کہا تم سے بھی چھپی نہ رہے گی انہوں نے کہا جو کچھ وہ آپ سے کہدیتے
گفتن روا ندارد گفت باعتماد آنکہ داند کہ نگویم پس چرا ہمی پرسید **بیت**
ہیں ہم جیسوں سے کہنا مناسب نہیں سمجھتے اس نے کہا اسی بھروسہ پر تو کہ وہ جانتے ہیں کہ میں کہونگا پھر کیوں پوچھتے ہو۔

نہ ہر سخن کہ برآید بگوید اہلِ شناخت
بات کہنے والا ہر وہ بات نہیں کہدیتا ہے جو اس تک پہونچے
بسرِّ شاہ سرِ خویشتن نشاید باخت
شاہی راز کہکر اپنے سر کی بازی نہ ہارنی چاہیے

حکایت (۹) در عقدِ بیع سرائے متردد بودم جہودے گفت بخر کہ من از
میں ایک مکان کی خریداری کے معاملہ میں تردد میں تھا ایک یہودی نے کہا خرید لو کہ میں اسی

---

[1] حلوا میٹھی چیز لیکن یہاں ہر مرغوب طبع شے کے معنی میں آیا ہے ۱۲ [2] حسن سلطان محمود غزنوی نور اللہ مرقدہٗ کے وزیر کا نام ہے میمند ایک قصبہ کا نام ہے جو مضافات غزنین میں واقع ہے ۱۲

کدخدایان محلتم وصف ایں خانہ چنانکہ ہست ازمن پرس ہیچ عیبے ندارد گفتم
محلہ کا رہنے والا ہوں اس گھر کی واقعی بات مجھ سے دریافت کرلو اس میں کوئی عیب نہیں ہے میں نے کہا

بجز آنکہ تو ہمسایہ من باشی **قطعہ**
اس کے علاوہ کہ تو میرا پڑوسی ہو گا

خانہ را کہ چوں تو ہمسایہ ست | دہ درم سیم کم عیار ارزد
جس گھر کا تجھ جیسا پڑوسی ہے | کھوٹی چاندی کے دس درموں سے کم کے لائق ہے

لیکن امیدوار باید بود | کہ پس از مرگ تو ہزار ارزد
لیکن امیدوار رہنا چاہیے | کہ تیرے مرنے کے بعد ہزار درم کے لائق ہے

حکایت (۱۱) یکے از شعرا پیش امیر دزداں رفت وثنا گفت فرمود تا جامہ اش
ایک شاعر چوروں کے ایک سردار کے پاس گیا اور اس کی تعریف کی اس نے حکم دیا کہ اسکے

برکنند وازدہ بدر کنند مسکین برہنہ بسرمامی رفت سگاں در قفائے وے
کپڑے اتار لیں اور گاؤں سے نکال دیں۔ بے چارہ جاڑے میں ننگا جارہا تھا کتے اس کے پیچھے

افتادند خواست تا سنگے بردارد وسگاں را دفع کند زمین یخ بستہ بود عاجز شد
لگ گئے اس نے چاہا کہ پتھر اٹھائے اور کتوں کو بھگائے زمین پر برف جمی ہوئی تھی مجبور ہو گیا

وگفت اینچہ حرامزادہ مردمانند سگاں را کشادہ اند وسنگ را بستہ امیر دزداں
اور کہنے لگا یہ لوگ کیسے حرامزادے ہیں کتوں کو کھول دیا ہے اور پتھر کو باندھ دیا ہے چوروں کے

ازغرفہ بدید بشنید وبخندید وگفت اے حکیم ازمن چیزے بخواہ گفت جامہ خود
سردار نے کھڑکی سے دیکھا سنا اور ہنسا اور کہا اے عقلمند مجھ سے کچھ مانگ اس نے کہا اپنے کپڑے

می خواہم اگر انعام فرمائی **مصرع** رَضِینَا مِنْ نَوَالِکَ بِالْقَلِیلِ
چاہتا ہوں اگر آپ عطا فرمادیں ہم آپ کی عطا کے عوض کوچ کر جانے پر راضی ہیں

بیت

امیدوار بود آدمی بخیر کساں | مرا بخیر تو امید نیست شر مرساں
آدمی بھلوں سے بھلائی کا امیدوار ہوتا ہے | مجھے تجھ سے بھلائی کی امید نہیں برائی نہ کر

سالار دزداں را برو رحمت آمد جامہ او باز داد وقبائے پوستینی براں مزید کرد
چوروں کے سردار کو اس پر رحم آگیا اس کے کپڑے واپس لائے روئیں دار چمڑے کا چوغہ اور چند درم

و درمے چند
اور زیادہ دیئے ؛

حکایت (۱۱) منجّمے بخانہ درآمد مردِ بیگانہ دید بازن او باہم نشستہ دشنام داد
ایک نجومی گھر میں داخل ہوا تو اپنی بیوی کے ساتھ ایک اجنبی آدمی کو بیٹھے ہوئے دیکھا اس نے
وسخت گفت درہم افتادند فتنہ و آشوب برخاست صاحبدلے بریں
اس کو گالی دی اور بُرا بھلا کہا آپس میں جھگڑا ہونے لگا فتنہ اور شور و غل پیدا ہو گیا ایک صاحب دل کو اس واقعہ کی
واقف گشت گفت **شعر**
خبر ہوئی تو اُس نے کہا

تو بر اوجِ فلک چہ دانی چیست | چوں ندانی کہ در سرائے تو کیست
تجھے کیا معلوم کہ آسمان کی بلندی پر کیا ہے | جبکہ تجھے یہ معلوم نہیں کہ تیرے گھر میں کون ہے

حکایت (۱۲) خطیبے کریہ الصوت خود را خوش آواز پنداشتے و فریاد
ایک بھدّی آواز کا واعظ اپنے آپ کو خوش آواز سمجھتا اور خواہ مخواہ
بے فائدہ برداشتے گفتی نَعِیبُ[1] غُرَابُ[2] البَیْنِ در پردۂ الحان اوست
شور مچایا کرتا گویا جدائی ڈالنے والے کوّے کی آواز اس کے الحان کے پردے میں ہے
یا آیۂ اِنَّ اَنْکَرَ الْاَصْوَاتِ در شان اوست **شعر**
یا آیت بیشک بہت بری آواز اس کی شان میں ہے

اِذَا نَهَقَ الْخَطِیْبُ اَبُو الْفَوَارِسِ[3] | لَهٗ صَوْتٌ یَهُدُّ[4] اَصْطَخْرَ فَارِسِ
جب ابوالفوارس واعظ ہنہناتا ہے | تو اُس کی آواز ایسی ہو کہ فارس کے قلعہ اصطخر کو لرزاتی ہے

مردمِ قریہ بعلّتِ جاہے کہ داشت بلیّتش را میکشیدند و اذیّتش را
گاؤں کے لوگ اُس مرتبہ کی وجہ سے جو اُسے حاصل تھا اس کی مصیبت برداشت کرتے تھے اور اس کو ستانا
مصلحت نمی دیدند تا یکے از خطبائے آں اقلیم کہ با او عداوتے نہانی
مناسب نہیں سمجھتے تھے یہانتک کہ اُس علاقہ کا ایک واعظ جو اُس کے ساتھ چھپی ہوئی دشمنی

---

[1] نَعِیب۔ بروزن حبیب کوّے کی آواز کو کہتے ہیں ۱۲ [2] غُراب ایک قسم کا کوّا کہ اس کی چونچ اور پنجے سُرخ ہوتے ہیں غراب البین یعنی جدائی کا کوّا اس واسطے کہتے ہیں کہ عرب جاہلیت کا خیال و عقیدہ تھا کہ جب آدمی گھر سے نکلے اور اُسے کوّا نظر پڑے تو یہ اس بات کی دلالت ہے کہ اس میں اور اس کے مطلوب میں جدائی واقع ہوگی ۱۲ [3] ابوالفوارس اس خطیب کی کنیت تھی ۱۲ [4] اصطخر اور اصطخر فارس کا ایک قلعہ ۱۲

داشت بارے بپرسیدن او آمدہ بود گفت ترا خوابے دیدہ ام خیر باد
رکھتا تھا ایک بار اُس کی مزاج پرسی کے لئے آیا تھا اس نے کہا میں نے تیرے متعلق خواب دیکھا ہے خدا خیر کرے

گفت چہ دیدی گفت چناں دیدم کہ ترا آوازِ خوش ست و مردماں از
اُس نے کہا کیا دیکھا اس نے کہا میں نے یہ دیکھا کہ تیری آواز اچھی ہے اور سب لوگ تیرے

انفاسِ تو در راحت خطیب اندریں لختے بیندیشید و گفت جَزَاکَ
سانسوں سے آرام میں ہیں واعظ نے تھوڑی دیر اس بارے میں سوچا اور بولا خدا تجھے جزا

اللّٰہُ ایں چہ مبارک خوابیست کہ دیدی کہ مرا بر عیب خود واقف گردانیدی
دے یہ تو بہت ہی بابرکت خواب ہے جو کہ تو نے دیکھا اس لئے کہ تو نے میرے عیب سے مجھے باخبر کردیا

معلوم شد کہ آوازِ ناخوش دارم و خلق از بلند خواندنِ من در رنجند عہد
خلاصہ یہ کہ ایک رات تنہائی میسر آگئی اور اسی شب میں کوتوال کو بھی خبر ہوگئی قاضی کی تمام

شب شراب در سر و شاہد در بر از تنعم نہ خفتے و بہ ترنم گفتے نظم

رات اس حالت میں گذری کہ سر میں شراب کا نشہ اور بغل میں معشوق عیش پرستی کی وجہ سے نہ سونا اور گنگنانا

امشب مگر بوقت نمی خواند ایں خروس | عشاق ہس نکردہ ہنوز از کنار و بوس

شاید آج کی رات مرغ وقت پر اذان نہیں دی | عاشقوں نے تو ابھی بغلگیر ہونے اور بوسہ لینے سے سیری نہیں کی

یکدم کہ چشم فتنہ بخفت ست بیہ بہار | بیدار باش تا نرود عمر بر فسوس

اس تھوڑی دیر کیلئے کہ فتنہ سویا ہوا ہے خبردار | تو بیدار رہنا تاکہ عمر افسوس کرتے نہ گذرے

تا نشنوی ز مسجد ادنیہ بانگ صبح | یا از در سرائے تا بک غریو کوس

جب تک جامع سے صبح کی اذان تو نہ سن لے | یا اتابک کے دروازہ کے نقارے کا شور نہ سن لے

لب از لب چو چشم خروس الٰہی بود | برداشتن بگفتن بیہودۂ خروس

مرغ کی آنکھ کی طرح ہونٹ کو ہونٹ سے جدا کرنا بیہودہ بولی ہوگی۔ مرغ کے فضول چلانے کی وجہ سے

قاضی دریں حالت بود کہ یکے از خدمتگاراں درآمد و گفت چہ نشستہ

قاضی اسی حالت میں تھا کہ ایک خدمت گار اندر آیا اور بولا کیا بیٹھا ہے

خیز و تا یای داری گریز کہ حسوداں بر تو دَقے گرفتہ اند بلکہ حقے گفتہ اند تا

اُٹھ اور جب تک موقع ہے بھاگ نکل کہ حاسدوں نے تیری چغلی کھائی ہے بلکہ صحیح کہا ہے تاکہ

مگر آتش فتنہ کہ ہنوز اندک ست بآب تدبیر فرو نشانیم مبادا کہ فردا

آتش فتنہ جو ابھی تھوڑی ہے شاید تدبیر کے پانی سے ہم بجھا دیں ایسا نہ ہو کہ کل کو

۱؎ غریو کوس یعنی نقارہ کا شور جس سے وہ نوبت مراد ہے جو پنجوقتہ بادشاہوں کے دروازے پر بجائی جاتی تھی ۱۲ ۲؎ یعنی جیسے مرغ کی آنکھ کا پپوٹا چونچ سے جدا ہوگیا ہے۔ اس طرح تجھ کو لب معشوق سے لب جدا نہ کرنا چاہیئے اور مرغ کی فضول اور لایعنی بانگ کی طرف متوجہ نہ ہونا چاہیئے ۱۲

چوں بالا گیرد عالمے فرا گیرد قاضی بہ تبسم در و نظر کرد و گفت قطعہ

جب بڑھ جائے تو جہان کو گھیر لے قاضی نے مسکرا کر اُسے دیکھا اور کہا

پنجہ در صید بردہ ضیغم را	چہ تفاوت اگر شغال آید
شکار کو دبائے ہوئے شیر کے لئے	کیا فرق پڑتا ہے اگر گیدڑ آجائے
روی در روئے دوست کن بگذار	تا عدو پشت دست می خاید
دوست کے آمنے سامنے بیٹھ اور	تاکہ دشمن اپنے ہاتھ کی پشت چبائے

مَلِک را ہمدراں شب آگہی دادند کہ در مُلکِ تو چنیں منکرے[1] حادث شدہ

بادشاہ کو اُسی رات کو مطلع کیا کہ تیرے ملک میں اسقدر برا کام ہوا

است چہ فرمائی مَلِک گفت من اورا از فضلائے عصر می دانم و یگانہ

ہے کیا حکم ہے بادشاہ نے کہا میں اُس کو موجودہ زمانہ کے بہت بڑے فاضلوں میں سمجھتا ہوں

روزگارے می شمارم باشد کہ معانداں در حق وے خوضے کردہ اند پس ایں

اور اس زمانہ کا یکتا شمار کرتا ہوں ہو سکتا ہے کہ دشمنوں نے اُس کے بارے میں سازش کی ہو پس یہ

سخن در سمع قبول من نیاید مگر آنگہ معاینت گردد کہ حکیماں گفتہ اند

بات میرے قبولیت کے کان میں نہیں آتی ہے مگر جب کہ آنکھ کے سامنے آجائے اس لئے کہ عقلمندوں نے کہا ہے

شعر

بہ تندی سبکدست بردن بہ تیغ	بدنداں گزد پشتِ دست دریغ
غصہ میں جلدی سے تلوار پر ہاتھ ڈالنا	ہاتھ کی پشت افسوس کے ساتھ دانتوں میں کاٹنا ہے

شنیدم کہ سحرگاہ با تنے چند خاصان بہ بالین قاضی آمد شمع را دید استادہ

میں نے سنا کہ صبح کے وقت چند مخصوص آدمیوں کو لے کر قاضی کے سرہانے آیا شمع کو جلتے،

و شاہد نشستہ و مے ریختہ و قدح شکستہ و قاضی در خوابِ مستی بے خبر از

معشوق کو بیٹھے، شراب کو گرا ہوا جام ٹوٹا ہوا دیکھا قاضی مستی کی نیند میں عالم وجود

مُلکِ ہستی بہ لطف اندک اندک بیدارش کرد کہ خیز کہ آفتاب برآمد قاضی

سے بے خبر تھا نرمی سے اُس کو آہستہ آہستہ بیدار کیا کہ اُٹھ سورج نکل آیا قاضی

---

[1] غصہ کی حالت یا رنج اور افسوس میں ہاتھ چبانا ایک قدیمی عادت ہے ۱۲ [2] منکر سے مراد بُرا کام ہے ۱۲

دریافت کہ حال چیست گفت از کدام جانب برآمد سلطان را عجب آمد
سمجھ گیا کہ معاملہ کیا ہے بولا کہ کس طرف سے نکلا ہے بادشاہ کو تعجب ہوا

گفت از جانبِ مشرق چنانکہ معہود ست گفت الحمد للہ کہ ہنوز
کہا مشرق کی طرف سے جیسا کہ نکلا کرتا ہے قاضی نے کہا خدا کا شکر ہے کہ ابھی

در توبہ ہمچناں باز ست بحکم حدیث لَا یُغْلَقُ بَابُ التَّوْبَةِ عَلَى الْعِبَادِ
توبہ کا دروازہ اسی طرح کھلا ہوا ہے اسلئے کہ حدیث میں آیا ہے بندوں پر توبہ کا دروازہ بند نہ کیا جائے گا

حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا اَسْتَغْفِرُكَ اَللّٰهُمَّ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ قطعہ
جب تک کہ سورج اپنی مغرب سے نہ طلوع کرے اے اللہ میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں

اے دو چیزم برگنہ انگیختند | بخت نافرجام و عقل ناتمام
اے بادشاہ دو چیزوں نے مجھے گناہ پر آمادہ کیا نامبارک مقدر نے اور ناقص عقل نے

گر گرفتارم کنی مستوجبم | ور بہ بخشی عفو بہتر ز انتقام
اگر تو مجھے گرفتار کرے تو میں اس کا مستحق ہوں اور اگر معاف کردے تو معاف کرنا بدلہ لینے سے بہتر ہے

ملک گفت توبہ دریں حالت کہ بر جزائے گناہِ خویش اطلاع یافتی سودے
بادشاہ نے کہا اب جبکہ تیرے گناہ کی سزا سامنے ہے تو بہ کچھ مفید نہیں

نہ کند فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قطعہ
ہوتی پس نہیں تھا کہ ان کا ایمان ان کو کچھ فائدہ پہونچاتا جبکہ انھوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا۔

چہ سود از دزدی انگہ توبہ کردن | کہ نتوانی کمند انداخت بر کاخ
چوری سے اس وقت توبہ کرنے سے کیا فائدہ جبکہ قلعہ پر کمند بھی نہ پھینک سکے

بلند از میوہ گو کوتاہ کن دست | کہ کوتہ خود ندارد دست بر شاخ
بلند قد والے سے کہو کہ پھل سے ہاتھ نیچے رکھے کیونکہ کوتہ قد کا خود ہی ہاتھ ڈالی تک نہیں جاسکتا

ترا باوجود چنیں منکرے کہ ظاہر شد سبیل خلاص صورت نہ بندد ایں
اس قدر برائی کے ہوتے ہوئے جو کھل گئی ہے تیرے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں بنتی ہے بادشاہ نے

بگفت و موکلانِ عقوبت در وے آویختند گفت مرا در خدمتِ
یہ کہا اور سزا دینے والے اس کو چمٹ گئے اس نے کہا مجھے بادشاہ کی خدمت

سلطان یک سخن باقی ست ملک بشنید و گفت آں چیست گفت قطعہ
میں ایک بات کہنا باقی ہے بادشاہ نے سنا بولا کہ وہ کیا ہے اس نے کہا

آستین ملالے کہ بر من افشانی
اُس ملال کی آستین کے باوجود جو تو نے مجھ پر جھاڑی

طمع مدار کہ از دامنت بدارم دست
خیال نہ کر کہ میں تیرا دامن ہاتھ سے چھوڑ دونگا

اگر خلاص محال ست زیں گنہ کہ مراست
اگر میری اس گناہ سے خلاصی ناممکن ہے

بداں کرم کہ تو داری امید واری ہست
تو اس کرم سے جو تجھ میں ہے امید واری ہے

ملک گفت ایں لطیفۂ بدیع آوردی و ایں نکتۂ غریب گفتی ولیکن محال
بادشاہ نے کہا یہ نادر لطیفہ تو نے بیان کیا اور تو نے یہ نیا نکتہ کہا لیکن عقل و

عقل ست و خلافِ نقل کہ ترا فضل و بلاغت امروز از چنگِ عقوبتِ من
نقل کے بالکل خلاف ہے کہ بڑائی اور فصاحت آج میرے سزا کے پنجے سے تجھے

رہائی دہد مصلحت آن بینم کہ ترا از قلعہ بزیر اندازم تا دیگراں نصیحت پذیرند و
چھڑا دے مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ تجھے قلعہ کے اوپر سے پھنکوا دوں تاکہ دوسروں کو نصیحت ہو اور

عبرت گیرند گفت اے خداوند جہاں پروردۂ نعمت ایں خاندانم و ایں جرم
عبرت پکڑیں اُس نے کہا اے شاہ عالم میں اُس خاندان کا پروردۂ نعمت ہوں اور یہ جرم

تنہا در جہاں نہ من کردہ ام دیگرے را بینداز تا من عبرت گیرم ملک را
زمانہ میں صرف میں نے ہی نہیں کیا ہے تو کسی دوسرے کو پھنکوا دے تاکہ میں عبرت پکڑوں بادشاہ کو ہنسی

خندہ گرفت و بہ عفو از سرِ جرم او برخاست و متعنتان را کہ اشارت بہ کشتنِ
آگئی اور معافی دے کر اُس کے جرم سے درگذر کی اور ان نکتہ چینوں سے جو اس کے قتل کا مشورہ

او ہمی کردند گفت
دے رہے تھے بولا

شعر

ہمہ حمّال عیب خویشتنید
تم سب اپنے عیب کے اٹھانے والے ہو

طعنہ بر عیبِ دیگراں مزنید
دوسروں کے عیب پر طعنہ زنی نہ کرو

حکایت منظوم

جوانے پاک باز و پاک دل بود
ایک نوجوان نیک اور حسین تھا

کہ با پاکیزہ روے در گرو بود
جو کسی حسین کی محبت میں پھنس گیا تھا

لہ بسبب اُس آستین ملول کے جو تو میرے اوپر جھاڑتا ہے ۱۲

چنیں خواندم کہ در دریائے اعظم
میں نے اس طرح پڑھا ہے کہ ایک بڑے دریا میں

بہ گردابے درافتادند باہم
دونوں ایک بھنور میں پھنس گئے

چو ملّاح آمدش تا دست گیرد
جب ملاح اس کے پاس پہونچا تاکہ اسکی دستگیری کرے

ہمی گفت از میان موج تشویر[1]
اشاروں سے موج میں سے کہہ رہا تھا

دریں گفتن جہانے بر وے آشفت
اس کہنے سے اُس پر بہت سے لوگ بگڑے

حدیث عشق زاں بطال منیوش
عشق کی کہانی اُس جھوٹے سے نہ سن

چنیں کردند یاراں زندگانی
دوستوں نے اس طرح زندگی گذاری

کہ سعدی راہ و رسم عشق بازی
اس لئے کہ سعدی عشق بازی کی راہ و رسم کو

دل آرامے کہ داری دل در و بند
جو تیرا معشوق ہو اس سے دل لگا

اگر مجنون و لیلےٰ زندہ گشتے
اگر مجنوں اور لیلےٰ زندہ ہوتے

بہ گردابے درافتادند باہم
دونوں ایک بھنور میں پھنس گئے

مبادا کاندراں حالت بمیرد
ایسا نہ ہو کہ اسی حالت میں مرجائے

مرا بگذار و دستِ یارِ من گیر
مجھے چھوڑ دے اور میرے یار کی دستگیری کر

شنیدندش کہ جاں میداد و میگفت
لوگوں نے سنا کہ وہ جان دے رہا تھا اور کہہ رہا تھا

کہ در سختی کند یاری فراموش
جو مصیبت میں دوستی بھلا دے

زکار افتادہ بشنو تا بدانی
تجربہ کار سے سن لے تاکہ تجھے پتہ چلے

چناں داند کہ در بغداد تازی
اس طرح جانتا ہے جیسا کہ بغداد میں عربی زبان

دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند
پھر تمام دنیا سے آنکھیں بند کرلے

حدیث عشق ازیں[2] دفتر نوشتے
تو عشق کا قصہ اس دفتر سے لکھتے

بابِ ششم در ضعفِ پیری[3]

چھٹا باب بڑھاپے کے ضعف کے بیان میں

حکایت (۱) با طائفۂ دانشمنداں در جامع دمشق بحثے ہمی کردم کہ جوانے
عقلمندوں کی ایک جماعت کے ساتھ دمشق کی جامع مسجد میں میں ایک بحث کر رہا تھا کہ ایک جوان

---

[1] موج تشویر: یعنی اشاروں سے کہہ رہا تھا یہ اس لئے کہ ڈوبنے والا آدمی منہ سے بات نہیں کرسکتا ۱۲ [2] مراد ہے عشق الٰہی سے ۱۲ [3] اس دفتر سے مراد گلستاں کا باب پنجم ہے ۱۲

درآمد و گفت دریں میاں کسے ہست کہ زبانِ پارسی داند اشارت بمن
آیا اور کہنے لگا کہ اس مجمع میں کوئی ہے کہ جو فارسی زبان جانتا ہو سب نے میری طرف
کردند گفتمش خیرست گفت پیرے صد و پنجاہ سالہ در حالتِ نزع ست
اشارہ کیا میں نے اس سے کہا خیر تو ہے اس نے کہا کہ ایک ڈیڑھ سو سالہ بوڑھا نزع کی حالت میں ہے
و زبانِ عجم چیزے ہمی گوید و مفہومِ ما نمی گردد اگر بہ کرم رنجہ شوی مزد یابی
اور فارسی زبان میں کچھ کہہ رہا ہے اور ہماری سمجھ میں نہیں آتا اگر کرم کر کے تکلیف فرمائیں تو اجرت ملیگی
باشد کہ وصیتے ہمی کند چوں بہ بالینش فراز آمدم ایں بیت می گفت
شاید وہ کوئی وصیت کر رہا ہے جب میں اس کے سرہانے پہونچا یہ شعر پڑھ رہا تھا

قطعہ

دمے چند گفتم برآرم بکام
میں نے کہا کہ عیش کے ساتھ چند سانس لے لوں
دریغا کہ بگرفت راہِ نفس
افسوس کہ سانس کی نالی بند ہو گئی
دریغا کہ برخوان الوانِ عمر
افسوس کہ زندگی کے طرح طرح کے کھانوں کے دسترخوان پر
دمے چند خوردیم و گفتند بس
چند لقمے کھائے تھے کہ بس کرو کہدیا

معانئے ایں سخن بزبانِ عربی با شامیاں ہمی گفتم و تعجب ہمی کردند از عمر
اس کلام کے معنی عربی زبان میں میں شامیوں سے بیان کر رہا تھا اور وہ تعجب کر رہے تھے اسکی لمبی
دراز و تاسفِ او ہمچناں بر حیاتِ دنیا گفتم چگونہ دریں حالت گفت چہ گویم
عمر اور اس طرح دنیا کی زندگانی پر اس کے افسوس کرنے سے میں نے اس سے کہا اس حالت میں تیرا کیا حال ہے اسنے کہا میں کیا بتاؤں

قطعہ

ندیدہ کہ چہ سختی رسد بجانِ کسے
کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اس شخص کی جان پر کیا سختی ہوتی ہے
کہ از دہانش بدر میکنند دندانے
جس کے منہ میں سے ایک دانت نکالتے ہیں
قیاس کن کہ چہ حالت بود دراں ساعت
تو قیاس کر لے کہ اس وقت کیا حالت ہو گی
کہ از وجودِ عزیزش بدر رود جانے
کہ اس کے پیارے جسم سے جان نکل رہی ہو

گفتم تصورِ مرگ از خیال بدر کن و وہم را بر مزاج مستولی مگرداں
میں نے اس سے کہا مرنے کا خیال دل سے نکالدے اور وہم کو مزاج پر غالب نہ کر
کہ فیلسوفانِ یونان گفتہ اند مزاج اگرچہ مستقیم بود اعتمادِ بقا را نشاید و مرض اگرچہ
اس لئے کہ یونان کے فلسفیوں نے کہا ہے مزاج اگرچہ درست ہو تو بھی زندگی بھروسہ کے قابل نہیں اور مرض

مائل بود دلالت کلی بر ہلاک نکند اگر فرمائی طبیبے را بخوانیم تا معالجت کند

اگرچہ خوفناک ہو وہ مرنے پر پوری دلالت نہیں کرتا ہے اگر تو کہے تو کسی طبیب کو بلائیں تاکہ وہ علاج کرے

دیدہ برکرد و بخندید و گفت مشنوی

اُس نے نگاہ اٹھائی اور ہنسا اور کہا

دست برہم زند طبیب ظریف
ہوشیار طبیب ابھی ہاتھ مَلتا ہے

چوں خرف بیند او فتادہ حریف
جب بوڑھے دوست کو بے عقل پڑا ہوا دیکھتا ہو

خواجہ در بند نقش ایوان ست
مالک مکان پر نقش و نگار کرانے کی فکر میں ہے

خانہ از پای پشت ویران ست
گھر پشتہ کی طرف سے ویران ہو رہا ہے

پیر مردے بنزع می نالید
ایک بوڑھا جانکنی کی حالت میں رو رہا تھا

پیر زن صندلش ہمی مالید
بڑھیا اُس کے صندل ہی مل رہی تھی

چوں مخطّ شد اعتدالِ مزاج
جب مزاج کی ہمواری درہم برہم ہو جائے

نہ عزیمت اثر کند نہ علاج
نہ تعویذ اثر کرتا ہے نہ علاج

حکایت (۲) پیرے را حکایت کنند کہ دخترے خواستہ بود و حجرہ بگل

ایک بڈھے کا قصہ بیان کرتے ہیں کہ اس نے ایک لڑکی سے نکاح کیا تھا اور حجرہ کو

آراستہ و بہ خلوت با او نشستہ و دیدہ و دل در و بستہ شبہائے دراز نہ

مٹی سے لپوایا تھا اور تنہائی میں اُس کے ساتھ بیٹھا تھا اور آنکھ اور دل اس سے وابستہ کئے ہوئے تھا لمبی راتوں میں نہ

خفتے و بذلہا و لطیفہا گفتے باشد کہ وحشت و نفرت نگیرد و موانست

سوتا اور مزیدار باتیں اور لطیفے سناتا رہتا تاکہ اس لڑکی کو وحشت اور نفرت نہ ہو اور مانوس ہو جائے

پذیرد و ازاں جملہ شبے می گفت بخت بلندت یار بود و چشم دولت

منجملہ اور باتوں کے ایک رات کو بولا تیرا بلند نصیبہ یار تھا اور دولت کی آنکھ

بیدار کہ بہ صحبت پیرے فتادی پختہ پروردہ جہاں دیدہ آرمیدہ و

جاگ رہی تھی کہ تو بوڑھے کی صحبت میں آ گئی جو پختہ پلا پلایا، جہاں کو دیکھے ہوئے آرام اٹھائے ہوئے اور

سرد و گرم کشیدہ نیک و بد آزمودہ کہ حقوق صحبت بداند و شرط

سرد و گرم ہوئے نیک و بد کو آزمائے ہوئے جو کہ دوستی کے حقوق جانتا ہے اور محبت کی

مودّت بجا آورد مشفق مہربان خوش طبع شیریں زبان

شرط پوری کرتا ہے مشفق، مہربان، خوش مزاج، شیریں زبان ہے

مثنوی

تا توانم دلت بدست آرم | وَر بیازارَم نیازارم
جب تک ہو سکے گا تیری دل داری کروں گا | اور اگر تو مجھے ستائے گی تو میں نہ ستاؤں گا

ور چو طوطی بود شکر خورشت | جان شیریں فدائے پرورشت
اور اگر تو طوطی کی طرح تیری خوراک شکر ہوگی | تو تیری پرورش میں میں جان قربان کر دونگا

نہ گرفتار آمدی بدست جوانے معجب خیرہ رائے سرتیزے سبکیائے
تو کسی جوان کے پلے نہ پڑی جو متکبر، بدعقل، لڑاکا، غیر مستقل مزاج ہوتا

کہ ہر دم ہوسے پزد و ہر لحظہ رائے زند و ہر شب جائے خسپد و
کہ ہر دم ایک ہوس پکاتا اور ہر لمحہ ایک رائے قائم کرتا اور ہر شب ایک نئی جگہ سوتا اور

ہر روز یارے گیرد

قطعہ

جواناں خرم اند و خوب رخسار | ولیکن در وفا باکس نیایند
جوان اچھے ہیں اور خوب رو | لیکن وفاداری میں کسی کے پابند نہیں ہیں

وفاداری مدار از بلبلاں چشم | کہ ہر دم بر گلے دیگر سرایند
بلبلوں سے وفاداری کی امید نہ رکھ | اس لئے کہ ہر لمحہ ایک دوسرے پھول پر چہکتے ہیں

اما طائفہ پیراں کہ بہ عقل و ادب زندگانی کنند نہ بمقتضائے جہل و جوانی
لیکن بوڑھوں کا گروہ عقل اور تمیز سے زندگانی بسر کرتا ہے نہ کہ جہالت اور جوانی کے تقاضوں کے مطابق

فرد

زخود بہتر جوے و فرصت شمار | کہ باچوں خودے گم کنی روزگار
اپنے سے بہتر کی تلاش کر اور غنیمت جان | اس لئے کہ اپنے جیسے کے ساتھ تو عمر برباد کر دیگا

گفت چنداں بریں نمط بگفتم کہ گماں بردم کہ دلش در قید من آمد و صید من شد ناگہ نفسے سرد از دل پر درد برآورد و گفت چندیں سخن کہ
اس بوڑھے نے کہا کہ اس طرح کی باتیں میں نے اسقدر کہیں کہ میں سمجھا اس کا دل میرے قابو میں آگیا اور میرا شکار ہوگیا۔ اچانک اس نے پر درد دل سے ایک ٹھنڈا سانس لیا اور کہا جسقدر باتیں تو نے

به گفتی در ترازوے عقل من وزن آں یک سخن ندارد کہ وقتے از قابلہ خویش

کہی ہیں میری عقل کی ترازو میں اُن کا وزن اُس ایک بات کی برابر بھی نہیں ہے جو ایک وقت میں نے اپنی دایہ سے

شنیدہ ام کہ گفت زن جوان را اگر تیرے در پہلو نشیند بہ از انکہ پیرے شعر

سنی ہے اس نے کہا جوان عورت کے پہلو میں اگر تیر آ لگے وہ اس سے بہتر ہے کہ بوڑھا آ کر بیٹھے

لَمَّا رَأَتْ بَيْنَ يَدَيْ بَعْلِهَا — شَيْئًا كَأَرْخَى شَفَةِ الضَّائِمِ

جب اُس نے شوہر کے اگلے حصہ میں ایک ایسی چیز دیکھی جیسا کہ روزہ دار کا لٹکا ہوا ہونٹ

تَقُولُ هٰذَا مَعَكَ مَيِّتٌ — وَإِنَّمَا الرُّقْيَةُ لِلنَّائِمِ

تو بولی یہ تو اُس کے پاس ایک مردہ ہے اور منتر تو سوئے ہوئے پر کام کرتا ہے

رُباعی

زن کز بر مرد بے رضا برخیزد — بس فتنہ و جنگ از اں سرا برخیزد

وہ عورت جو مرد کے پہلو سے ناخوش اُٹھے بہت فتنہ اور لڑائی اس گھر میں پیدا ہو

پیرے کہ ز جائے خویش نتواند خاست — الّا بعصا کیش عصا برخیزد

وہ بوڑھا جو اپنی جگہ سے نہیں اُٹھ سکتا مگر لاٹھی کے سہارے اُٹھنے کے عضو میں کب خیزش ہو سکتی ہے

فی الجملہ امکان موافقت نبود بمفارقت انجامید چوں مدّتِ عدّت برآمد

خلاصہ یہ کہ موافقت کا امکان نہ تھا جدائی کی نوبت پہونچی جب عدّت کا زمانہ ختم ہوا

عقدِ نکاحش بستند باجوانے تند ترش روی تہی دست بدخوی جور و جفا

اُس کا نکاح ایک جوان غصہ ور، بد مزاج، مفلس، بد عادت کے ساتھ کر دیا ظلم و ستم

کشیدے و رنج و عنا دیدے و شکر نعمت حق ہمچناں گفتے الحمد للہ

برداشت کرتی اور رنج و مصیبت سہتی اور اللہ کی نعمت کا شکر اس طور پر کرتی کہ الحمد للہ

کہ ازاں عذابِ الیم برہیدم و بدیں نعیم مقیم برسیدم قطعہ

اُس دردناک عذاب سے میں چھوٹ گئی اور اس دائمی نعمت میں پہونچ گئی

روئے زیبا و جامۂ دیبا — صندل و عود و رنگ و بوی و ہوس

حسین چہرہ اور دیبا کا لباس صندل اور اگر اور رنگ و بو اور ہوس

ایں ہمہ زینت زناں باشد — مردِ را کیر و خایہ زینت و بس

یہ سب چیزیں عورتوں کی زینتیں ہیں مرد کے لئے محض اس کا عضو مخصوص اور خصیہ زینت ہے

فرد

باایں ہمہ جور و تند خوئی
اس ظلم و بد مزاجی کے باوجود

نازت بکشم کہ خوب روئی
میں تیرا ناز اٹھاؤنگی اس لئے کہ تو خوبصورت ہے

قطعہ

باتو مرا سوختن اندر عذاب
تجھے تیرے ساتھ عذاب میں جلنا

بہ کہ شدن با دگرے در بہشت
دوسرے کے ساتھ بہشت میں جانے سے بہتر ہے

بوئے پیاز از دہن خوبروی
خوبصورت کے منہ سے پیاز کی بدبو

بہ بحقیقت کہ گل از دست زشت
حقیقت میں بدصورت کے ہاتھ کے پھول سے بہتر ہے

حکایت (۱۳)

مہمان پیرے بودم در دیار بکر[1] کہ مال فراواں داشت و فرزندے
میں دیار بکر میں ایک بڈھے کا مہمان تھا جس کے پاس بے انتہا دولت تھی اور ایک

خوبروی شبے حکایت کرد کہ مرا در عمر خویش بجز ایں فرزند نبودہ است دختے
خوبصورت لڑکا ایک رات کہنے لگا کہ میرے عمر بھر اس لڑکے کے علاوہ کچھ نہ ہوا ہے اس جنگل

دریں وادی زیارت گاہ است کہ مرداں بحاجت خواستن آنجا روند و
میں ایک درخت زیارت گاہ ہے لوگ اپنی منتیں مانگنے وہاں جاتے ہیں اور

شبہائے دراز در پائے آں درخت بخدا نالیدہ ام تا مرا ایں فرزند
میں بہت لمبی لمبی راتوں میں اس درخت کے نیچے خدا کے سامنے رویا ہوں تب مجھے یہ فرزند

بخشیدہ است شنیدم کہ پسر با رفیقاں آہستہ می گفت چہ بودے اگر من
عنایت ہوا ہے میں نے سنا کہ لڑکا دوستوں سے چپکے سے کہہ رہا تھا کیا عمدہ بات ہوتی اگر میں

آں درخت را بدانستمے کہ کجاست تا دعا کردمے کہ پدرم بمردے
جان جاتا کہ وہ درخت کس جگہ پر ہے تاکہ میں جاکر دعا کرتا کہ میرا باپ مرجائے

حکمت

خواجہ شادی کناں کہ فرزندم عاقل ست و پسر طعنہ
بوڑھا خوشیاں مناتا ہے کہ میرا لڑکا سمجھ دار ہے اور لڑکا طعنہ زنی

---

[1] دیار بکر ایک شہر کا نام جو روم اور عراق عرب کے درمیان واقع ہے ۱۲

زناں کہ پدرم فرتوت ست قطعہ

کرتا ہے کہ میرا باپ سٹھیا گیا ہے

سالہا بر تو بگذرد کہ گذار
سالوں تجھے گذر جاتے ہیں کہ تو

نہ کنی سوئے تربت پدرت
باپ کی قبر کے پاس سے بھی نہیں گذرتا

تو بجائے پدر چہ کردی خیر
تو نے اپنے باپ کے ساتھ کیا بھلائی کی ہے

تا ہماں چشم داری از پسرت
کہ تو اولاد سے اُس کی تمنا کرتا ہے

حکایت (۴) روزے بغرور جوانی سخت راندہ بودم و شبانگہ بہ

ایک دن جوانی کے گھمنڈ میں میں تیز چلا تھا رات کو ایک پشتہ کی

پای گریوہ سست ماندہ پیر مردے ضعیف از پس کارواں ہمی آمد

چڑھائی میں سست پڑا تھا ایک کمزور بوڑھا قافلہ کے پیچھے آرہا تھا

گفت چہ خسپی کہ نہ جائے خفتن است گفتم چوں رَوَم کہ نہ پائے

کہنے لگا کیا سویا پڑا ہے یہ سونے کی جگہ نہیں ہے میں نے کہا کیسے چلوں پیر چلنے کے

رفتن ست گفت ایں نشنیدی کہ صاحبدلاں گفتہ اند رفتن و نشستن بہ

قابل نہیں ہیں اُس نے کہا کیا تو نے نہیں سنا کہ عقلمندوں نے کہا ہے چلنا اور بیٹھ جانا ؛

کہ دویدن و گسستن قطعہ

دوڑنے اور سفر چھوڑ بیٹھنے سے بہتر ہے

اے کہ مشتاق منزلی مشتاب
اے وہ کہ منزل پر پہونچنے کا مشتاق ہے جلدی نہ کر

پند من کار بند و صبر آموز
میری نصیحت پر عمل کر اور صبر کرنا سیکھ

اسپ تازی دو تگ رود بشتاب
تازی گھوڑا دو دوڑیں تیز دوڑتا ہے

اُشتر آہستہ میرود شب و روز
اونٹ آہستہ آہستہ دن رات چلتا رہتا ہے

حکایت (۵) جوانے چست لطیف خنداں شیریں زباں در حلقۂ عشرت

ایک جوان ، چست ، پاکیزہ ، ہنس مکھ ، شیریں زبان ہماری عیش و عشرت کی

ما بود کہ در دلش ہیچ نوع غم نیامدے و لب از خندہ فراہم روزگارے برآمد

مجلس میں تھا کہ اس کے دل میں کسی طرح کا غم نہ آتا تھا اور ہونٹ ہنسی سے نہ رکتے تھے ایک زمانہ گذر گیا

کہ اتفاق ملاقات نیفتاد بعد ازاں دیدمش زن خواستہ و فرزند خاستہ

کہ ملاقات کا اتفاق نہ ہوا اس کے بعد میں نے اُس کو دیکھا اُس نے شادی کرلی تھی اور بچہ پیدا ہوگیا تھا

وبیخ نشاطش بریدہ وگل رویش پژمردہ پرسیدمش چگونہ وچہ حالت ست

اور اُس کی خوشی کی جڑ کٹ گئی تھی اور اُس کے چہرہ کا گلاب مرجھا گیا تھا میں نے اُس سے پوچھا کیسا ہے اور کیا حال ہے

گفت تاکودکاں بیاوردم دگر کودکی نہ کردم شعر

بولا جب سے بچے ہوگئے ہیں اس وقت سے میرا بچپن جاتا رہا

مَاذَا الصِّبٰی وَالشَّیْبُ غَیَّرَ لِمَّتِیْ	وَکَفٰی بِتَغْیِیْرِ الزَّمَانِ نَذِیْرًا
اب بچپن کیا بڑھاپے نے زلفوں کا رنگ پلٹ دیا	زمانے کی تبدیلی ڈرانے کے لئے کافی ہے

فرد

چوں پیر شدی زکودکی دست بدار	بازی وظرافت بجوانان بگذار
جب تو بوڑھا ہوگیا بچپن چھوڑ	تمسخر کود اور مذاق جوانوں کے لئے چھوڑ

مثنوی

طرب نوجواں زپیر مجوی	کہ دگر ناید آب رفتہ بجوی
نوجوان کی مستی بوڑھے میں نہ ڈھونڈ	کیونکہ بہا ہوا پانی پھر ندی میں واپس نہیں آتا
زرع راچوں رسید وقت درو	نخرامد چنانکہ سبزۂ نو
جب کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا	وہ نئے سبزہ کی طرح نہیں لہلہاتی ہے

قطعہ

دور جوانی بشد از دست من	آہ و دریغ آں زمن دل فروز
جوانی کا زمانہ میرے ہاتھ سے چلا گیا	ہائے افسوس وہ دل روشن کرنے والا زمانہ
قوت سر پنجہ شیری گرفت	راضیم اکنوں بہ پیری چو یوز
شیر کے سے پنجہ کی قوت جاتی رہی	اب میں چیتے کی طرح پیری ہی پر راضی ہوں
پیر زنے موی سیہ کردہ بود	گفتمش اے مالک دیرینہ روز
ایک بڑھیا نے بال سیاہ کئے تھے	میں نے اُس سے کہا اے بوڑھی اماں

لہ راضیم اکنوں یعنی جب تیندوے یا چیتے کا شکار ہاتھ سے نکل جاتا ہے تو وہ بہت غضبناک ہوتا ہے تو اُس کو پنیر کھلاتے ہیں کہ اُس کو چاٹ کر اس کا غصہ جاتا رہتا ہے ۱۲

موی بہ تلبیس سیہ کردہ گیر | راست نخواہد شدن ایں پشت کوز
مانا کہ تو نے مکاری سے بال سیہ کر لئے ہیں | لیکن یہ ٹیڑھی کمر سیدھی نہ ہو سکے گی

حکایت (۶) وقتے بہ جہل جوانی بانگ بر مادر زدم دل آزردہ بہ کنجے
ایک دفعہ جوانی کی جہالت میں میں ماں پر چیخ پڑا رنجیدہ دل ہو کر ایک گوشے میں
بنشست و گریاں ہمی گفت مگر خوردی فراموش کردی کہ درشتی می کنی
بیٹھ گئی اور روتے ہوئے کہہ رہی تھی شاید تو اپنا بچپن بھول گیا کہ سختی سے پیش آرہا ہے

قطعہ

چہ خوش گفت زالے بفرزند خویش | چو دیدش پلنگ افگن و پیلتن
ایک بڑھیا نے اپنے لڑکے سے کیسی اچھی بات کہی | جب اسکو چیتے کو پچھاڑنے والا اور ہاتھی کے سے جسم کا دیکھا
گر از عہد خردیت یاد آمدے | کہ بے چارہ بودی در آغوش من
اگر تجھے اپنا بچپن یاد آتا | جب کہ تو میری گود میں مجبور تھا
نہ کردی دریں روز بر من جفا | کہ تو شیر مردی و من پیر زن
تو آج مجھ پر ظلم نہ کرتا | اس لئے کہ اب تو تو شیر مرد ہے اور میں بوڑھی ہوں

حکایت (۷) توانگرے بخیل را پسرے رنجور بود نیک خواہاں گفتندش
ایک مالدار بخیل کا ایک لڑکا بیمار تھا اُس کے خیر خواہوں نے اُس سے کہا
کہ ختم[1] قرآنی کنی از بہر وے یا بذل قربانی لختے باندیشہ فرو رفت و گفت
کہ اُس کے لئے قرآن مجید ختم کر یا قربانی خرچ کر تھوڑی دیر کے لئے سوچ میں پڑ گیا اور بولا
ختم مصحف اولیٰ ترست کہ گلہ دور[2] ست صاحبدلے بشنید گفت ختمش
قرآن ختم کرنا زیادہ مناسب ہے اس لئے کہ ..... ریوڑ تو دور ہے ایک صاحبدل نے سنا تو کہا قرآن
بعلت آں اختیار آمد کہ قرآن بر سر زبان ست و زر در[3] میان جان **مثنوی**
ختم کرنا اُسے اس لئے پسند آیا ہے کہ قرآن تو اُس کی نوک زبان پر ہے اور روپیہ اُسکی جان میں اٹکا ہوا ہے

دریغا[4] گردن طاعت نہادن | گرش ہمراہ بودے دست دادن
فرمانبرداری کے لئے زمین پر گردن رکھنا (عبادت بدنی کرنا) بھاری ہوتا اگر اس کے ساتھ ہاتھ سے دینے کی (عبادت مالی) کی بھی شرط ہوتی

---

[1] ختم قرآن یعنی ایک قرآن شریف بہ نیت شفا پڑھ ۱۲ [2] گلہ دور ست یعنی گلہ دور دراز مقام پر ہے وہاں سے بکریاں وغیرہ قربانی کیلئے آنا دشوار ہیں۔ قربانی وہ کہ خدا کے نام پر صدقہ کے طور پر کسی جانور کو ذبح کیا جائے ۱۲ [3] یعنی قربانی کرنے میں تو (باقی بر ص ۲۱۱)

بدینارے چو خر در گل بمانند | ور الحمدے بخواہی صد بخوانند

ایک دینار خرچ کرنے کے موقع پر دلدل میں پھنسے ہوئے گدھے کی طرح بن جاتے ہیں اور اگر الحمد پڑھواؤ تو سو بار پڑھ دیں،

حکایت (۸)

پیر مردے را گفتند چرا زن نہ کنی گفت با پیر زنانم الفت

ایک بڈھے سے لوگوں نے کہا تو شادی کیوں نہیں کرتا اس نے کہا بڈھیوں سے مجھے

نیست پس آنرا کہ جوان باشد با من کہ پیرم دوستی چگونہ صورت بندد شعر

محبت نہیں ہے تو جو جوان ہو گی مجھ بڈھے سے اُس کی دوستی کی کیا صورت بنے گی

پیر ہفتاد سلہ جنی مکنہ | کور مقری بخوانی چش روش

ستر برس کے بڈھے جوانی نہ کر اندھا میاں جی خواب میں بھی آنکھ روشن نہیں دیکھتا ہے

زور باید نہ زر کہ با نورا | گز[۱] رے دوست ترنہ دمن گوش

طاقت چاہیئے نہ کہ روپیہ اس لئے کہ عورت کو دس من گوشت سے ایک گاز زیادہ پسند ہے

حکایت (۹) منظومہ

شنیدام کہ دریں روزہا کہن پیرے | خیال بست بہ پیرانہ سر کہ گیرد جفت

میں نے سنا ہے کہ اس زمانہ میں ایک پرانے بڈھے نے بڑھاپے میں سوچا کہ شادی کرے

بخواست دخترے خوبروی گوہر نام | چو درج گوہرش از چشم مردمان آنہفت

ایک خوبصورت گوہر نامی نوعمر لڑکی سے شادی کرلی موتیوں کی ڈبیہ کی طرح اُس کو آدمیوں کی نگاہ سے چھپایا

چنانکہ رسم عروسی بود تمنا کرد | ولے بحملۂ اول عصائے شیخ بہ خفت

جو شادی کی رسم ہوتی ہے اُس کی خواہش کی لیکن پہلے ہی حملہ میں بڈھے کی لکڑی سو گئی

کماں کشید و نزد ہدف کہ نتواند دخت | مگر بسوزن فولاد جامہ ہنگفت

کمان کھینچی اور نشانہ پر تیر نہ مار سکا اس لئے کہ سخت کپڑا فولاد ہی کی سوئی سے سیا جاتا ہے

بدوستاں گلہ آغاز کرد و حجت ساخت | کہ خان و مان من ایں شوخ دیدۂ پاک برفت

دوستوں سے شکوہ شکایت شروع کیا اور حجتیں کرنے لگا کہ میرے گھر بار پر اس بے حیا نے جھاڑو پھیر دی

میان شوہر و زن جنگ و فتنہ خاست چناں | کہ سر بشحنہ و قاضی کشید و سعدی گفت

میاں بیوی میں اس قدر فتنہ اور لڑائی اٹھی کہ کوتوال اور قاضی تک نوبت پہونچی اور سعدی نے کہا

(بقیہ صفحہ ۲۱۰) گرہ سے روپیہ خرچ ہوتا ہے ۱۲ ۵۴ یعنی بڑی مشکل پڑجاتی اگر عبادت کے ساتھ کچھ نقد دینے کی بھی شرط ہوتی ۱۲ ؛

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱؎ گز سے مراد مرد کا عضو مخصوص ہے ۱۲ ؛

بس از ملامت و شنعت گناہ دختر نیست
ملامت اور برائی کرنے سے بس کر لڑکی کی خطا نہیں ہے

ترا کہ دست بلرزد گہر چہ دانی سفت
تیرا جبکہ ہاتھ کانپتا ہے تو موتی کیا بینہ سکتا ہے

باب ہفتم در تاثیر تربیت

ساتواں باب پرورش کرنے کی تاثیر میں

حکایت (۱) یکے را از وزرا پسرے کودن بود پیش دانشمندے فرستاد

ایک وزیر کا ایک لڑکا بے عقل تھا اس نے اس کو ایک عقلمند کے پاس بھیجا

کہ مرا ایں را تربیتے کن مگر عاقل شود روزگارے تعلیم کرد مؤثر نبود پیش

کہ اس کی خاص طور پر تربیت کر شاید عقلمند ہو جائے ایک زمانہ تک اس نے اس کو پڑھایا کوئی اثر نہ ہوا

پدرش کس فرستاد کہ ایں عاقل نمی شود و مرا دیوانہ کرد **قطعہ**

اس نے اس کے باپ کے پاس آدمی بھیجا کہ یہ تو عقلمند نہیں ہوتا ہے اور مجھے اس نے پاگل کر دیا

ہیچ (۲) صیقل نکو نداند کرد
کوئی اچھی صیقلی نہیں چڑھا سکتا

چوں بود اصل جوہرے (۳) قابل
جب کسی کی اصل میں قابل جوہر ہوتا ہے

سگ بدریائے ہفتگانہ (۴) بشوی
کتے کو سات دریاؤں میں غسل دے لو

خر عیسے گرش بہ مکہ رود
حضرت عیسیٰ کے گدھے کو اگر مکہ میں لیجائیں

آہنے را کہ بد گہر باشد
اس لوہے پر جو بدذات و نکما ہو

تربیت را در و اثر باشد
تربیت کا اسی میں اثر ہوتا ہے

چونکہ تر شد پلید تر باشد
جس قدر زیادہ تر ہوگا اسیقدر زیادہ ناپاک ہو جائیگا

چوں بساید ہنوز خر باشد
جب واپس آئیگا پھر بھی گدھا ہی ہوگا

---

(۱) اس تمام حکایت میں جا بجا استعارے استعمال کئے گئے ہیں لہذا غور کرنا اور صحیح معنی کو تلاش کرنا چاہیئے ۱۲ (۲) یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ کسی صیقل سے وہ چلا نہیں پاسکتا ۱۲ (۳) جوہر قابل لینے قبول کرنے والا جوہر کہ جو کچھ استاد بتائے اس کو یاد رکھ سکے ۱۲ (۴) دریائے ہفتگانہ سے مراد غالباً سات سمندر ہیں بعض شارحین نے یہ معنی لیتے ہیں کہ کتے کو اگر سات مرتبہ بھی دھویا جائے۔ مگر یہ معنی کچھ زیادہ لطیف نہیں ہیں۔ سات دریا یہ ہیں (۱) دریائے اخضر (۲) دریائے عمان (۳) دریائے قلزم (۴) دریائے بربر (۵) دریائے اوقیانوس (۶) دریائے قسطنطنیہ (۷) دریائے اسود جس کو دریائے ازرق بھی کہتے ہیں ۱۲

حکایت (۲) حکیمے پسراں را پند میداد کہ اے جانانِ پدر ہنر آموزید کہ ملک
ایک عقلمند لڑکوں کو نصیحت کر رہا تھا کہ اے باپ کے پیارو ہنر سیکھو اس لئے کہ حکومت

و دولتِ دنیا اعتماد را نشاید و سیم و زر در محلِ خطر ست یا دزد بیکبار ببرد یا
اور دنیا کی دولت بھروسہ کے لائق نہیں ہے اور سونا چاندی خطرے میں ہے یا تو چور ایکبارگی لیجائے گا یا

خواجہ بتفاریق بخورد اما ہنر چشمۂ زاینده است و دولتِ پاینده اگر ہنرمند از
مالک متفرق طور پر کھا جائے گا لیکن ہنر ابلنے والا سوت ہے اور مستقل دولت اگر ہنرمند کی دولت

دولت بیفتد غم نباشد کہ ہنر در نفسِ خود دولت ست ہر کجا کہ رود قدر بیند
جاتی رہے تو کوئی فکر نہیں اس لئے کہ ہنر خود ایک دولت ہے جہاں بھی جائے گا عزت ہوگی

و صدر نشیند و بے ہنر لقمہ[1] چیند و سختی بیند **شعر**
اور صدر جگہ پر بیٹھے گا اور بے ہنر لقمے جوڑے گا اور سختی اٹھائے گا

سخت است پس از جاہ تحکم بردن | خو کردہ بناز جورِ مردم بردن
مرتبہ کے بعد حکم برداشت کرنا دشوار ہے | ناز و نعمت کا عادی ہو کر آدمیوں کا ظلم برداشت کرنا

قطعہ

وقتے افتاد فتنہ در شام | ہر کس از گوشۂ فرار فتند
ملکِ شام میں ایک زمانہ میں فتنہ برپا ہو گیا | ہر شخص ہر گوشہ سے نکل بھاگا،

روستازادگانِ دانشمند | بوزیریئے پادشار فتند
دیہاتیوں کے عقلمند لڑکے | بادشاہ کی وزارت پر پہونچے

پسرانِ وزیر ناقص عقل | بہ گدائی بروستا رفتند
وزیر کے بے وقوف لڑکے | بھیک مانگنے دیہات میں نکل گئے

حکایت (۳) یکے از فضلاء تعلیمِ ملک زادہ ہمی کردے و ضربِ بے محابا
ایک فاضل ایک شہزادہ کو پڑھاتا اور بے تحاشا مارتا

زدے و زجرِ بے قیاس کردے بارے پسر از بے طاقتی شکایت پیشِ
اور بے اندازہ جھڑکتا ایک بار لڑکا بے طاقتی کی وجہ سے باپ کے پاس شکایت

---

[1] لقمہ جمع کرے یعنی بھیک مانگتا پھرے ۱۲

پدر بردو جامہ از تن دردمند برداشت پدر را دل بہم برآمد اُستاد را بخواند و گفت
لے کر گیا اور دردمند جسم سے کپڑے اُٹھا کر دکھائے باپ کا دل بھر آیا استاد کو بلوا لی اور کہا

پسران رعیت را چنداں زجر روا نمی داری کہ فرزندِ مرا سبب چیست گفت
رعیت کے لڑکوں کو تو تُو اس قدر جھڑکنا مناسب نہیں سمجھتا ہے جس قدر میرے لڑکے کو کیا سبب ہے اُس نے کہا

سبب آنکہ سخنِ اندیشیدہ گفتن و حرکتِ پسندیدہ کردن ہمہ خلق را علی العموم
اس کا سبب یہ ہے سوچ کر بات کرنا اور اچھا کام کرنا عموماً تمام مخلوق کے لئے مناسب ہے

باید و پادشاہاں را علی الخصوص بموجب آنکہ بردست و زبانِ ایشاں ہر چہ
اور بادشاہوں کو خصوصاً اس لئے کہ ان کے ہاتھ اور زبان سے جو ہو گا

رود ہر آئینہ بافواہ بگویند و قول و فعلِ عوام را چنداں اعتبارے نباشد قطعہ
وہ مشہور ہو جائے گا اور عوام کے کام اور بات کا اس قدر اعتبار نہیں ہوتا

اگر صد عیب دارد مردِ درویش
فقیر اگر سو عیب رکھے،

رفیقانش یکے از صد ندانند
اُس کے ساتھی سو میں سے ایک کو بھی نہ جانیں گے

وگر یک ناپسند آید ز سلطاں
اگر بادشاہ تجھ سے ایک بُری حرکت ہو جائے

ز اقلیمے بہ اقلیمے رسانند
تو ایک ملک سے دوسرے ملک میں پہونچا دیتے

پس واجب آمد معلمِ پادشاہ زادہ را در تہذیبِ اخلاقِ خداوند زادگاں اَنبَتَهُم
لہذا شہزادہ کے اُستاد کو شہزادوں کے اخلاق سنوارنے میں خدا ان کی

اللہُ نَبَاتًا حَسَنًا اجتہاد ازاں بیش کردن کہ در حقِ ابنائے عوام قطعہ
بہتر پرورش فرمائے عوام کے بچوں سے زیادہ کوشش کرنی چاہیئے

ہر کہ در خردیش ادب نہ کنی
جس کو تو بچپن میں ادب نہ سکھائے گا

در بزرگی فلاح[1] از و برخاست
بڑے ہو کر اُس میں بھلائی نہ ہو گی

چوب تر را چنانکہ خواہی پیچ
تر لکڑی کو جیسے چاہے موڑ لے

نشود خشک جز بآتش راست
خشک بجز آگ کے سیدھی نہیں ہوتی

فرد ہر آں طفل کو جور آموزگار
جو لڑکا سکھانے والے کا ظلم برداشت نہیں کرتا

نہ بیند جفا[2] بیند از روزگار[3]
اُس کو زمانے کا ظلم برداشت کرنا پڑتا ہے

---

[1] فلاح کے معنی بھلائی کے ہیں ۱۲ [2] مطلب یہ ہے کہ بچپن کا زمانہ ہی تعلیم کے لئے موزوں ہے ۱۲ [3] یعنی وہ بے ادب رہنے کی وجہ سے زمانے کی طرح طرح کی سختیاں سہے گا کیونکہ بے تیز اور بے ہنر ہو گا ۱۲

مَلِک را حُسنِ تدبیر فقیہ و تقریرِ جوابِ او موافق آمد و خلعت و نعمت بخشید و

بادشاہ کو فقیہ کی حسنِ تدبیر اور جواب کی تقریر اچھی معلوم ہوئی اور جوڑا اور انعام دیا اور

پایۂ منصب بلند گردانید

اُس کا عہدہ بڑھا دیا ؛

حکایت

معلمِ کتّابے را دیدم در دیارِ مغرب ترش روی و تلخ گفتار

ملک مغرب میں میں نے ایک مکتب کے استاد کو دیکھا بڑا چڑچڑا سخت گفتگو کرنے والا،

بدخوی و مردم آزار کُند طبع و ناپرہیزگار کہ عیشِ مسلماناں بدیدن اُو تبہ گشتے و

بدمزاج، انسانوں کو ستانے والا، غبی، بدچلن کہ مسلمانوں کا عیش اُس کو دیکھ کر تباہ ہوتا اور

خواندنِ قرآنش دلِ مردم سیہ کردے و جمعِ پسرانِ پاکیزہ و دخترانِ

اُس کا قرآن پڑھنا انسانوں کے دل کالے کرتا خوبصورت لڑکوں اور کنواری لڑکیوں کا

دوشیزہ بدست جفائے او گرفتار نہ زہرہ خندہ نہ یارائے گفتار گہ عارضِ سیمینِ

مجمع اُس کے ظلم کے ہاتھ میں پھنسا ہوا تھا نہ ہنسنے کی جرأت نہ بات کرنیکی مجال کبھی ایک کے

یکے را تبانچہ زدے و گاہ ساقِ بلورینِ یکے را شکنجہ کردے القصہ

چاندی کے سے رخسار پر طمانچہ مار دیتا اور کبھی کسی کی بلور جیسی پنڈلی کو شکنجہ میں کس دیتا خلاصہ یہ کہ

شنیدم کہ طرفے از خیانتِ نفسِ او معلوم کردند و نزدندش و براندند پس آنگہ مکتبِ

میں نے سنا کہ اُس کے نفس کی خیانت کا کچھ حال لوگوں نے معلوم کر لیا اور انہوں نے اُسے مار اور نکال دیا اُسکے بعد

وُے بمصلحے دادند بارسائے سلیمے نیک مردے حکیمے کہ سخن جز بحکمِ ضرورت

اُس کا مکتب ایک نیک آدمی کے سپرد کیا جو بہت پرہیزگار سلیم الطبع، نیک مرد، اور ایسا عقلمند تھا کہ بات بھی

نہ گفتے و موجبِ آزارِ کس بر زبانش نرفتے کودکاں را ہیبتِ اُستادِ نخستین

بلاضرورت نہ کرتا تھا اور کسی کے لئے تکلیف دہ بات اُس کی زبان پر نہ آتی بچوں کے دماغ میں جو پہلے استاد کا ڈر تھا

از سر برفت و معلمِ دومی را اخلاقِ ملکی دیدند دیو یک یک شدند باعتمادِ

وہ نکل گیا اور اس دوسرے استاد کے انہوں نے فرشتہ جیسے اخلاق دیکھے ایک ایک لڑکا شیطان ہو گیا

حلمِ او علم فراموش کردند و ہمچنیں اغلبِ اوقات ببازیچہ فراہم نشستندے

اور اُس کی برد باری کے بھروسہ پر پڑھا لکھا بھلا دیا اور اکثر اوقات کھیل کے لئے جمع ہو کر بیٹھ جاتے ،

و لوحِ درست ناکردہ بر سرِ ہم شکستندے

بیت

اور بدون لکھی تختیاں ایک دوسرے کے سر پر مار کر توڑ ڈالتے

اُستادِ معلّم چو بود بے آزار | خرسک[1] بازند کودکاں در بازار
پڑھانے والا استاد جب بے آزار ہو | تو بچے بازار میں کھلاڑی بن جاتے ہیں

بعد از دو ہفتہ بر اں مسجد گذر کردم معلّم اوّلیں را دیدم کہ دل خوش کردہ بودند و
دو ہفتہ بعد میں اس مسجد کے پاس سے گذرا میں نے دیکھا کہ وہ پہلے استاد کو مٹا چکے تھے اور

بمقامِ خویش باز آوردند برنجیدم ولاحول گفتم کہ دیگر بارہ ابلیس را معلّم ملائکہ
اُس کی جگہ پر اُس کو لوٹا لائے تھے۔ مجھے تکلیف ہوئی اور میں نے لاحول پڑھی کہ دوبارہ شیطان کو فرشتوں کا استاد

چرا کردند پیر مردے ظریف جہاں دیدہ بشنید بخندید و گفت **مثنوی**
کیوں مقرر کیا ایک خوش مزاج تجربہ کار بوڑھے نے میری بات سن کر ہنسا اور بولا

پادشاہے پسر بمکتب داد | لوحِ سیمینش در کنار نہاد
ایک بادشاہ نے بچے کو مکتب میں بٹھایا | چاندی کی تختی اُس کی بغل میں دی

بر سرِ لوحِ او نبشتہ بزر | جورِ اُستاد بہ ز مہرِ پدر
سونے کے پانی سے تختی پر لکھا | اُستاد کا ظلم باپ کی محبت سے بہتر ہے

حکایت بادشاہ زادہ را نعمتِ بے کراں از ترکۂ عماں بدست افتاد و فسق
ایک شہزادہ کو بے انتہا دولت چچوں کے ترکہ سے ہاتھ لگ گئی بدکاری

و فجور آغاز کرد و مسبذری پیشہ گرفت فی الجملہ نماند از سائرِ معاصی منکرے کہ نکرد
اور عیاشی شروع کی۔ فضول خرچی اپنا پیشہ بنالیا خلاصہ یہ کہ گناہوں میں سے کوئی برائی ایسی نہ چھوڑی جو اس

و مسکرے کہ نخورد بارے بہ نصیحتش گفتم اے فرزند دخل آب روانست
نے نہ کی ہو اور کوئی نشہ نہ رہا جو نہ کیا ہو۔ ایک بار میں نے اُس کی خیر خواہی کے لئے کہا اے صاحبزادے آمدنی کی مثال جاری پانی کی

و خرج آسیائے گرداں یعنی خرج فراواں کردن مسلّم کسے را نباشد کہ
سی ہے اور خرچ کی مثال پن چکی کی سی ہے یعنی زیادہ خرچ کرنا اُس کے لئے مناسب ہے جس کی کہ

دخل معیّن دارد **قطعہ**
مقرر آمدنی ہو

چو دخلت نیست خرج آہستہ تر کن | کہ می گویند ملّاحاں سرودے
جب تیری آمدنی نہیں ہے تو تھوڑا تھوڑا خرچ کر | کیونکہ ملاح ایک گیت گایا کرتے ہیں

---

[1] خرسک ایک کھیل کا نام ہے کہ ایک لکیر کھینچتے ہیں اور ایک لڑکا خط کے درمیان کھڑا ہوتا ہے اور دوسرے لڑکے آکر اُس کو مارتے ہیں وہ سب کی طرف اپنی ٹانگ اوچھالتا ہے اور پھر جس کے اُسکا پاؤں لگ جاتا ہے وہ اُس کی جگہ کھڑا کر دیا جاتا ہے

بکوہستاں اگر باراں نبارد | بسالے دجلہ گردد خشک رودے
پہاڑوں پر اگر بارش نہ ہو | تو ایک سال ہی میں دجلہ سوکھی ندی بن جائے

عقل و ادب پیش گیر و لہو و لعب بگذار کہ چوں نعمت سیری شود سختی بری و پشیمانی
عقل و ادب کو اختیار کر اور کھیل کود کو چھوڑ اس لئے کہ جب دولت ختم ہو جائے گی تو مصیبت اٹھائیگا اور

خوری پسر از لذتِ نای و نوش ایں سخن در گوش نیاوردو بر قول من اعتراض
شرمندہ ہوگا لڑکے نے گانے اور پینے کی لذت کی وجہ سے اس بات کو کان میں نہ ڈالا اور میری بات پر اعتراض

کرد گفت راحتِ[1] عاجل را بتشویش محنتِ آجل منغص کردن خلافِ رائے
کیا اور کہا موجودہ آرام کو آنے والی مصیبت کی پریشانی کی وجہ سے گدلا کرنا عقلمندوں کی رائے

خردمندان ست

مثنوی

کے خلاف ہے

خداوندانِ کام و نیک بختی | چرا سختی بر ندازد بیم سختی
دولت مند اور نیک بخت لوگ | مصیبت کے تصور سے کیوں مصیبت اٹھائیں

برو شادی کن اے یارِ دل افروز | غمِ فردا نشاید خوردن امروز
جا اے دل کے روشن کرنیوالے دوست غم کو آرام | کل کا غم آج نہ کھانا چاہیئے

فکیف مراکہ در صدرِ مروت نشستہ ام و عقدِ فتوت بستہ و ذکرِ انعام در
پھر مجھ سے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ مروت کے صدر مقام پر بیٹھا ہوا ہوں اور جوانمردی کا عہد کیا ہے اور بخشش کا ذکر

افواہِ عوام افتادہ

مثنوی

عام لوگوں کے زبان زد ہے

ھر کہ علم شد بسخا و کرم | بند نشاید کہ نہد بر درم
جو سخاوت اور کرم میں مشہور ہو گیا ہو | اس کو روپے پر مہر نہ لگانی چاہیئے

نامِ نکوئی چو بروں شد بکوی | در تتوانی کہ بہ بندی بروی
جب تیرا نیک نام گلی کوچہ میں مشہور ہو گیا | تو کسی پر دروازہ بند نہیں کر سکتا

دیدم کہ نصیحت نمی پذیرد و دم گرمِ من در آہنِ سرد وے اثر نمی کند ترک
میں نے دیکھا کہ وہ نصیحت نہیں قبول کرتا ہے اور میرا گرم سانس اس کے ٹھنڈے لوہے میں اثر نہیں کرتا ہے میں نے

---

[1] یعنی کیا موجودہ عیش کو آئندہ مصیبت کے ڈر سے میں چھوڑ دوں یہ تو کوئی عقلمندی کی بات نہیں ہے ۱۲

مناصحت کردم وروی از مصاحبت بگردانیدم قولِ حکمارا کار بستم کہ گفتہ اند
نصیحت کرنا چھوڑ دی اور ساتھ رہنے سے منہ پھیر لیا میں عقلمندوں کی بات پر کاربند ہو گیا کہ انہوں نے کہا ہے

بَلِّغْ مَا عَلَیْکَ فَاِنْ لَّمْ یَقْبَلُوْا مَا عَلَیْکَ قطعہ
جو تیرا فرض ہے پہونچا دے پس اگر وہ نہ مانیں تو پھر تجھ پر الزام نہیں ہے

گرچہ دانی کہ نشنوند بگوی
اگرچہ تو جانتا ہے کہ نہ مانیں گے

ہرچہ دانی تو از نصیحت و پند
پھر بھی جو کچھ وعظ و نصیحت تجھے آتا ہو کہدے

زود باشد کہ خیرہ سر بینی
تو جلد اُس خودسر کو دیکھ لے گا

بد و پائے افتادہ اندر بند
کہ دونوں پیر بیڑی میں جکڑے ہیں

دست بر دست میزند کہ دریغ
ہاتھ سے ہاتھ مل رہا ہوگا کہ افسوس

نشنیدم حدیثِ دانشمند
میں نے عقلمند کی بات نہ مانی

تا پس از مدتے انچہ اندیشۂ من بود از نکبت حالش بصورت بدیدم کہ پارہ پارہ
چنانچہ ایک زمانہ کے بعد جس کا کہ مجھے ڈر تھا اُس کی حالت کی بدنصیبی کو میں نے کھلم کھلا دیکھا کہ پیوند پر

پیوند می دوخت و لقمہ لقمہ ہمی اندوخت دلم از ضعفِ حالش بہم برآمد و مروت
پیوند لگاتا تھا اور لقمہ لقمہ جمع کرتا تھا اس کا پتلا حال دیکھ کر میرا دل بھر آیا اور ایسی

ندیدم در چناں حالے ریشِ درویش را بملامت خراشیدن و نمک پاشیدن
حالت میں فقیر کے زخم کو ملامت کے ذریعہ چھیلنا اور نمک چھڑکنا میں نے انسانیت نہ سمجھا

پس با خود گفتم
پس اپنے دل ہی دل میں میں نے کہا

مثنوی

حریفِ سفلہ در پایانِ مستی
کمینہ ساتھی مستی کی انتہا میں

نیندیشد ز روزِ تنگدستی
تنگدستی کے دن کی فکر نہیں کرتا

درخت اندر بہاراں بر فشاند
بہار کے موسم میں درخت پھل لٹاتا ہے

زمستاں لاجرم بے برگ ماند
لامحالہ جاڑوں میں پتہ جھڑ رہتا ہے

حکایت (۶)

پادشاہے پسرے را بہ ادیبے داد و گفت تربیتش
ایک بادشاہ نے اپنے لڑکے کا ایک ادیب کے سپرد کیا اور کہا کہ اس کی ایسی تربیت

چناں کن کہ یکے از فرزندانِ خود را سالے برومی کرد و بجائے نرسید
کر جیسی کہ کسی اپنے لڑکے کی اُس نے ایک سال اُس پر محنت کی لیکن اُسے کچھ نہ حاصل ہوا

وپسران ادیب در فضل وبلاغت منتہی شدند ملک دانشمند را مواخذت کرد
اور ادیب کے لڑکے کمال اور فصاحت میں فارغ التحصیل ہو گئے بادشاہ نے اس دانشمند کی گرفت کی

ومعاتبت فرمود کہ خلاف کردی ووفا بجا نیاوردی گفت بر رائے خداوند
اور ناراض ہوا کہ تو نے وعدہ خلافی کی اور عہد پورا نہیں کیا اس نے کہا روئے زمین کے بادشاہ کی

روئے زمین پوشیدہ نماند کہ تربیت یکسان ست ولیکن طبائع مختلف قطعہ
رائے پر پوشیدہ نہ رہے کہ تربیت تو یکساں ہے لیکن طبیعتیں مختلف ہیں

گرچہ سیم وزر ز سنگ آید ہمی
اگرچہ سونا چاندی پتھر سے نکلتا ہے

در ہمہ سنگے نباشد زر وسیم
لیکن تمام پتھروں میں سونا چاندی نہیں ہوتا

بر ہمہ عالم ہمی تابد سہیل
سہیل ستارہ تمام دنیا پر طلوع کرتا ہے

جائے انباں میکند جائے ادیم
ایک جگہ نرد بناتا ہے ایک جگہ دھوڑی

حکایت یکے را شنیدم از پیران مربی کہ مریدے را ہمی گفت
تربیت دینے والے پیروں میں سے ایک کو میں نے سنا کہ ایک مرید سے کہہ رہا تھا

چنانکہ تعلق خاطر آدمی زاد ست بروزی اگر بروزی دہ بودے بمقام ملائکہ
جیسا کہ انسان کی طبیعت کا تعلق روزی سے ہے اگر روزی دینے والے سے ہوتا تو مرتبہ میں فرشتوں

درگذشتے
سے آگے بڑھ جاتا

قطعہ

فراموشت نکردایزد دراں حال
خدا تجھے اس حال میں نہیں بھولا

کہ بودی نطفۂ مدفون ومدہوش
کہ تو بے ہوش چھپا ہوا نطفہ تھا

لہ سہیل ایک روشن ستارے کا نام ہے جو سرخی مائل ہوتا ہے بجانب جنوب طلوع ہوتا ہے وہ گرمیوں میں دن کو طلوع ہوتا ہے اور سردی کے زمانہ میں رات کو نکلتا ہے۔ لہذا گرمیوں میں نظر نہیں آتا جاڑوں میں دکھائی دیتا ہے اور اس کے ظاہر ہونے کا زمانہ جب ہے کہ آفتاب برج اسد میں سترھویں درجے پر پہنچتا ہے۔ طلوع سہیل تمام زمانے میں نہیں ہوتا مگر بہ لحاظ اکثر جگہ کے یہ کہا گیا ہے۔ یہ پہلے ملک یمن میں نکلتا ہے کیونکہ یہ ملک دوسری ولایتوں سے بلند ہے۔ یمن کے باشندے بلند مقاموں پر چالیس روز تک چمڑا وغیرہ پھیلاتے ہیں سہیل کی تاثیر سے اس میں رنگ اور خوشبو پیدا ہو جاتی ہے، اسی کو انبان کہتے ہیں .....
..... بعض لوگ اس کے بنانے اور دباغت دینے میں بھی سہیل کی تاثیر شریک سمجھتے ہیں۔ ادیم دباغت دیا ہوا چمڑا جس میں بو ہوتی ہے ۱۲

روانت داد و طبع و عقل و ادراک
تجھے جان، طبیعت، عقل، سمجھ

جمال و نطق و رای و فکرت و ہوش
حسن، گویائی، تدبیر، فکر اور ہوش دیا

دہ انگشتت مرتب کرد بر کف
ہتھیلی پر دس انگلیاں بنائیں

دو بازویت مرتب ساخت بر دوش
تیرے کندھے پر دو بازو پیدا فرمائے

کنوں پنداری اے ناچیز ہمت
اے کم ہمت اب تو یہ سمجھ رہا ہے

کہ خواہد کرد نت روزی فراموش
کہ وہ تجھے روزی دینا بھول جائے گا

حکایت (۸)

اعرابی را دیدم کہ پسر را ہمی گفت یا بُنَیَّ اِنَّکَ مَسْئُولٌ
میں نے ایک بدو کو دیکھا کہ لڑکے سے کہہ رہا تھا اے بیٹے تجھ سے قیامت کے دن

یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِمَاذَا اکْتَسَبْتَ وَلَا یُقَالُ بِمَنِ انْتَسَبْتَ یعنی
پوچھا جائے گا کہ تو نے کیا کیا یہ نہ پوچھا جائے گا تیرا نسب کیا ہے یعنی

ترا خواہند پرسید کہ ہنرت چیست و نگویند پدرت کیست قطعہ
تجھ سے پوچھیں گے کہ تیرا ہنر کیا ہے اور نہ کہیں گے کہ تیرا باپ کون ہے

جامۂ کعبہ را کہ می بوسند
کعبہ کے غلاف کو جو بوسہ دیتے ہیں

او نہ از کرم پیلہ نامی شد
وہ ریشم کے کپڑے کے کیڑے سے مشہور نہیں ہوا

باعزیزے نشست روزے چند
چند دن ایک عزت والے کے ساتھ رہا

لاجرم ہمچو او گرامی شد
لامحالہ اس کی طرح باعزت ہو گیا

حکایت (۹)

در تصانیف حکما آوردہ اند کہ کژدم را ولادتِ معہود نیست
حکماء کی کتابوں میں بیان کیا گیا ہے کہ بچھو کی پیدائش اس مقررہ طریقے پر نہیں ہے

چنانکہ دیگر حیوانات را بلکہ احشائے مادر را بخورند و شکمش را بدرند و راہِ صحرا
جس طرح دوسرے جانوروں کی بلکہ وہ ماں کے اندرونی حصے کھا جاتے ہیں اور اسکا پیٹ پھاڑ دیتے ہیں اور جنگل

گیرند و آں پوستہا کہ در خانۂ کژدم بینند اثرِ آنست بارے ایں نکتہ پیشِ بزرگے
کا راستہ لیتے ہیں اور بچھو کے سوراخ میں جو کھالیں دیکھتے ہیں یہ اسی سبب سے ہیں ایک مرتبہ میں نے یہ نکتہ ایک بزرگ کے

ہمی گفتم گفت دل من بر صدقِ ایں سخن گواہی می دہد و جز چنیں نشاید بود در
سامنے بیان کیا انہوں نے کہا اس بات کے سچے ہونے پر میرا دل گواہی دیتا ہے اور اس کے سوا ہونا بھی نہ چاہیے،

حالتِ خردی با مادر و پدر چنیں معاملت کردہ اند لاجرم در بزرگی چنیں مقبول
بچپنے میں ماں باپ کے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے لامحالہ اسی وجہ سے بڑے ہو کر اس قدر مقبول

ومحبوب اند
اور محبوب ہیں

قطعہ

پسرے را پدر وصیت کرد
ایک لڑکے کو باپ نے وصیت کی

کاے جواں مرد یاد گیر ایں پند
کہ اے جوانمرد یہ نصیحت یاد رکھ

ہر کہ با اہل خود وفا نہ کند
جو اپنوں کے ساتھ وفا نہیں کرتا

نشود دوست روئے دانشمند
وہ عقلمند کی نظروں میں دوست نہیں ہوتا

مثل کژدم را گفتند چرا بزمستاں بدر نمی آئی گفت بتابستانم چہ
بچھو سے لوگوں نے پوچھا جاڑوں میں تو باہر کیوں نہیں نکلتا اس نے کہا میری گرمیوں میں ہی

حرمت ست کہ بزمستاں نیز بیروں آیم ٭
کونسی عزت ہوتی ہے کہ جاڑوں میں بھی باہر نکلوں ٭

حکایت (۱۰) زن درویشے حاملہ بود مدّتِ حمل بسر آورد و درویش را
ایک فقیر کی بیوی حمل سے تھی ۔ حمل کا زمانہ پورا ہو گیا اور فقیر کے

ہمہ عمر فرزند نیامدہ بود گفت اگر خداوند تعالیٰ مرا پسرے بخشد جزیں خرقہ کہ
تمام عمر کوئی لڑکا نہ ہوا تھا اس نے کہا اگر اللہ تعالیٰ مجھے لڑکا عنایت فرما دے تو اس گدڑی کے علاوہ

پوشیدہ ام ہر چہ در ملکِ من ست ایثارِ درویشاں کنم اتفاقاً پسر آورد
جو کہ میں پہنے ہوئے ہوں جو کچھ بھی میری ملکیت میں ہے فقیروں پر قربان کر دوں گا اتفاقاً لڑکا پیدا ہوا

سفرۂ درویشاں بموجبِ شرط نہاد پس از چند سال از سفرِ شام باز آمدم بمحلّتِ
اُس نے شرط کے مطابق فقیروں کی دعوت کی ، چند سال بعد میں شام کے سفر سے واپس لوٹا اس دوست

آں دوست برگذشتم و از چگونگیِ حالش خبر پرسیدم گفتند بزندانِ شحنہ
کے محلہ سے گذرا اور اُس کے حال کی کیفیت کی خبر دریافت کی لوگوں نے بتایا کہ کوتوال کی

درست گفتم سبب چیست گفتند پسرش خمر خوردہ و عربدہ کردہ و خونِ کسے
قید میں ہے میں نے کہا سبب کیا ہے لوگوں نے کہا کہ اُس کے لڑکے نے شراب پی کر لڑائی دنگا کیا اور کسی کو

ریختہ و از میاں گریختہ پدر را بعلّتِ وے سلسلہ در نائے ست و بندِ
قتل کر ڈالا اور شہر سے بھاگ گیا اس کے سبب سے باپ کے گلے میں طوق اور پیروں میں بھاری

گراں بر پای گفتم ایں بلائے را وے بحاجت از خدائے عزّ و جلّ
بیڑی پڑی ہے میں نے کہا اس بلا کو تو اُس نے خدائے عزوجل سے دعائیں مانگ کر

خواستہ است — بیا ہے۔

قطعہ

زنانِ بار دار اے مردِ ہشیار — اگر وقتِ ولادت مار زایند
اے ہوشیار مرد حاملہ عورتیں — اگر بچہ جننے کے وقت سانپ جنیں
ازاں بہتر بنزدیکِ خردمند — کہ فرزندانِ ناہموار زایند
تو عقلمند کے نزدیک اس سے بہتر ہے — کہ وہ نالائق لڑکے جنیں

حکایت (۱۱)

طفل بودم کہ بزرگے را پرسیدم از بلوغ گفت در کتب
میں بچہ تھا کہ میں نے ایک بزرگ سے بالغ ہونے کی بات پوچھی انہوں نے فرمایا کتابوں

مسطور ست کہ سہ نشان دارد یکے پانزدہ سالگی و دوم احتلام و سوم
میں لکھا ہے کہ تین علامتیں ہیں ایک پندرہ سال کی عمر دوسرے سوتے میں نہانے کی حالت تیسرے

برآمدنِ موئے زہار اما در حقیقت یک نشان دارد و بس آنکہ در رضائے
ناف کے نیچے بال نکل آنا لیکن حقیقت میں ایک علامت ہے وہ یہ کہ تو خدا کی رضا جوئی میں

خدائے عزوجل بیش ازاں باشی کہ در بندِ حظِ نفسِ خویش و ہر کہ در وایں
اس سے زیادہ رہے جس قدر نفس کی خواہش کی قید میں اور جس میں کہ یہ

صفتہا موجود نیست نزدِ محققاں بالغ نہ شمارندش

قطعہ

صفتیں موجود نہیں ہیں محققین اس کو بالغ نہیں گنتے ہیں

بصورتِ آدمی شد قطرۂ آب — کہ چل روزش قرار اندر رحم ماند
پانی کا قطرہ آدمی کی صورت بن گیا — اس لئے کہ چالیس دن وہ رحم میں رہا
وگر چل سالہ را عقل و ادب نیست — بہ تحقیقش نشاید آدمی خواند
اور اگر چالیس سالہ آدمی میں بھی عقل و ادب نہیں ہے — تو حقیقتاً اس کو آدمی نہ کہنا چاہیے

قطعہ

جوانمردی و لطف ست آدمیت — ہمیں نقشِ ہیولائی مپندار
آدمیت۔ جوانمردی اور مہربانی کا نام ہے — اس جسمانی نقش و نگار کو نہ سمجھو
ہنر باید کہ صورت بیتوا کرد — بایوانہا در از شنگرف و زنگار
ہنر چاہیے کیونکہ تصویر تو محلوں میں — شنگرف اور زنگار سے بنائی جاسکتی ہے

چو انساں را نباشد فضل و احساں
جب آدمی میں بزرگی اور احسان کرنے کا مادہ نہ ہو

چہ فرق از آدمی تا نقش دیوار
تو آدمی اور دیوار کی تصویر میں کیا فرق ہے

بدست آوردنِ دنیا ہنر نیست
دنیا کمانا ہنر نہیں ہے

یکے را گر توانی دل بدست آر
اگر ہو سکے تو کسی دل کو موہ لے

حکایت سالے ترا عے میانِ پیادگانِ حجاج افتادہ بود و داعی ہم
ایک سال پیدل حج والوں میں جھگڑا ہو گیا تھا اور یہ دعا گو بھی

دراں سفر پیادہ بود انصاف در سر وری ہم افتادیم و دادِ فسوق و جدال
اس سفر میں پیدل تھا انصاف کی بات تو یہ ہے کہ ہم ایک دوسرے سے خوب لڑے اور گالی گلوچ اور لڑائی

دادیم کجاوہ[1] نشینے را دیدم کہ با عدیل خویش می گفت یا للعجب پیادہ عاج عرصہ
کی ہم نے حد کر دی میں نے ایک شتر سوار کو دیکھا کہ وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا بڑے تعجب کی بات ہے کہ ہاتھی دانت کا بنا ہوا پیادہ

شطرنج[2] را بسی برد فرزین می شود یعنی بہ ازاں میشود کہ بود و پیادگانِ حاج
جب شطرنج کی بساط کو طے کر لیتا ہے تو فرزین بنجاتا ہے یعنی اس سے بہتر ہو جاتا ہے جو پہلے تھا اور پیادہ حاجیوں نے

بادیہ را بسر بردند و بتر شدند **قطعہ**
پورا جنگل طے کر لیا اور بدتر ہو گئے

از من بگوی حاجیِ مردم گزائے را
میری طرف سے اُس مردم آزار حاجی کو کہہ دو

کو پوستینِ خلق بآزاری درد
جو کہ ستا کر لوگوں کی پردہ دری کرتا ہے

حاجی تو نیستی شتر ست از برائے آنکہ
حاجی تو نہیں ہے بلکہ تیرا اونٹ حاجی ہے

بیچارہ خاری خورد و باری برد
اس لئے کہ بیچارہ کانٹے چباتا ہے اور بوجھ لیجاتا ہے

حکایت[15] ہندوئے نفط[3] اندازی می آموخت حکیمے گفت ترا کہ خانہ
ایک ہندو نفط اندازی سیکھ رہا تھا ایک عقلمند نے اُس سے کہا جبکہ تیرا جھونپڑا

---

[1] کجاوہ ایک قسم کی عماری یا حوضہ جو اونٹ کے کوہان پر دونوں طرف لٹکاتے ہیں اور اس میں لوگ سوار ہوتے ہیں ۱۲ [2] شطرنج کا ہر پیدل جب اپنے پورے خانوں کو طے کر لیتا ہے تو وہ وہی مہرہ بن جاتا ہے جس پر وہ ہوتا ہے اسی طرح فرزین کا پیدل وزیر بن جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ پیادے اور فرزین میں زمین آسمان کا فرق ہوا کرتا ہے ۱۲ [3] نفط اندازی آتشبازی کا یا آتشیں اسلحہ کا کام۔ نیز نفط اندازی اس کو بھی کہتے ہیں کہ نفط ایک روغن ہوتا ہے کہ وہ اگر پانی میں بھی پڑتا ہے تو آگ لگجاتی ہے لڑتے وقت اُسے شیشیوں میں بھر کر دشمن پر پھینکتے ہیں جیسے وہ اُس کے جسم پر پڑتا ہے اُس کا بدن جل جاتا ہے ۱۲

نئین ست بازی نہ اینست

نرسل کا بنا ہوا ہے تو تیرے لئے یہ کھیل مناسب نہیں ہے

بیت

تا ندانی کہ سخن عین صوابست مگو | انچہ دانی کہ نہ نیکوش جوابست مگو

جبتک تو یہ نہ جان لے کہ بات بالکل ٹھیک ہے تو مت کہہ | جس بات کے بارے میں تجھے معلوم ہے کہ اسکا جواب اچھا نہ ملیگا وہ نہ کہہ

حکایت (۱۵)

مردکے را چشم درد خاست پیش بیطارے رفت تا

ایک بے وقوف کی آنکھ میں درد ہوا وہ مویشیوں کے ڈاکٹر کے پاس گیا تاکہ

دوا کند بیطار از انچہ در چشم چہار پایاں می کرد در دیدۂ او کشید کور شد حکومت

وہ اسکا علاج کردے ڈاکٹر نے وہی دوا جو جانوروں کی آنکھ میں ڈالتا تھا اس کی آنکھ میں ڈالدی وہ اندھا ہوگیا جھگڑا

پیش داور بردند گفت برو ہیچ تاوان نیست اگر ایں خر نبودے

ایک حاکم کے پاس لے گئے اس نے فیصلہ دیا کہ جا کوئی ڈنڈ (جرمانہ) نہیں ہے اگر یہ گدھا نہ ہوتا تو

پیش بیطار نرفتے مقصود ازیں سخن آنست تا بدانی کہ ہر کہ نا آزمودہ را کار

مویشیوں کے ڈاکٹر کے پاس نہ جاتا اس بات کا مقصد یہ ہے کہ تو جان لے کہ جو کوئی ناتجربہ کار کو بڑا

بزرگ فرماید بآنکہ ندامت برد بنزدیک خردمنداں بخفت رای منسوب گردد

کام سپرد کردے اس کے باوجود کہ اُس کو شرمندگی ہوگی عقلمندوں کے نزدیک بے وقوف گردانا جائے گا

قطعہ

ندہد ہوشمند روشن رای | بفرومایہ کارہائے خطیر

سمجھدار، عقلمند، نکمینے کے | بڑے بڑے کام سپرد نہیں کرتا

بوریا باف گرچہ بافندہ است | نبرندش بکارگاہ حریر

بوریا بننے والا اگرچہ بننے والا ہے | لیکن اُس کو ریشم کے کارخانہ میں نہیں لیجاتے

حکایت (۱۵)

یکے از بزرگان ائمہ را پسرے وفات یافت پرسیدند کہ

بزرگ اماموں میں سے ایک امام کا لڑکا مرگیا لوگوں نے پوچھا کہ

بر صندوق گورش چہ نویسیم گفت آیات کتاب مجید را عزت بیش

اُس کی قبر کے تعویذ پر ہم کیا لکھدیں اُس نے کہا قرآن مجید کی آیتوں کی تو عزت اس سے

لہ بیطار وہ ڈاکٹر جو چوپایوں کا علاج کرتا ہے ۱۲

ازان ست کہ روا باشد برچنیں جایگاہ نوشتن کہ بروزگار سودہ گردد و
زیادہ ہے کہ یہ جائز ہو کہ ان کو ایسی جگہ لکھا جائے کہ ایک زمانہ میں گھس جائیں اور
خلائق بروگذرند وسگان بروشاشند اگر بضرورت چیزے نویسند ایں
مخلوق اُس پر چلے پھرے اور کتے اُس پر موتیں اگر مجبوراً کچھ لکھیں تو یہ
بیت کفایت می کند قطعہ
حصہ کافی ہے

وہ کہ ہر گہ کہ سبزہ در بستاں
واہ واہ جب سبزہ باغ میں اُگتا
بدمیدے چہ خوش بدے دلِ من
تو میرا دل کس قدر خوش ہوتا

بگذر اے دوست تا بوقت بہار
اے دوست گذر تاکہ بہار کے موسم میں
سبزہ بینی دمیدہ بر گلِ من
تو میری قبر پر سبزہ اُگا ہوا دیکھے

حکایت (۱۶) پارسائے بر یکے از خداوندانِ نعمت گذر کرد کہ بندہ را
ایک نیک آدمی ایک مالدار کے پاس سے گذرا جو ایک غلام کو
دست و پائے بستہ عقوبت ہمی کرد گفت اے پسر ہمچو تو مخلوقے را خدائے
ہاتھ پیر باندھ کر سزا دے رہا تھا اُس نے کہا اے بیٹا تجھ جیسی ہی مخلوق کو اللہ
عزوجل اسیرِ حکم تو گردانیدہ است و ترا بروے فضیلت دادہ شکرِ نعمتِ باری
تعالیٰ نے تیرے حکم کا پابند کردیا ہے اور تجھے اُس پر بڑائی دی ہے اللہ کی نعمت کا
تعالیٰ بجا آر و چندیں جفا بروے مپسند نباید کہ فردائے قیامت بہ از تو باشد
شکر ادا کر اور اس قدر ظلم اُس پر گوارہ نہ کر کہیں ایسا نہ ہو کہ کل قیامت کے دن وہ تجھ سے بہتر
و شرمساری بری مثنوی
حالت میں ہو اور تو شرمندہ ہو

بر بندہ مگیر خشم بسیار
غلام پر بہت زیادہ غصہ نہ کر
جورش مکن و دلش میازار
اُس پر ظلم نہ کر اور اُس کا دل نہ ستا

اورا تو بدہ درم خریدی
اُس کو تو نے دس درم میں خریدا ہے
آخر نہ بقدرت آفریدی
آخر قدرت سے تو نہیں پیدا کیا

ایں حکم و غرور و خشم تا چند
یہ حکم چلانا اور گھمنڈ اور غصہ کب تک
ہست از تو بزرگتر خداوند
تجھ سے زیادہ بڑا خدا ہے

اے خواجۂ ارسلان و آغوش | فرمان دہ خود کمن فراموش
اے ارسلان اور آغوش کے آقا | اپنے حاکم کو نہ بھول !!

درخبرست از سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کہ گفت بزرگ ترین حسرتے در
سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضورؐ نے فرمایا سب سے بڑی حسرت

روزِ قیامت آں بود کہ بندۂ صالح را بہ بہشت برند و خداوندگارِ فاسق را بدوزخ
قیامت میں یہ ہوگی کہ نیک غلام کو جنت میں لے جائیں گے اور بدکار آقا کو دوزخ میں

قطعہ
بر غلامے کہ طوعِ خدمت تست | خشم بے حد مران و طیرہ مگیر
وہ غلام جو تیری خدمت کا تابعدار ہے | بے حد غصہ اور سختی نہ کر

کہ فضیحت بُود بروزِ شمار | بندہ آزاد و خواجہ در زنجیر
اس لئے کہ قیامت کے دن شرمندگی ہوگی | جب غلام تو آزاد ہوگا اور آقا زنجیر میں جکڑا ہوگا

حکایت
سالے از بلخ بامیانم سفر بود و راہ از حرامیاں پرخطر جوانے
ایک سال میرا بلخ سے بامیان کا سفر تھا اور راستہ ڈاکوؤں سے پرخطر تھا رہبری کے

ببدرقہ ہمراہِ ما شد نیزہ باز چرخ انداز سلحشور بیش زور کہ دہ مردِ توانا کمان
لئے ایک جوان ہمارے ساتھ ہو لیا نیزہ باز، تیر انداز، ہتھیار پوش، بہت طاقت والا کہ دس قوی آدمی اس کی

او را بزہ نکردندے و زور آوران روئے زمین پشتِ او را در مصارعت
کمان پر چلہ نہ چڑھا سکتے اور دنیا کے پہلوان کشتی میں اس کی کمر

بر زمین نیاوردندے اما چنانکہ دانی متنعم بود و سایہ پروردہ نہ جہاندیدہ
زمین پر نہ لگا سکتے لیکن جیسا کہ تو جانتا ہے ناز پروردہ تھا اور سایہ میں پلا ہوا زمانہ دیکھے ہوئے

و سفر کردہ رعدِ کوسِ دلاوراں بگوشش نرسیدہ و برقِ شمشیر سواراں ندیدہ
اور سفر کئے ہوئے نہ تھا بہادروں کے نقارے کی کڑک اس کے کان میں نہ پڑی تھی اور سوار کی تلوار کی چمک کبھی نہ دیکھی تھی

شعر

نیفتادہ در دستِ دشمن اسیر | بگردش نباریدہ باران تیر
دشمن کے ہاتھ میں کبھی قیدی نہ بنا تھا | اس کے چاروں طرف تیروں کی بارش نہ ہوئی تھی

لہ ارسلان اور آغوش دو غلاموں اور دو غلام کے مالکوں کے نام ہیں ۱۲ لہ بامیان ایک شہر کا نام ہے جو بلخ اور غزنین کے درمیان واقع ہے بعض نسخوں میں از بلخ با شما سیانم ہے اس کے یہ معنی ہیں کہ چند شامی جو بلخ میں ٹھہرے تھے اُنکے ساتھ سفر کا اتفاق ہوا ۱۲

اتفاقاً من وایں جواں ہر دو در پے ہم دواں ہر دیوارِ قدیمش کہ پیش آمدے
اتفاقاً میں اور وہ جوان آگے پیچھے دوڑ رہے تھے جو پرانی دیوار سامنے آتی

بقوتِ بازو بیفگندے و ہر درخت عظیم کہ دیدے بہ نیروئے سرپنجہ
قوتِ بازو سے گرا دیتا اور جو بڑا درخت دیکھتا پنجے کی طاقت سے

برکندے و تفاخر کناں گفتے بیت
اکھاڑ دیتا اور فخر کرتے ہوئے کہتا

پیل کو تا کتف و بازوئے گرداں بیند | شیر کو تا کف و سرپنجۂ مرداں بیند
ہاتھی کہاں ہے کہ پہلوانوں کے ڈنڈا اور بازو دیکھے | شیر کہاں ہے کہ مردوں کے ہاتھ اور پنجے دیکھے

مادریں حالت کہ دو ہندوازپس سنگے سر برآوردند و آہنگِ قتال ما کردند بدست
ہم اسی حالت میں تھے کہ دو ڈاکوؤں نے ایک پتھر کے پیچھے سے سر ابھارا اور ہم سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا ایک

یکے چوبے و در بغل دیگر کلوخ کوبے جواں را گفتم چہ پائی کہ دشمن آمد
کے ہاتھ میں لکڑی دوسرے کے ہاتھ میں مونگری میں نے جوان سے کہا کیا دیر ہے دشمن آپہنچا ہے

بیت

بیار انچہ داری ز مردی و زور | کہ دشمن بپائے خود آمد بگور
جو مردانگی اور طاقت رکھتا ہے وہ دکھا | اس لئے کہ دشمن اپنے پیروں چلکر قبر میں آیا ہے

تیر و کمان را دیدم از دستِ جواں افتادہ و لرزہ بر اعضائش فرد
میں نے دیکھا کہ جوان کے ہاتھ سے تیر و کمان گر پڑا اور ہڈیوں پر کپکپی پیدا ہو گئی۔

نہ ہر کہ موی شگافد بہ تیر جوشن خای | بروزِ حملۂ جنگ آوراں بدار دپای
زرہ کو توڑ دینے والے تیر سے جو کھٹمل بال چیرے | یہ ضروری نہیں ہے کہ بہادروں کے حملہ کے وقت بھی جمے

چارہ جز آں ندیدم کہ رخت و سلاح و جامہ رہا کردم و جاں بہ سلامت بدر آوردم
اس کے سوا میں نے کوئی چارہ نہ دیکھا کہ سامان، ہتھیار اور کپڑے چھوڑ دئے اور جان بچا لائے۔

قطعہ

بکارہائے گراں مردِ کار دیدہ فرست | کہ شیر شرزہ در آرد بزیرِ خم کمند
بڑے کاموں کے لئے تجربہ کار کو بھیج | جو غضبناک شیر کو بھی کمند کے حلقہ میں پھانس لے

جوان اگرچہ قوی یال و پیلتن باشد
جوان اگرچہ قوی گردن اور ہاتھی کے سے بدن کا ہو
نبرد پیش مصاف آزمودہ معلوم ست
لڑائی جنگ آزمودہ کی سمجھی ہوئی ہوتی ہے

بہ جنگ دشمنش از ہول بگسلد پیوند
دشمن سے لڑتے وقت خوف سے اسکے جوڑ ہلجاتے ہیں
چنانکہ مسئلہ شرع پیش دانشمند
جیساکہ کوئی شرع کا مسئلہ عقلمند کے سامنے

حکایت (۱۸)

توانگر زادہ را دیدم بر سر گور پدر نشستہ و با درویش بچہ
میں نے ایک مالدار کے لڑکے کو باپ کی قبر کے پاس بیٹھا ہوا اور فقیر کے لڑکے کے ساتھ
مناظرہ در پیوستہ کہ صندوق تربت پدر ما سنگین ست و کتابہ رنگین و
بحث کرتے دیکھا کہ میرے باپ کی قبر کا تعویذ پتھر کا ہے اور رنگین کتبہ لگا ہے اور
فرش رخام انداختہ و خشت پیروزہ در و ساختہ بگور پدرت چہ ماند خشتے دو
پتھر کا فرش بچھا ہے اور فیروزہ کی اینٹیں اس میں جڑی ہیں۔ تیرے باپ کی قبر کی کیا مشابہت دو اینٹیں
فراہم نہادہ و مشتے دو خاک بر و پاشیدہ درویش پسر ایں بشنید و گفت
جڑی ہوئی اور اس پر دو مٹھی مٹی چھڑکی ہوئی فقیر کے لڑکے نے یہ سنا اور کہا
تا پدرت در زیر آں سنگہائے گراں بر خود بجنبد پدر من بہ بہشت رسیدہ بود
جب تک تیرا باپ ان بھاری پتھروں کے نیچے سے ذرا ہلیگا میرا باپ جنت میں پہونچ چکا ہوگا

فرد

خرکہ بر وے نہند کمتر بار
جس گدھے پر بوجھ تھوڑا لادھیں
بیشک آسودہ ترکند رفتار
یقیناً وہ بہت آرام سے چلے

قطعہ

مرد درویش کہ بار ستم فاقہ کشید
جس فقیر انسان نے فاقہ کشی کے ظلم کا بوجھ اٹھایا
بدر مرگ ہمانا کہ سبکبار آید
یقیناً موت کے دروازے پر ہلکا پھلکا پہنچیگا
وآنکہ در دولت و در نعمت آسانی زیست
اور جو شخص دولت اور آسانی کی نعمت میں جیا
مردنش زیں ہمہ شک نیست کہ دشوار آید
بے شک اس کو ان چیزوں کو چھوڑ کر مرنا دوبھر ہوگا
بہ حال اسیرے کہ زبندے بجہد
جو قیدی قید سے چھٹکارا حاصل کرے
خوشترش داں ز امیرے کہ گرفتار آید
اس کو بہر حال اس امیر سے زیادہ خوش سمجھو جو گرفتار ہو کر آئے

حکایت ۱۹

بزرگے را پرسیدم از معنی ایں حدیث اَعْدٰی عَدُوِّکَ
میں نے ایک بزرگ سے اس حدیث کے معنی دریافت کئے تیرا سب سے بڑا دشمن وہ

نَفْسُکَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیْکَ گفت بحکم آنکہ ہر آن دشمنے کہ باو ے احسان کنی
نفس ہے جو تیرے پہلوؤں میں ہے انہوں نے فرمایا اس لئے کہ جس دشمن کے ساتھ تو احسان کرے

دوست گردد مگر نفس را چندانکہ مدارا بیش کنی مخالفت زیادہ کند
وہ دوست بن جائے گا بجز نفس کے کہ اس کی جس قدر خاطر تواضع کرے اور زیادہ مخالفت کرے گا

قطعہ

فرشتہ خوی شود آدمی بکم خوردن
آدمی کم کھانے سے فرشتہ خصلت بنجاتا ہے

وگر خورد چو بہائم بوقت چو جماد
اور اگر جانوروں کی طرح کھائیگا پتھر بنا پڑا رہے گا

مراد ہر کہ برآری مطیع امر تو گشت
تم جس کی خواہش پوری کرو وہ تمہارا فرمانبردار بنا

خلاف نفس کہ فرماں دہد چو یافت مراد
برخلاف نفس کے کہ جب اس نے مراد پائی حکم چلاتا ہے

حکایت ۲۰ جدال سعدی با مدعی در بیان توانگری و درویشی

حکایت۔ سعدی کا اختلاف ایک ڈینگیں مارنیوالے سے۔ مالداری اور فقیری کے بیان میں

یکے بر صورت درویشاں نہ بر صفت ایشاں در محفلے دیدم نشستہ و شمعے
میں نے ایک آدمی کو جو درویش صورت تھا نہ درویش سیرت ایک محفل میں

در پیوستہ و دفتر شکایت باز کردہ و ذم توانگراں آغاز نہادہ سخن بدینجا رسانیدہ
بیٹھے دیکھا برائی میں لگا ہوا اور شکایتوں کا دفتر کھولے ہوئے اور مالداروں کی مذمت شروع کئے ہوئے یہانتک کہنے لگا

کہ درویش را دست قدرت بستہ است و توانگراں را پائے ارادت شکستہ
کہ درویش کا قدرت کا ہاتھ بندھا ہوا ہے اور مالداروں کی ہمت کا پیر ٹوٹا ہوا ہے۔

بیت

کریماں را بدست اندر درم نیست
سخیوں کے ہاتھ میں پیسہ نہیں ہے

خداوندانِ نعمت را کرم نیست
مالداروں میں سخاوت نہیں ہے

مرا کہ پروردۂ نعمت بزرگانم ایں سخن سخت آمد گفتم اے یار توانگراں دخل
میں چونکہ بزرگوں کی نعمتوں کا پلا ہوا ہوں مجھے یہ بات ناگوار لگی میں نے کہا اے دوست مالدار ہی غریبوں کی

مسکینانند و ذخیرۂ گوشہ نشیناں و مقصدِ زائراں و کہفِ مسافراں و متحمّلِ بارِ
آمدنی ہیں اور گوشہ نشینوں کا ذخیرہ اور زیارت کرنے والوں کا مقصد اور مسافروں کی پناہ گاہ اور بھاری

گراں از بہرِ راحتِ دگراں دست بطعام انگہ برند کہ متعلّقان و زیردستاں
بوجھ برداشت کرنیوالے دوسروں کے آرام کی خاطر۔ کھانے میں جب ہاتھ ڈالتے ہیں جبکہ متعلقین اور ماتحت کھا چکتے

بخورند و فضلۂ مکارمِ ایشاں بہ ارامل و پیران و اقارب و جیراں رسد **نظم**
ہیں اور انہیں کی کرم فرمائیوں کا بچا ہوا بیواؤں کو اور بوڑھوں کو، رشتہ داروں کو اور پڑوسیوں کو پہونچتا ہے

توانگراں را وقف ست و نذر و مہمانی | زکوٰۃ و فطرہ و اعتاق و ہدی و قربانی
مالداروں کو وقف کرنا، منت پوری کرنا، مہمانداری کرنا، زکوٰۃ دینا، فطرہ ادا کرنا، غلام آزاد کرنا، خانہ کعبہ کو قربانی کا جانور بھیجنا، قربانی کرنا میسر ہے

تو کے بدولتِ ایشاں رسی کہ نتوانی | جزیں دو رکعت و آنہم بصد پریشانی
تو ان کی دولتمندی کو کب پہونچ سکتا ہے۔ کہ تجھسے دو رکعتوں کے علاوہ کچھ نہیں ہو سکتا اور وہ بھی سو پریشانیوں کے ساتھ

اگر قدرتِ جود ست و اگر قوّتِ سجود توانگراں را بہتر میسّر می شود کہ مالِ مزکّی دارند
اگر سخاوت کی قدرت ہے اور اگر سجدے کی طاقت ہے تو وہ مالداروں کو بہتر میسر ہوتی ہے اس لئے کہ ان کے پاس

و جامۂ پاک و غرضِ مصون و دلِ فارغ و قوّتِ طاعت در لقمۂ لطیف ست و
مال ہے جس سے زکوٰۃ دیچکے ہیں اور پاک لباس اور محفوظ آبرو اور مکروں سے خالی دل عبادتگذاری کی طاقت

صحّتِ عبادت در کسوتِ نظیف پیداست کہ از معدۂ خالی چہ قوّت آید و از دستِ
پاک روزی میں ہے اور عبادت کی درستگی پاک کپڑے سے ہوتی ہے اس لئے کہ خالی معدہ میں کیا طاقت اور خالی ہاتھ سے

تہی چہ مروّت و از پائے بستہ چہ سیر و از دستِ گرسنہ چہ خیر **قطعہ**
کیا مروت اور بندھے ہوئے پیر سے کیا سیر، اور بھوکے ہاتھ سے کیا بھلائی

شب پراگندہ خسپد آنکہ پدید | نبود وجہِ بامدادانش
رات کو پریشانی میں سوتا ہے | جس کے سامنے صبح کا گذارہ کھلا ہوا نہ ہو

مور گرد آورد بتابستاں | تا فراغت بود زمستانش
چیونٹی گرمیوں میں ذخیرہ کرلیتی ہے | تاکہ جاڑوں میں اُس کو فراغت حاصل ہو

فراغت با فاقہ نہ پیوندد و جمعیّت در تنگدستی صورت نہ بندد یکے تحریمۂ
فراغت فاقہ سے جوڑتی نہیں اور اطمینان خاطر تنگدستی میں حاصل نہیں ہوتا ایک تو عشاء کی

عشا بستہ و دیگرے منتظرِ عشا نشستہ ہرگز ایں بداں کے ماند۔
نماز کی نیت باندھے ہوئے اور دوسرا عشاء (رات کا کھانا) کا منتظر بیٹھا یہ اُس کی مانند ہرگز نہیں ہو سکتا

بیت

خداوندِ روزی بحق مشتغل | پراگندہ روزی پراگندہ دل
روزی کا مالک خدا کی یاد میں مشغول ہے | پراگندہ روزی پراگندہ دل ہے

پس عبادتِ ایشاں بقبول نزدیک ترست کہ جمعند و حاضر نہ پریشان و
تو ان مالداروں کی عبادت قبولیت سے زیادہ نزدیک ہے اس لئے کہ وہ مطمئن ہیں اور ان کا دل حاضر ہے پریشان نہیں

پراگندہ خاطر اسبابِ معیشت ساختہ و بہ اورادِ عبادت پرداختہ عرب گوید اعوذ
ہیں اور ان کی طبیعت پراگندہ ہے زندگی کے اسباب تیار کئے ہوئے ہیں اور عبادت کے وظیفوں میں مشغول ہیں عرب کا قول ہے میں

باللہ مِنَ الفَقرِ المُکِبِّ وَجَارٍ مَنْ لَا یُحِبُّ درخبرست اَلفَقرُ سَوَادُ الوَجہِ
پناہ مانگتا ہوں اوندھا کر دینے والے افلاس سے اور ایسے آدمی کے پڑوس سے جو محبت نہ کرے حدیث میں آیا ہے افلاس دونوں جہانوں میں منہ کی

فِی الدَّارَینِ گفت ایں شنیدی وآں نشنیدی کہ فرمودہ اند اَلفَقرُ
کالک ہے اس نے کہا تو نے یہ تو سنا اور وہ نہیں سنا کہ حضور نے فرمایا ہے فقر میرا

فَخرِی گفتم خاموش کہ اشارتِ سیدِ عالم علیہ السلام بفقرِ طائفہ ایست کہ
فخر ہے میں نے کہا خاموش کیونکہ سردار عالم علیہ السلام کا اشارہ تو اس گروہ کے فقر کی طرف ہے جو

مردِ میدانِ رضا اند و ہدفِ تیرِ قضا نہ اینان کہ خرقۂ ابرار پوشند و لقمۂ ادرار فروشند
رضائے خداوندی کے میدان کے مرد ہیں اور قضائے خداوندی کے تیر کے نشانہ ہیں نہ کہ یہ لوگ جو نیکوں کی گدڑی تو پہن لیتے ہیں اور

رباعی

خیراتی ٹکڑے بیچتے پھرتے ہیں

اے طبلِ بلند بانگ در باطن ہیچ | بے توشہ چہ تدبیر کنی وقتِ پسیچ
اے بلند آواز ڈھول جس کے اندر کچھ نہیں ہے | رخصتی کے وقت بدون توشہ کے تو کیا تدبیر کریگا

روئے طمع از خلق بہ پیچ ار مردی | تسبیحِ ہزار دانہ بردست مپیچ
اگر تو مرد ہے تو لالچ کا رخ مخلوق سے پھیر لے | ہزار دانہ والی تسبیح ہاتھ پر نہ لپیٹ

درویشِ بے معرفت نیارامد تا کارش بکفر نینجامد کہ کَادَ الفَقرُ اَن یَکُونَ
بے معرفت فقیر اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتا جبتک اس کا کام کفر تک نہ پہونچ جائے اسلئے کہ فقر قریب ہے کہ کفر بن

کُفرًا و نشاید جز بوجودِ نعمت برہنہ را پوشیدن یا در استخلاصِ گرفتارے
جائے اور دولت کے وجود کے بغیر ممکن نہیں ہے ننگے کو کپڑے پہنانا یا کسی قیدی کے رہا کرانے میں

کوشیدن ابنائے جنس ما را بمرتبۂ ایشاں کہ رساند و ید عُلیا بید سُفلیٰ چہ

کوشش کرنا ہم جیسوں کو ان کے مرتبہ تک کون پہنچا سکتا ہے اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے کیا

ماند نہ بینی کہ حق جلّ ثناؤہ در محکم تنزیل از نعیم اہل بہشت خبر میدہد اُولٰئِکَ[1]

مشابہ ہو سکتا ہے تو نہیں دیکھتا کہ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں اہل جنت کی نعمتوں کی خبر دیتا ہے یہ لوگ

لَھُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ

وہ ہیں جن کے لئے روزی مقرر ہے

فرد

تشنگاں را نماید اندر خواب | ہمہ عالم بچشم چشمۂ آب

پیاسوں کو خواب میں تمام دنیا، پانی کا چشمہ نظر آتی ہے

حالے کہ من ایں سخن بگفتم عنانِ طاقت درویش از دستِ تحمل برفت تیغ

جس وقت میں نے یہ بات کہی فقیر کی برداشت کے ہاتھ سے طاقت کی باگ چھوٹ گئی اُس نے

زباں برکشید و اسپِ فصاحت بمیدانِ وقاحت جہانید و گفت چنداں

زبان کی تلوار کھینچی اور بے شرمی کے میدان میں فصاحت کا گھوڑا دوڑا دیا اور بولا تو نے اُن کی

مبالغت در وصفِ ایشاں کردی و سخنہائے پریشاں گفتی کہ وہم تصور کند کہ

تعریف کرنے میں اس قدر مبالغہ کیا اور بے تکی باتیں کی ہیں کہ وہم خیال کرے کہ وہ

تریاق اندر یا کلیدِ خانۂ ارزاق مشتے متکبر مغرور معجب نفور مشتغل مال و

تریاق ہیں یا رزقوں کی کوٹھری کی تالی ہیں مٹھی بھر آدمی ہیں متکبر، غرور میں مبتلا، خود پسند نفرت کرنے والے، مال و نعمت

نعمت و مفتتن جاہ و ثروت کہ سخن نگویند الا بشفاعت و نظر نکنند الا بکراہت

میں پھنسے ہوئے، مرتبہ اور مالداری کے فتنہ میں مبتلا جو سفارش بدون بات بھی نہیں کرتے اور کراہت بدون دیکھتے بھی نہیں ہیں

علما را بگدائی منسوب کنند و فقرا را بہ بے سروپائی طعنہ زنند بعلت مالے کہ

علماء کو گدائی کی طرف منسوب کرتے ہیں اور فقراء کو بے سروسامانی کا طعنہ دیتے ہیں محض اُس مال کی وجہ سے

دارند و عزت جاہی کہ پندارند بر ترازِ ہمہ نشینند نہ آں در سر

جو ان کے پاس ہے اور اس مرتبہ کی اس عزت کی وجہ سے جس پر اُن کو گھمنڈ ہو سب سے اوپر چڑھ کر بیٹھتے ہیں یہ اُن کے دماغ

دارند کہ یکے بر دارند بے خبر از قولِ حکیماں کہ گفتہ اند ہر کہ بہ طاعت از

میں ہی نہیں آتا کہ کسی کی طرف سر اٹھا کر دیکھیں دانشمندوں کے اُس قول سے بے خبر ہیں جو انہوں نے کہا ہے کہ جو عبادت میں

---

[1] یہ آیت بہشتیوں کی شان میں ہے اور مصنف نے افضلیت کی وجہ یہ قرار دی ہے کہ ان کے لئے رزق مقرر ہے اور رزق کا مقرر ہونا ہی سبب اطمینان اور باعثِ افضلیت ہے ۱۲

دیگراں کم ست و بہ نعمت بیش بصورت توانگرست و بمعنیٰ درویش ست

دوسروں سے کم ہے اور مال میں بڑھا ہوا ہے وہ بظاہر مالدار ہے لیکن حقیقت میں فقیر ہے۔

گر بے ہنر بمال کند کبر بر حکیم | گو خر خرش شمار اگر گاو عنبر ست

اگر بے ہنر دانا پر مال کی وجہ سے تکبر کرے تو | اُس کو گدھے کی شرمگاہ سمجھ خواہ وہ عنبر کی گائے ہو

گفتم مذمت ایناں روا مدار کہ خداوند کرم اند گفت غلط گفتی کہ بندۂ درم اند چہ

میں نے کہا اِن کی بُرائی جائز نہ رکھ اس لئے کہ صاحب کرم ہیں اُس نے کہا تو غلط کہتا ہے اس لئے کہ وہ تو پیسے کے

فائدہ کہ ابر آذار ند و نمی بارند و چشمۂ آفتاب اند و بر کس نمی تابند و بر مرکب

غلام ہیں کیا فائدہ کہ آذر مہینہ کے ابر ہیں لیکن برستے نہیں ہیں اور آفتاب کا چشمہ ہیں لیکن کسی پر روشنی نہیں کرتے اور وہ طاقت کے

استطاعت سوار ند و نمی رانند قدمے بہر خدا نہند و درمے بے مَن

گھوڑے پر سوار ہیں لیکن اس کو چلاتے نہیں ہیں ایک قدم بھی خدا کے لئے نہیں چلتے اور ایک درم بھی احسان

وَاذیٰ ندہند مالے بمشقت فراہم آرند و بخست نگاہ دارند و بحسرت بگذارند

جتائے اور بدون ستائے نہیں دیتے ہیں مصیبت سے مال کو جمع کرتے ہیں اور بخل سے اُس کی حفاظت کرتے ہیں اور حسرت سے اُسے چھوڑ

چنانکہ بزرگاں گفتہ اند سیم بخیل از خاک وقتے برآید کہ وے در خاک رود

کر مرجاتے ہیں جیسا کہ بزرگوں نے کہا ہے بخیل کی چاندی زمین سے جب نکلتی ہے جب وہ خود زمین میں چلا جاتا ہے۔

شعر

برنج و سعی کسے نعمتے بچنگ آرد | دگر کس آید و بے رنج و سعی بردارد

کوئی تکلیف اور کوشش سے دولت جمع کرتا ہے | دوسرا آکے بے اور بدون محنت اور کوشش کے اُٹھا لیتا ہے

جواب گفتمش بر بخل خداوندان نعمت وقوف نیافتہ الا بعلت گدائی وگرنہ ہر کہ

میں نے اُس کو جواب دیا دولت والوں کے بخل سے تو گدائی کی وجہ سے واقف ہوا ہے ورنہ جو لالچ کو

طمع بیکسو نہد کرم و بخیلش بیکے نماید محک داند کہ زر چیست و گداداند کہ ممسک

ایک طرف دیکھے اُس کو سخی اور بخیل یکساں نظر آتے ہیں کسوٹی ہی کو معلوم ہوتا ہے کہ سونا کیا ہے اور فقیر ہی جانتا ہے کہ بخیل

کیست گفتا بتجربت آں می گویم کہ متعلقاں بر در دارند و غلیظان شدید را

کون ہے اُس نے کہا میں تو اس تجربہ سے کہہ رہا ہوں کہ دروازوں پر ملازم رکھتے ہیں درشت اور بے رحم

بر گمارند تا بارِ[1] عزیزاں ندہند و دست جفا بر سینۂ صالحاں و اہل تمیز نہند و

لوگوں کو مقرر کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو باریابی نہ دیں اور ظلم کا ہاتھ نیکوں اور تمیز داروں کے سینہ پر نہ دھر دیں اور

---

[1] یعنی دربانوں کا کام ہی یہ ہے کہ لوگوں کو آنے نہ دیں اور لوگوں کو باریں اور آنے والوں سے کہدیا کریں کہ کوئی گھر میں نہیں ہے ۱۲

گویند کس درینجا نیست و بحقیقت راست گفتہ باشد بیت

کہدیں کہ یہاں کوئی نہیں ہے اور حقیقت میں وہ سچ ہی کہتے ہیں

آں را کہ عقل و ہمت و تدبیر و رائی نیست | خوش گفت پردہ دار کہ کس در سرائی نیست

جس میں عقل، ہمت، تدبیر اور رائے نہیں ہے | دربان نے (مجھے) کہا کہ گھر میں آدمی نہیں ہے

گفتم بعد از انکہ از دست متوقعاں بجاں آمدہ اند و از رقعۂ گدایاں بفغاں و

میں نے کہا یہ اس کے بعد ہے کہ امیدواروں کے ہاتھوں جاں سے عاجز آ گئے ہیں اور فقیروں کے پرچوں سے چلا اٹھے ہیں اور

محال عقل ست کہ اگر ریگ بیاباں دُر شود چشم گدایاں پُر شود شعر

عقلاً ناممکن ہے کہ اگر تمام بیابان کا ریتا بھی موتی بن جائے تو فقیر کی حسرتی ہو سکے

دیدۂ اہل طمع بہ نعمت دنیا | پُر نشود ہمچناں کہ چاہ بہ شبنم

دنیا کی نعمت سے لالچیوں کی آنکھ سیر نہیں ہوتی | جیسا کہ کنواں شبنم سے نہیں بھرتا ہے

ہر کجا سختی دیدۂ تلخی کشیدۂ را بینی خود را بہ شربہ در کار ہائے مخوف اندازد

جہاں کہیں بھی تو کسی مصیبت زدہ دنیا کی کڑواہٹ چکھے ہوئے کو دیکھے گا وہ اپنے آپ کو حرص کی وجہ سے خطرناک کاموں میں

واز عقوبت آخرت نہ ہراسد و حلال از حرام نشناسد قطعہ

پھنسائے رکھے گا اور اس کو آخرت کی سزا کا کوئی ڈر نہ ہوگا اور اس کو حلال و حرام میں کوئی تمیز نہ ہوگی

سگے را گر کلوخے بر سر آید | ز شادی بر جہد کاں استخوانے ست

اگر کتے کے سر پر ڈلا آتا ہے | تو خوشی سے اچھل پڑتا ہے کہ وہ ہڈی ہے

وگر نعشے دو کس بر دوش گیرند | لئیم الطبع پندارد کہ خوانے ست

اور اگر دو آدمی کندھے پر کوئی نعش اٹھاتے ہیں | تو کمینہ طبیعت دیکھ کر سمجھتا ہے کہ خوان ہے

اما صاحب دنیا بعین عنایت حق ملحوظ و بجلال از حرام محفوظ من ہماں انگارکہ

لیکن مالدار حضرت حق کی مہربانی کا منظور نظر ہے اور حلال کمائی کی وجہ سے حرام سے محفوظ ہے اچھا تو یہ سمجھ کہ

تقریر ایں سخن نگفتم و بیان و برہان نیاوردم انصاف از تو توقع دارم کہ ہرگز

میں نے اس بات کو ثابت نہیں کیا ہے اور بیان اور دلیل میں نہیں لایا لیکن تیرے انصاف سے مجھے توقع ہے کہ تو

دیدی دست دغائی بر کتف بستہ یا بینوائے بزندان در نشستہ یا پردہ

بتائے گا کہ تو نے کبھی مفلسی کے سبب کے سوا کسی اور سبب سے کسی دھوکہ باز کی مشکیں کسی ہوئی یا کسی بینوا کو قید میں بیٹھا ہوا یا

لہ یعنی درحقیقت دربان سچ بھی کہتے ہیں جو یہ کہہ دیتے ہیں کہ کوئی اور نہیں ہے کیونکہ یہ مالدار لوگ ایسے ہیں کہ نہایت بے وقوف ہیں اور ان کا عدم وجود برابر ہے ۱۲

معصومے دریدہ یا کفے از معصم بریدہ الا بعلت درویشی شیر مرداں را
کسی بے گناہ کا پردہ چاک شدہ یا گٹے سے کسی کا ہاتھ کٹا دیکھا ہے شیر مردوں کو مجبوری ہی میں
بحکم ضرورت در نقبہا گرفتہ اند و کعبہا سفتہ و محتمل ست اینکہ یکے را از
نقب لگاتے پکڑا ہے اور ان کے ٹخنوں کو بیندھا ہے اور اس بات کی پوری گنجائش ہے کہ فقیروں میں
درویشاں نفس امارہ مرادے طلب کند چوں قوت احصانش نباشد
کسی کا نفس امارہ کوئی خواہش کرے اور جب اس میں پاک دامن رہنے کی طاقت نہ ہو
بعصیاں مبتلا گردد کہ بطن و فرج توام اند یعنی دو فرزند یک شکم مادام کہ
تو وہ گناہ میں مبتلا ہو جائے اس لئے کہ شرمگاہ اور پیٹ جوڑواں ہیں یعنی ایک ہی پیٹ کے دو فرزند ہیں جبتک
ایں یکے برجائے است آں دیگر برپای شنیدہ ام کہ درویشے را با حدثے
کہ یہ ایک اپنی جگہ ہے وہ دوسرا بھی قائم ہے۔ میں نے سنا ہے کہ ایک فقیر کو ایک لڑکے کے ساتھ
بر خبثے بدیدند با آنکہ شرمساری برد بیم سنگساری بود گفت اے
لوگوں نے بدفعلی کرتے دیکھا اس کے ساتھ کہ وہ شرمندہ ہوا سنگسار ہونے سے بھی ڈرا کہنے لگا اے
مسلماناں قوت ندارم کہ زن کنم و طاقت نہ کہ صبر چہ کنم لا رہبانیۃ[1] فی
مسلمانو! مجھ میں گنجائش نہ تھی کہ شادی کر لیتا اور یہ بھی طاقت نہ تھی کہ صبر کرتا پھر کیا کروں اسلام میں
الاسلام و از جملہ مواجب سکون و جمعیت دروں کہ توانگراں را میسر میشود
رہبانیت نہیں ہے اور سکون اور جمعیت خاطر کے جو اسباب مالداروں کو حاصل ہوتے ہیں اُن میں ایک یہ بھی ہے کہ
یکے آنکہ ہر شب صنمے در بر گیرند و ہر روز جوانی از سر کہ صبح تاباں را دست
ہر رات ایک ایسا معشوق پہلو میں دباتے ہیں اور ہر دن نئے سرے سے جوانی حاصل کرتے ہیں کہ جس
از صباحت او بر دل و سرو خراماں[2] را پای از خجالت او در گل بیت
کے حسن کی وجہ سے روشن صبح کا ہاتھ دل پر اور اکڑنے والے سرو کا پیر شرمندگی سے مٹی میں ہے

بخون[3] عزیزاں فرو بردہ چنگ	سر انگشتہا کردہ عناب رنگ
دوستوں کے خون میں چنگل ڈبوئے ہوئے	اور انگلیوں کے سروں کو عناب رنگ کئے ہوئے

---

[1] رہبانیت۔ نصرانیت۔ چونکہ نصرانی لوگ اس غرض سے کہ بے خوف ہو کر فراغت کیساتھ عبادت کر سکیں اپنے آپ کو خصی کرا لیتے تھے اور اسی قسم کی اور حرکتیں کرتے تھے۔ اسلام نے اُن سب باتوں کو ناجائز اور متروک قرار دیا۔ تو مطلب اس فقرہ کا یہ ہوا کہ میرے قوائے شہوانیہ برقرار ہیں اور میں شادی کی استطاعت نہیں رکھتا اور اسلام میں رہبانیت ناجائز ہے پھر آخر اور کیا کرتا ۱۲ [2] سرو خراماں صرف ایک ادعائے شاعرانہ کے طور پر کہا گیا ہے یعنی سرو پہلے خراماں تھا اب شرمندگی کی وجہ سے زمین میں گڑ گیا ہے ۱۲ [3] صفت معشوق مذکورۂ بالا ۱۲

محال ست کہ با حُسنِ طلعتِ او گرد مناہی گردد یا رائے تباہی زند **شعر**

ناممکن ہے کہ اُس اچھی صورت کے ہوتے ہوئے ناجائز باتوں کے قریب پھرے یا تباہی کی رائے قائم کرے

دلے کہ حورِ بہشتی ربود و یغما کرد | کے التفات کند بر بتانِ یغمائی[1]

جس دل کو بہشتی حور نے اچک لیا اور لوٹ لیا | وہ یغمائی معشوقوں کی طرف کیا توجہ کرے گا

شعر

مَنْ کَانَ بَیْنَ یَدَیْہِ مَا اشْتَہٰی رُطَبٌ | یُغْنِیْہِ ذٰلِکَ مِنْ رَجْمِ الْعَنَاقِیْدِ

جسکے سامنے منشاء کی بقدر تازہ کھجوریں رکھی ہوں | وہ اُس کو انگوروں کے خوشوں میں ڈھیلے بازی سے باز رکھینگی

اغلب تہیدستاں دامنِ عصمت بمعصیت آلایند و گرسنگاں نان ربایند

عموماً مفلس لوگ عصمت کے دامن کو گناہوں سے آلودہ کر لیتے ہیں اور بھوکے روٹی اڑا لیجاتے ہیں۔

بیت

چوں سگِ درندہ گوشت یافت نپرسد | کیں شترِ صالح[2] ست یا خرِ دجال[3]

جب پھاڑنیوالے کتے کو گوشت مل گیا تو پھر وہ یہ نہیں پوچھتا | کہ یہ حضرت صالح ؑ کی اونٹنی ہے یا دجال کا گدھا

چہ طائفہ مستوراں بعلتِ درویشی در عینِ فساد افتادہ اند و عرضِ گرامی را بہ بادِ

پرہیزگاروں کی ایک جماعت افلاس کی وجہ سے عین فساد میں پڑ گئی ہے اور قابل قدر آبرو کو بدنامی کی

زشت نامی بر باد دادہ

ہوا میں اڑا دیا ہے۔

فرد

با گرسنگی قوتِ پرہیز نماند | افلاس عناں از کفِ تقویٰ بستاند

بھوک کے ہوتے ہوئے پرہیز کی قوت نہیں رہتی | تقوے کے ہاتھ سے افلاس باگ چھین لیتا ہے

---

[1] بتانِ یغمائی۔ یغما کے رہنے والے معشوق۔ یغما ایک شہر کا نام ہے جو ترکستان میں ہے پہلے یغما کے معنی لوٹ کے ہیں مطلب یہ ہے کہ جس کو لوٹ یعنی بوس و کنار کیلئے حور ملجائے وہ یغما کے معشوقوں کی طرف کیا متوجہ ہوگا واضح ہو کہ یغما کے لوگوں کو حسین مانا گیا ہے یعنی مالدار کو کیا ضرورت ہے کہ وہ ایسی نامعقول باتوں میں پڑے اور ایسے مجرمانہ امور کا ارتکاب کرے جن میں فقیر اور نادار پھنستے ہیں عربی کا شعر بھی اسی کا مؤید ہے ۱۲ [2] شترِ صالح۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی۔ صالح ایک پیغمبر کا نام ہے کہ اُن کی دعا سے ایک اونٹنی پتھر کے درمیان سے پیدا ہوئی تھی ۱۲ [3] دجال ایک کافر کا نام ہے جو قرب قیامت میں ظاہر ہوگا اور اُس کی سواری میں گدھا ہوگا۔ مطلب یہ ہے کہ جب ایک نادار اپنی شہوت رانی کا موقع پاتا ہے تو اُس کو حرام و حلال کی پروا نہیں رہتی ۱۲

آنکہ گفتی در بروئے مسکیناں بہ بندند حاتم طائی کہ بیاباں نشیں بود اگر
تو نے جو یہ کہا کہ وہ لوگ فقیروں پر اپنے دروازے بند کر لیتے ہیں تو حاتم طائی جنگل کا رہنے والا تھا اگر
شہری بودے از جوش گدایاں بیچارہ شدے و جامہ برو پارہ
شہری ہوتا تو گداگروں کی بھیڑ سے عاجز آجاتا اور وہ اُس کے کپڑے
کردندے چنانکہ در طیبات آمدہ است شعر
پھاڑ ڈالتے۔ جیسا کہ (میں نے دیوانِ) طیبات میں لکھا ہے

در من منگر تا دگراں چشم ندارند | کز دست گدایاں نتواں کرد دوائے
مجھ سے امید نہ لگا تاکہ دوسرے تمنا نہ کریں | کیونکہ گداگروں کے ہاتھوں کوئی دوا کام نہیں کیا جا سکتا

گفتا نہ کہ من بر حالِ ایشاں رحمت می برم گفتم نہ کہ بر مالِ ایشاں
وہ بولا میں ان کی حالت پر ترس نہیں کھا سکتا میں نے کہا تو اُن کے مال سے بھی
حسرت می خوری مادریں گفتار و ہر دو ہم گرفتار ہر بیدقے کہ براندے
کیوں جلتا ہے ہم دونوں اسی گفتگو میں پڑے تھے اور ایک دوسرے سے الجھا ہوا تھا جو پیادہ چلتا
بدفع آں کوشیدمے و ہر شاہے کہ بخواندے بفرزیں بوشیدمے
میں اُس کے توڑ میں کوشش کرتا اور جو وہ شہ دیتا میں فرزین سے اُس کو ڈھانپ دیتا
تا نقد کیسۂ ہمت در باخت و تیر جعبۂ حجت ہمہ بینداخت قطعہ
یہانتک کہ ہمت کی تھیلی کا سب نقد وہ ہار گیا اور دلیل کے ترکش کے تمام تیر اس نے چلا دیئے

ہاں تا سپر نیفگنی از حملۂ فصیح | کو را جز ایں مبالغہ مستعار نیست
خبردار کہیں چرب زبان کے حملہ کی وجہ سے سپر نہ ڈال دینا | اسلئے کہ اُس کے پاس اس مانگے ہوئے مبالغہ کے سوا کچھ نہیں ہے
دیں و رز و معرفت کہ سخندان سجعگوی[1] | بر در سلاح دار دو کس در حصار نیست
دین اور معرفت خداوندی حاصل کر اسقدر کہ تنگ بندی کرنیوالا شاعر | دروازہ پر ہی ہتھیار دھرے ہے اور قلعہ میں کوئی نہیں ہے

تا عاقبۃ الامر دلیلش نماند و ذلیلش کردم دست تعدی دراز کرد و بے ہودہ
انجام کار اس کے پاس کوئی دلیل نہ رہی اور میں نے اُس کو ذلیل کر دیا اُس نے دست درازی شروع کی اور بکواس
گفتن آغاز سنت جاہلان ست کہ چوں بدلیل از خصم فرو مانند سلسلہ
کرنا شروع کر دیا اور جاہلوں کا یہی طریقہ ہے کہ جب دلیل میں مقابل سے عاجز آجاتے ہیں تو لڑائی

---

[1] سجع۔ کلام مقفّٰی کو کہتے ہیں ۱۲

خصومت بجنبانند چوں آزر بت تراش کہ بحجت با پسر برنیامد بجنگ

دنگا شروع کر دیتے ہیں جیسے بت بنانے والا آزر جب لڑکے کے مقابلہ میں دلیل سے نہ جیت سکا تو لڑائی پر

برخاست آیہ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَہِ لَاَرْجُمَنَّکَ دشنام داد و سقطش گفتم

آمادہ ہوگیا آیت اگر تو باز نہ آئے گا تو تجھے سنگسار کر دونگا اُس نے مجھے گالی دی میں نے اُس کو بُرا بھلا

گریبانم دریدز نخدانش شکستم قطعہ

کہا اس نے میرا گریبان پھاڑ دیا میں نے اسکی ٹھوڑی توڑ دی

اودر من و من در و فتادہ | خلق از پئے ما دواں و خنداں

وہ مجھ سے اور میں اس سے لپٹا ہوا | لوگ ہمارے پیچھے دوڑتے ہوئے اور ہنستے ہوئے

انگشتِ تعجب بجہانے | از گفت و شنیدِ ما بدنداں

ہماری گفت و شنید سے ایک جہاں | انگشت بدنداں تھا!

القصہ مرافعتِ ایں سخن پیش قاضی بردیم و بحکومتِ عدل راضی شدیم

القصہ اس بات کا مقدمہ ہم قاضی کے سامنے لے گئے اور منصف کے فیصلہ پر ہم راضی ہوگئے

تا حاکم مسلماناں مصلحتے بجوید و میانِ توانگران و درویشاں فرقے بگوید

تاکہ مسلمانوں کا حاکم کوئی اچھی بات نکالے اور امیروں اور غریبوں کا فرق بیان کر دے

قاضی چوں حالتِ ما بدید و منطق بشنید سر بجیب تفکر فرو برد و پس از تامل

قاضی نے جب ہماری حالت دیکھی اور گفتگو سنی تو غور و فکر کے گریبان میں سر جھکا لیا اور غور کرنے

سر برآورد و گفت ایکہ توانگراں را ثنا گفتی و بر درویشاں جفا روا داشتی

سر اٹھایا اور بولا اے وہ کہ تو نے مالداروں کی تعریف کی اور غریبوں پر ظلم کرنا جائز سمجھا

بدانکہ ہر جا کہ گلے ست خارست و با خمر خمارست و بر سرِ گنج مارست

جان لے جہاں پھول ہے کانٹا بھی ہے اور شراب کے ساتھ اخفار تکنی ہے اور خزانہ پر سانپ ہے

آنجا کہ درِ شاہوار ست نہنگِ مردم خوار ست لذتِ عیش دنیا را

جہاں کہیں بادشاہ کے لائق موتی ہے وہاں انسان خور مگرمچھ ہے دنیا کے عیش کی لذت

لہ آزر بت تراش۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا اور بعض کے نزدیک اُن کے چچا کا نام تھا حضرت ابراہیم نے جب آزر کو بت پرستی سے منع فرمایا اور بتوں کی مذمت کی تو وہ اُن کے سامنے پرستش کی کوئی دلیل بیان نہ کر سکا۔ تو حضرت سے کہا کہ اگر تو نہ مانے گا تو میں تجھے سنگسار کرونگا اور ایک زمانہ کے لئے تم کو جُدا کر دوں گا اسی طرح جب وہ فقیری کے افضل ہونے کی دلیل نہ دے سکا تو گالیاں دینے لگا ۱۲ ؛

لدغۂ اجل در پے ست و نعیم بہشت را دیوار مکارہ در پیش بیت
کے بعد موت کا کھٹکا ہے اور بہشت کی نعمتوں کے آگے ناگوار چیز دیکھی دیوار ہے

جورِ دشمن چہ کند گر نکند طالب دوست | گنج و مار و گل و خار و غم و شادی بہم اند
دوست کا طلبگار دشمن کا ظلم اگر نہ سہے تو کیا کرے | خزانہ، سانپ، پھول، کانٹا، غم اور خوشی ایک ہی ہیں

نظر نہ کنی در بستاں کہ بید مشک ست و چوب خشک ہمچنیں در زمرۂ
تو باغ کو نہیں دیکھتا کہ بید مشک ہے اور سوکھی لکڑی ہے اسی طرح مالداروں کی

توانگراں شاکر اند و کفور و در حلقۂ درویشاں صابر اند و صبور شعر
جماعت میں شکر گذار بھی ہیں اور ناشکرے بھی اور درویشوں کے حلقہ میں صبر کرنے والے بھی ہیں اور تنگدل بھی

اگر ژالہ ہر قطرہ در شدے | چو خرمہرہ بازار او پر شدے
اگر شبنم کا ہر قطرہ موتی ہو جاتا | تو کوڑیوں کی طرح اُن سے بازار بھر جاتا

مقربانِ حضرت جل و علا توانگر اند درویش سیرت و درویشاں اند توانگر
اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے مقرب وہ مالدار ہیں جن میں درویشوں کی صفات ہوں اور وہ درویش ہیں جن میں

ہمت و مہین توانگراں آنست کہ غم درویش خورد و بہین درویشاں آنکہ
مالداروں کی سی ہمت ہو اور مالداروں میں بڑا وہ ہے جو درویش کا غم کھائے اور درویشوں میں بہتر وہ ہے

کم توانگراں گیرد وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ پس روے
جو مالداروں کی کم پروا کرے۔ اور جو خدا پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ اس کے لئے کافی ہے پھر اس نے غصہ

عتاب از من بجانب درویش کرد و گفت اے کہ گفتی توانگراں مشتغل
کا رُخ میری جانب سے درویش کی طرف کر دیا اور بولا اے وہ شخص کہ تو نے کہا ہے مالدار ممنوعات

اند بمناہی و مستِ ملاہی نعم طائفہ ہستند بریں صفت کہ بیان کردی قاصر
میں لگے ہیں اور کھیل کود میں مست ہیں ہاں کچھ ایسے بھی ہیں جیسا کہ تو نے کہا کوتاہ

ہمت کافر نعمت کہ ببرند و بنہند و نخورند و ندہند و اگر بمثل باراں نبارد
ہمت، نعمت کے ناشکرے، جو لیجاتے ہیں اور دھر دیتے ہیں اور نہ کھاتے ہیں نہ دیتے ہیں اگر مثلاً بارش نہ ہو

و یا طوفاں جہاں را برآرد با عتماد مکنت خویش از محنت درویش نپرسند
یا طوفان دنیا کو تباہ کر دے اپنی قدرت کے بھروسہ درویش کی تکلیف کے پرسانِ حال نہ ہوں

و از خدائے تعالےٰ نترسند
اور اللہ تعالیٰ سے نہ ڈریں ؛

شعر

گر از نیستی دیگرے شد ہلاک | مرا ہست بطر از طوفان چہ باک
اگر دوسرا نہ ہونے سے مرجائے (تو مرجائے) | میرے پاس تو ہے بطخ کو طوفان کا کیا ڈر

شعر

وَرَاکِبَاتٍ بِنَا قَافِی ھَوَادِجِھَا | لَمْ یَلْتَفِتْنَ اِلٰی مَنْ غَاصَ فِی الْکُتُبِ
اور بہت سی اپنے ہودجوں میں اونٹنیوں پر سوار ہیں | انھوں نے اسکی طرف التفات نہ کیا جو دریا کے ٹیلوں میں پھنس گیا ہے

فرد

دوناں چو گلیم خویش بیروں کردند | گویند چہ غم گر ہمہ عالم مردند
کہ جب اپنا گلیم کو بچا لے گئے | تو کہتے ہیں کیا غم ہے اگر سب لوگ مر گئے

قومے بدیں نمط ہستند کہ شنیدی و طائفہ خوانِ نعمت نہادہ و دستِ
کچھ لوگ تو اس طریقہ پر ہیں جیسا کہ تو نے سنا اور کچھ وہ ہیں جو نعمت کا دسترخوان بچھائے ہوئے اور

کرم کشادہ طالبِ نام اند و مغفرت و صاحبِ دنیا و آخرت چون بندگانِ
کرم کا ہاتھ کھولے ہوئے ہیں نام کے بھی طالب ہیں اور مغفرت کے بھی دنیا اور آخرت کے مالک ہیں جیسا کہ ایسے

حضرتِ پادشاہِ عادل مؤید مظفر مالکِ ازمۂ انام حامیٔ ثغورِ اسلام
بادشاہ کے دربار کے غلام جو منصف ہے جس کو خدا کی مدد حاصل ہے کامیاب ہے لوگوں کی باگوں کا مالک ہے اسلام کی سرحدوں کا

وارثِ ملکِ سلیمان اعدلِ ملوکِ زمان مظفر الدنیا والدین
حامی ہے حضرت سلیمان کے ملک کا وارث ہے زمانہ کے تمام بادشاہوں سے زیادہ منصف ہے، دین و دنیا میں فتحمند ہے

اتابک ابوبکر بن سعد زنگی ادام اللہ ایامہ ونصر اعلامہ
اتابک ابوبکر بن سعد زنگی خدا اس کا زمانہ ہمیشہ قائم رکھے اور اس کے جھنڈوں کی مدد کرے

قطعہ

پدر بجائے پسر ہرگز ایں کرم نکند | کہ دستِ جود تو با خاندان آدم کرد
باپ بھی اولاد پر کبھی وہ کرم نہیں کرتا | جو تیرے دستِ کرم نے آدم کے خاندان پر کیا

خدائے خواست کہ بر عالمے ببخشاید | ترا برحمتِ خود بادشاہِ عالم کرد
خدا نے چاہا کہ دنیا پر بخشش کرے | تجھے اپنی رحمت سے دنیا کا بادشاہ بنادیا

قاضی چوں سخن بدیں غایت برسانید و از حدِ قیاسِ ما اسپِ مبالغت
جب قاضی نے یہانتک بات پہونچادی اور ہمارے اندازے کی حد سے مبالغہ کا گھوڑا

درگذرانید بمقتضائے حکمِ قضا رضا دادیم و از ما مضیٰ درگذشتیم و بعد از
نکال دیا تو قضا کے فیصلہ کے مطابق ہم نے رضامندی دیدی اور گذشتہ باتیں ہمنے درگذر کیا اور

مجاز اطریق مدارا گرفتیم و سر بتدارک بر قدم یکدیگر نہادیم و بوسہ بر سر
بدلے بازی کے بعد خاطر تواضع کا راستہ اختیار کرلیا اور تلافی کے لئے ہمنے ایکدوسرے کے قدم پر سر رکھدیا اور ایکدوسرے

وروئے ہم دادیم و ختمِ سخن بریں دو بیت کردیم **قطعہ**
کے سر اور پیشانی کو چوما اور بات ان دو شعروں پر ختم کردی

مکن ز گردشِ گیتی شکایت ای درویش | کہ تیرہ بختی اگر ہمبریں نسق مُردی
اے درویش زمانہ کی گردش کی شکایت نہ کر | اس لئے کہ اگر اس حالت میں مرگیا تو تو بدبخت ہے

تو انگر اچو دل و دست کامرانت ہست | بخور بخش کہ دنیا و آخرت بُردی
اے مالدار جب تیرا دل اور ہاتھ بامراد ہے | تو کھا اور دے کہ تونے دنیا اور آخرت حاصل کرلی

باب ہشتم در آدابِ صحبت[1]

آٹھواں باب رہن سہن کے طریقوں کے بیان میں

حکمت مال از بہر آسایش عمر ست نہ عمر از بہر گرد کردن مال عاقلے را
مال زندگی کے آرام کے لئے ہے نہ زندگی مال جمع کرنے کے لئے ایک عقلمند سے

پرسید ند نیک بخت[2] کیست و بد بخت چیست گفت نیک بخت
لوگوں نے پوچھا نیک بخت کون ہے اور بد بخت کون اس نے کہا نیک بخت وہ

آنکہ خورد و کشت[3] و بد بخت آنکہ مرد و ہشت
ہے کہ جس نے کھایا اور بویا اور بد بخت وہ ہے جو مرگیا اور چھوڑ گیا

[1] آدابِ صحبت یعنی آپس میں رہنے سہنے کے لئے کیا باتیں ضروری ہیں ۱۲ [2] نیک بخت۔ نیک نصیب۔ بدبخت بدنصیب ۱۲ [3] کشت یعنی بویا۔ مراد یہ کہ آخرت کے لئے کچھ بخشش اور سخاوت کی ۱۲

شعر

مکن[1] نماز بران ہیچکس کہ ہیچ نکرد
کسی ایسے کے جنازے کی نماز نہ پڑھ کہ جس نے کچھ نہ کیا

کہ عمر در سر تحصیل مال کرد و نخورد
جس نے مال جمع کرنے میں عمر ختم کردی اور کچھ نہ کھایا

حکمت

موسیٰ علیہ السلام قارون را نصیحت کرد کہ اَحْسِنْ کَمَا

موسیٰ علیہ السلام نے قارون کو نصیحت فرمائی کہ تو اسی طرح احسان کر

اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ نشنید[2] عاقبتش شنیدی[3]

جیسا کہ اللہ نے تجھ پر احسان کیا ہے اُس نے نہ سنا۔ تو نے اس کا انجام سنا

قطعہ

آں کس کہ بدینار و درم خیر نیند وخت
جس شخص نے روپے پیسے سے بھلائی نہ جمع کی

سر عاقبت اندر سر دینار و درم کرد
اُس نے دنیا اور روپے کی فکر میں زندگی ختم کردی

خواہی متمتع شوی از نعمت دنیا
اگر تو چاہتا ہے کہ دنیا کی نعمت سے فائدہ اٹھائے

با خلق کرم کن چو خدا با تو کرم کرد
تو لوگوں پر کرم کر جب کہ تجھ پر اللہ نے کرم کیا ہے

عرب گوید جُدْ وَلَا تَمْنُنْ لِاَنَّ الْفَائِدَۃَ اِلَیْکَ عَائِدَۃٌ یعنی بہ بخش و منت[4]

عرب کا قول ہے سخاوت کر اور احسان نہ جتا اس لئے کہ فائدہ تجھے ہی پہونچتا ہے یعنی دے اور احسان نہ دھرے

منہ کہ نفع آں بتو باز می گردد

قطعہ

اس لئے کہ اس کا نفع تو تیرے پاس واپس آجائیگا

درخت کرم ہر کجا بیخ کرد
کرم کا درخت جہاں جم جاتا ہے

گذشت از فلک شاخ و بالائے او
تو اُس کی شاخ اور پھونگل آسمان سے نکل جاتی ہے

گر امید داری کز و برخوری
اگر تو اُس سے پھل کھانے کی امید رکھتا ہے

بمنت منہ ارّہ بر پائے او
تو احسان جتا کر آرہ اُس کی جڑ پر نہ چلا

قطعہ

شکر خدای کن کہ موفق شدی بخیر
اللہ کا شکر کر کہ تجھے بھلائی کی توفیق ہوئی

زانعام و فضل او نہ معطل گذاشتت
اُس نے اپنے انعام اور فضل سے تجھے بیکار نہیں چھوڑا

---

[1] مکن نماز۔ یہاں صرف تہدید کے لئے ہے نہ کہ حکم شرعی ۱۲ [2] یعنی خدا نے اپنے فضل و کرم سے تجھے مالدار بنایا ہے ۱۲ [3] یعنی مشہور ہے کہ تمام خزانہ اُس کی چھاتی پر رکھدیا گیا اور وہ زمین میں دھنس گیا اور دھنستا جا رہا ہے ۱۲ [4] کسی کے ساتھ نیکی کرکے اسکا احسان جتانا نیکی کو برباد کرتا ہے

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی
تو اس پر احسان نہ جتا کہ بادشاہ کی خدمت کرتا ہے

منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت
تو اُس کا احسان سمجھ کہ تجھے خدمت میں لگا رکھا ہے

حکمت دو کس رنج بیہودہ بردند و سعی بفائدہ کردند یکے آنکہ اندوخت
دو آدمیوں نے خواہ مخواہ تکلیف اُٹھائی اور بے کار کوشش کی ایک تو وہ جس نے جمع کیا

و نخورد و دیگر آنکہ آموخت و نکرد

مثنوی

اور نہ کھایا دوسرا وہ جس نے پڑھا اور اس پر عمل نہ کیا

علم چندانکہ بیشتر خوانی
علم اتنا جتنا بھی زیادہ پڑھ لے

چوں عمل در تو نیست نادانی
اگر تجھ میں عمل نہیں ہے تو تو جاہل ہے

نہ محقق بود نہ دانشمند
نہ محقق بن سکتا ہے نہ عقلمند

چارپائے بر و کتابے چند
جانور ہے جس پر چند کتابیں ہیں

آں تہی مغز را چہ علم و خبر
اُس خالی دماغ (جانور) کو کیا پتہ

کہ بر و ہیزم ست یا دفتر
کہ اُس پر لکڑیوں کا بوجھ ہے یا دفتر

حکمت علم از بہر دین پرور دن ست نہ از بہر دنیا خور دن شعر
علم، دین بڑھانے کے لئے ہے نہ کہ دنیا کمانے کے لئے

ہر کہ پرہیز و علم و زہد فروخت
جس نے پرہیزگاری، علم، تقویٰ فروخت کیا

خرمنے گرد کرد و پاک بسوخت
اُس نے کھلیان جمع کیا اور پھر سب جلا ڈالا

پند عالمِ ناپرہیزگار کور مشعلہ دار ست یُھدیٰ بہ وَھُوَ لَا یَھتَدِیْ بیت
گناہوں سے نہ بچنے والا عالم ایک اندھا ہے جس کے ہاتھ میں مشعل ہے جس کے ذریعہ راہ دیکھی جاتی ہے اور وہ خود راہ نہیں دیکھتا

بے فائدہ ہر کہ عمر در باخت
بے کار جس نے عمر گنوا دی

چیزے نخرید و زر بسیار انداخت
اُس نے کوئی چیز نہ خریدی اور روپیہ پھینک آیا

پند مُلک از خردمنداں جمال گیرد و دین از پرہیزگاراں کمال یا بد بادشاہاں
مُلک عقلمندوں سے حسن حاصل کرتا ہے اور دین پرہیزگاروں سے کمال حاصل کرتا ہے بادشاہ

بہ نصیحت خردمنداں ازاں محتاج تر اند کہ خردمنداں بقربت پادشاہاں

قطعہ عقلمندوں کی نصیحت کے اس سے زیادہ محتاج ہیں جس قدر عقلمند بادشاہوں کے تقرب کے

پندے اگر بشنوی اے بادشاہ
اے بادشاہ اگر تو کوئی نصیحت سننا چاہتا ہے

در ہمہ دفتر بہ ازیں پند نیست
تو تمام کتابوں میں اس سے بہتر کوئی نصیحت نہیں ہے

جز بخردمند مفرما عمل | گرچہ عمل کار خردمند نیست
حکومت عقلمند کے سوا کسی کے سپرد نہ کر | اگرچہ حکومت قبول کرنا عقلمند کا کام نہیں ہے

حکمت سہ چیز پایدار نماند مال بے تجارت و علم بے بحث و
تین چیزوں کو بقا نہیں ہے۔ مال کو تجارت بغیر۔ علم کو بحث بغیر اور
ملک بے سیاست **قطعہ**
ملک کو تدبیر کے سوا

وقتے بلطف گوی و مدارا و مردمی | باشد کہ در کمند قبول آوری دلے
ایک وقت مہربانی، خاطر تواضع خلافت سے بات کر | شاید کہ قبولیت کی کمند میں کسی دل کو پھنسالے
وقتے بقہر گوی کہ صد کوزہ نبات | گہ گہ چناں بکار نیاید کہ حنظلے
کسی وقت غصہ سے بات کہہ اسلئے کہ صد کوزہ نبات | کبھی کبھی وہ کام نہیں کرتے ہیں جو ایک ایلوا کرجاتا ہے

حکمت رحم آوردن بر بداں ستم ست بر نیکاں و عفو کردن از ظالماں
بدوں پر رحم کھانا بھلوں پر ظلم ہے اور ظالموں کو معاف کرنا
جور ست بر درویشاں **بیت**
درویشوں پر زیادتی ہے

خبث راجو تعہد کنی و بنوازی | بدولت تو گنہ میکند با نبازی
اگر تو خبیث کی تعہد الفت کریگا اور نوازے گا | وہ تیری دولت کا شریک ہو کر گناہ کرے گا

پند بر دوستی پادشاہاں اعتماد نتواں کرد و بر آواز خوش کودکاں کہ
بادشاہوں کی دوستی پر بھروسہ نہ کرنا چاہیئے اور بچوں کی خوش آوازی پر اس لئے کہ
آں بخیالے مبدل شود و ایں بخوابے متغیر گردد **شعر**
وہ ایک خیال سے بدل جاتی ہے اور یہ ایک رات میں بگڑ جاتی ہے

معشوق ہزار دوست را دل نہی | در میدہی آں دل بجدائی بہ نہی
ہزار دوست رکھنے والے معشوق کو دل نہ دے | اور اگر دیتا ہے تو اس دل کو جدائی پر آمادہ کرلے

پند ہر آں سرے کہ داری با دوست در میان منہ و اگرچہ دوست
جو تیرا راز ہے دوست سے کہہ خواہ دوست

مخلص باشد چہ دانی کہ وقتے دشمن گردد و ہر گزندے کہ توانی بدشمن
مخلص ہو تجھے کیا معلوم کسی وقت وہ دشمن بنجائے اور ہر وہ تکلیف جو تو پہونچا سکتا ہے دشمن کو

مرساں کہ باشد کہ وقتے دوست گردد

نہ پہونچا شاید کسی وقت وہ دوست ہو جائے

پند رازے کہ نہاں خواہی باکس درمیاں منہ اگرچہ دوست باشد

جو راز تو چھپانا چاہتا ہے کسی سے نہ کہہ خواہ دوست ہی کیوں نہ ہو

کہ مرآں دوست را نیز دوستاں باشند و ہمچنیں مسلسل قطعہ

اس لئے کہ اس دوست کے بھی دوست ہونگے اور اسیطرح سلسلہ چلے گا

خامشی بہ کہ ضمیر دل خویش | باکسے گفتن و گفتن کہ مگوی

چپ رہنا ہی اس سے بہتر ہے کہ کسی سے اپنا راز کہدینا اور یہ کہنا کہ نہ کہنا

اے سلیم[1] آب زسرچشمہ[2] ببند | کہ چو پر شد نتواں بستن جوی

اے عقلمند پانی کو چشمہ کے شروع میں روکدے اس لئے کہ جب بھر جائیگا تو ندی نہ پاٹی جا سکے گی

فرد

سخنے در نہاں نباید گفت | کاں سخن بر ملا نشاید گفت

وہ بات تنہائی میں بھی نہ کہنی چاہیئے جو بھرے مجمع میں نہیں کہی جا سکتی ہے

حکمت دشمن ضعیف کہ در طاعت آید دوستی نماید مقصود وے

جو کمزور دشمن قابو میں آجائے اور دوستی ظاہر کرے اُس کا مقصد

جز ایں نیست کہ دشمن قوی گردد و گفتہ اند بر دوستی دوستاں اعتماد نیست

اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ طاقتور دشمن بن جائے اور لوگوں نے کہا ہے کہ دوستوں کی دوستی پر بھی بھروسہ نہیں

تا بہ تملق دشمناں چہ رسد و ہر کہ دشمن کوچک را حقیر شمارد بداں ماند کہ

تو پھر دشمنوں کی چاپلوسی سے کیا نبل سکتا ہے جو چھوٹے دشمن کو کم سمجھے وہ اُس کی طرح ہے جو

آتش اندک را مہمل می گذارد قطعہ

تھوڑی آگ بے نگرانی کے چھوڑ دے

امروز بکش چو میتواں کشت | کاتش چو بلند شد جہاں سوخت

آج بجھا دے اگر بجھا سکتا ہے اس لئے کہ جب آگ بلند ہوئی جہان جلا

---

[1] یعنی اے سلیم۔ سلیم کے معنی درست مزاج اور بیوقوف دونوں کے لئے ہیں اور یہاں دونوں معنی لئے جا سکتے ہیں ۱۲ [2] سرچشمہ ابتدائے کار سے مراد ہے ۱۲

مگذار کہ زہ کند کماں را
اتنا موقع نہ دے کہ کمان پر چلہ چڑھا لے

دشمن کہ بہ تیری تواں دوخت
جس دشمن کو کہ تیر سے بیندھا جا سکتا ہو

حکمت سخن درمیانِ دو دشمن چناں گوئی کہ اگر دوست گردند شرمزدہ
دو دشمنوں کے درمیان اس طرح کی بات کہو کہ اگر وہ دوست بن جائیں تو تو شرمندہ نہ ہو

مباشی ابتا

میانِ دو کس جنگ چوں آتش است
دو آدمیوں کے درمیان لڑائی آگ کی طرح ہے

سخن چین بدبخت ہیزم کش ست
چغل خور بدبخت ایندھن جمع کرنے والا ہے

کنند این و آں خوش دگر بارہ دل
یہ اور وہ دوبارہ دل خوش کر لیتے ہیں

وے اندر میاں کور بخت و خجل
وہ درمیان میں بدبخت اور شرمندہ ہوتا ہے

میانِ دو کس آتش افروختن
دو شخصوں کے درمیان آگ بھڑکانا

نہ عقل ست خود در میاں سوختن
خود درمیان میں جلنا عقل کی بات نہیں ہے

ایضاً

درسخن با دوستاں آہستہ باش
دوستوں کے ساتھ آہستہ بات کرو

تا ندارد دشمنِ خونخوار گوش
تاکہ خونخوار دشمن نہ سن لے

پیشِ دیوار انچہ گوئی ہوشدار
دیوار کے پاس تو جو کچھ کہے ہشیار رہ

تا نباشد در پسِ دیوار گوش
کہیں دیوار کے پیچھے کان نہ لگا ہو

حکمت ہر کہ با دشمناں صلح می کند سرِ آزارِ دوستاں دارد **شعر**
جو دشمنوں سے صلح کرتا ہے وہ دوستوں کو ستانے کا ارادہ رکھتا ہے

بشوی اے خردمند زاں دوست دست
اے عقلمند اُس دوست سے ہاتھ دھو لے

کہ با دشمنانت بود ہم نشست
جس کی تیرے دشمنوں کے ساتھ نشست برخاست ہو

لہ یعنی دو آدمی لڑ رہے ہیں اور ایک آدمی اِدھر کی اُدھر، اُدھر کی اِدھر لگاتا ہے تو اُس کی ایسی مثال ہے کہ آگ جل رہی ہے اور یہ لکڑیاں چُن کر اُس میں ڈالتا ہے اور آگ کو بھڑکاتا ہے ۱۲

لہ ظاہر ہے کہ دشمن اُس کو تکلیف دے گا اور دوستوں کو اُس سے رنج ہوگا یا دشمن سے ملنے پر دوستوں کو تکلیف ہوگی ۱۲

پند چوں در امضائے کارے متردد باشی آں اختیار کن کہ بے آزارِ تو برآید
جب تجھے کسی کام کے کرنے میں تردد ہو، تو ایسی تدبیر کر کہ تیری تکلیف کے بدون ہو جائے

شعر

با مردم سہل گوی دشوار مگوی | با آنکہ در صلح زند جنگ مجوی
آدمیوں سے نرم بات کر، سخت نہ کر | جو صلح چاہے اُس سے نہ لڑ

حکمت تا کار بزر برمی آید جاں در خطر افگندن نشاید عرب گوید
جب تک کام روپے پیسے سے نکل جائے جان کو خطرے میں نہ ڈالنا چاہیے عرب کا قول ہے

آخِرُ الحِیَلِ السَّیفُ
آخری تدبیر تلوار ہے

شعر

چو دست از ہمہ حیلتے در گسست | حلال ست بردن بشمشیر دست
جب تمام تدبیریں ہاتھ سے نکل جائیں | تو تلوار پر ہاتھ ڈالنا درست ہے

حکمت بر عجز دشمن رحمت مکن کہ اگر قادر شود بر تو نبخشاید بیت
دشمن کی عاجزی پر رحم نہ کر اس لئے کہ اگر وہ قابو پا جائیگا تجھے معاف نہ کریگا

دشمن چو بینی ناتواں لاف از برت خود مزن | مغز ست در ہر استخواں دیست در ہر پیرہن
جب تو دشمن کو کمزور دیکھے تو اپنی مونچھوں کی تعریف نہ بگھار | کیونکہ ہر ہڈی میں گودا ہوتا ہے اور ہر لباس میں مرد ہوتا ہے

حکمت ہر کہ بدے را بکشد خلق از بلائے وے برہاند وے را از عذابِ خدائے

قطعہ

پسندیدہ ست بخشایش ولیکن | منہ بر ریش خلق آزار مرہم
معاف کرنا اچھی بات ہے لیکن | دنیا کو ستانے والے کے زخم پر مرہم نہ رکھ

ندانست آنکہ رحمت کرد بر مار | کہ آں ظلم ست بر فرزندِ آدم
جس نے سانپ پر رحم کیا اس نے یہ نہ جانا | کہ یہ اولادِ آدم پر ظلم ہے

حکمت نصیحت از دشمن پذیرفتن خطاست ولیکن شنیدن
دشمن کی نصیحت قبول کرنا غلطی ہے لیکن سننا

رواست کہ بخلاف آں کار کنی کہ عین صواب ست

درست ہے اس لئے کہ تو اس کے خلاف کریگا جو بالکل صحیح ہو گا

مثنوی

خذر کن زانچہ دشمن گوید آں کن
دشمن تجھے جو کام کرنے کو کہے تو اس سے بچ

کہ برزانو زنی دستِ تغابن
ورنہ افسوس کا ہاتھ ران پر تو مارے گا

گرت راہے نماید راست چوں تیر
اگر وہ تجھے تیر کی طرح کا سیدھا راستہ دکھائے

ازاں برگرد و راہِ دستِ چپ گیر
اس سے لوٹ جا اور بائیں ہاتھ کا راستہ اختیار کر

پند

خشم بیش از حد گرفتن وحشت آرد و لطف بے وقت ہیبت ببرد نہ

جد سے زیادہ غصہ کرنا (لوگوں میں) وحشت پیدا کرتا ہے اور بے موقع مہربانی رعب اٹھا دیتی ہے نہ تو

چنداں درشتی کن کہ از تو سیر گردند و نہ چنداں نرمی کہ بر تو دلیر

اتنی سختی کر کہ لوگ بیزار ہو جائیں اور نہ اتنی نرمی کر کہ تجھ پر دلیر ہو جائیں

ابیات

درشتی و نرمی بہم در بہ است
سختی اور نرمی ملی جلی اچھی ہیں

چو فاصد کہ جراح و مرہم نہ است
جیسا کہ فصد کھولنے والا جراح اور مرہم لگانیوالا ہو

درشتی نگیرد خردمند پیش
عقلمند آدمی زیادہ سختی نہیں برتتا

نہ بستی کہ نازل کند قدر خویش
نہ اس قدر نرمی کرتا ہے کہ اپنی قدر گھٹادے

نہ مر خویشتن را فرونی نہد
نہ خاص طور پر اپنے آپ کو بڑھاتا ہے

نہ یکبارتن در مذلت دہد
نہ یکبارگی ذلیل ہونے پر راضی ہوتا ہے

نظم

جوانے با پدر گفت اے خردمند
ایک نوجوان نے باپ سے کہا اے عقلمند

مرا تعلیم کن پیرانہ یک پند
مجھے ایک بزرگانہ نصیحت کر دے

بگفتا نیکمردی کن و چنداں
اس نے کہا نیکی کر لیکن نہ اسقدر

کہ گردد چیرہ گرگ تیز دنداں
کہ تیز دانتوں والا بھیڑیا لاگو بن جائے

حکمت

دو کس دشمن ملک و دین اند بادشاہِ بے حلم و زاہدِ بے علم شعر

دو انسان ملک اور دین کے دشمن ہیں وہ بادشاہ جس میں بردباری نہ ہو اور وہ عابد جس میں علم نہ ہو

بر سرِ ملک مباد آں ملک فرماندہ
خدا کرے وہ بادشاہ ملک پر حکمراں نہ ہو

کہ خدا را نبود بندہ فرمانبردار
جو خدا کا فرماں بردار بندہ نہ ہو

پند بادشاہ را باید کہ تا حدّے خشم بر دشمناں نراند کہ دوستاں را اعتماد

بادشاہ کو چاہیئے کہ دشمنوں پر اس قدر غصہ نہ کرے کہ دوستوں کو اُس پر بھروسہ

نماند آتش خشم اول در خداوندِ خشم افتد پس انگہ زبانہ بخصم رسد یا نرسد

نہ رہے غصہ کی آگ پہلے تو غصہ کرنے والے کو جلاتی ہے اُس کے بعد اُس کی لپیٹ دشمن تک پہونچے یا نہ پہونچے

مثنوی

نشاید بنی آدم خاک زاد | کہ در سر کند کبر و تندی و باد

مٹی سے بنی ہوئی اولاد آدم کو مناسب نہیں | کہ وہ اپنے سر میں تکبر غصہ اور غرور رکھے

ترا با چنیں تندی و سرکشی | نہ پندارم از خاکی از آتشی

تجھکو اتنی تیزی اور سرکشی کے ہوتے ہوئے | میں نہیں سمجھتا کہ تو خاکی ہے، تو آگ سے بنا ہے

قطعہ

در خاکِ بیلقان[1] برسیدم بعابدے | گفتم مرا بتربیت از جہل پاک کن

بیلقان کی سرزمین میں ایک عابد کے پاس پہونچا | میں نے کہا تربیت کرکے مجھے جہالت سے پاک کردیجئے

گفتا برو چو خاک تحمل کن اے فقیہ | یا ہر چہ خواندہ ہمہ در زیرِ خاک کن

انہوں نے فرمایا اے عالم جا اور مٹی کی طرح بردبار بنجا | یا جو کچھ تو نے پڑھا ہے اُس کو زمین میں دفن کردے

حکمت بدخوئے بدست دشمنے گرفتار ست کہ ہر جا کہ رود از

بدعادت ایک ایسے دشمن کے ہاتھوں گرفتار ہے | وہ جہاں بھی جاتا ہے اُس کی

چنگ عقوبت او خلاص نیابد بیت

سزا کے چنگل سے چھٹکارا نہیں پاتا۔

گر زدستِ بلا بر فلک رود بدخوی | نزدستِ خوئے بدِ خویش در بلا باشد

اگر بدعادت انسان مصیبت کے ہاتھ سے بچنے کیلئے آسمان پر چلا جائے | اپنی بدعادت کے ہاتھوں مصیبت میں ہوگا

حکمت چو بینی کہ در سپاہِ دشمن تفرقہ افتاد تو جمع باش و اگر جمع شوند از

جب تو یہ دیکھے کہ دشمن کے سپاہیوں میں اختلاف ہوگیا مطمئن ہوجا اور اگر وہ متفق ہوجائیں تو

---

[1] بیلقان۔ ایران کے ایک شہر کا نام ہے جو شروان اور آذربائیجان کے درمیان میں واقع ہے ۱۲

پریشانی اندیشہ کن **قطعہ**

پریشانی سے ڈر ؛

بروبا دوستاں آہستہ بنشیں | چو بینی درمیانِ دشمناں جنگ
با دوستوں کے ساتھ آرام سے بیٹھ | جب تو دشمنوں میں لڑائی دیکھے
وگر بینی کہ باھم یک زبانند | کماں رازہ کن و بر بارہ بر سنگ
اور اگر تو دیکھے کہ وہ سب ایک زبان ہیں | تو کمان پر چلہ چڑھالے اور فصیل پر پتھر جمع کرلے

حکمت دشمن چو از ہمہ حیلتے فرماند سلسلۂ دوستی بجنباند آنگہ
دشمن جب تمام تدبیروں سے عاجز آجاتا ہے تو دوستی کی زنجیر ہلاتا ہے پھر

بدوستی کارہائے کند کہ ہیچ دشمن نتواند کرد سر مار بدست دشمن
دوستی میں وہ کام کرجاتا ہے کہ کوئی دشمن بھی نہیں کرسکتا ہے سانپ کے سر کو دشمن کے ہاتھ سے

کوب کہ از احدی الحسنیین خالی نباشد اگر ایں غالب آمد مار کشتی واگر
کچل کہ یہ دو خوبیوں سے خالی نہ ہوگا اگر یہ ڈر پڑا تو تو نے سانپ کو مارلیا اور اگر

آں از دشمن رستی **فرد**
وہ تو تجھے دشمن سے نجات ملی

بروز معرکہ ایمن مشو ز خصم ضعیف | کہ مغز شیر برآرد چو دل ز جان بردا شت
لڑائی کے دن کمزور دشمن سے بھی مطمئن نہ ہو | اس لئے کہ شیر کا بھیجا نکال لیگا جب اپنی جان کی پرواہ نہ کریگا

حکمت خبرے کہ دانی دل بیازارد تو خاموش باش تا دیگرے
جو خبر تیرے علم میں ایسی آئے جو تکلیف دہ ہو تو تو چپ رہ تاکہ کوئی دوسرا

بیارد **فرد**
بیان کرے

بلبلا مژدۂ بہار بیار | خبر بد بہ بوم شوم گذار
اے بلبل موسم بہار کی خوشخبری لا | بری خبر منحوس الو کے لئے چھوڑ دے

نکتہ پادشاہ را بر خیانت کسے واقف مگرداں مگر آنگہ کہ بر قبول کلی
بادشاہ کو کسی کی بد دیانتی کی بات نہ سنا مگر اُس وقت جب کہ تجھے مان لینے پر پورا

واثق باشی وگرنہ در ہلاک خود سعی می کنی
بھروسہ ہو ورنہ تو اپنی تباہی کی کوشش کرتا ہے

مثنوی

پسیچ سخن گفتن انگاہ کن — کہ بینی کہ در کار گیرد سخن
بات کہنے کا اس وقت ارادہ کر — جب تو یہ دیکھ لے کہ بات کارگر ہوگی

کمال ست در نفس انساں سخن — تو خود را بہ گفتار ناقص مکن
قوت گویائی انسانی نفس کا کمال ہے — تو بات کرکے اپنے کو نہ گھٹا

پند ہر کہ نصیحت خود رائے میکند او خود بہ نصیحت گرے محتاج است
جو کسی خود رائے کو نصیحت کرتا ہے وہ خود نصیحت گر کا محتاج ہے

پند فریب دشمن مخور و غرور مدّاح مخر کہ ایں دام زرق نہادہ است
دشمن کے دھوکہ میں نہ آ اور تعریف کرنیوالے سے غرور نہ خرید کیونکہ اس نے مکر کا جال بچھایا ہے

وآں دامن طمع کشادہ
اور اس نے لالچ کا دامن پسارا ہے

پند احمق را ستایش خوش آید چوں لاشہ[1] کہ در کعبش دمے
بے وقوف کو تعریف بہت اچھی لگتی ہے جیسا کہ ذبح شدہ جانور کہ اس کی ملی میں پھونک بھر دینا

فربہ نماید

موٹا بنا دیتا ہے

قطعہ

الا تا نشنوی مدح سخنگوی — کہ اندک مایہ نفعے از تو دارد
خبردار اُس بت ہے کی تعریف ہرگز نہ سننا — جو تجھ سے تھوڑا سا بھی فائدہ اٹھائے

اگر روزے مرادش بر نیاری — دو صد چنداں عیوبت بر شمارد
اگر کسی دن تو اس کی مراد پوری نہ کرے گا — تو دو سو گنے تیرے عیب گنا دے گا

حکمت متکلّم را تا کسے عیب نگیرد سخنش صلاح نہ پذیرد شعر
بات کرنیوالے کا جب تک کوئی عیب نہیں پکڑتا ہے تو اسکے کلام کی اصلاح نہیں ہوتی ہے

مشو غرہ بر حسن گفتار خویش — بہ تحسین نادان و پندار خویش
اپنی تقریر کی خوبی پر گھمنڈ نہ کر — ناواقف کی تعریف اور اپنے غرور کی وجہ سے

---

[1] جیسے جانور مذبوح جب اس کو پھونکتے ہیں تو موٹا معلوم ہوتا ہے ۱۲

حکمت

ہمہ کس را عقلِ خود بکمال نماید و فرزندِ خود بجمال نظم

ہر انسان کو اپنی عقل بڑی معلوم ہوتی ہے اور اپنا بچہ خوبصورت

یکے جہود و مسلماں مناظرہ کردند
ایک یہودی اور ایک مسلمان میں اس طور کی بحث چھڑ گئی

چنانکہ خندہ گرفت از نزاع ایشانم
کہ اُن کے جھگڑنے پر مجھے ہنسی آ گئی

بطنز گفت مسلماں گر این قبالہ من
مسلماں طنز آ بولا اگر میری یہ دستاویز

درست نیست خدایا جہود میرانم
صحیح نہ ہو تو اے خدا مجھے یہودی کر کے مارنا

جہود گفت بتورت منجورم سوگند
یہودی بولا میں توریت کی قسم کھاتا ہوں

وگر خلاف بود ہیچ تو مسلمانم
اگر یہ بات غلط ہو تو میں تیری طرح مسلمان ہوں

گر از بسیطِ زمیں عقل منعدم گردد
اگر روئے زمین سے سبھی عقل اٹھ جائے

بخود گماں نبرد ہیچکس کہ نادانم
تو بھی اپنے بارے میں کوئی یہ خیال نہ کرے کہ میں بے عقل ہوں

حکمت

دہ آدمی بر سفرہ بخورند و دو سگ بر مردارے ہم بسر نبرند

دس آدمی ایک دسترخوان پر کھا لیتے ہیں اور دو کتے ایک مردار پر مل کر گذارہ نہیں کرتے

حریص بجہانے گرسنہ و قانع بنانے سیر حکما گفتہ اند درویشی بقناعت

لالچی ایک دنیا حاصل کر کے بھی بھوکا ہے اور قناعت کرنیوالا ایک روٹی سے پیٹ بھرا ہوا عقلمندوں نے کہا ہے فقاعت

بہ از توانگری بہ بضاعت

کیساتھ فقیری سرمایہ کی مالداری سے بہتر ہے

شعر

رودۂ تنگ بیک نانِ تہی پر گردد
تنگ آنت ایک روکھی روٹی سے بھر جائے گی

نعمت روئے زمیں پر نکند دیدۂ تنگ
حریص آنکھ کو دنیا کی نعمتیں نہیں بھر سکتیں

مثنوی

پدر چوں دورِ عمرش منقضی گشت
باپ کی زندگی کا جب زمانہ ختم ہوا

مرا ایں یک نصیحت کرد و بگذشت
مجھے یہ ایک نصیحت کی اور گذر گیا

کہ شہوت آتش ست از وی بپرہیز
کہ شہوت ایک آگ ہے اس سے بچ

بخود بر آتشِ دوزخ مکن تیز
اپنے اوپر دوزخ کی آگ کو تیز نہ کر

دراں آتش نداری طاقتِ سوز
تو اس آگ میں جلنے کی طاقت نہیں رکھتا

بصبر آبے بریں آتش زن امروز
آج ہی اُس آگ پر صبر کا پانی چھڑک دے

پند ہر کہ در حالِ توانائی نکوئی نکند در وقتِ ناتوانی سختی بیند

جو طاقت کے وقت بھلائی نہیں کرتا ہے وہ ناتوانی کے وقت سختی اُٹھاتا ہے

شعر

بداختر تر از مردم آزار نیست | کہ روزِ مصیبت کشش یار نیست

لوگوں کو ستانیوالے سے زیادہ بدنصیب کوئی نہیں ہے | اس لئے کہ مصیبت کے وقت اُس کا کوئی دوست نہیں ہے

حکمت ہرچہ زود برآید دیر نپاید **قطعہ**

جو چیز جلد حاصل ہوجاتی ہے دیر تک نہیں ٹھہرتی

خاکِ[1] مشرق شنیدہ ام کہ کنند | بچہل سال کاسۂ چینی

میں نے سنا ہے کہ مشرق کی مٹی سے چالیس | سال میں چینی کا پیالہ بناتے ہیں

صد بروزے کنند در مردشت[2] | لاجرم قیمتش همی بینی

مردشت میں ایک دن میں سو بنا لیتے ہیں | یقیناً تو اُس کی قیمت بھی دیکھتا ہے

قطعہ

مرغک از بیضہ بروں آید و فرمی طلبد | آدمی زادہ ندارد خرد و عقل و تمیز

مرغی کا بچہ انڈے سے نکلتا ہی اور روزی مانگتا ہے | آدمی کا بچہ عقل، ہوش اور تمیز نہیں رکھتا

آنکہ ناگاہ کسے گشت بچیزی برسید | وین تمکین و فضیلت بگذشت از ہمہ چیز

جو فوراً ہی ہوشیار ہوگیا کچھ نہ بنا | اور یہ خودداری اور بزرگی میں سب سے بڑھ گیا

آبگینہ ہمہ جایابی ازاں بیمحل ست | لعل دشوار بدست آید ازاں ست عزیز

کانچ تم ہر جگہ پالوگے اسی لئے بے قدر ہے | لعل مشکل سے ہاتھ آتا ہے اسیوجہ سے پیارا ہے

حکمت کارہا بہ صبر برآید و مستعجل بسر درآید

بہت سے کام صبر سے نکلتے ہیں اور جلد باز منہ کے بل گرتا ہے

---

[1] خاکِ مشرق سے مراد ملک چین ہے کیونکہ وہ تمام ملکوں سے مشرق کی طرف واقع ہے۔ خاک کے متعلق معلوم نہیں کہ وہ مصنوعی ہوتی ہے یا کسی پتھر وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے یا وہاں کی مٹی مراد ہے ۱۲

[2] مردشت ایک شہر کا نام ہے بعض نسخوں میں یہ مصرع یوں ہے صد بروزے کنند سفالاں یعنی کمہار ایک دن میں سو بنا لیتے ہیں پھر اُس کی ویسی ہی قدر بھی ہوتی ہے ۱۲

مثنوی

بچشم خویش دیدم در بیاباں
میں نے جنگل میں اپنی آنکھ سے دیکھا

کہ آہستہ سبق بردار شتاباں
کہ آہستہ چلنے والا دوڑنے والوں سے بازی لیگیا

سمندِ بادپا از تگ فرواند
تیز رو گھوڑا دوڑ سے تھک گیا

شتراں ہمچناں آہستہ میراند
اونٹ والا ویسے ہی آہستہ ہانک رہا تھا

پند ناداں را بہ از خاموشی نیست واگر ایں مصلحت بدانستے
نادان کے لئے خاموشی سے بہتر کچھ نہیں ہے اور اگر یہ مصلحت جان لیتا

نادان نبودے

تو نادان نہ رہتا

قطعہ

چوں نداری کمالِ فضل آں بہ
جب تو پوری بڑائی نہیں رکھتا ہے تو یہ بہتر ہے

کہ زباں در دہاں نگہداری
کہ زبان کو منہ میں محفوظ رکھے

آدمی را زباں فضیحہ کند
آدمی کو زبان رسوا کرتی ہے

جوزِ بے مغز را سبکساری
اور بے گری کے اخروٹ کو ہلکا پن

ابیات

خرے را الٰہی تعلیم میداد
ایک بے وقوف ایک گدھے کو پڑھا رہا تھا

بر و بر صرف کردے سعیِ دائم
اُس پر مستقل کوشش صرف کرتا

حکیمے گفتش اے ناداں چہ کوشی
ایک عقلمند نے اُس سے کہا اے بے عقل کیا کوشش کرتا ہے

دریں سودا بترس از لومِ لائم
اس بیوقوفی میں ملامت کرنیوالے کی ملامت سے ڈر

نیاموزد بہائم از تو گفتار
چوپائے تجھ سے بولنا نہیں سیکھ سکتے

تو خاموشی بیاموز از بہائم
تو چوپایوں سے چپ رہنا سیکھ لے

ایضاً

ہر کہ تامّل نہ کند در جواب
جو جواب دینے میں غور نہیں کرتا

بیشتر آید سخنش ناصواب
اکثر اس کی بات غلط نکلتی ہے

یا سخن آرای چو مردم بہوش | یا بنشیں ہمچو بہائم خموش
یا تو سمجھ دار آدمیوں کی طرح بات سنوار لے | یا چوپایوں کی طرح چپ بیٹھا رہ

پند ہر کہ با دانا تراز خود جدل کند تا بداند کہ داناست بداند
جو شخص اپنے سے بڑے عالم سے اس لئے بحث کرے کہ لوگ اُس کو عالم سمجھیں تو وہ سمجھ

فرد

کہ نادان ست
لیں گے کہ یہ جاہل ہے

چوں در آمدمہ از تو ئی بسخن | گرچہ بدانی اعتراض مکن
جب بڑا آدمی تجھ سے کوئی بات کرے | اگرچہ تو اُس سے بہتر جانتا ہو تو اعتراض نہ کر

حکمت ہر کہ با بداں نشیند نکوئی نہ بیند **ابیات**
جو شخص بروں کے ساتھ اُٹھتا بیٹھتا ہو وہ بھلائی کی نہیں پاسکتا ہے

گر نشیند فرشتہ با دیو | وحشت آموزد و خیانت و ریو
اگر فرشتہ شیطان کے ساتھ بیٹھے | تو وحشت، خیانت اور مکر سیکھے گا

از بداں جز بدی نیاموزی | نکند گرگ پوستیں دوزی
بدوں سے بدی کے سوا تو کچھ نہیں سیکھے گا | بھیڑیا کھال نہیں سیتا

پند مردماں را عیبِ نہانی پیدا مکن کہ مرایشاں را رسوا
لوگوں کے چھپے عیب ظاہر نہ کر کیونکہ تو ان کو ذلیل کرے گا

کنی و خود را بے اعتماد
اور خود کو بے بھروسہ

پند ہر کہ علم خواند و عمل نکرد بداں ماند کہ گاؤ راند و تخم نیفشاند
جس نے علم پڑھا اور عمل نہ کیا وہ اُس کی طرح ہے جو ہل چلاتا ہے اور بیج نہیں بکھیرتا ہے

حکمت از تن بے دل طاعت نیاید و پوست بے مغز بضاعت
بے ہمت جسم سے عبادت نہیں ہوسکتی ہے اور بدون گری کا چھلکا پونجی کے

را نشاید نہ ہر کہ در مجادلت چست درست معاملت درست **بیت**
لائق نہیں ہے یہ ضروری نہیں کہ جو لڑنے میں تیز ہو وہ معاملہ کا بھی اچھا ہو

بس قامتِ خوش کہ زیرِ چادر باشد | چوں باز کنی مادرِ مادر باشد
بہت سے اچھے قد چادر میں چھپے ہوئے ہوں | جب تو اونہیں کھولے گا تو نانی معلوم ہونگے

حکمت اگر شبہا ہمہ شبِ قدر بودے شبِ قدر بیقدر بودے
اگر ساری راتیں شبِ قدر ہوتیں تو شبِ قدر کی کچھ قدر نہ ہوتی

شعر

گر سنگ ہمہ لعلِ بدخشاں بودے | پس قیمتِ لعل و سنگ یکساں بودے
اگر سارے پتھر لعلِ بدخشاں ہوتے | تو پھر لعل اور پتھر کی قیمت یکساں ہوتی

حکمت نہ ہر کہ بصورت نیکوست سیرت زیبا در وست کار اندروں
یہ ضروری نہیں کہ جو شکل کا اچھا ہے اُس میں اچھی عادت بھی ہو معاملہ کا تعلق باطن

قطعہ

دار دنہ پوست
ہے ہے کہ چھلکے سے

تواں شناخت بیکروزر در شمائل مرد | کہ تا کجاش رسیدست پایگاہِ علوم
انسان کے اخلاق و عادات سے ایک وزیر میں علوم کیا جا سکتا ہے | کہ اُس کے علوم کا مرتبہ کہاں تک پہونچا ہے
ولے ز باطنش ایمن مباش و غرہ مشو | کہ خبثِ نفس نگردد ببالہا معلوم
اور لیکن اُسکے باطن سے مطمئن نہو اور غفلت نہ برت | اس لئے کہ نفس کی خباثت کا سالوں میں بھی پتہ نہیں لگتا

پند

ہر کہ با بزرگاں ستیز دخونِ خودمی ریزد

قطعہ

جو بڑوں سے لڑتا ہے وہ خود اپنا خون کرتا ہے

خویشتن را بزرگ پنداری | راست گفتند یک دو بیند لوچ
اپنے آپ کو تو بڑا سمجھتا ہے | سچ کہا ہے بھینگا ایک کے دو دیکھتا ہے
زود بینی شکستہ پیشانی | تو کہ بازی بسر کنی با غوچ
بہت جلد تو اپنا ماتھا پھوٹا ہوا دیکھے گا | جبکہ تو مینڈھے سے ٹکر لڑائے گا

حکمت پنجہ با شیر انداختن و مشت بر شمشیر زدن کارِ خردمنداں نیست
شیر سے پنجہ لڑانا اور تلوار پر مکا مارنا عقلمندوں کا کام نہیں ہے

بیت

جنگ و زور آوری مکن با مست | پیش سر پنجہ در بغل نہ دست
لڑائی اور زور مست سے نہ کر | پنجہ باز کے سامنے بغل میں ہاتھ دے لے

پند ضعیفے کہ باقوی دلاوری کند یارِ دشمن ست در ہلاکِ خویش
جو کمزور طاقتور کے مقابلہ میں بہادری کرتا ہے وہ اپنی ہلاکت میں اپنے دشمن کا دوست ہے

قطعہ

سایہ پروردہ را چہ طاقتِ آں | کہ رود با مبارزاں بقتال
سایہ میں پلے ہوئے کی کیا طاقت | کہ بہادروں کے ساتھ جنگ میں جائے
سست بازو بجہل می فگند | پنجہ با مردِ آہنیں چنگال
کمزور بازو والا اپنی نادانی سے | لوہے جیسے پنجہ والے سے پنجہ ڈالتا ہے

حکمت ہر کہ نصیحت نشنود سرِ ملامت شنیدن دارد شعر[1]
جو نصیحت نہیں سنتا اُس کا ارادہ ملامت سننے کا ہے

چوں نیاید نصیحت در گوش | اگرت سرزنش کنم خاموش
جب تیرے کان میں نصیحت نہیں پڑتی | اگر میں تجھے جھڑکوں تو چپ رہ

حکمت بے ہنراں ہنرمنداں را نتوانند دید ہمچناں سگِ بازاری
بے ہنر ہنرمندوں کو نہیں دیکھ سکتے جیسا کہ آوارہ کتے

سگِ صیدی را مشغلہ برآرند و پیش آمدن نیارند یعنی چوں سفلہ
شکاری کتوں پر بھونکتے ہیں اور سامنے نہیں پڑ سکتے ہیں یعنی جب کمینہ

بہ ہنر با کسے برنیاید بجنبش در پوستین افتد **بیت**
ہنر میں کسی سے نہیں جیتتا تو اپنی خباثت سے عیب جوئی کرتا ہے

کند ہر آینہ غیبت حسودِ کوتہ دست | کہ در مقابلہ گنگش بود زبان مقال
عاجز حاسد لامحالہ غیبت کرتا ہے | اس لئے کہ مقابلہ میں تو اُسکی زبان گونگی ہوتی ہے

حکمت اگر جورِ شکم نیستے ہیچ مرغ در دامِ صیاد نیفتادے بلکہ صیاد
اگر پیٹ نہ ستاتا تو کوئی پرند شکاری کے جال میں نہ پھنستا بلکہ شکاری

خود دام ننہادے
خود جال ہی نہ بچھاتا

---

[1] یعنی نصیحت نہ مان کر ایسے کام کرے گا کہ لوگ اُس کو آخر کار ملامت کریں گے ۱۲

بیت

شکم بندِ دستست و زنجیر پائے | شکم بندہ نادر پرستد خدائے
پیٹ ہاتھ کی ہتھکڑی اور پیر کی بیڑی ہے | پیٹ کا غلام خدا کو کم پوجتا ہے

پند حکیماں دیر دیر خورند و عابداں نیم سیر و زاہداں سدِ رمق
عقلمند لوگ بہت دیر میں کھاتے ہیں اور عبادت گذار آدھے پیٹ اور متقی جینے کے بقدر

وجواناں تا طبق برگیرند و پیراں تا عرق بکنند اما قلندراں[1] چنداں بخورند
اور جوان اس وقت تک کھاتے رہتے ہیں جبتک طباق نہ اٹھالیں اور بوڑھے اسوقت تک جبتک پسینہ نہ آجائے اور قلندر اتنا کھاتے

کہ در معدہ جائے نفس نماند و بر سفرہ[2] روزیئے کس **شعر**
ہیں کہ معدہ میں سانس لینے کی گنجائش نہ رہے اور دسترخوان پر کسی کی خوراک نہ بچے

اسیرِ بندِ شکم را دو شب نگیرد خواب | شبے ز معدہ سنگی شبے ز دلتنگی
پیٹ کے قیدی کو دو رات نیند نہیں آتی | ایک رات معدہ بھاری ہونیکی وجہ سے ایک رات بیچینی سے

حکمت مشورت با زناں تباہ ست و سخاوت با مفسداں گناہ
عورتوں سے مشورہ کرنا تباہی ہے اور مفسدوں پر بخشش کرنا گناہ ہے

شعر

ترحّم بر پلنگ تیز دنداں | ستمگاری بود بر گوسفنداں
تیز دانتوں والے بھیڑیئے پر رحم کھانا | بکریوں پر ظلم ہے

حکمت ہر کرا دشمن پیش ست اگر نکشد دشمن خویش ست
دشمن جس کے سامنے ہو اگر وہ اُس کو نہ مارے تو اپنا دشمن ہے

بیت

سنگ در دست و مار بر سرِ سنگ | خیرہ رائی بود قیاس و درنگ
پتھر پر سانپ بیٹھا ہو اور ہاتھ میں پتھر ہو | تو سوچنا اور دیر کرنا بے وقوفی ہوگی

---

[1] قلندروں سے مراد یہاں رند اور اوباش ہیں ۱۲ [2] یعنی اوروں کا حصہ بھی خود ہی ہڑپ کرجاتے ہیں ۱۲

وگروہے بخلاف ایں مصلحت دیدہ اند و گفتہ اند کہ در کشتنِ بندیاں

اور ایک گروہ نے اس کے خلاف مناسب سمجھا ہے اور کہا ہے کہ قیدیوں کے قتل کرنے میں

تامل اولیٰ ترست بحکم آنکہ اختیار باقی ست تواں کشت و تواں ہشت

دیر کرنا زیادہ بہتر ہے اس لئے کہ اختیار میں ہے مارا بھی جا سکتا ہے اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے

اگر بے تامل کشتہ شود محتمل ست کہ مصلحتے فوت شود و تدارک مثل

اگر بدون تامل کے مار ڈالا گیا ہو سکتا ہے کہ کوئی مصلحت جاتی رہے اور اس کی کمی پورا کرنا

آں ممتنع باشد مثنوی

ناممکن ہو جائے

نیک سہل ست زندہ بیجاں کرد | کشتہ را باز زندہ نتواں کرد

زندہ کو بے جان کر دینا بہت آسان ہے | مرے ہوئے کو زندہ نہیں کیا جا سکتا ہے

شرطِ عقل ست صبر تیر انداز | کہ چو رفت از کماں نیاید باز

تیر انداز کا صبر کرنا عقل کا تقاضہ ہے | اس لئے کہ جب تیر کمان سے نکل گیا پھر واپس نہیں آ سکتا ہے

حکمت حکیمے کہ با جہال در افتد باید کہ توقع عزت ندارد و اگر جاہلے

جو عقلمند جاہلوں سے بھڑے اس کو چاہیئے کہ عزت کی توقع نہ کرے اور اگر کوئی جاہل

بزباں آوری بر حکیمے غالب آید عجب نیست کہ سنگے ست کہ گوہر را

زبان زوری سے کسی عقلمند پر غالب آجائے تو کوئی تعجب نہیں اس لئے کہ وہ پتھر ہے جو موتی کو

می شکند

توڑ ڈالتا ہے

بیت

نہ عجب گر فرو رود نفسش | عندلیبے غراب ہم قفسش

کوئی تعجب نہیں اگر اس کا سانس گھٹ جائے | وہ بلبل جسکے ساتھ کوا پنجرے میں بند ہو

قطعہ

گر ہنرمندے ازاو باشد جفائے بیند | تا دلِ خویش نیازارد و در ہم نشود

اگر کوئی ہنرمند کسی آوارہ سے تکلیف اٹھائے | تو ہرگز وہ اپنا دل نہ دکھائے اور غصہ ناک ہو

سنگ بدگوہر اگر کاسۂ زرّیں شکند | قیمت سنگ نیفزاید و زر کم نشود

بد اصل پتھر اگر سونے کے پیالے کو توڑ دے | تو پتھر کی قیمت نہ بڑھے گی اور سونا گھٹ نہ جائیگا

حکمت خردمندے راکہ در زمرۂ اجلاف سخن بہ بند دشگفت مدار

جس عقلمند سے جاہلوں کے مجمع میں بات نہ ہوسکے اس پر تعجب نہ کر

کہ آوازِ بربط باغلبۂ دہل برنیاید و بوئے عبیر[۱] از گندِ سیر فرو ماند

اس لئے کہ سارنگی کی آواز ڈھول کے شور میں نہیں نکلتی اور عنبر کی خوشبو لہسن کی بدبو میں دب جاتی ہے

مثنوی

بلند آوازِ نادان گردن افراخت
بلند آواز نادان نے گردن ابھاری

کہ دانا را بہ بے شرمی بینداخت
کہ عقلمند کو بے شرمی سے دبالیا

نمیداند کہ آہنگِ[۲] حجازی
وہ یہ نہیں جانتا کہ حجازی نغمہ

فرو ماند ز بانگِ طبلِ غازی
غازی کے ڈھول کی آواز سے دب جاتا ہے

حکمت جوہر اگر در خلاب افتد ہماں نفیس ست و غبار اگر بر فلک رود

گوہر اگر کیچڑ میں گر جائے تو بھی قیمتی ہے اور گرد اگر آسمان پر چڑھ جائے

ہماں خسیس است[۳] استعدادِ بے تربیت در یغ ست و تربیتِ نامستعد

تو بھی بے قیمت ہے صلاحیت تربیت بدون قابل افسوس ہے اور تربیت بدون صلاحیت کے

ضائع خاکستر نسبتے عالی دارد کہ آتش جوہر علوی ست ولیکن چوں

ضائع جاتی ہے بھوبل بلند نسبت رکھتی ہے اس لئے کہ آگ بلندی والا جوہر ہے لیکن چوں کہ

بنفسِ خود ہنرے ندارد باخاک برابر ست و قیمتِ شکر نہ از نے ست

وہ اپنی ذات میں کوئی جوہر نہیں رکھتی ہے اس لئے خاک کی برابر ہے اور شکر کی قدر و قیمت گنے کی وجہ سے نہیں ہے

کہ آں خود خاصیتِ وے ست

بلکہ یہ اُس کی ذاتی خصوصیت ہے

مثنوی

چو کنعاں[۴] را طبیعت بے ہنر بود
چونکہ کنعان کی طبیعت بے ہنر تھی

پیمبر زادگی قدرش نیفزود
پیغمبر کی اولاد ہونے نے اُس کا رتبہ نہ بڑھایا

---

[۱] عبیر ایک قسم کی خشک خوشبو ہے جو کپڑوں پر چھڑکی جاتی ہے ۱۲ [۲] آہنگ حجازی موسیقی کے ایک سُر کا نام ہے ۱۲ [۳] یعنی اگر سمجھنے کی قوت ہے اور تعلیم نہیں تو بھی بے کار اور اگر سمجھنے کی قوت نہیں ہے اور تعلیم ہے تو بھی فضول ۔ ۔ ۔

ہنر بنمای اگر داری نہ گوہر
اگر تو ہنر رکھتا ہے تو دکھا نسب نہ دکھا

گل از خار است ابراہیم از آزر
اس لئے کہ پھول کانٹے سے اور حضرت ابراہیم آزر سے پیدا ہوئے

حکمت مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید[1] دانا چوں طبلہ
مشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ عطار بتائے عقلمند کی مثال عطر والے کے

عطار است خاموش و ہنر نمای و نادان چوں طبل غازی بلند آواز
ڈبہ کی سی ہے جو چپ اور جوہر دکھانیوالا ہے اور نادان غازی کے ڈھول کی طرح ہے جو بلند آواز

قطعہ

ومیان تہی
ہے اور درمیان سے خالی ہے

عالم اندر میانہ جہال
عالم جاہلوں کے گروہ میں (اس پر)

مثلے گفتہ اند صدیقاں
سچے لوگوں نے ایک مثال بیان کی ہے

شاہدے در میان کور انست
اندھوں کے مجمع میں ایک حسین معشوقہ ہے

مصحفے در کنشت زندیقاں
کافروں کی عبادت گاہ میں ایک قرآن ہے

پند دوستے را کہ بعمرے فراچنگ آرند نشاید کہ بیکدم بیازارند
جس کو ایک زمانہ میں دوست بنائیں مناسب نہ ہوگا کہ اس کو ایک دم میں ناخوش کردیں

بیت

سنگے بچند سال شود لعل پارہ
پتھر چند سالوں میں لعل کا ٹکڑا بنتا ہے

زنہار تا بیک نفس نشکنی سنگ
خبردار اس کو ایک دم سے پتھر سے نہ کچل دینا

حکمت عقل در دست نفس چناں گرفتار است کہ مرد عاجز در دست زن مکار
عقل نفس کے ہاتھ میں اس طرح گرفتار ہے جس طرح عاجز مرد مکار عورت کے ہاتھ میں

شعر

در خرمی بر سرائے ببند
خوشی کا دروازہ اس گھر پر بند کردے

کہ بانگ زن از وے برآید بلند
جہاں سے عورت کی آواز زور سے آئے

پند رائے[2] بے قوت مکر و فسون ست و قوت بے رائے
تدبیر بدون طاقت کے مکر اور جادو ہے اور طاقت بغیر تدبیر کے

---

[1] یعنی عقلمند اور عالم اگرچہ خاموش ہو پھر بھی لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں گے ۱۲ [2] رائے بے قوت سے مراد یہ کہ صرف رائے ہی رائے ہے مگر طاقت اور قوت نہیں ہے ۱۲

جہل وجنون
نادانی اور جنون ہے

شعر

تمیز باید و تدبیر و عقل و آنگہ ملک | کہ ملک و دولت ناداں سلاح جنگ خداست
تمیز، تدبیر اور عقل چاہیئے اور پھر ملک | اس لئے کہ نادان کا ملک اور دولت خدا سے لڑنیکے ہتھیار ہیں

حکمت جوانمرد کہ بخورد و بدہد بہ از عابدے کہ ببرد و بنہد
وہ سخی جو کھائے اور دے اُس عبادت گذار سے بہتر ہے جو لیجائے اور جمع کرلے

پند ہر کہ ترک شہوت از بہر قبول خلق دادہ است از شہوت[1] حلال در
لوگوں میں مقبولیت حاصل کرنے کے لئے جس نے لذتوں کو چھوڑا وہ حلال خواہش سے بچ کر حرام

شہوت حرام افتادہ است
خواہش میں جا گرا

شعر

عابد کہ نہ از بہر خدا گوشہ نشیند | بیچارہ در آئینہ تاریک چہ بیند
جو عابد گوشہ میں خدا کے لئے نہ بیٹھے | وہ بے چارہ اندھے آئینہ میں کیا دیکھے

حکمت اندک اندک خیلے شود و قطرہ قطرہ سیلے گردد یعنی آنکہ
تھوڑا تھوڑا مل کر بہت ہو جاتا ہے اور قطرہ قطرہ مل کر بہاؤ بن جاتا ہے یعنی جس میں

قوت ندارد سنگ خوردہ نگاہ میدارد تا وقت فرصت دمار از دماغ
طاقت نہیں ہوتی وہ آکر لگے ہوئے پتھر کو احتیاط سے رکھدیتا ہے تاکہ موقع پاکر دشمن کے سر کا

خصم برآرد
بھیجا نکال دے

شعر

قَطْرٌ عَلٰی قَطْرٍ اِذَا اتَّفَقَتْ نَهْرٌ | وَنَهْرٌ اِلٰی نَهْرٍ اِذَا اجْتَمَعَتْ بَحْرٌ
قطرے سے قطرہ مل جائے تو نہر ہے | اور نہر میں نہر مل جائے تو دریا ہے

شعر

اندک اندک بہم شود بسیار | دانہ دانہ ست غلہ در انبار
تھوڑا تھوڑا مل کر بہت ہو جاتا ہے | غلہ ڈھیر میں دانہ دانہ ہے

---

[1] شہوت حلال یعنی وہ چیزیں کہ ضروری ہیں اور انسان اُن کے لئے مجبور ہے وہ سب اُس کے لئے جائز اور حلال ہیں اچھا کھانا اور پہننا ناجائز نہیں مگر دکھاوے کے لئے کھانا پہننا چھوڑ دینا حرام ہے ۱۲

حکمت عالم را نشاید کہ سفاہت از عامی بحلم درگذارد کہ ہر دو طرف

عالم کے لئے مناسب نہیں ہے کہ عام آدمی کی بیوقوفی پر بردباری برتے اسلئے کہ اسمیں

رازیاں دارد ہیبت ایں کم شود و جہل آں مستحکم **شعر**

جانبین کا نقصان ہے۔ اس کی ہیبت کم ہو جائے گی اور اسکی جہالت مضبوط ہو جائیگی

چو با سفلہ گوئی بلطف و خوشی | **فزوں گردد ش کبر و گردن کشی**

جب کمینہ سے تو مہربانی اور خوشی سے بات کریگا | تو اُس کا تکبر اور اکڑ بڑھ جائے گی

حکمت معصیت از ہر کہ صادر شود ناپسندست و از علما ناخوبتر

گناہ جس سے بھی ہو بُرا ہے | اور علماء سے بہت ہی بُرا ہے

کہ علم سلاح جنگ شیطان ست و خداوند سلاح را چوں باسیری

اس لئے کہ علم شیطان سے لڑنے کا ہتھیار ہے | اور ہتھیار بند کو جب قید کر لیتے ہیں

برند شرمساری بیش برد **مثنوی**

تو وہ زیادہ شرمندہ ہوتا ہے

عامیٔ ناداں پریشاں روزگار | **بہ ز دانشمند نا پرہیزگار**

جاہل عام آدمی پریشان حال | پڑھے لکھے بدکار سے اچھا ہے

کاں بنا بینائی از راہ اوفتاد | **ویں دو چشمش بود در چاہ اوفتاد**

اس لئے کہ وہ تو اندھے پن سے راستہ سے بھٹکا | اگر دو آنکھیں تھیں کنوئیں میں گرا

حکمت جان[1] در حمایت یکدم ست و دنیا وجودے میان دو عدم

جان ایک سانس کی حفاظت میں ہے | اور دنیا ایک وجود ہے جو دو عدموں میں گھرا ہوا

دین بدنیا فروشاں خرند یوسفؑ را فروشند تا چہ خرند آیۃ اَلَمْ اَعْہَدْ

ہے دنیا کے بدلے دین کو بیچنے والے گدھے ہیں کہ یوسف کو بیچ رہے ہیں پھر کیا خریدینگے | اے بنی آدم کیا

اِلَیْکُمْ یَا بَنِیْ آدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطَانَ ۚ **بیت**

میں نے تم سے یہ عہد نہ لیا تھا کہ تم شیطان کو نہ پوجو گے

بقول دشمن[2] پیمان دوست بشکستی | **ببیں کہ از کہ بریدی و با کہ پیوستی**

دشمن کے کہنے سے تو نے دوست کا عہد توڑ ڈالا | اب غور کر لے تو کس سے کٹا اور کس سے جڑا

---

[1] یعنی حیات کا مدار صرف سانس پر ہے اور دنیا دو عدم کے درمیان ہے یعنی اُس کے پہلے بھی عدم تھا اور بعد کو بھی عدم ہوگا ۱۲ [2] دشمن سے مراد شیطان مردود اور دوست سے مراد خداوند جل شانہ ہے ۱۲

حکمت شیطان با مخلصاں[1] برنیاید و سلطان با مفلساں مثنوی

شیطان کا مخلصوں پر قابو نہیں اور بادشاہ کا مفلسوں پر

دامش مدہ آنکہ بے نمازست — گرچہ دہنش زفاقہ بازست
جو بے نمازی ہے اُس کو قرض بھی نہ دے — اگرچہ فاقہ سے اس کا منہ پھیلا ہوا ہو

کو فرض خدا نمی گذارد — از قرض تو نیز غم ندارد
اس لئے کہ جو خدا کا فرض ادا نہیں کرتا — اُسے تیرے قرض کی بھی فکر نہ ہوگی

فرد

امروز دو مردہ پیش گیرد مرکن — فردا گوید ترا بے ازینجا برکن
آج دو انسانوں کی بقدر لگن تجھ کر سامنے رکھیگا — کل کو کہدیگا یہاں سے ایک مونی اکھاڑ لے

حکمت ہر کہ برزندگی نانش نخورند چوں بمیرد نامش نبرند لذت انگور[2]

جس کی زندگی میں لوگ اُس کی روٹی نہیں کھاتے ہیں جب وہ مرجاتا ہے اس کا نام بھی نہیں لیتے

بیوہ داند نہ خداوند میوہ یوسف صدیق علیہ السلام در خشک سال

ہیں۔ انگور کی لذت بیوہ جانتی ہے نہ کہ بیوں والا۔ یوسف صدیق علیہ السلام قحط کے زمانہ میں

سیر نخورد مے تا گرسنگاں را فراموش نکند مثنوی

پیٹ بھر کر نہ کھاتے تھے تاکہ بھوکوں کو نہ بھول جائیں

آنکہ در راحت و تنعم زیست — او چہ داند کہ حال گرسنہ چیست
جو کہ راحت اور عیش میں جیا — اُسے کیا معلوم کہ بھوکے کا کیا حال ہے

حال درماندگاں کسے داند — کہ باحوال خویش درماند
عاجزوں کا حال وہی جانتا ہے — جو اپنے حالات میں عاجز ہوتا ہے

قطعہ

ایکہ بر مرکب تازندہ سواری ہشدار — کہ خر خارکش سوختہ در آب و گل ست
اے وہ کہ جو دوڑنے والے گھوڑے پر سوار ہے ہوشیار ہو — کہ جلے بھنے لکڑہارے کا گدھا کیچڑ میں پھنسا ہوا ہے

---

[1] مخلص وہ جو خالص خدا کے پوجنے والے: وہ خدا کی عبادت محض خدا کیلئے کرنیوالے ہیں ۱۲ [2] یہ حکم از راہ تہدید ہے نہ کہ از راہ شرع ۱۲
[3] یعنی زندگی میں جس سے فیض نہیں پہونچ سکتا اُس کے مرنے کے بعد کوئی اُس کا نام بھی نہیں لیتا ۱۲

آتش از خانۂ ہمسایۂ درویش مخواہ | کانچہ از روزنِ او میگذرد دودِ دل ست
درویش پڑوسی کے گھر سے آگ نہ مانگ | اس لئے کہ اس کے سوراخ سے جو نکلے گا وہ دل کا دھواں ہے

پند درویش ضعیف حال را در خشکیِ تنگ سال مپرس کہ چونی الّا مگر
ضعیف حال فقیر کو قحط سالی کی تنگی میں نہ پوچھ کہ تو کیسا ہے

بشرط آنکہ مرہمے بر ریش نہی و معلومے پیش **قطعہ**
اس شرط سے کہ زخم پر تو مرہم رکھے اور کچھ نقد پیش کرے

خرے کہ بینی وبالۂ بگل در افتادہ | بدل برو شفقت کن ولے مزن برسش
گدھے اور بوجھ کو جب کیچڑ میں گرا ہوا تو دیکھے | تو دل ہی دل میں اس پر رحم کھا لے لیکن اس کے پاس نہ جا

کنونکہ رفتی و پرسیدیش کہ چون افتاد | میاں ببند و چو مرداں بگیر دستِ خرش
اب جبکہ تو گیا اور دریافت کیا کہ کیسے گر گیا | تو پھر کمر کس لے اور بہادروں کی طرح اس کے گدھے کی مہار پکڑ

حکمت دو چیز مخالفِ عقل ست خوردنِ بیش از رزقِ مقسوم و مردن
دو باتیں بالکل عقل کے خلاف ہیں قسمت کے رزق سے زیادہ کھانا اور مقررہ

پیش از وقتِ معلوم **قطعہ**
وقت سے پہلے مرنا

قضا گر نشود در ہزار نالہ و آہ | بشکر یا بشکایت برآید از دہنے
ہزار نالوں اور آہوں سے بھی تقدیر نہیں ٹلتی ہو | خواہ منہ سے شکر ادا ہو یا شکایت نکلے

فرشتہ کہ وکیل ست بر خزائنِ باد | چہ غم کند کہ بمیرد چراغِ پیرزنے
جو فرشتہ ہوا کے خزانوں پر مقرر ہے | اسے کیا پروا کہ کسی بوڑھیا کا چراغ بجھ رہا ہے

پند اے طالبِ روزی بنشیں کہ بنخوری و اے مطلوبِ اجل مرو کہ بجاں نہ بری
اے روزی کے طالب بیٹھ جا کہ تو روزی کھائیگا اور اے موت کے مطلوب نہ بھاگ کہ تو جان نہ بچا سکے گا

قطعہ

جہدِ رزق اربکنی ورنکنی | برساند خدائے عزّ و جل
روزی کی کوشش خواہ تو کرے یا نہ کرے | خدائے بزرگ و برتر تجھے پہونچا دے گا

ور روی در دہانِ شیر و پلنگ | نخورندت مگر بروزِ اجل
اور اگر تو شیر اور تیندوے کے منہ میں چلا جائے گا | موت کے دن بغیر وہ تجھے نہ کھائیں گے

حکمت توانگر فاسق کلوخ زر اندود ست و درویش صالح شاہد
بدکار مالدار سونے کا ملمع کیا ہوا ڈھیلا ہے اور نیک فقیر خاک آلود

خاک آلود وایں یکے دلق موسیٰ ست مرقع وآں ریش فرعون مرصع و
معشوق ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیوند لگی گدڑی ہے اور وہ موتی پروئی ہوئی فرعون کی داڑھی

لیکن شدت نیکاں روی در فرج دارد و دولت بداں سر در نشیب
ہے لیکن نیکوں کی سختی کا رخ خوشی کی طرف ہے اور بدوں کی دولت کا سر پستی کی طرف ہے

قطعہ

ہر کرا جاہ و دولت ست بداں
جس کے پاس رتبہ اور دولت ہے اس سے

خبرش دہ کہ ہیچ دولت و جاہ
اس سے کہدو کہ کوئی دولت اور رتبہ

خاطر خستہ در نخواہد یافت
وہ ٹوٹے ہوئے دلوں کی دلجوئی نہیں کریگا

بسرائے دگر نخواہد یافت
عالم آخرت میں نہ پائے گا

حکمت حسود از نعمت حق بخیل ست کہ بندۂ بے گناہ را دشمن میدارد
حاسد اللہ کی نعمت پر بخل کرنے والا ہے کہ بے قصور بندہ سے دشمنی رکھتا ہے

قطعہ

مردکے خشک مغز را دیدم
ایک خشک دماغ انسان کو میں نے دیکھا

گفتم اے خواجہ گر تو بدبختی
میں نے کہا اے جناب اگر آپ بدبخت ہیں

رفتہ در پوستین صاحب جاہ
ایک صاحب رتبہ کی عیب جوئی کر رہا تھا

مردم نیک بخت را چہ گناہ
تو نیک بخت انسان کا کیا قصور

قطعہ

الا تا نخواہی بلا بر خود
خبردار تو حاسد کیلئے کسی مصیبت کا خواستگار نہ بن

چہ حاجت کہ بادے کنی دشمنی
تجھے کیا ضرورت کہ تو اس سے دشمنی کرے

کہ آں بخت برگشتہ خود در بلاست
اس لئے کہ وہ بدنصیب خود مصیبت میں ہے

کہ وے را چناں دشمن اندر قفاست
اس کے تو ویسے ہی دشمن پیچھے پڑا ہے

حکمت تلمیذِ بے ارادت عاشقِ بے زر ست و روندۂ بے معرفت
بدعقیدہ شاگرد مفلس عاشق ہے ۔ رستہ کی پہچان نہ رکھنے والا مسافر

مرغ بے پر و عالمِ بے عمل درختِ بے بر و زاہدِ بے علم خانۂ بے در مراد
بے پر کا پرند ہے اور بے عمل عالم بے پھل کا درخت ہے اور جاہل عباد تگذار بدون دروازے کا گھر ہے

از نزولِ قرآن تحصیل سیرتِ خوب ست نہ ترتیلِ سورتِ مکتوبِ عامی
قرآن کے نازل ہونے کا مقصد اچھی عادت سیکھنا ہے نہ محض لکھی ہوئی سورت پڑھنا ہے

متعبّدِ پیادہ رفتہ ست و عالمِ متہاون سوارِ خفتہ عاصی کہ دست بردارد
جاہل عبادت گذار پیدل چلنے والا ہے ۔ سست عالم سویا ہوا سوار ہے وہ گنہگار جو دعا کے لئے ہاتھ

بہ از عابد کہ در سر دارد **بیت**
اُٹھاتا ہے مغرور عباد تگذار سے بہتر ہے

سر ہنگِ لطیف خوی دلدار | بہتر ز فقیہِ مردم آزار
نرم مزاج دلداری کرنے والا سپاہی | لوگوں کو ستانے والے عالم سے بہتر ہے

قول یکے را گفتند عالمِ بے عمل بچہ ماند گفت بزنبورِ بے عسل
کسی سے لوگوں نے دریافت کیا بے عمل عالم کس سے مشابہ ہے اُس نے کہا بے شہد کی بھڑ سے **بیت**

زنبورِ درشتِ بے مروت رگوی | بارے چو عسل نمیدہی نیش مزن
بدمزاج بے مروت بھڑ سے کہو | آخر جب تو شہد نہیں دیتی ہے تو ڈنک بھی نہ مار

قول مردِ بے مروت زن ست و عابد باطمع راہزن **قطعہ**
بے مروت مرد عورت ہے اور لالچی عبادت گذار ڈاکو ہے

اے بناموس جامہ کردہ سپید | بہرِ پندارِ خلق و نامہ سیاہ
اے مکاری سے سفید کپڑے پہنے ہوئے | مخلوق کو دھوکا دینے کیلئے اور نامۂ اعمال کو سیاہ کیے ہوئے

دست کوتاہ باید از دنیا | آستیں[1] چہ دراز و چہ کوتاہ
دنیا سے ہاتھ کوتاہ ہونا چاہیے | آستین خواہ لمبی ہو خواہ چھوٹی

حکمت دو کس را حسرت از دل نرود و پائے تغابن از گِل برنیاید
دو آدمیوں کے دل سے حسرت نہیں نکلتی اور ٹوٹے کا پیر دلدل سے نہیں نکلتا

---

[1] اکثر عابد زاہد لوگ وضو کی آسانی کے لئے آستینیں چھوٹی رکھتے ہیں اور امرا اور دولت مند زیب و زینت کے لئے لمبی آستین رکھتے ہیں تو شیخ کا مطلب یہ ہے کہ آستین (باقی برصفحہ آئندہ)

تاجر کشتی شکستہ و وارث باقلندراں[1] نشستہ قطعہ

کشتی ٹوٹا سوداگر بدمعاشوں کی صحبت میں بیٹھنے والا وارث۔

پیش درویشاں بود خونت مباح
فقیروں کے نزدیک تیرا خون بہانا جائز ہو

گر نباشد در میان مالت سبیل
اگر تیرے مال میں سے صدقہ نہیں ہوتا ہے

یا مرو با یارِ ازرق پیرہن
یا تو نیلے کرتے والے یار کے ساتھ نہ جا

یا بکش بر خان و ماں انگشت نیل
یا گھر بار پر خاک ڈال

یا مکن با پیلباناں دوستی
یا ہاتھی والوں سے دوستی نہ کر

یا بنا کن خانہ در خورد پیل
یا ہاتھی کے مناسب گھر بنالے

حکمت

خلعتِ سلطاں اگرچہ عزیز ست جامۂ خلقانِ خود ازاں
شاہی خلعت اگرچہ قیمتی ہے لیکن اپنا پرانا کپڑا اُس سے زیادہ

بعزت تر دخوانِ بزرگاں اگرچہ لذیذ خردۂ انبانِ خویش ازاں بہ لذت تر
باعزت ہے اور بڑوں کا دسترخوان اگرچہ لذیذ ہے مگر اپنی جھولی کے ٹکڑے اس سے زیادہ مزیدار ہیں

بیت

سر کہ از دستِ رنجِ خویش وترہ
اپنے ہاتھ کی محنت کا سرکہ اور سبزی

بہتر از نان دہ خدائے وبرہ
زمیندار کی روٹی اور بکری کے بچہ سے بہتر ہے

حکمت

خلافِ راہِ صواب ست وعکسِ رائے اُولوالالباب ادرد
درست راستہ کے خلاف ہے اور عقلمندوں کی رائے کے برعکس وہم کے بنا پر

بگاں خوردن و راہِ نادیدہ بے کارواں رفتن امامِ[3] مرشد محمد غزالی را
دوا پینا اور بدون دیکھا راستہ بغیر قافلہ کے چلنا امام مرشد محمد غزالی

(بقیہ صفحہ گذشتہ) چاہے چھوٹی ہو اور چاہے لمبی ہو۔ اس سے کام نہیں چلتا نہ اُس کی ضرورت بلکہ دنیا سے ہاتھ کوتاہ کرنا اصل چیز ہے ۱۲ (متعلقہ صفحہ ہذا) [1] قلندروں سے مراد وہی اوباش اور بدمعاش لوگ ہیں ۱۲ [2] یعنی اگر تجھ سے فقیروں کو کوئی فیض نہیں پہنچا تو تیرا خون بہانا اُن کے نزدیک جائز ہے یہ از روئے تہدید ہے نہ کہ شرعاً یعنی یا تو بدمعاشوں میں نہ بیٹھ اور یا پھر خاندان کو برباد اور بدنام کردے ۱۲ [3] امام غزالی۔ آپ کا نام محمد تھا۔ غزالہ ایک گاؤں ملکِ ایران میں شہر طوس کے ملحقات اور توابع میں تھا وہاں کے آپ رہنے والے تھے اسیواسطے اس سے منسوب ہیں۔ آپ اکابر اہل سنت سے ہیں اور احیاء العلوم کیمیائے سعادت وغیرہ بہت سی کتب آپکی تصانیف سے ہیں آپکا انتقال پانچسو بتیس ۵۳۲ ہجری میں ہوا۔

رحمۃ اللہ علیہ پرسیدند کہ چگونہ رسیدی بدیں منزلت در علوم گفت بدانکہ

رحمۃ اللہ علیہ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ علوم میں اس مرتبہ پر آپ کیسے پہونچے انہوں نے فرمایا اس طرح کہ

ہرچہ ندانستم از پرسیدنِ آں ننگ ندانستم **قطعہ**

جو کچھ میں نہ سمجھا اس کے پوچھنے میں میں نے ذلت نہ سمجھی

امیدِ عافیت آنگہ بود موافقِ عقل | کہ نبض را بہ طبیعت شناس بنمائی

عقل کے مطابق آرام کی امید جب ہوتی ہے | جب نبض مزاج شناس کو تو دکھائے

بپرسِ ہرچہ ندانی کہ ذلِ پرسیدن | دلیلِ راہِ تو باشد بعزِ دانائی

جو کچھ سمجھ میں نہ آتا ہو پوچھ اس لئے کہ پوچھنے کی ذلت | تجھے عقلمندی کی عزت کا راستہ بتائیگی

حکمت ہرچہ دانی کہ ہر آئینہ معلومِ تو خواہد شد بپرسیدنِ آں تعجیل

جس چیز کے بارے میں تجھے یقین ہے کہ وہ تیرے علم میں آئے گی اُس کے پوچھنے میں جلدی

مکن کہ ہیبتِ سلطنت رازیاں دارد **قطعہ**

نہ کر اس لئے کہ اس سے سلطنت کی ہیبت جاتی رہے گی

چو لقمان[1] دید کاندر دستِ داؤدؑ | ہمی آہن بمعجز موم گردد

جب لقمان نے دیکھا کہ داؤدؑ کے ہاتھ میں | یہی لوہا معجزہ سے موم ہو جاتا ہے

نپرسید شش چہ می سازی کہ دانست | کہ بے پرسیدنش معلوم گردد

تو اُس سے اُن سے نہ پوچھا کہ آپ کیا بناتے ہیں | اسلئے کہ جانتا تھا کہ اُن سے پوچھے بدوں معلوم ہو جائیگا

قول ہر کہ با بداں نشیند اگرچہ طبیعت ایشاں نگیرد لیکن بطریق ایشاں

جو بدوں کی صحبت اختیار کرے اگرچہ اُن کی عادت اختیار نہ کرے لیکن اُن کی عادتوں کے ساتھ

متہم گردد چنانکہ اگر شخصے بخرابات رود بنماز کردن منسوب گردد بخمر خوردن

متہم ہو جائیگا جیسا کہ اگر کوئی شراب خانہ میں نماز پڑھنے جائے تو وہ شراب خوار کہلائے گا

مثنوی

رقم بر خود بنادانی کشیدی | کہ ناداں را بصحبت برگزیدی

تو نے اپنے اوپر نادانی کا ٹیکا لگایا | جب کہ نادان کو تو نے صحبت کیلئے پسند کیا

---

[1] لقمان ایک بہت بڑے حکیم کا نام تھا بعض آپ کو نبی جانتے ہیں ۱۲ [2] حضرت داؤد علیہ السلام حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد کا نام تھا آپ نبی تھے اور آپ کا معجزہ یہ تھا کہ لوہا آپ کے ہاتھ میں نرم ہو جاتا تھا اسی لئے زرہ سازی آپکا کسب و حرفہ تھا

طلب کردم زدانایاں یکے پند
میں نے عقلمندوں سے ایک نصیحت چاہی
مرا گفتند با ناداں میپوند
انہوں نے مجھے کہا نادان سے نہ جڑ

کہ گر دانائے دہری خربباشی
اس لئے کہ تو اگر تمام زمانہ کا عقلمند ہو گدھا بنجائیگا
وگر نادانی ابلہ تر بباشی
اور اگر تو نادان ہے پرلے درجہ کا احمق بنجائیگا

حکمت حلم شتر چنانکہ معلوم ست اگر طفلے مہارش گیرد و صد فرسنگ بَرد
اونٹ کی بردباری جیسا کہ معلوم ہے اگر ایک بچہ اُس کی مہار پکڑلے اور سو فرسخ لے جائے

گردن از متابعتش برنہ پیچد اما اگر درّہ ہولناک پیش آید کہ موجب ہلاک باشد
اُس کی تابعداری سے گردن نہ موڑے گا لیکن اگر کوئی خوفناک درّہ سامنے آجائے جو ہلاکت کا سبب ہو

وطفل آنجا بنادانی خواہد رفتن زمام از کفش در گسلاند و دیگر مطاوعت نکند
اور بچہ اُس جگہ نادانی سے جانا چاہے تو مہار اُس کے ہاتھ سے چھڑالے گا اور کبھی تابعداری نہ کرے گا

کہ ہنگام درشتی ملاطفت مذموم ست و گویند دشمن بملاطفت دوست
اس لئے کہ سختی کے موقع پر نرمی برتنا بُرا ہے اور کہتے ہیں کہ دشمن نرمی سے دوست نہیں بن جاتا ہے

نگردد بلکہ طمع دشمنی زیادت کند **قطعہ**
بلکہ دشمنی کا اور زیادہ لالچ کرتا ہے

کسے کہ لطف کند با تو خاکپاش باش
جو تیرے ساتھ مہربانی کرے تو اُس کی خاکپا بنجا
وگر خلاف کند در دو چشمش آگن خاک
اور اگر اختلاف کرے تو اُس کی دونوں آنکھوں میں دھول جھونک دے

سخن بلطف و کرم با درشت خوی مگوی
سخت مزاج والے سے نرمی اور مہربانی سے بات نہ کر
کہ زنگ خوردہ نگردد مگر بسوہان پاک
اس لئے کہ زنگ چڑھا ہوا ریتی ہی سے صاف ہوتا ہے

حکمت ہر کہ در پیش سخن دیگراں افتد تا مایہ فضلش بدانند پایہ جہلش
جو دوسروں سے بڑھ کر بولتا ہے تاکہ لوگوں کو اُس کی بزرگی کا مرتبہ معلوم ہوجائے تو لوگ

شناسند **قطعہ**
اُسکے جہل کے مرتبہ کو پہچان جاتے ہیں

ندہد مرد ہوشمند جواب
عقلمند مرد اُس وقت تک جواب نہیں دیتا ہے
مگر آنگہ کہ زو سوال کنند
جب تک کہ لوگ اُس سے سوال نہ کریں

گرچہ برحق بود فلاخ سخن
لمبی چوڑی باتیں کرنے والا اگرچہ حق پر ہو
حمل دعویش بر محال کنند
لوگ اُس کے دعوے کو ناممکن سمجھتے ہیں

حکمت ریشے درونِ جامہ داشتم و شیخ رحمۃ اللہ علیہ ہر روز پرسیدے
میرے ایک پوشیدہ مقام پر زخم تھا اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ ہر روز دریافت فرماتے

کہ چون ست و نپرسیدے کہ کجاست دانستم کہ ازاں احتراز می کند
کہ اب کیسا ہے اور یہ نہ پوچھے کہ کہاں ہے میں سمجھ گیا کہ اس سے بچ رہے ہیں

کہ ذکرِ ہمہ عضوے روا نباشد و خردمنداں گفتہ اند ہر کہ سخن نسنجد از جواب
کہ تمام اعضاء کا نام لینا مناسب نہیں ہوتا ہے اور عقلمندوں نے کہا ہے جو بات تول کر نہیں کرتا جواب سے

برنجد
تکلیف اٹھاتا ہے

قطعہ

تا نیک ندانی کہ سخن عین صواب است
جب تک تو خوب نہ سمجھ لے کہ بات بالکل ٹھیک ہے

باید کہ بگفتن دہن از ہم نکشائی
یہ چاہئے کہ کہنے کے لئے منہ نہ کھولے

گر راست سخنگوئی و در بند بمانی
اگر تو سچ کہے اور پکڑا جائے

بہ زانکہ دروغت دہد از بند رہائی
یہ اس سے بہتر ہے کہ تجھے جھوٹ قید سے چھڑائے

حکمت دروغ گفتن بضرورت لازم بماند کہ اگر نیز جراحت درست
جھوٹ بولنا کاری چوٹ کی طرح ہے اگر زخم بھی اچھا ہو جائے

شود نشاں بماند نہ بینی کہ برادرانِ یوسف[1] علیہ السلام بدروغے کہ موسوم
نشان باقی رہے گا کیا تو نے نہیں دیکھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی جبکہ ایک جھوٹ میں ملوث

شدند بر راست گفتنِ ایشاں اعتماد نہ ماند قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ
ہو گئے ان کے سچ بولنے پر بھی بھروسہ نہ رہا اُن کے والد نے فرمایا بلکہ سنواری ہے تمہارے نفسوں نے تمہارے لئے

---

[1] چونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کو اُن کے بھائیوں نے کنویں میں ڈال کر اپنے باپ یعنی حضرت یعقوب علیہ السلام سے آکر یہ کہدیا تھا کہ یوسف کو بھیڑیا کھا گیا اور یہ ایک جھوٹ تھا پھر جبکہ حضرت یوسف علیہ السلام مصر کے فرمانروا ہوئے اور سات سال کا قحط پڑا تو آپ نے ضرورتمندوں کو غلہ تقسیم کرانا شروع کیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی یہ شہرہ سن کر غلہ لینے مصر گئے تو دوسری دفعہ بنیامین جو حضرت یوسف علیہ السلام کے چھوٹے بھائی تھے وہ بھی اُن کے ساتھ گئے آپؑ نے ایک چاندی کا پیمانہ اُن کے سامان میں رکھوا دیا چونکہ اس زمانہ میں قاعدہ یہ تھا کہ جو چور ہوتا اُس کو اس مال کے نکلنے پر روک لیا جاتا تھا اسی قاعدہ کے مطابق ان کو روک کیا جب بھائی کنعان واپس گئے اور یہ واقعہ ظاہر کیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس بات کو بھی سچ نہ جانا اور پہلے کی طرح فرمایا قال بل سولت لکم انفسکم امرا فصبر جمیل۔ بلکہ آراستہ است نفسہائے شما برائے شما کارہا پس صبر بہتر است ۱۲

قطعہ

اَمرًا
بات

یکے را کہ عادت بود راستی
جس کی عادت سچ بولنا ہوتی ہے
وگر نامور شد بناراستی
اور اگر جھوٹ میں کوئی مشہور ہو جائے

خطائے رود در گذارند ازو
اس سے کوئی غلطی ہو جاتی ہو تو درگذر کرتے ہیں
دگر راست باور ندارند ازو
پھر اس کا سچ بھی باور نہیں کرتے ہیں

حکمت اجلّ کائنات از روئے ظاہر آدمی ست واذلّ موجودات
بظاہر کائنات میں سب سے بہتر آدمی ہے اور تمام موجودات میں سب سے

سگ وباتفاق خردمنداں سگِ حق شناس بہ از آدمیِ ناسپاس **قطعہ**
زیادہ ذلیل کتا ہے اور عقلمندوں کے نزدیک بالاتفاق حق شناس کتا ناشکرے آدمی سے بہتر ہے

سگے را لقمہ ہرگز فراموش
کتا ایک لقمہ کو نہیں بھولتا
وگر عمرے نوازی سفلہ را
اور اگر تمام عمر بھی کسی کمینہ کو تو نوازیگا

نگردد گر زنی صد نوبتش سنگ
خواہ تو سو بار اُس کو پتھر مارے
بکمتر چیزے آید با تو در جنگ
تھوڑے معاملہ میں تجھ سے لڑائی پر آمادہ ہو جائیگا

حکمت از نفس پرور ہنر پروری نیاید و۔ بے ہنر سروری را نشاید
نفس پرور سے ہنر پروری نہیں ہو سکتی اور بے ہنر سرداری کے لائق نہیں ہے

مثنوی

کمن رحم بر مردِ بسیار خوار
بہت کھانیوالے انسان پر رحم نہ کر
چوگاؤ ارہمی بایدت فربہی
اگر تو بیل کا سا موٹا پا چاہتا ہے

کہ بسیار خوارست بسیار خوار
اس لئے کہ بہت کھانے والا بہت ذلیل ہے
چو خر تن بجورِ کساں دردہی
تو گدھے کی طرح لوگوں کے ظلم کیلئے تیار ہو جا

حکمت در انجیل[1] آمدہ است کہ اے فرزندِ آدم اگر تو انگری دہمت
انجیل میں آیا ہے کہ اے آدم (علیہ السلام) کی اولاد اگر ہم تجھے مالداری دیدیں گے

---

[1] انجیل وہ کتاب آسمانی جو حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھی ۱۲

مشتغل شوی بمال از من و اگر درویش کنمت تنگدل نشینی بس حلاوت

تو تو مال میں پھنس کر ہم سے غافل ہو جائے گا اور اگر ہم تجھے فقیر کر دیں گے رنجیدہ ہو کر بیٹھ جائیگا تو پھر ہماری یاد

ذکر من کجا دریابی و بعبادت من کے شتابی قطعہ

کی مٹھاس تو کہاں محسوس کرے گا اور ہماری عبادت کیلئے کب دوڑے گا

گہ اندر نعمتے مغرور و غافل | گہ اندر تنگدستی خستہ و ریش

کبھی تو دولت میں مغرور اور غافل ہے | کبھی تنگدستی میں رنجیدہ اور زخمی ہے

چو در سرّا و ضرّا حالت اینست | ندانم کے بحق پردازی از خویش

جب خوشی اور رنج میں یہ حالت ہے | مجھے معلوم نہیں کہ خود کو چھوڑ کر تو عبادت میں کب لگیگا

حکمت ارادتِ[1] بیچوں یکے را از تختِ شاہی فرود آرد و یکے را در

اللہ کا ارادہ ایک کو تو تختِ شاہی سے اُتار دیتا ہے اور ایک کو مچھلی

شکمِ ماہی نکو دارد بیت

کے پیٹ میں اچھی حالت میں رکھتا ہے

وقت ست خوش آں را کہ بود ذکرِ تو مونس | در خود بود اندر شکمِ حوت چو یونس

اُسکا وقت بہت اچھا ہے تیرا ذکر جس کا غم خوار ہو | خواہ خود وہ مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس کی طرح ہو

حکمت اگر تیغِ قہر برکشد نبی و ولی سر در کشد و اگر غمزۂ لطف بجنباند

اگر اللہ تعالیٰ قہر کی تلوار سونت لیں تو نبی اور ولی سر چھپاتے پھریں اور اگر مہربانی کا

بداں را بہ نیکاں در رساند قطعہ

اشارہ کریں تو بُرے کو بھلے کے رتبہ پر پہونچا دیں

گر بہ[2] محشر خطابِ قہر کند | انبیا را چہ جائے معذرت است

اگر قیامت میں غصہ سے خطاب کریں | تو انبیاء کیلئے بھی عذر خواہی کا موقع نہ رہے

پردہ از روئے لطف گوہر دار | کاشقیا را امیدِ مغفرت است

کہدو کہ مہربانی کے چہرے سے پردہ ہٹائیں | اسلئے کہ بدبختوں کو بھی مغفرت کی امید ہے

---

[1] پہلے فقرہ میں تلمیح ہے قصۂ حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف اور دوسرے میں حضرت یونس علیہ السلام کی طرف ۱۲

[2] اگر محشر میں وہ غصہ کر کے خطاب کرے تو انبیا اور اولیا بھی لرز جائیں اور اگر وہ مہربانی کرے تو شیطان کو بھی رحمت کی امید ہو جائے ۵

بہ تہدید گر برکشد تیغ حکم ، بمانند گویان صم و بکم ؛ اگر دردہد یک صلائے کرم ، عزازیل گوید نصیبے بہم

حکمت ہر کہ بتادیب دنیا راہِ صواب برنگیرد بتعذیبِ عقبیٰ گرفتار

جو دنیا کے ادب سکھانے سے سیدھا راستہ نہ چلے آخرت کے عذاب میں پکڑا جاتا

آید وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ فرد

ہے اور البتہ ہم چکھاتے ہیں ان کو چھوٹا عذاب بڑے عذاب سے پہلے

پند ست خطاب مہتراں انگہ بند | چوں پند دہند شنوی بند نہند

بزرگ ابتداءً نصیحت کرتے ہیں پھر قید کرتے ہیں جب وہ نصیحت کریں اور تو نہ سنے پھر بیڑی ڈالتے ہیں

نیکبختاں بحکایت وامثالِ پیشینگاں پند گیرند ازاں پیش کہ پسینیاں

نیک بخت لوگ پہلے لوگوں کے قصوں اور مثالوں سے اس سے قبل نصیحت حاصل کر لیتے ہیں

بواقعۂ او مثل زنند و دزداں دست کوتاہ نکنند تا دستِ شان کوتاہ نکنند

کہ بعد میں آنے والے اس کے واقعہ کو مثال کے طور پر بیان کریں اور چور اسوقت تک ہاتھ نہیں سکوڑتے جبتک انکا ہاتھ نہ کاٹیں

قطعہ

نرود مرغ سوئے دانہ فراز | چوں دگر مرغ بیند اندر بند

پرند دانے کی طرف نہیں بڑھتا ہے جب دوسرے پرند کو جال میں پھنسا دیکھتا ہے

پند گیر از مصائبِ دگراں | تا نگیرند دیگراں بتو پند

تو دوسروں کی مصیبت سے نصیحت حاصل کرلے تاکہ دوسرے تجھے دیکھکر نصیحت حاصل نہ کریں

حکمت آں راکہ گوشِ ارادت کراں آفریدہ اند چوں کند کہ بشنود

جس کے عقیدے کے کان بہرے پیدا کئے ہیں وہ کیسے سنے

وآں راکہ کمندِ سعادت می بردچہ کند کہ نرود

اور جس کو نیک بختی کی کمند کھینچ رہی ہے وہ نہ جائے تو کیا کرے

قطعہ

شبِ تاریکِ دوستانِ خدای | می بتابد چو روزِ رخشندہ

خدا کے دوستوں کی اندھیری رات بھی روشن دن کی طرح چمکتی ہے

ویں سعادت بزورِ بازو نیست | تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اور یہ نیک بختی قوت بازو سے حاصل نہیں ہوتی جب تک دینے والا خدا نہ دے

رباعی از تو بکہ نالم کہ دگر داور نیست | وز دستِ تو ہیچ دست بالاتر نیست

تیرا شکوہ میں کس سے کروں کیونکہ اور کوئی حاکم نہیں ہے اور تیرے ہاتھ سے کوئی اونچا ہاتھ نہیں ہے

آں راکہ تورہ دہی کسے گم نکند
جس کو تو راستہ دکھادے اس کو کوئی نہیں بھٹکا سکتا ہے

واں راکہ تو گم کنی کسے رہبر نیست
جس کو تو گمراہ کردے اُسکے لئے کوئی راہبر نہیں ہے

حکمت گدائے نیک انجام بہ از بادشاہِ نافرجام **بیت**
نیک انجام فقیر بدانجام بادشاہ سے بہتر ہے

غمے کز پیش شادمانی بری
وہ غم جس کے بعد تجھے خوشی حاصل ہو

بہ از شادے کز پیش غم خوری
اس خوشی سے اچھا ہے جس کے بعد تو غمگین ہو

حکمت زمین را از آسماں نثار ست و آسماں را از زمین غبار
آسمان زمین پر نچھاور کرتا ہے اور زمین آسمان پر دھول اُڑاتی ہے

کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْہِ **فرد**
ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اُس میں ہوتا ہے

گرت خوئے من آمد ناسزاوار
اگر تجھے میری بُری عادت ناگوار ہے

تو خوئے نیکِ خویش از دست مگذار
تو اپنی بھلی عادت ہاتھ سے نہ جانے دے

حکمت خداوند تبارک و تعالیٰ می بیند و می پوشد و ہمسایہ نمی بیند و
خدائے بزرگ و برتر دیکھتا ہے اور پردہ پوشی کرتا ہے اور پڑوسی نہیں دیکھتا اور

می خروشد **بیت**
شور مچاتا پھرتا ہے

نعوذ باللہ اگر خلق غیب داں بودے
خدا کی پناہ اگر مخلوق غیب داں ہوتی

کسے بحال خود از دست کس نیاسودے
کوئی بھلے بُرے حال میں کسی کے ہاتھ سے آرام سے نہ رہتا

حکمت زر از معدن بکان کندن بدر آید و از دستِ بخیل بجان
سونا کان سے کان کنی کے بعد نکلتا ہے اور بخیل کے ہاتھ سے جان کنی

کندن **قطعہ**
کے بعد

دوناں نخورند گوشہ دارند
کمینے کھاتے نہیں ہیں اور حفاظت کرتے ہیں

گویند امید بہ کہ خورد
کہتے ہیں کھانے کی تمنا کھانے سے بہتر ہے

روزے بینی بکامِ دشمن
دشمنوں کی خواہش کے مطابق تو ایک روز دیکھیگا

زر ماندہ و خاک سار مردہ
کہ سونا دھرا ہے اور خاکسار مردہ ہے

حکمت هر که بر زیردستاں نه بخشاید بجور زبردستاں گرفتار آید
جو کمزوروں پر رحم نہیں کرتا ہے وہ زبردستوں کے ظلم میں پھنستا ہے

مثنوی

نه هر بازو که در وے قوت هست | بمردی عاجزاں را بشکند دست
مناسب نہیں ہے کہ جس بازو میں زور ہو | وہ مردانگی سے کمزوروں کا ہاتھ توڑے
ضعیفاں را مکن بردل گزندے | که درمانی بجور زورمندے
کمزوروں کے دل زخمی نہ کر | ورنہ کسی زبردست کے ظلم میں گھر کر رہ جائیگا

حکایت درویشے بمناجات درمی گفت یارب بربداں رحمت
ایک فقیر دعا میں کہہ رہا تھا اے خدا بدوں پر رحمت کر

کن که بر نیکان خود رحمت کردهٔ که مر ایشاں را نیک آفریدهٔ
اس لئے کہ نیکوں پر تو تونے خود ہی رحمت کی ہے کہ ان کو نیک پیدا کیا ہے

حکمت عاقل چوں خلاف درمیاں آید بهدو چوں صلح بیند لنگر بنهد که
جب اختلاف پڑجاتا ہے تو عقلمند بچ کر نکل جاتا ہے اور جب صلح دیکھتا ہے ٹھہر جاتا ہے

آنجا سلامت بر کنارست وایناجا حلاوت درمیاں
کہ اس وقت سلامتی کنارے پر ہے اور اب مزا بیچ میں ہے

حکمت مقامر را سه شش میباید ولیکن سه یک بر می آید بیت
جواری تین اور چھکا چاہتا ہے لیکن تین اور ایک نکلتا ہے

هزار بار چراگاه خوشتر از میداں | ولیک اسپ ندارد بدست خویش عناں
چراگاہ میدان سے ہزار درجہ بہتر ہے | لیکن گھوڑے کے اپنے ہاتھ میں باگ نہیں ہے

حکایت اول کسے که علم بر جامه کرد و انگشتری در دست چپ
جس نے سب سے پہلے کپڑے پر پھول کڑھوائے اور بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی

جمشید[1] بود گفتندش چرا زینت بچپ دادی که فضیلت راست راست
جمشید تھا لوگوں نے اس سے دریافت کیا کہ تونے بائیں ہاتھ کو کیوں زینت دی فضیلت تو داہنے ہاتھ کو ہے

---

[1] جمشید زمانہ قدیم میں ایک بہت بڑے بادشاہ کا نام تھا ۱۲

گفت راست را زینتِ راستی تمام ست **قطعہ**
اُس نے کہا داہنے ہاتھ کو تو داہنا ہونے کی زینت کافی ہے

فریدوں گفت نقاشانِ چین را | کہ پیرامونِ خرگاہش بدوزند
فریدوں نے چین کے نقاشوں سے کہا | کہ وہ اُس کے خیمہ کے اطراف کو کاڑھ دیں
بداں را نیک دار اے مردِ ہشیار | کہ نیکاں خود بزرگ و نیک روزند
اے ہوشیار مرد بروں کو اچھا بنا | اس لئے کہ نیک تو خود بڑے اور سعادتمند ہیں

حکایت بزرگے را پرسیدند کہ چندیں فضیلت کہ دستِ راست
ایک بزرگ سے لوگوں نے پوچھا کہ اسقدر بزرگی کے ہوتے ہوئے جو داہنے ہاتھ کو حاصل
راست خاتم در انگشتِ چپ چرا می کنند گفت ندانی کہ اہلِ فضیلت ہمیشہ
ہے انگوٹھی بائیں ہاتھ میں کیوں پہنتے ہیں اس نے کہا تجھے یہ معلوم نہیں کہ فضیلت والے ہمیشہ
محروم باشند

محروم رہتے ہیں

شعر

آنکہ حظ آفرید و روزی بخت | یا فضیلت ہمی دہد یا بخت
جس نے فراخی رزق اور تنگی رزق پیدا کی ہے | یا وہ بزرگی دیتا ہے یا نصیب

حکمت نصیحتِ پادشاہانِ مسلم کسے راست کہ بیم سر ندارد یا امیدِ زر
بادشاہوں کو نصیحت کرنا اس کے لئے سزاوار ہے جس کو سر کا خوف نہو یا روپے کی امید رکھتا ہو

مثنوی

موحّد[1] چہ در پائے ریزی زرش | چہ شمشیرِ ہندی نہی بر سرش
توحید پرست خواہ اس کے قدموں پر تو سونا ڈالدے | خواہ ہندی تلوار اسکے سر پر دھرے
امید و ہراسش نباشد ز کس | برین ست بنیادِ توحید و بس
اُس کو کسی سے خوف و امید نہ ہو | بس اسی پر توحید کی بنیاد ہے

حکمت شاہ از بہر دفعِ ستمگاران ست و شحنہ برائے خون خونخواراں
بادشاہ ظالموں کو دفع کرنے کے لئے ہے اور کوتوال خونخواروں کا خون کرنے کیلئے

---

[1] نقاشانِ چین سے مراد خیاط وغیرہ ہیں ۱۲ [2] موحّد خدا کو ایک جان کر اُسی پر بھروسہ رکھنے والا ۱۲

وقاضی مصلحت جوئے طرّاراں ہرگز دو خصم بحق راضی نروند پیش قاضی
اور قاضی جیب کتروں کی اصلاح کرنے کے لئے ہے ایسے دو آدمی جو صحیح بات پر راضی ہو جائیں قاضی کے سامنے نہ جائینگے

قطعہ

چو حق معائنہ دانی کہ می بباید داد | بلطف بہ کہ بجنگ آوری و دلتنگی
اگر حق کے بارے میں تو بخوبی جانتا ہو کہ ادا کرنا چاہیئے | تو خوشی سے ادا کر دینا بہتر ہے لڑائی اور دلتنگی کیساتھ ادا کرنے سے
خراج اگر نگزارد کسے بہ طیب نفس | بقہر از و بستانند و مزد و سرہنگی
اگر کوئی شخص خوشی سے خراج نہیں ادا کرتا | تو جبراً اُس سے وہ بھی وصول کرتے ہیں اور سپاہیانہ بھی

حکمت ہمہ کس را دندان بترشی کند گردد مگر قاضیان را کہ بشیرینی[1]

شعر

سب انسانوں کے دانت کھٹائی سے کند ہوتے ہیں مگر قاضیوں کے شیرینی سے

قاضی[2] کہ برشوت بخورد بیخ خیار | ثابت کند از بہر تو صد خربزہ زار
جو قاضی رشوت میں ککڑی کی جڑ کھائے | وہ تیرے لئے خربوزے کے سو کھیت ثابت کریگا

حکمت قحبۂ پیر از نابکاری چہ کند کہ توبہ نکند و شحنۂ معزول از مردم آزاری

بوڑھی رنڈی اگر نابکاری سے اور برخاست شدہ کوتوال مردم آزاری سے توبہ نہ کرے تو کیا کرے

بیت

جوان گوشہ نشیں شیر مرد راہ خداست | کہ پیر خود نتواند ز گوشہ برخاست
جوان گوشہ نشین راہ خدا کا شیر مرد ہے | اسلئے کہ بوڑھا سے تو خود گوشہ سے اُٹھا ہی نہیں جاتا ہو
جوان سخت پے باید کہ از شہوت بپرہیزد | کہ پیرست رغبت را خود آلت برنمی خیزد
مضبوط پٹھے والے جوان کو شہوت سے بچنا چاہیئے | سست رغبت بوڑھے کو خود ہی خیزش نہیں ہوتی ہے

حکمت حکیمے نامور را پرسیدند کہ درختاں را کہ خدائے عزّ و جلّ آفریدہ است بر و مند، ہیچ یک را آزاد نخواندہ اند مگر سرو را کہ ثمرہ ندارد گوئی دریں چہ حکمت ست

ایک مشہور عقلمند سے لوگوں نے پوچھا کہ جن درختوں کو خدا نے بلند اور پھل دار پیدا فرمایا ہے اُن میں کسی کو بھی لوگ آزاد نہیں کہتے ہیں سوائے سرو کے جس میں پھل نہیں آتا ہے فرمائیے اسمیں کیا حکمت ہے

---

[1] بہ شیرینی سے اس فقرہ میں مراد رشوت ہے ۱۲ [2] یعنی قاضی

اگر تجھ سے کچھ رشوت کھائے گا تو تیرے لئے بہت سے حقوق صحیح و غیر صحیح ثابت کر دے گا ۱۲ ؛

گفت ہر یکے را دخلے معین ہست بوقتے معلوم گہے بوجودِ آں تازہ اند
اُس نے کہا اُن میں سے ہر ایک کی ایک معین وقت میں متعین آمدنی ہے کبھی اس کے ہو جانے سے تازہ ہیں

وگاہے بعدمِ آں پژمردہ و سرورا ہیچ ازیں نیست وہمہ وقت خوش ست و
اور کبھی اس کے نہ ہونے سے پژمردہ ہیں اور سرور کے لئے انہیں سے کچھ بھی نہیں اور ہر وقت خوش ہے اور

این ست صفتِ آزادگاں قطعہ
آزادوں کی یہی صفت ہے

بریں کہ میگذرد دل منہ کہ دجلہ بسے | پس از خلیفہ نخواہد گذشت در بغداد
جو چیز گذر رہی ہے اس سے دل نہ لگا اسلئے کہ دجلہ بغداد میں خلیفہ کے بعد بھی زمانہ تک گذرے گا

گرت زدست برآید چو نخل باش کریم | ورت زدست نیاید چو سرو باش آزاد
اگر تجھ سے بن پڑے تو کھجور کی طرح کرم کر اور اگر نہ بن پڑے تو سرو کی طرح آزاد رہ

حکمت دو کس مردند و تحسر بردند کے آنکہ داشت و نخورد و دیگر آنکہ
دو شخص مر گئے اور حسرت ساتھ لے گئے ایک تو وہ جس کے پاس تھا اور نہ کھایا دوسرا وہ کہ

دانست و نکرد قطعہ
جس نے جانا اور عمل نہ کیا

کس نہ بینی بخیل فاضل را | کہ نہ در عیب گفتنش باشد
فاضل بخیل کے بارے میں تو کسی کو نہ دیکھیگا جو اس کے عیب گنانے میں کوشاں نہ ہو

ور کریمے دو صد گنہ دارد | کرمش عیبہا فرو پوشد
اور اگر کوئی سخی دو سو عیب رکھتا ہے تو اس کا کرم اس کے عیبوں کو چھپا لیتا ہے

خاتمۃ الکتاب

تمام شد کتاب گلستاں واللہ المستعان بتوفیق باری عزاسمہ دریں جملہ چناں کہ
کتاب گلستاں پوری ہوگئی اور اللہ مددگار ہے خدا کے فضل وکرم سے جیسا کہ

رسمِ مولفان ست از شعرِ متقدماں تلفیقے نرفت بیت
مصنفوں کی عادت ہے اس مجموعہ میں پہلے لوگوں کے شعر کا ملاؤ نہیں ہے

کہن خرقۂ خویش پیراستن | بہ از جامۂ عاریت خواستن
اپنی پرانی گدڑی سنوار لینا مانگے ہوئے کپڑے سے بہتر ہے

غالب گفتارِ سعدی طرب انگیز ست و طیبت آمیز کوتہ نظراں رابدیں زبان
سعدی کی اکثر باتیں مستی لانے والی اور پر مذاق ہیں کوتاہ نظروں کی اس پر طعنہ کی زبان

طعن دراز گردد کہ مغزِ دماغ بیہودہ بردن و دودِ چراغ بے فائدہ خوردن کارِ
لمبی ہوگی کہ دماغ کا گودہ خواہ مخواہ ضائع کرنا اور چراغ کا دھواں بے کار نگلنا عقلمندوں

خردمنداں نیست ولیکن بر رائے روشن صاحبدلاں کہ روئے سخن در ایشان
کا کام نہیں ہے لیکن صاحب دل لوگوں کی روشن رائے پر کہ بات اُونہیں سے کرنی

ست پوشیدہ نماند کہ دُرِّ موعظتہائے شافی در سلکِ عبارت کشیدہ است
ہے پوشیدہ نہ رہے کہ شفا دینے والی نصیحتوں کے موتی عبارت کی لڑی میں پروئے ہیں

و داروئے تلخ نصیحت بشہدِ ظرافت برآمیختہ تا طبع ملول انسان از دولت
اور نصیحت کی کڑوی دوا کو ظرافت کے شہد میں ملایا ہے تاکہ انسان کی ملول ہونے والی طبیعت قبولیت کی

قبول محروم نماند الحمد للہ رب العالمین

مثنوی

مانصیحت بجائے خود کردیم
ہم نے اپنی جگہ نصیحت کردی

روزگارے دریں بسر بردیم
ایک مدت اس میں صرف کردی

گر نیاید بگوشِ رغبت کس
اگر کسی کے رغبت کے کان میں پڑی تو نہ پڑی

بر رسولاں بلاغ باشد و بس
رسولوں کا کام تو بس پہونچا دینا ہے

یا ناظرا فیہ سل باللہ مرحمۃً
اے اس کتاب کو دیکھنے والے اللہ سے رحمت کا سوال کر

علی المصنف واستغفر لصاحبہ
مصنف پر اور اس کے لئے مغفرت چاہ

واطلب لنفسک من خیر تریدبہا
اور اپنے نفس کے لئے جو بھلائی چاہتا ہے وہ مانگ

من بعد ذلک غفرانا لکاتبہ
اس کے بعد اس کے کاتب کیلئے مغفرت چاہ

لو ان لی یوم التلاق مکانۃً
اگر مجھے قیامت کے دن اللہ کے پاس کوئی مرتبہ

عند الرءوف لقلت یا مولانا
مل گیا تو میں کہونگا اے ہمارے مولا

انا المسیئ وانت مولی محسن
میں گنہگار ہوں اور تو محسن آقا ہے

ھا قد اسأت واطلب الاحسانا
بیشک میں نے برا کیا ہے اور احسان چاہتا ہوں

(مطبوعہ: سیما آفسٹ پریس - دہلی ۶)

ہماری چند اہم مطبوعات

- بخاری شریف مترجم ۳ جلد
- احیاء العلوم ۴ جلد
- عین الہدایہ
- غنیۃ الطالبین
- تحفۃ النساء
- تاریخ مکہ مکرمہ
- تاریخ حرمین شریفین
- تسہیل المواعظ
- مسلمانوں کا نظامِ تعلیم و تربیت
- تبلیغی نصاب
- مشکوٰۃ شریف مترجم ۳ جلد
- تاریخ اسلام معین الدین ۲ جلد
- کیمیائے سعادت
- مقبول بہشتی زیور
- فرامینِ رسولؐ
- تاریخ مدینہ منورہ
- اخلاق اور فلسفۂ اخلاق
- سوانح قاسمی
- شمائل ترمذی
- فضائلِ صدقات
- اصلاحِ خواتین
- ارواحِ ثلاثہ
- حجۃ اللہ البالغہ
- موطا امام مالکؒ

اِس کے علاوہ ہر قسم کی دِینی کُتب طلب فرمائیں

مکتبۂ رحمانیہ
اقراء سنٹر۔ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ فون: ۷۲۲۴۲۲۸
لاہور